ف ان آیتوں میں یہ فرمایا کہ کفر کے وقت دستور تھا کہ حج سے فارغ ہو کر منیٰ میں رہ کر بعد خوشی کرتے اور بازار لگاتے اور اپنے باپ دادوں کے سلسلے بیان کرتے۔ اب اللہ صاحب نے اسکے بدلے تین روز تکبیر کا حکم کیا کہ اللہ کو یاد کرو ان دنوں میں دوپہر کو کنکر پھینکتے ہیں اور ہر نماز کے بعد تکبیر کہتے ہیں اور سوائے نماز ہر وقت جو کوئی چاہے تو دو ہی دن پر رخصت ہو اور تین دن ہے تو بہتر یہ فرمایا کہ جنکو رغبت بڑی دنیا سے ہے وہ آخرت سے محروم ہیں اب حج کا مذکور ہو چکا ہے

موضح القرآن
ف۱ یہ حال ہے منافق کا کہ ظاہر میں خوشامد کرے اور اللہ کو گواہ کرے کہ میرے دل میں تمہاری محبت اور جدا ہونے کے وقت کچھ کجی کرے اور قابو پاوے تو لوٹ مار اور مار ڈالے اور منع کرنے سے اور ضد پکڑے زیادہ گناہ کرے۔ ایک شخص اخنس بن شریق تھا اس نے حضرت سے یہی سلوک کئے تھے۔ ۱۲ منہ رح۔
ف۲ یہ حال صاحب ایمان کا کہ اللہ کی رضا پر جان دیوے۔ ۱۲ منہ رح۔
ف۳ یعنی پیغمبر اور خدا پر یقین نہیں لاتے تو اب منتظر ہیں کہ خود آپ آوے اور ہر کسی کو اسکے عمل کے موافق جزا دیوے۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۲۵ ۹

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ كَانَ النَّاسُ

اور اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بے شمار تھے لوگ

اُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَ

امت ایک پس بھیجا اللہ نے پیغمبروں کو خوشخبری دینے والے اور

مُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

ڈرانے والے اور اُتاری ساتھ اُن کے کتاب ساتھ حق کے تا کہ حکم کریں درمیان

النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا

لوگوں کے بیچ اس چیز کے کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اسکے اور نہیں اختلاف کیا بیچ اس کے مگر

الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا

ان لوگوں نے جو دیئے گئے تھے پیچھے اس کے جو آئیں اُن کے پاس دلیلیں سرکشی سے

بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

درمیان اپنے پس راہ دکھائی اللہ نے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں واسطے اس چیز کے کہ اختلاف کیا انہوں نے

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى

بیچ اسکے حق سے ساتھ حکم اپنے کے اور اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے طرف

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

راہ سیدھی کے ف۱ کیا گمان کیا تم نے یہ کہ تم داخل ہو بہشت میں

وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ

اور ابھی نہیں آئی تم کو حالت ان لوگوں کی کہ گذرے پہلے تم سے لگی اُن کو

الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ

فقیری اور بیماری اور ہلائے گئے یہاں تک کہ کہا پیغمبر نے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ

اور جو لوگ ایمان لائے ساتھ اسکے کب ہوگی مدد اللہ کی خبردار ہو تحقیق مدد

اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلْ مَآ

اللہ کی نزدیک ہے۔ سوال کرتے ہیں تجھ کو کیا خرچ کریں کہہ جو کچھ

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى

خرچ کرو تم مال سے پس واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے اور یتیموں کے

ف۱ یعنی اللہ نے کتابیں اور نبی متعدد بھیجے اس واسطے نہیں کہ ہر فرقہ کو جدی راہ فرمائی اللہ کے ہاں سب خلق کو ایک ہی راہ کا حکم ہے جو وقت اس راہ سے کسی طرف چلے ہیں اللہ نے نبی بھیجا کہ سمجھاوے اور کتاب بھیجی کہ ہٹ نہ چلے جاویں پھر کتاب بیچ کتاب میں چلے تب دوسری کتاب کی حاجت ہوئی۔ سب نبی اور سب کتابیں اسی ایک راہ کے قائم کرنے کو آئے ہیں۔ اس کی مثال جیسے تندرستی ایک ہے اور مرض بیشمار جب ایک مرض پیدا ہوا ایک دوا اور پرہیز اس کے موافق فرمایا اب آخری کتاب میں ایسی راہ فرمائی کہ ہر مرض سے بچاؤ ہے یہ سب کے بدلے کفایت ہوئی۔ ۱۲ منہ

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ

اور فقیروں کے اور مسافروں کے اور جو کچھ کرو گے تم بھلائی سے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ

پس تحقیق اللہ ساتھ اسکے جاننے والا ہے ف۱ لکھا گیا اوپر تمہارے لڑنا اور وہ

كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَھُوْا شَيْـــًٔا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

مکروہ ہے واسطے تمہارے اور شاید یہ کہ مکروہ رکھو تم ایک چیز کو اور وہ بہتر ہو واسطے تمہارے

وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـــًٔا وَّھُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور شاید یہ کہ دوست رکھو تم ایک چیز کو اور وہ بری ہو واسطے تمہارے اور اللہ جانتا ہے

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ

اور تم نہیں جانتے۔ سوال کرتے ہیں تجھ کو مہینے حرمت والے سے

قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ

لڑنا بیچ اس کے کہو لڑنا بیچ اسکے بڑا گناہ ہے اور بند کرنا راہ

اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ

خدا کی سے اور کفر کرنا ساتھ اسکے اور بند کرنا مسجد حرام سے اور نکال دینا لوگوں اس کے کا

مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ

اس سے بہت بڑا گناہ ہے نزدیک اللہ کے اور کفر بہت بڑا گناہ ہے قتل سے

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ

اور نہیں ٹلیں گے کہ لڑے جاویں تم سے یہاں تک کہ پھیر دیویں تم کو دین تمہارے سے

اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ

اگر سکیں اور جو کوئی پھر جاوے تم میں سے دین اپنے سے پس مر جاوے

وَھُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

اور وہ کافر ہو پس یہ لوگ کھوئے گئے عمل اُن کے بیچ دنیا کے

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

اور آخرت کے اور یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۲

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ ھَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ

تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا اور جہاد کیا بیچ

موضح القرآن

ف۱ لوگوں نے پوچھا تھا کہ مالوں میں کس مال کا خرچ کرنا بہت ثواب ہے۔ جواب فرمایا کہ مال کوئی ہو۔ لیکن جس قدر ٹھکانے پر خرچ ہو ثواب زیادہ ہے۔ ۱۲ منہ

ف۲ حضرتؐ نے ایک فوج بھیجی جہاد پر انہوں نے کافروں کو مارا اور لوٹ لائے مسلمانوں کو خبر یہی کہ وہ دن جمادی الثانی کا ہے۔ اور وہ غرہ رجب تھا۔ کافروں نے اس پر بہت طعن کیا اور مسلمانوں کو شبہ پڑا اسپر آیت اتری یعنی ان مہینوں میں ناحق کی لڑائی اشد گناہ ہے اور جن کافروں نے مسلمانوں سے ان مہینوں میں قصور کیا ان سے لڑنا منع نہیں۔ ۱۲ منہ



سَبِيلِ اللّٰهِ أُولٰٓئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُورٌ

راہ اللہ کے یہ لوگ اُمیدوار ہیں مہربانی خدا کی کے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا

مہربان ہے۔ سوال کرتے ہیں تجھ سے شراب سے اور جوئے سے کہہ بیچ ان دونوں کے

إِثْمٌ كَبِيرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا

گناہ ہے بڑا اور فائدے ہیں واسطے لوگوں کے اور گناہ ان دونوں کا بہت بڑا ہے نفع ان دونوں کے

وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

اور سوال کرتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں کہہ زیادہ حاجت سے اسی طرح بیان کرتا ہے

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ﴿۲۱۹﴾ فِي الدُّنْيَا وَ

اللہ واسطے تمہارے نشانیاں تاکہ تم فکر کرو بیچ دنیا کے اور

الْاٰخِرَةِ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ إِصْلَاحٌ لَّهُمْ

آخرت کے اور سوال کرتے ہیں تجھ سے یتیموں سے کہہ سنوارنا واسطے اُن کے

خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ

بہتر ہے اور اگر ملا لو تم اُن کو پس بھائی ہیں واسطے تمہارے اور اللہ جانتا ہے بگاڑنے والے کو

مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ

سنوارنے والے سے اور اگر چاہتا اللہ البتہ محنت دیتا تمکو تحقیق اللہ غالب ہے

حَكِيمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ

حکمت والا ۔ اور مت نکاح کرو شرک کرنے والیوں کو یہاں تک کہ ایمان لاویں اور البتہ لونڈی

مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنْكِحُوا

ایمان والی بہتر ہے شرک کرنے والی سے اور اگرچہ خوش لگے تمکو اور مت نکاح کرو

الْمُشْرِكِينَ حَتّٰى يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ

شرک کرنے والوں کو یہاں تک کہ ایمان لاویں اور البتہ غلام ایمان والا بہتر ہے

مُّشْرِكٍ وَّلَوْ أَعْجَبَكُمْ أُولٰٓئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ

شرک کرنے والے سے اور اگرچہ خوش لگے تم کو یہ لوگ بلاتے ہیں طرف آگ کے

وَاللّٰهُ يَدْعُوٓا إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهٖ

اور اللہ بلاتا ہے طرف بہشت کے اور بخشش کے ساتھ حکم اپنے کے اور

موضح القرآن

ف شراب اور جوئے کے حق میں کئی آیتیں اتریں ہر ایک میں انکی برائی ہے آخر سورۂ مائدہ کی آیت اتری کہ صاف حرام ہوگئے جو چیز نشہ لاوے سب حرام ہے اور جو شرط بدی جاوے اس پر مال لیا جاوے سب حرام ہے۔ فائدہ: اور پوچھا لوگوں نے مال کس قدر خرچ کریں حکم ہوا اپنی حاجت سے افزود ہو تب خرچ کرو جیسا آخرت کا فکر ضرور ہے دنیا کا بھی فکر ضرور ہے سارا مال اُٹھا ڈالو تو دُنیا کی حاجت میں ناکام رہو۔ فائدہ اور یتیموں کے حق میں پہلے تو تقید اترا کہ جو کوئی انکا مال کھاوے وہ اپنے پیٹ میں آتش بھرے پھر جو کوئی یتیموں کے مال رکھنے والے تھے انکے مال اور خرچ کھانے پینے کا جُدا رکھنے لگے کہ ہمارے خرچ میں کوئی چیز نہ ملجاوے پھر سخت مشکل پڑی کہ ایک چیز یتیم کے واسطے تیار کی گئی اسکے کام نہ آئی تو ضائع ہوئی تب یہ حکم اترا کہ خرچ اپنا اور انکا ملا رکھو تو مضائقہ نہیں کہ ایک وقت انکی چیز اپ خرچ کی تو دوسرے وقت اپنی چیز اُن کے کام لگائی لیکن نیت چاہئے سنوارنے کی اللہ نیت دیکھتا ہے

۱۱۔ منہ رح۔



موضح القرآن

ع ٥

[illegible]

بیان کرتا ہے اللہ نشانیاں اپنی واسطے لوگوں کے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ف اور سوال کرتے ہیں تجھ کو

عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي

حیض سے کہہ کہ وہ ناپاک ہے پس کنارہ کرو عورتوں سے بیچ

الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ

حیض کے اور مت نزدیک جاؤ ان کے یہاں تک کہ پاک ہوں پس جب نہا لیں

فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ

پس جاؤ ان کے پاس اس جگہ سے کہ حکم کیا تم کو اللہ نے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے

التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ

توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے پاکی کرنے والوں کو ف بی بیاں تمہاری کھیتیاں ہیں

لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ

واسطے تمہارے پس جاؤ کھیت اپنے میں جس طرح چاہو تم اور آگے بھیجو واسطے جانوں اپنی

وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ مُلَاقُوهُ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ

اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ تم ملنے والے ہو اس سے اور خوشخبری دے ایمان والوں کو

وَلَا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِأَيْمَانِكُمْ أَنْ تَبَرُّوا وَ

اور مت کرو اللہ کو نشانہ واسطے قسموں اپنی کے یہ کہ بھلائی کرو اور

تَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝

پرہیزگاری اور صلح کرو درمیان لوگوں کے اور اللہ سننے والا ہے جاننے والا

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِنْ

نہیں پکڑتا تم کو اللہ ساتھ بے قصد کے بیچ قسموں تمہاری کے و لیکن پکڑتا ہے تم کو

يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ۝

ساتھ اس چیز کے کہ کماتے ہیں دل تمہارے اور اللہ بخشنے والا ہے تحمل والا ف واسطے ان لوگوں

لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ

کہ قسم کھاتے ہیں عورتوں اپنی سے انتظار کرنا ہے چار مہینے کا پس اگر پھر آویں

[illegible]

پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر قصد کریں طلاق کا پس تحقیق

اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ
اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۱ اور طلاق والیاں انتظار کریں ٹھا جانوں اپنی کے
ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۚ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ
تین حیض تلک اور نہیں حلال واسطے ان کے یہ کہ چھپاویں جو کچھ پیدا کیا
اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
اللہ نے بیچ رحموں اُن کے کے اگر ہیں ایمان لاتی ساتھ اللہ کے اور دن
الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا
پچھلے کے اور خاوند ان کے بہت حقدار ہیں ٹھا پھیر لینے انکے کے بیچ اس کے اگر چاہیں
اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ
صلح کرنا اور واسطے انکے ہے مانند اسکے جو اوپر ان کے ہے ٹھا اچھی طرح کے اور واسطے مردوں کے
عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ
اوپر ان کے درجہ ہے اور اللہ غالب ہے حکمت والا ف۲ یہ طلاق دو بار ہے
فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ
پس بند رکھنا ہے ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دینا ساتھ اچھی طرح کے اور نہیں حلال
لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَـيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ
واسطے تمہارے یہ کہ لو اس چیز سے کہ دیا تم نے انکو کچھ مگر یہ کہ ڈریں دونوں
اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ
یہ کہ نہ قائم رکھیں گے حدیں اللہ کی کو پس اگر ڈرو تم یہ کہ نہ قائم رکھیں گے حدیں
اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ
اللہ کی کو پس نہیں گناہ اور ان دونوں کے بیچ اس چیز کے کہ بدلا دے عورت ساتھ اسکے یہ ہیں
حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْھَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ
حدیں اللہ کی پس مت گذرو اُن سے اور جو کوئی گذر جاوے حدوں
اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا
اللہ کی سے پس یہ لوگ وہ ہیں ظالم ف۳ پس اگر طلاق دی اسکو پس نہیں
تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰي تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ۭ
حلال ہوتی واسطے اسکے پیچھے اس کے یہاں تک کہ نکاح کرے خصم سے سوائے اسکے پس اگر

ف۱ یعنی جس نے قسم کھائی کہ اپنی عورت پاس نہ جائے تو چار مہینے میں جائے اور قسم کی کفارت دے نہیں تو طلاق ٹھہرے ۱۲-منہ رح

ف۲ جب مرد نے طلاق عورت کو کہی ابھی اس عورت کو اور نکاح روا نہیں جب تک تین بار حیض ہوئے تا حمل ہو تو معلوم ہو جائے کسی کا بیٹا کسی کو نہ لگ جاوے اسی واسطے عورت پر فرض ہے کہ اسوقت حمل ہو تو ظاہر کر دے اس مدت نام ہے عدت اس عدت تک مرد چاہے تو پھر عورت کو رکھ لے اگرچہ عورت کی خوشی نہ ہو اسی واسطے فرمایا کہ عورتوں کے حق بھی مردوں پر بہت ہیں لیکن اس جگہ مرد ہی کو درجہ دیا۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی عدت تک مرد چاہے تو عورت کو پھیر رکھ لے۔ یہ بات پہلی طلاق میں ہے اور دوسری میں (باقی صفحہ ۴۹ پر)

فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ أَنْ يَّتَرَاجَعَآ إِنْ ظَنَّآ أَنْ

طلاق دے اسکو پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے یہ کہ پھر آویں آپس میں اگر جانیں یہ کہ

يُّقِيمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۗ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا

قائم رکھیں گے حدیں اللہ کی اور یہ ہیں حدیں اللہ کی بیان کرتا ہے انکو

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ

واسطے اس قوم کے کہ جانتی ہے ف۱ اور جب طلاق دو تم عورتوں کو پس پہنچیں وقت اپنے کو

فَأَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّ

پس بند رکھو انکو ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دو ان کو ساتھ اچھی طرح کے اور

لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

مت بند رکھو ان کو ایذا دینے کو تاکہ زیادتی کرو اور جو کوئی کرے گا یہ

فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۗ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۡ

پس تحقیق ظلم کیا اس نے جان اپنی کو اور مت پکڑو آیتوں اللہ کی کو ٹھٹھا

وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ

اور یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے اور جو کچھ اتارا ہے اوپر تمہارے

مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

کتاب سے اور حکمت سے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اسکے اور ڈرو اللہ سے

وَاعْلَمُوْٓا أَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ

اور جانو یہ کہ اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے اور جب طلاق دو تم

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَّنْكِحْنَ

عورتوں کو پس پہنچ جاویں عدت اپنی کو پس مت منع کرو ان کو یہ کہ نکاح کریں

أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ ذٰلِكَ

خاوندوں اپنے سے جب راضی ہوں آپس میں ساتھ اچھی طرح کے یہ بات

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

نصیحت کیا جاتا ہے ساتھ اسکے جو کوئی ہو تم میں سے ایمان لاوے ساتھ اللہ کے اور دن

الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكُمْ أَزْكٰى لَكُمْ وَأَطْهَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

آخرت کے یہ بہت پاکیزہ ہے واسطے تمہارے اور بہت پاک ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم

(بقیہ صفحہ ۴۷) ہو اسکے نہ پھر سکے گی تو موافق شرع اسکے حق ادا کر سکے تو رکھے کہ پھر قضیہ نہ ہو اور نہ رکھ سکے۔ تو رخصت کرے اس نیت سے نہ انکا دے کہ عاجز ہو کر جو میں نے دیا تھا پھر جاوے جب دو ابھی کرنا جاری ہوا اور کسی طرح دونوں کی خو نہ ملے اور مرد کی طرف سے ادائے حق میں قصور نہ ہو اسوقت سب لوگ مل کر عورت سے کچھ پھروادیں اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوادیں اس کو خلع کہتے ہیں۔ ۱۱ منہ رحمہ

ع ۲۹ ۳ ۱۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی تیسری طلاق کے بعد پھر نہیں سکتی۔ بلکہ دونوں کی خوشی ہو تو بھی نکاح نہیں بندھ سکتا۔ جب تک بیچ میں اور خاوند کی صحبت نہ ہو چکے۔ ۱۲ منہ رحمہ

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ
نہیں جانتے ف۱ اور بچے والیاں دودھ پلاویں اولاد اپنی کو دو برس
كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۭ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ
پورے واسطے اسکے جو ارادہ کرے یہ کہ پورا کرے دودھ پلانا اور اوپر اسکے کہ لڑکا ہے
لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ
اس کا کھلانا اُن کا اور پہنانا اُن کا ساتھ اچھی طرح کے نہیں تکلیف دیا جاتا کوئی جی
اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِھَا وَلَا مَوْلُوْدٌ
مگر طاقت اپنی پر نہیں ضرر دی جاوے ماں ساتھ بچے اپنے کے اور نہ بچے والا یعنی باپ
لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۤ وَعَلَي الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا
اس کا ساتھ بچے اپنے کے اور اوپر وارث کے ہے مانند اس کے پس اگر ارادہ کریں
فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ
دودھ چھڑانا رضامندی سے آپس میں اور مصلحت سے پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں
وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
کے اور اگر ارادہ کرو تم یہ کہ دودھ پلواؤ تم اولاد اپنی کو پس نہیں گناہ اوپر تمہارے
اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ
جب سونپ دو تم جو کچھ دینا کیا ہے ساتھ اچھی طرح کے اور ڈرو اللہ سے اور
اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ
جانو یہ کہ اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے اور جو لوگ کہ مر جاتے ہیں
مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ
تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بی بیاں اپنی وہ انتظار دیویں جان اپنی کو چار
اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
مہینے اور دس دن کا پس جب پہنچیں وعدے اپنے کو پس نہیں گناہ اوپر تمہارے
فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بیچ اس چیز کے کہ کریں بیچ جانوں اپنی کے ساتھ اچھی طرح کے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم
خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ
خبردار ہے ف۳ اور نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ پردہ کیا تم نے ساتھ اس کے

ربع

موضح القرآن

ف۱ یہ حکم ہے عورتوں کے والیوں کو کہ اسکے نکاح میں اسی کی خوشی رکھیں جہاں وہ راضی ہو وہاں کر دیں اگرچہ اپنی نظر میں اور جگہ بہتر معلوم ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اگر مرد اور عورت میں طلاق ہوئی اور لڑکا رہا دودھ پیتا تو ماں دو برس بند ہے اسکے دودھ پلانے کو اور باپ اس کا خرچ اٹھاوے اور اگر باپ مر گیا تو لڑکے کے وارث اسکا خرچ اٹھاویں اور جو دو برس سے کم میں چھڑا دیں اپنی خوشی سے تو بھی روا ہے اور باپ کسی اور سے پلوائے ماں کو بند رکھے تو بھی روا ہے لیکن اسکے بدلے میں ماں کا کچھ حق کاٹ نہ رکھے ۱۲ منہ رح

ف۳ طلاق کی عدت تین حیض فرمائی اور موت کی عدت چار مہینے دس دن۔ یہ دونوں جب ہیں کہ حمل نہ ہو اور اگر حمل معلوم ہو تو حمل تک۔ ۱۲ منہ رح

خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ ۚ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ

منگنے عورتوں کے سے یا چھپا رکھا تم نے بیچ جانوں اپنی کے جانتا ہے اللہ یہ کہ تم

سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن

البتہ ذکر کروگے اُن کا اور لیکن مت وعدہ دو اُن کو چھپے ہوئے مگر یہ کہ

تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۚ وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ

کہو اُن کو ایک بات اچھی اور مت محکم کرو گرہ نکاح کی

حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا

یہاں تک کہ پہنچے لکھا ہوا حکم خدا کا وقت اپنے کو اور جانو یہ کہ تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ

فِي أَنفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

بیچ جی تمہارے کے ہے پس ڈرو اس سے اور جانو یہ کہ اللہ بخشنے والا

حَلِيمٌ ۝ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ

تحمل والا ہے ف۱ نہیں گناہ اوپر تمہارے یہ کہ طلاق دو تم عورتوں کو جبتک کہ

تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ وَمَتِّعُوهُنَّ

نہ ہاتھ لگایا ان کو یا نہیں مقرر کیا واسطے ان کے مقرر کرنا اور فائدہ دو اُن کو

عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ

اوپر کشایش والے کے ہے قدر اُس کی اور اوپر تنگی والے کے ہے قدر اس کی فائدہ دینا ساتھ اچھی طرح

حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝ وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ

کے حق ہوا اوپر نیکی کرنے والوں کے ف۲ اور اگر طلاق دو ان کو پہلے اس سے

أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ

کہ ہاتھ لگاؤ ان کو اور تحقیق مقرر کیا ہے واسطے ان کے کچھ مقرر کرنا پس آدھا

مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَن يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ

اُس چیز کا کہ مقرر کیا ہے تم نے مگر یہ کہ معاف کردیں وہ یا معاف کرے وہ شخص کہ بیچ ہاتھ اس کے

عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَن تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا

ہے گرہ نکاح کی اور یہ کہ معاف کرو تم نزدیک تر ہے واسطے پرہیزگاری کے اور مت

تَنسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

بھول جاؤ بزرگی درمیان اپنے تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف۳

ع ۳۰


موضح القرآن

ف۱ یعنی عورت ایک خاوند سے چھوٹی ہے اور عدت میں ہے تب تک کسی اور کو روا نہیں اس سے نکاح باندھ لیوے یا صاف وعدہ کر رکھے مگر دل میں نیت رکھے کہ یہ فارغ ہوگی تو میں نکاح کروں گا یا اس کو پردے میں سنا رکھے تا اس سے پہلے کوئی اور نہ کہہ بیٹھے پر وہ بات یوں کہے مرتبہ سے مثلاً عورت سے کہے کہ مجھ کو بڑی عزیز کریگا یا کہے کہ مجھ کو ارادہ نکاح کا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ اگر نکاح کے وقت مہر کہنے میں نہیں آیا تو بھی نکاح درست ہے پیچھے ٹھہر جائیگا پھر اگر بن ہاتھ لگائے عورت کو طلاق دے تو مہر کچھ لازم نہ آیا لیکن کچھ خرچ دینا ضرور ہے خرچ کہا کہ ایک جوڑا پوشاک کا موافق اپنے حال کے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی اگر مہر ٹھہر چکا تھا پھر بن ہاتھ لگائے طلاق دی تو آدھا مہر لازم ہوا مگر عورتیں گذر کریں بالکل چھوڑ دیں یا مرد گذر کرے جو مختار تھا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا کہ پورا مہر حوالہ کرے پھر فرمایا کہ مرد درگذر کرے تو بہتر ہے کیونکہ

(باقی صفحہ ۵ پر)



حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا
محافظت کرو اوپر سب نمازوں کے اور نماز بیچ والی پر یعنی عصر اور کھڑے ہو

لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ
واسطے اللہ کے چپکے ف۱ پس اگر ڈرو تم پس پیادہ یا سوار پس جب

اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾
امن میں آؤ تم پس یاد کرو اللہ کو جیسا سکھایا ہے تم کو جو کچھ نہیں تھے تم جانتے ف۲

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ وَّصِيَّةً
اور وہ لوگ کہ مرجاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بی بیاں وصیت

لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ
کر جاویں واسطے بیبیوں اپنی کے فائدہ دینا ایک برس تلک نہ نکال دینا پس اگر نکل جاویں

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ
پس نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ کیا انہوں نے بیچ جانوں اپنی کے اچھی

مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ
طرح سے اور اللہ غالب ہے حکمت والا ف۳ اور واسطے طلاق والیوں کے فائدہ دینا

بِالْمَعْرُوْفِ ۗ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ
ہے ساتھ اچھی طرح کے لازم ہوا اوپر پرہیزگاروں کے ف۴ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا
واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تاکہ تم سمجھو ف۵ کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ نکلے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۖ فَقَالَ لَهُمُ
گھروں اپنے سے اور وہ تھے ہزاروں ڈر موت کے سے پس کہا واسطے ان کے

اللّٰهُ مُوْتُوْا ۫ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى
اللہ نے مرجاؤ پھر جلا دیا ان کو تحقیق اللہ البتہ صاحب فضل کا ہے اوپر

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَقَاتِلُوْا
لوگوں کے ولیکن اکثر لوگ نہیں شکر کرتے ف۶ اور لڑو

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ
بیچ راہ اللہ کے اور جانو یہ کہ اللہ سننے والا ہے جاننے والا کون

(بقیہ صفحہ ۵۰)
اللہ نے بڑائی دی ہے مرد کی طرف کو اور اسکو مختار کیا ہے نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا تو اپنی بڑائی رکھے فائدہ۔ چار صورتیں ہوسکتی ہیں یہاں دو کا حکم فرمایا۔ ایک یہ کہ مہر نہ ٹھیرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دوسرے یہ کہ مہر نہ ٹھیرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورۂ نساء میں مذکور ہے دوسرے یہ کہ مہر نہ ٹھیرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے اسمیں مہر مثل پورا دیا جائے یعنی جو اس عورت کی قوم میں رواج ہے اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتھ لگایا۔ ۱۲ منہ

ربع

موضح القرآن

ف۱ بیچ والی نماز عصر کہ دن اور رات کے بیچ میں ہے اسکا تاکید زیادہ کیا ہے اور طلاق کے حکموں میں نماز کا حکم فرمایا کہ دنیا کے معاملات میں غرق ہو کر بندگی نہ بھول جاؤ اسی واسطے عصر کا تاکید زیادہ ہے کہ وہ وقت دنیا کا شغل اکثر ہو۔ فائدہ فرمایا کہ کھڑے رہو ادب سے تو جو حرکت جس سے آدمی معلوم ہو کہ نماز میں نہیں اس سے نماز ٹوٹتی ہے جیسے کھانا پینا یا کسی سے بات کرنی اور سوا اسکے۔ ۱۲ منہ

۳۱ ع ۷ ۱۵

(باقی صفحہ ۵۲ پر)

ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ

شخص ہے وہ جو قرض دے اللہ کو قرض اچھا پس دوگنا کرے اسکو واسطے

اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۪ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۴۵

اسکے دوگنا بہت اور اللہ بند کرتا ہے اور کشادہ کرتا ہے اور طرف اسکے پھیرے جاؤگے ف۱

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ

کیا نہ دیکھا تو نے طرف سرداروں کے بنی اسرائیل سے پیچھے موسیٰ کے

اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

جب کہا انھوں نے واسطے نبی اپنے کے مقرر کر واسطے ہمارے بادشاہ کہ لڑیں ہم بیچ راہ

اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا

اللہ کے کہا آیا نزدیک ہو تم اگر لکھا جاوے اوپر تمہارے لڑنا یہ کہ نہ

تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لڑو تم۔ کہا انھوں نے اور کیا ہے ہم کو یہ کہ نہ لڑیں گے ہم بیچ راہ اللہ کے

وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ

اور تحقیق نکالے گئے ہم گھروں اپنوں سے اور بیٹوں اپنوں سے پس جب لکھا گیا

عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اوپر اُن کے لڑنا پھر گئے مگر تھوڑے اُن میں سے اور اللہ جانتا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۲۴۶ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ

ظالموں کو ف۲ اور کہا واسطے اُنکے نبی اُنکے نے تحقیق اللہ نے مقرر کیا ہے واسطے

لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْۤا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا

تمہارے طالوت کو بادشاہ کہا انھوں نے کیونکر ہوگی واسطے اسکے بادشاہی اوپر ہمارے

وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ

اور ہم بہت حق دار ہیں ساتھ بادشاہی کے اس سے اور نہ دیا گیا وہ کشایش

الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً

مال سے کہا تحقیق اللہ نے پسند کیا اسکو اوپر تمہارے اور زیادہ دی اسکو کشادگی

فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

بیچ علم کے اور بدن کے اور اللہ دیتا ہے ملک اپنا جس کو چاہتا ہے

(بقیہ صفحہ ۵۱)

ف۲ یعنی لڑائی کا وقت ہو تو چاہیے کہ سواری پر بھی اور پیادہ بھی اشارہ سے نماز روا ہو گو کہ قبلے کی طرف بھی نہ ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہ حکم تھا جبکہ مردے کے اختیار پر رکھا تھا وارثوں کو دلوانا اب جو سب کے حصے حضرت صاحب نے ٹھیرا دئیے عورت کا بھی ٹھیرا دیا اب یہ دلوانا موقوف ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ پہلے حکم فرمایا تھا یعنی جو جورو اس طلاق پر کہ نہ ٹھیرا ہو اور ہاتھ نہ لگایا ہو یہاں سب کو حکم فرمایا سب طلاق والیوں کو جوڑا دینا بہتر ہے اور اس پہلی کو ضرور کہ جوڑا

ف۵ یہاں حکم نکاح اور طلاق کے تمام ہوئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۶ یہ پہلی امت میں ہوا ہے کہ کئی ہزار شخص گھر بار لیکر اپنے وطن کو چھوڑ نکلے ان کو ڈر ہوا غنیم کا اور لڑنے سے جی چھپایا یا ڈر ہوا وبا کا۔ ور یقین نہ ہوا تقدیر کا پھر یک منزل میں پہنچکر سارے مر گئے پھر سات دن کے بعد پیغمبر کی دعا سے زندہ ہوئے تاکہ آگے کو توبہ کریں پیارا اسواسطے فرمایا جہاد سے جی چھپانا عبث ہے موت نہیں چھوڑتی۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ اللہ کو قرض دے یعنی جہاد میں خرچ کرے اس طرح

(باقی صفحہ ۵۳ پر)

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ

اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے ف۱ اور کہا واسطے اُنکے نبی اُن کے نے تحقیق نشانی بادشاہی کے

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ

یہ کہ آوے تمہارے پاس صندوق بیچ اس کے تسکین ہے پروردگار تمہارے سے اور باقی کچھ

مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

اس چیز سے کہ چھوڑ گئی قوم موسیٰ کی اور قوم ہارون کی اُٹھا لاویں گے اس کو فرشتے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ فَلَمَّا

تحقیق بیچ اس کے نشانی ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم ایمان والے ف۲ پس جب

فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ

جُدا ہوا طالوت ساتھ لشکروں کے کہا تحقیق اللہ آزمانے والا ہے تم کو

بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّىْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ

ساتھ نہر کے پس جو کوئی پیوے اس میں سے پس نہیں مجھ سے اور جو کوئی نہ چکھے گا اس کو

فَاِنَّهٗ مِنِّىْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ

پس تحقیق وہ مجھ سے ہے مگر جو کوئی بھرے ایک چُلّو ساتھ ہاتھ اپنے کے پس پی گئے اس میں سے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ

مگر تھوڑے ان میں سے پس جب پار اُترا اس سے وہ اور جو لوگ کہ ایمان لائے تھے ساتھ اسکے

قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ

کہنے لگے نہیں طاقت ہم کو آج کے دن ساتھ جالوت کے اور لشکروں اُسکے کے کہا

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ

اُن لوگوں نے جو جانتے تھے یہ کہ وہ ملنے والے ہیں اللہ کے بہت بار ہے کہ جماعت تھوڑی

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾

غالب آئی جماعت بہت پر ساتھ حکم اللہ کے اور اللہ ساتھ صبر کرنیوالوں کے ہے ف۳

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

اور جب ظاہر ہوئے واسطے جالوت کے اور لشکروں اسکے کے کہا انھوں نے پروردگار ہمارے ڈال اوپر ہمارے

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾

صبر اور ثابت رکھ قدم ہمارے اور مدد دے ہم کو اوپر قوم کافروں کے

(بقیہ صفحہ ۵۲)
فرمایا مہربانی سے وہ غنی کا اندیشہ۔ رکھے اللہ کے ہاتھ کشایش ہے۔ جانتا ہے ف۱ بعد حضرت موسیٰ کے ایک مدت بنی اسرائیل کا کام بنا رہا پھر جب ان کی نیت بُری ہوئی ان پر غنیم مسلط ہوا جالوت بادشاہ کافر انکے اطراف کے شہر چھین لئے اور لوٹا اور بندی کر لے گیا وہاں کے بھاگے لوگ بیت المقدس میں جمع ہوئے حضرت سموئیل پیغمبر سے چاہا کوئی بادشاہ باقبال مقرر کر دو کہ غنیم سے لڑائی ہم لڑ سکیں۔ جالوت ۲۲ ع ۶ ۱۶

موضح القرآن

ف۱ طالوت کہ ہوا ہی ان میں آگے سو سلطنت نہ تھی اور کسب کرتا تھا انکی نظر میں حقیر لگا نبی نے فرمایا کہ سلطنت حق کسی کا نہیں اور بڑی لیاقت ہے عقل اور بدن کی کشایش یعنی کہ اللہ تعالیٰ نے ان پیغمبر کو ایک عصا بتایا کہ جسکا قد اسکے برابر ہو سلطنت یہی ہوگی کہ برابر قد نکلا ف۲ بنی اسرائیل میں ایک صندوق چلا آتا تھا اسمیں تبرکات تھے حضرت موسیٰ اور ہارون کے لڑائی کے وقت لشکر کے آگے لے چلتے اور دشمن پر فتح پاتے جب وہ قوم بدنیت ہو گئے وہ صندوق ان کو چھین لے گیا غنیم کے ہاتھ
(باقی صفحہ ۵۴)

فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَتَلَ دَاوُدُ جَالُوتَ وَآتَاهُ
پس شکست دی ان کو ساتھ حکم اللہ کے اور قتل کیا داؤد نے جالوت کو اور دی اسکو

اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ ۗ وَلَوْلَا
اللہ نے بادشاہی اور حکمت اور سکھایا اس کو جو کچھ چاہا اور اگر نہ ہوتا

دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ
دفع کرنا اللہ کا لوگوں کو بعضے ان کے کو ساتھ بعض کے البتہ بگڑ جاتی زمین

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ
ولیکن اللہ صاحب فضل کا ہے اوپر عالموں کے ف یہ نشانیاں ہیں

اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝
اللہ کی پڑھتے ہیں ہم انکو اوپر تیرے ساتھ حق کے اور تحقیق تو البتہ بھیجے ہوؤں سے ہے۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۘ
یہ پیغمبر بزرگی دی ہم نے بعضے انکے کو اوپر بعض کے

مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللَّهُ ۖ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ ۚ وَآتَيْنَا
ان میں سے بعض وہ ہیں کہ باتیں کی اللہ نے اور بلند کیا بعضے انکے کو درجوں میں اور دی ہم نے

عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۗ
عیسے بیٹے مریم کے کو دلیلیں ظاہر اور قوت دی ہم نے اسکو ساتھ جان پاک کے

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ مِنْ بَعْدِ
اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتے وہ لوگ کہ پیچھے ان کے تھے پیچھے اسکے کہ

مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَلَٰكِنِ اخْتَلَفُوا فَمِنْهُمْ مَنْ آمَنَ
آئیں ان کے پاس دلیلیں ظاہر ولیکن اختلاف کیا انھوں نے پس بعضے ان میں سے وہ ہے کہ ایمان لایا

وَمِنْهُمْ مَنْ كَفَرَ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلُوا وَلَٰكِنَّ
اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ کافر ہوا اور اگر چاہتا اللہ نہیں لڑتے ولیکن

اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا
اللہ کرتا ہے جو کچھ کہ چاہتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو خرچ کرو

مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيهِ
اس چیز سے کہ دیا ہم نے تمکو پہلے اس سے کہ آوے وہ دن کہ نہیں بیچنا بیچ اسکے

(بقیہ صفحہ ۵۳)
ف۱۔ اب جو طالوت بادشاہ ہوا وہ صندوق خود بخود دن کے وقت اسکے گھر کے سامنے آموجود ہوا سبب یہ کہ غنیم کے شہر میں جہاں رکھا ہوا تھا ان پر تباہی پڑی پانچ شہر ویران ہو گئے تب ناچار ہوئے۔ انھوں نے دو بیلوں پر لاد کر ہانک دیا پھر فرشتے بیلوں کو ہانک کر یہاں لے آئے ۱۲ منہ
ف۳ طالوت کے ساتھ نکلنے کو سب تیار ہوئے۔ پس اس نے تقید کیا کہ جو شخص جوان اور بے فکر ہو وہی نکلے۔ ایسے بھی اسی ہزار نکلے اس نے چاہا کہ انکو آزمائے۔ ایک منزل پانی نہ ملا۔ بعد اسکے ایک نہر ملی اس نے تقید کیا کہ ایک چلو سے زیادہ جو کوئی پیوے وہ میرے ساتھ نہ آئے تین سو تیرہ آدمی رہ گئے باقی سب موقوف ہوئے ۱۲ منہ

الثلث ۱/۴ منزل

موضح القرآن

ف۱ تین سو تیرہ آدمیوں میں حضرت داؤد کا باپ اور یہ اور انکے چھ بھائی تھے انکو راہ میں تین پتھر ملے وہ بولے ہمکو اٹھالے جالوت کو ہم ماریں گے جب مقابلہ ہوا جالوت خود باہر نکلا کہا تم سبکو میں کفایت ہوں میرے سامنے آتے جاؤ پیغمبر نے حضرت داؤد کے باپ کو

ع ۵ ۳۲

(باقی صفحہ ۵۵ پر)

وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

اور نہیں دوستی اور نہ سفارش ۔ اور کافر وہی ہیں ظالم ف۱

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْـحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ

اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے ہمیشہ قائم رہنے والا نہیں پکڑتی اسکو

سِـنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

اونگھ اور نہ نیند واسطے اس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا

کون ہے وہ جو سفارش کرے نزدیک اسکے مگر ساتھ حکم اسکے کے جانتا ہے جو کچھ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ

آگے ان کے ہے اور جو کچھ پیچھے انکے ہے اور نہیں گھیرتے ساتھ کسی چیز کے

عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

علم اسکے سے مگر ساتھ اس چیز کے کہ چاہے سما لیا ہے کرسی اس کی نے آسمانوں کو اور زمین کو

وَلَا يَـــــُٔـــوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ

اور نہیں تھکاتی اس کو نگہبانی ان دونوں کی اور وہ ہے بلند مرتبہ بڑا نہیں

اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ڐ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ

زبردستی بیچ دین کے تحقیق ظاہر ہوگیا ہے راہ پانا گمراہی سے پس جو کوئی

يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

کفر کرے ساتھ شیطان کے اور ایمان لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق پکڑ رکھا اس نے

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

کڑا مضبوط نہیں ٹوٹنا واسطے اسکے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۲

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ

اللہ دوستدار ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے نکالتا ہے ان کو اندھیروں سے طرف روشنی کے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَھُمْ مِّنَ

اور جو لوگ کہ کافر ہوئے دوست ان کے شیطان ہیں نکالتے ہیں ان کو

النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا

روشنی سے طرف اندھیروں کے یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ بیچ اس کے

(بقیہ صفحہ ۱۵۵) بلایا کہ اپنے بیٹے مجھ کو دکھا۔ اس نے چھ بیٹے دکھائے جو قدآور تھے حضرت داؤد کو نہ دکھایا وہ قدآور نہ تھے اور بکریاں چراتے تھے پیغمبر نے ان کو بلوایا اور پوچھا کہ تو جالوت کو مار دیگا۔ انھوں نے کہا مار دونگا۔ پھر اسکے سامنے گئے وہ تین پتھر فلاخن میں رکھ کر مارے اسکا ماتھا کھلا تھا تمام بدن لوہے میں غرق تھا ماتھے کو توڑ کر پیچھے نکل گئے۔ فائدہ۔ بعد اسکے طالوت نے اپنی بیٹی انکو نکاح کردی۔ بعد طالوت کے یہ بادشاہ ہوئے فائدہ نادان لوگ کہتے ہیں کہ لڑائی کرنی نبیوں کا کام نہیں اس قصے سے معلوم ہوا کہ جہاد ہمیشہ رہا ہے اور اگر جہاد نہ ہو تو مفسد لوگ ملک کو ویران کریں۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی عمل کا وقت ابھی ہے۔ آخرت میں نہ عمل بکتے ہیں نہ کوئی آشنائی سے دیتا ہے نہ کوئی سفارش کر چھڑا سکتا ہے جب تک پکڑنے والا نہ چھوڑے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی جہاد کرنا نہیں کہ زوری اپنا دعوی قبول کرواتے ہیں بلکہ جس کام کو سب نیک کہتے ہیں اور کرتے نہیں وہی کرواتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

خٰلِدُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ

ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۱ کیا نہ دیکھا تو نے طرف اس شخص کی کہ جھگڑا ابراہیم سے بیچ پروردگار اپنے کے

اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ

کے اس واسطے کہ دی اسکو اللہ نے بادشاہی جس وقت کہا ابراہیم نے پروردگار میرا وہ ہے جو جلاتا ہے

وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ

اور مارتا ہے کہا میں جلاتا ہوں اور مارتا ہوں کہا ابراہیم نے پس تحقیق

اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ

اللہ لاتا ہے سورج کو مشرق سے پس لے آ تو اس کو مغرب سے

فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

پس بھچکا ہوا وہ جو کافر تھا اور اللہ نہیں راہ دکھاتا قوم ظالموں کو ف۲

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰي قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰي عُرُوْشِهَا ۚ

یا مانند اس شخص کے کہ گذرا اوپر ایک گاؤں کے اور وہ گرا ہوا تھا اوپر چھتوں اپنی کے

قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ

کہا کیونکر زندہ کرے گا اس کو اللہ پیچھے موت اس کی کے پس مار ڈالا اسکو اللہ نے سو

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۭ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۭ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا

برس پھر جلایا اس کو کہا کتنی دیر رہا تو کہا رہا میں ایک دن

اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ

یا تھوڑا دن سے کہا بلکہ رہا تو سو برس پس دیکھ

اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ

طرف کھانے اپنے کے اور پینے اپنے کے کہ نہیں سڑا اور دیکھ طرف گدھے اپنے کے

وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

اور تاکہ کریں گے تجھ کو نشانی واسطے لوگوں کے اور دیکھ طرف ہڈیوں کے کہ کیونکر

نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۭ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ

چڑھاتے ہیں ہم انکو پھر پہناتے ہیں ان کو گوشت پس جب ظاہر ہوا واسطے اسکے کہا جانتا ہوں

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ

میں تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۳ اور جب کہا ابراہیم نے

ف۱ یعنی جہاد کر کافروں کی ضد توڑنے کو اور ہدایت اللہ کرتا ہے جسکی قسمت میں رکھی ہو انکو شب آیا تو ساتھ ہی اس پر خبردار کر دیا ۱۲ منہ رح

ف۲ ایک بادشاہ تھا وہ اپنے تئیں سجدہ کرواتا تھا۔ سلطنت کے غرور سے۔ حضرت ابراہیم نے اسکو سجدہ نہ کیا۔ اس نے پوچھا۔ انھوں نے کہا میں اپنے رب ہی کو سجدہ کرتا ہوں۔ اس نے کہا رب تو میں ہوں انھوں نے کہا رب میں حاکم کو نہیں کہتا۔ رب وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اس نے دو قیدی منگائے جسکو جلانا پہنچتا تھا مار ڈالا جسکو مارنا پہنچتا تھا چھوڑ دیا۔ تب انھوں نے آفتاب کی دلیل سے اسکو لاجواب کیا۔ ۱۲ منہ

ف۳ یہ شخص حضرت عزیر پیغمبر تھے بخت نصر ایک بادشاہ تھا کافر بنی اسرائیل پر غالب ہوا شہر بیت المقدس کو ویران کیا تمام لوگ بندی میں پکڑے گئے تب حضرت عزیر اس شہر پر گذرے تعجب کیا کہ یہ شہر پھر کیونکر آباد ہو اسی جگہ انکی روح قبض ہوئی سو برس کے بعد زندہ ہوئے۔ ان کا کھانا اور پینا پاس دھرا تھا اسی طرح اور سواری کا گدھا مر کر ہڈیاں اسی شکل سے دھری تھیں۔ انکے روبرو زندہ ہوا اس سو برس میں بنی اسرائیل قید سے خلاص ہوئے اور شہر پھر آباد ہوا انہوں نے زندہ ہو کر آبادی دیکھا ۱۲ منہ

رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتَىٰ ۖ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن
اے رب میرے دکھلا مجھ کو کیونکر جلاتا ہے مُردوں کو کہا کیا نہیں ایمان لایا تو

قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً
کہا بلکہ لایا ہوں میں ولیکن تاکہ آرام پکڑے دل میرا کہا پس لے چار

مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ
جانوروں سے پس صورت پہچان رکھ طرف اپنے پھر کر دے اوپر ہر پہاڑ کے

مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ وَاعْلَمْ أَنَّ
ان میں سے ایک ٹکڑا پھر بلا اُن کو چلے آویںگے تیرے پاس دوڑتے اور جان یہ کہ

اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦٠﴾ مَّثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي
اللہ غالب ہے حکمت والا ف۱ مثال اُن لوگوں کی کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے بیچ

سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ
راہ اللہ کے جیسے مثال ایک دانہ کی کہ اُگاوے سات بالیں بیچ ہر

سُنبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَ
بالی کے سَو دانے اور اللہ دُونا کرتا ہے واسطے جس کے چاہے اور

اللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٦١﴾ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ
اللہ کشایش والا جاننے والا ہے وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں مال اپنے بیچ راہ

اللَّهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُونَ مَا أَنفَقُوا مَنًّا وَلَا أَذًى ۙ لَّهُمْ
اللہ کے پھر نہیں لاتے پیچھے اس چیز کے کہ خرچ کرتے ہیں احسان اور نہ ایذا واسطے انکے

أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٢٦٢﴾
ہے ثواب انکا نزدیک پروردگار انکے کے اور نہیں خوف اوپر اُن کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

قَوْلٌ مَّعْرُوفٌ وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّن صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا
بات اچھی اور بخش دینا بہتر ہے اس خیرات سے کہ پیچھے اسکے ہو

أَذًى ۗ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَلِيمٌ ﴿٢٦٣﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا
ایذا اور اللہ بےپرواہ ہے تحمل والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت

تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ كَالَّذِي يُنفِقُ
باطل کرو خیرات اپنی کو ساتھ احسان اور ایذا کے مانند اس شخص کے کہ خرچ کرتا ہو

موضح القرآن

ف۱ چار جانور لائے ایک مور ایک مُرغ ایک کوّا اور ایک کبوتر ان کو اپنے ساتھ ہلایا کہ پہچان رہے پھر ذبح کیا ایک پہاڑ پر چاروں کے سر رکھے ایک پر پَر ایک پر دھڑ ایک پر پاؤں بیچ میں کھڑے ہو کر ایک کو پکارا اُسکا سر اٹھکر ہوا میں کھڑا ہوا پھر دھڑ پھر پَر لگے پھر پاؤں وہ دوڑتا چلا آیا اسی طرح چاروں آئے فائدہ یہ تین قصے فرمائے ہیں کہ اللہ آپ ہدایت کرنے والا ہے جسکو چاہے اگر شبہ پڑے تو اسکا ہی جواب دیجے اب آگے پھر جہاد کا مذکور ہے اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کا - ۱۲ - منہ رح -

ف۲ یعنی مانگنے والے کو نرمی سے جواب دینا اور اسکی بدخوئی پر درگذر کرنی بہتر ہے اس سے کہ دیوے پھر اسکو بار بار دیکھو

(باقی صفحہ ۵۸ پر)

مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

مال اپنے کو واسطے دکھلانے لوگوں کے اور نہیں ایمان لاتا ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے

فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ

پس مثال اسکی جیسے مثال صاف پتھر کی اوپر اس کے ہو مٹی پس پہنچے اس کو مینہ

فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ

پس چھوڑ دے اسکو صاف نہیں قدرت پاتے اوپر کسی چیز کے اس چیز سے جو کمایا انھوں نے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

اور اللہ نہیں راہ دکھاتا قوم کافروں کو ف اور مثال اُن لوگوں کی

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا

کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے واسطے چاہنے رضامندی اللہ کے اور ثابت کرنے کے

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ

جانوں اپنی سے جیسے مثال ایک باغ کی بلندی پر ہو پہنچا اس کو مینہ

فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ

پس لایا میوہ اپنا دوگنا پس اگر نہ پہنچے اس کو مینہ پس شبنم کفایت ہے ف

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ

اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف کیا چاہتا ہے کوئی تم میں سے یہ کہ ہو

لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

واسطے اسکے باغ کھجوروں سے اور انگوروں سے چلتی ہیں نیچے اس کے سے

الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ

نہریں واسطے اسکے ہے بیچ اس کے سب میووں سے اور پہنچے اس کو بڑھاپا

وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ

اور واسطے اس کے اولاد ہے ناتوان پس پہنچا اس کو بگولا بیچ اسکے آگ تھی

فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

پس جل گیا اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں تاکہ تم فکر کرو ف

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو خرچ کرو پاکیزہ سے جو کچھ کمایا تم نے

(بقیہ صفحہ ۵۷)
بیچے کریں نے اللہ کو
دیا ہو اسکو کیا پرواہ ہے
اپنا بھلا کرتا ہوں ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف اور مثال فرمائی خیرات
کا جیسے ایک دانہ بویا اور
سات بالیں نکلیں سات سو
دانے ہے یہاں فرمایا کہ
نیت شرط ہے اگر دکھاوے
کا نیت سے خرچ کیا تو
جیسے دانہ بویا پتھر میں
جسپر تھوڑی سی مٹی نظر
آتی تھی جب مینہ پڑا وہ
صاف رہ گیا اسمیں کیا
اُگے گا۔ ۱۲ منہ ر ح۔
ف مینہ سے مراد بہت
مال خرچ کرنا اور
اوس سے مراد
تھوڑا مال ہو
اگر نیت درست ہے
تو بہت خرچ کرنا بہت
ثواب اور تھوڑا بھی کام
آتا ہے۔ جیسے خالص
زمین پر باغ جتنا مینہ
برسے اسکو فائدہ ہے بلکہ
اوس بھی کافی ہے اور
نیت درست نہیں تو
جسقدر خرچ کرے وہ
ضائع ہے کیونکہ زیادہ
مال دینے میں دکھاوا بھی
زیادہ ہے جیسے پتھر پر
دانہ جتنا زور کا مینہ
برسے اور ضرر
کرے کہ مٹی
دھوئی جائے۔ ۱۲ منہ ر
ف اب مثال فرمائی
احسان رکھنے والے کی جو
اپنی خیرات اپنی کو ضائع
(باقی صفحہ ۵۹ پر)

وَمِمَّآ أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ
اور اس چیز سے کہ نکالا ہے ہم نے واسطے تمہارے زمین سے اور مت قصد کرو خبیث کا
مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ إِلَّآ أَن تُغْمِضُوا
اس میں سے کہ خرچ کرو اسکو اور نہیں تم لینے والے اس کے مگر یہ کہ آنکھ بھینچ لو
فِيهِ ۚ وَاعْلَمُوٓا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿٢٦٧﴾ الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ
بیچ اسکے اور جانو یہ کہ اللہ بے پروا ہے تعریف کیا گیا ف۱ شیطان وعدہ دیتا ہے
الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُم بِالْفَحْشَآءِ ۖ وَاللَّهُ يَعِدُكُم مَّغْفِرَةً
تم کو فقر کا اور حکم کرتا ہے تم کو ساتھ بے حیائی کے اور اللہ وعدہ دیتا ہے تمکو بخشش کا
مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٦٨﴾ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ
اپنی طرف سے اور فضل کا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے ف۲ دیتا ہے حکمت
مَن يَشَآءُ ۚ وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا
جس کو چاہے اور جو کوئی دیا گیا حکمت پس تحقیق دیا گیا بھلائی
كَثِيرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّآ أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَآ أَنفَقْتُم
بہت اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحب عقل کے اور جو خرچ کرو تم
مِّن نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِّن نَّذْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ ۗ
کچھ خرچ کرنا یا منت مانو تم کچھ منت سے پس تحقیق اللہ جانتا ہے
وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ﴿٢٧٠﴾ إِن تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۖ
اسکو اور نہیں ہیں واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا ف۳ اگر ظاہر کرو تم خیرات کو پس اچھا ہے وہ
وَإِن تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ
اور اگر چھپاؤ تم اس کو اور دو اس کو فقیروں کو پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے
وَيُكَفِّرُ عَنكُم مِّن سَيِّـَٔاتِكُمْ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٧١﴾
اور دور کرے گا تم سے برائیاں تمہاری اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۴
لَّيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَآءُ ۗ
نہیں اوپر تیرے ہدایت کرنا انکا اور لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے
وَمَا تُنفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنفُسِكُمْ ۚ وَمَا تُنفِقُونَ
اور جو کچھ خرچ کرو تم مال سے پس نفع واسطے جان تمہاری کے اور نہ خرچ کرو تم

(بقیہ صفحہ ۵۸)
کرے جیسے جوانی کے وقت باغ حاصل کیا تو توقع ہے کہ بڑی عمر میں کام آوے عین کام کے وقت جل گیا۔۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی خیرات قبول ہونے کی یہی شرط ہے کہ مال حلال تھا یا ہو حرام نہ ہو اور بہتر چیز اللہ کی راہ میں دیوے یہ نہیں کہ بری چیز خیرات میں لگاوے کہ لینے دینے میں آپ ویسی چیز قبول نہ کرے مگر ناچار ہو کر کیونکہ اللہ بے پروا ہے محتاج نہیں اور خوبیوں والا ہے خوب ہی خوب پسند کرتا ہے۔۱۲ منہ

ف۲ یعنی جب دل میں خیال آوے کہ مال خیرات میں دے ڈالوں تو میں مفلس ہو جاؤں اور ہمت آوے بیحیائی پر کہ اللہ کی تاکید سن کر پھر بھی خرچ نہ کرے تو جان لیوے کہ یہ شیطان کی طرف سے آیا اور جب خیال آوے کہ خیرات سے گناہ بخشے جاویں گے اور اللہ کے ہاں کمی نہ جاویگا تو اور بڑھاوے گا جان لیوے کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا۔۱۲ منہ

ف۳ یعنی منت قبول کی تو واجب ہو گئی اب

(باقی صفحہ ۶۰ پر)



إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ ۚ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ

مگر واسطے چاہنے رضامندی اللہ کے اور جو کچھ خرچ کرو گے تم بھلائی سے پورا پہنچایا جاوے گا

إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ۝ لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا

طرف تمہارے اور تم نہیں ظلم کیے جاؤ گے خیرات واسطے ان فقیروں کے ہے جو بند کیے گئے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ

بیچ راہ اللہ کے نہیں سکتے چلنا بیچ زمین کے جانتا ہے ان کو

الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا

جاہل دولت مند بے سوالی سے پہچانتا ہے تو انکو انکے چہرے سے نہیں

يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا ۗ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ

مانگتے لوگوں سے لپٹ کر اور جو کچھ خرچ کرو گے تم مال سے پس تحقیق

اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ۝ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

اللہ ساتھ اسکے جاننے والا ہے وہ لوگ کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے رات کو اور دن کو

سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ

چھپے اور ظاہر پس واسطے انکے ہے ثواب انکا نزدیک پروردگار انکے کے اور نہیں ڈر

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا

اوپر ان کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ف۲ جو لوگ کہ کھاتے ہیں سود

لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ

نہیں کھڑے ہوں گے (یعنی قبروں سے) مگر جیسا کھڑا ہوتا ہے وہ شخص کہ باؤلا کرتا ہے اس کو شیطان

مِنَ الْمَسِّ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا ۗ

آسیب سے یہ اس واسطے ہے کہ کہا انھوں نے سوائے اسکے نہیں کہ بیچنا ہی مانند سود کے

وَأَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا ۚ فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ

اور حلال کیا اللہ نے بیچنا اور حرام کیا سود کو پس جو کوئی آوے اسکے پاس نصیحت

مِنْ رَبِّهِ فَانْتَهَىٰ فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللَّهِ ۖ

رب اس کے سے پس باز رہا پس واسطے اسکے ہے جو کچھ پہلے ہو چکا اور حکم اسکا طرف اللہ کے

وَمَنْ عَادَ فَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

اور جو کوئی پھر کرے پس وہی ہیں رہنے والے آگ کے وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ف۳

(بقیہ صفحہ ۵۹) ادا نہ کرے تو گنہگار ہے … نذر اللہ کے سوا کسی کی نہ چاہئے مگر یہ کہ اللہ کے واسطے نذر مانے … دونکو تمہارا ۱۲ منہ

ف۴ اگر نیت دکھانے کی نہ ہو تو خیرات کھلی بھی بہتر ہے کہ اوروں کو شوق آئے اور چھپی بھی بہتر دینے ۔ واللہ اعلم ۱۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی بڑا ثواب ہے انکا دینا جو اللہ کی راہ میں رک گئے ہیں کما نہیں سکتے اور اپنی حاجت ظاہر نہیں کرتے جیسے حضرت کے اصحاب تھے اہل صفہ گھر بار چھوڑ کر حضرت کی صحبت پکڑی تھی علم سیکھنے کو اور جہاد کرنے اسی طرح اب بھی جو کوئی حفظ کرے قرآن کو یا علم دین میں مشغول ہو لوگوں کو لازم ہے کہ انکی مدد کریں یہاں تک خیرات کا بیان تھا آگے سود کو حرام فرمایا جب خیرات کی تاکید کی تو قرض دینا اور اس پر سود کا ہے کو چاہئے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی منع سے پہلے جو دنیا میں پھر نا ہیں نبٹا اور آخرت میں …

باقی صفحہ ٦١ پر دیکھنا

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ
مٹاتا ہے اللہ سود کو اور بڑھاتا ہے خیراتوں کو اور اللہ نہیں دوست رکھتا
كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
ہر ایک کفر کرنے والے گنہگار کو ف۱ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے اچھے
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ
اور قائم رکھا نماز کو اور دیا زکوٰۃ کو واسطے انکے ہے ثواب انکا نزدیک رب انکے
وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
کے اور نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اے لوگو جو
اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ
ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور چھوڑ دو جو باقی رہا ہے سود سے اگر ہو تم
مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ
ایمان والے ف۲ پس اگر نہ کرو تم پس خبردار ہو جاؤ ساتھ لڑائی کے اللہ سے
وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا
اور رسول اسکے سے اور اگر توبہ کرو تم پس واسطے تمہارے ہیں اصل مال تمہارے نہ
تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ
ظلم کرو تم اور نہ ظلم کئے جاؤ تم ف۳ اور اگر ہو قرضدار تنگی والا
فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
پس ڈھیل دینا ہے فراغت تک اور یہ کہ خیرات کرو بہتر ہے واسطے تمہارے اگر
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى
ہو تم جانتے ف۴ اور ڈرو اس دن سے کہ پھیرے جاؤ گے بیچ اسکے طرف
اللّٰهِ ۟ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا
ف۲ یہ منافقوں کا ذکر ہو کہ اگر تدبیر جنگ درست آئی اور فتح و غنیمت ملی تو کہتے ہیں اللہ کی طرف سے ہوئی یعنی اتفاقاً بن گئی حضرت کی تدبیر کے قائل ہوتے تھے اور اگر بگڑ گئی تو الزام رکھتے حضرت کی تدبیر کا۔ اللہ صاحب نے فرمایا کہ اللہ کی طرف سے ہے یعنی پیغمبر کی تدبیر اللہ کا الہام ہے غلط نہیں اور بگڑی کو بگڑا نہ بوجھو۔ یہ تدبیر تو سیدھا جاتا ہو تمہاری تقصیر پر اگلی آیت میں کھول کر فرما دیا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ بندہ کو چاہئے نیکی کو اللہ کا فضل سمجھے اور تکلیف اپنی تقصیر سے اور رسول پر الزام نہ رکھے تقصیروں سے اللہ واقف ہے اور وہی جزا دیتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ

سوائے اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور اللہ لکھتا ہے جو مصلحت کرتے ہیں پس منہ پھیرے

عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٨١﴾ أَفَلَا

اُن سے اور بھروسہ کر اوپر اللہ کے اور کفایت ہے اللہ کام بنانے والا کیا پس

يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ

نہیں سمجھتے قرآن کو اور اگر ہوتا نزدیک غیر خدا کے سے

لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ

البتہ پاتے بیچ اس کے اختلاف بہت ف اور جب آتی ہے اُنکے پاس کوئی بات

مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى

امن کی یا ڈر کی پھیلاتے ہیں اُسکو اور اگر پھیرتے اس کو طرف

الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ

رسول کے اور طرف صاحبوں حکم کی اُن میں سے البتہ جان لیتے اُسکو وہ لوگ

يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ

کہ تحقیق کرتے ہیں اس کو اُن میں سے اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور مہربانی اسکی

لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٨٣﴾ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ

البتہ پیروی کرتے تم شیطان کی مگر تھوڑے ف ۲ پس لڑ بیچ راہ

اللَّهِ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ ۚ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى

خدا کے نہیں تکلیف دی جاتی تجھ کو مگر جان تیری میں اور رغبت دلا ایمان والوں کو نزدیک ہے

اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا

اللہ یہ کہ بند کرے لڑائی اُن لوگوں کی کہ کافر ہوئے اور اللہ بہت سخت ہے لڑائی میں

وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا ﴿٨٤﴾ مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ

اور بہت سخت ہے بند کرنے میں جو کوئی سفارش کرے سفارش اچھی ہوگا واسطے

لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا ۖ وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ

اُس کے حصہ اس میں سے اور جو کوئی سفارش کرے سفارش بُری ہوگا واسطے

لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا ﴿٨٥﴾

اس کے حصہ اس میں سے اور ہے اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ف ۳

سورۂ آل عمران
ف یعنی مخلوق ہر حال پر
ہر حال کو موافق ہوتی ہے
سمجھے میں مہربانی والوں کی
طرف دھیان نہیں ۔ مہ
وہ مہربانی میں سمجھے دو
کی طرف دنیا کے بیان پر
آخرت یاد نہ آئے اور جو
کے بیان میں دنیا بے پروا
میں عنایت کا ذکر نہیں اور
عنایت میں بے پروائی کا
تو اس حال کا کلام سمجھے
دوسرے حال سے مخالف نظر
آئے اور قرآن شریف جو
خالق کا کلام ہے کہ بیان ہر شے
کے بیان میں دوسری بات
بھی نظر ہوتی ہے غور کرنے سے
معلوم ہوتا ہے کہ ہر چیز کا بیان
ہر مقام میں ایک راہ پر ہے
بیان منافقوں کا مذکور تھا
انہیں بھی ہر بات پر الزام کی
قدر ہے جتنا چاہئے اور جتنے
میں کسی بھی پر الزام ہے
لائق الزام میں اسی
واسطے فرمایا کہ
بعضے ان میں سے
یوں کرتے ہیں ۔ ۱۲ منہ
ف ۲ یعنی کہیں سے کچھ خبر
تو اول پہنچائے سردار تک
اور اسکے نائبوں تک جب وہ
تحقیق کر لیں اور اسپر حکم کریں
تب آپ اس پر عمل کرے حضرت
نے ایک شخص کو بھیجا ایک
قوم کی زکوٰۃ لینے کو وہ نکلے
استقبال کو اس نے سمجھا کہ
نکلے ہیں میرے مارنے کو الٹا
پھر آیا اور شہر مدینے میں مشہور
کیا کہ فلانی قوم مرتد ہوئی
حضرت تک خبر پہنچی کہ شہر
میں شہرہ ہوا اسی قسم کی خبر
بے تحقیق اور بے خبر
کے مشہور کرنے تھے وہ جو
آخر غلط نکلی ۔ فائدہ یہ
فرمایا کہ اگر اللہ کا فضل تم پر
نہ ہوتا تو شیطان کے پیچھے
لگتے یعنی ہر وقت حکم ربی
تھے ۔ [illegible]
[illegible]
(باقی صفحہ ۱۲۰ پر)

وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا
اور جب دُعا دیے جاؤ تم ساتھ دُعا کے پس دُعا دو تم ساتھ بہتر کے اس سے یا پھیر دو اسی کو

إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ
تحقیق اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حساب لینے والا ف اللہ نہیں کوئی معبود

إِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ
مگر وہ البتہ اکٹھا کرے گا تم کو طرف دن قیامت کے نہیں شک بیچ اسکے

وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ۝ فَمَا لَكُمْ فِي
اور کون شخص بہت سچا ہے اللہ تعالیٰ سے بات میں۔ پس کیا ہوا واسطے تمہارے بیچ

الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ أَرْكَسَهُم بِمَا كَسَبُوا ۚ أَتُرِيدُونَ
منافقوں کے دو فرقے ہو رہے ہیں اور اللہ نے اُلٹا کیا اُنکو بسبب اس چیز کے کمایا انھوں نے کیا ارادہ

أَن تَهْدُوا مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ
کرتے ہو تم یہ کہ راہ پر لاؤ جس کو گمراہ کیا اللہ نے اور جس کو گمراہ کرے اللہ

فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ۝ وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا
پس ہرگز نہ پاویگا واسطے اُسکے راہ ف۲ دوست رکھتے ہیں کاش کہ کافر ہو جاؤ تم جیسا کافر ہوئے

فَتَكُونُونَ سَوَاءً ۖ فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ
وہ پس ہو جاؤ تم سب برابر پس مت پکڑو اُن میں سے دوست یہاں تک کہ

يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ
وطن چھوڑ آویں بیچ راہ اللہ کے۔ پس اگر پھر جاویں پس پکڑو اُنکو اور

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ
مار ڈالو اُن کو جہاں پاؤ اُن کو اور مت پکڑو اُن میں سے

وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ
دوست اور نہ مدد دینے والا ف۳ مگر وہ لوگ کہ جا ملیں طرف اس قوم کے

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ
کہ درمیان تمہارے اور درمیان اُنکے عہد ہے یا آویں پاس تمہارے کہ رک گئے ہیں سینے اُنکے

أَن يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ
اس سے کہ لڑیں تم سے یا لڑیں اپنی قوم سے اور اگر چاہتا اللہ

(بقیہ صفحہ ۱۱۹)
ف۱ شاہ کوئی محتاج کی سفارش کر کر دولتمند سے کچھ دلوا دے یعنی شریک ہوا ثواب خیرات میں اور جو کافر یا مفسد کو سفارش کر کر چھڑوا دے کہ بیہودہ فساد کرے یعنی شریک ہو اس فساد میں۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ شاہ کوئی کہے "السلام علیکم" تو واجب ہوا اسکا جواب۔ اگر برابر چاہے تو وعلیکم السلام اور اگر زیادہ ثواب چاہے تو ورحمۃ اللہ بھی اور اگر اس نے یوں کہا تو آپ کہے وبرکاتہ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ بیان منافق فرمایا ہے انہی لوگوں کو جو ظاہر میں بھی مسلمان نہ تھے لیکن حضرت کے تئیں صحبت در لوب جتاتے تھے اس غرض سے کہ انکی فوج ہماری قوم پر جائے تو ہماری جان و بچ رہے جب مسلمان جدا ہوئے کہ انکی آمد و رفت اس غرض کو ہو دل کی محبت سے نہیں تو بعضے کہنے لگے ان کی صحبت ملاقات ترک کرئیے تا ایک طرف ہو جاویں اور بعضوں نے کہا کہ ملے جائیے اس میں شاید ایمان لاویں۔ اللہ نے فرمایا کہ ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ ہے ان کا فکر مت کیا ضرور باقی آیتیں کے جو معاملت چاہئے سو کہہ فرمادی۔ ۱۲ منہ رح

(باقی صفحہ ۱۲۱ پر)

لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ

البتہ مسلط کرتا انکو اوپر تمھارے پس البتہ لڑتے تم سے پس اگر ایک طرف ہو جاویں تم سے پس نہ

يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ

لڑیں تم سے اور ڈالیں طرف تمھارے صلح پس نہیں کی اللہ نے

لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ﴿٩٠﴾ سَتَجِدُونَ آخَرِينَ يُرِيدُونَ

واسطے تمھارے اوپر اُن کے راہ ف۱ البتہ پاؤ گے تم اور لوگ ارادہ کرتے ہیں

أَن يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ كُلَّ مَا رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ

یہ کہ امن میں رہیں تم سے اور امن میں رہیں قوم اپنی سے جب کبھی پھیرے جاتے ہیں طرف لڑائی

أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ فَإِن لَّمْ يَعْتَزِلُوكُمْ وَيُلْقُوا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ

کے اُلٹے کئے جاتے ہیں بیچ اسکے پس اگر نہ ایک گوشہ ہو جاویں تم سے اور نہ ڈالیں طرف تمھاری صلح

وَيَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ ۚ

اور نہ بند کریں ہاتھوں اپنوں کو پس پکڑو ان کو اور مار ڈالو اُن کو جہاں پاؤ اُن کو

وَأُولَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُّبِينًا ﴿٩١﴾ وَمَا

اور یہ لوگ کیا ہے ہم نے واسطے تمھارے اوپر ان کے غلبہ ظاہر ف۲ اور نہیں

كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَن قَتَلَ

لائق واسطے کسی مسلمان کے یہ کہ مار ڈالے مسلمان کو مگر انجانی سے اور جو کوئی مار ڈالے

مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ

مسلمان کو انجانی سے پس آزاد کرنا ہے ایک گردن مسلمان کا اور خوں بہا سونپی ہوئی

إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ

طرف لوگوں اسکے کی مگر یہ کہ خیرات کردیں پس اگر ہووے اس قوم سے کہ

عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَ

دشمن ہیں واسطے تمھارے اور وہ ہیں مسلمان پس آزاد کرنا ہے ایک گردن مسلمان کا اور

إِن كَانَ مِن قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ

اگر ہووے اس قوم سے کہ درمیان تمھارے اور درمیان انکے عہد ہے پس خوں بہا

مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ فَمَن

سونپی ہوئی طرف لوگوں اُس کے کے اور آزاد کرنا ایک گردن مسلمان کا پس جو کوئی

(بقیہ صفحہ ۱۲۰) ف یعنی جب تک تم میں نہ رہیں تب تک نہ تم بُرے بھلے میں شریک نہ کرو اور لڑائی میں انکو مت بچاؤ۔ ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو ملنے کھلنے میں تو انکو لڑائی میں مت بچاؤ مگر دو صورت سے یا وہ ہم قسم ہیں تمھارے صلح والوں کے تو وہ بھی صلح میں داخل ہیں یا لڑائی سے عاجز ہو کر تم سے آپ صلح کریں پر نہ اپنی قوم کی طرف سے ہو کر تم سے لڑیں نہ تمھاری طرف ہو کر ان سے تو اگر اس عہد پر قائم رہیں تو تم بھی اللہ کا احسان جانو کہ ہمارے لڑنے سے بند ہوئے۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بعضے ہیں کہ عہد بھی کر جاتے ہیں نہ تم سے لڑیں نہ اپنی قوم سے لیکن قائم نہیں رہتے جب اپنی قوم کا غلبہ دیکھتے ہیں انکے رفیق ہو جاتے ہیں تو ان سے تم بھی قصور مت کرو۔ تمھارے ہاتھ سند لگی کہ وہ عہد پر قائم نہ رہے۔ ۱۲ منہ

ربع ۱۲ ع ۹

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللَّهِ

نہ پاوے پس روزے دو مہینے کے ہیں پے در پے توبہ خدا کی طرف سے

وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٩٢﴾ وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِنًا

اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا ف اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو

مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ

جان کر پس سزا اس کی دوزخ ہے ہمیشہ رہنے والا بیچ اسکے اور غصہ ہوا اللہ

عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ﴿٩٣﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اوپر اسکے اور لعنت کی اسکو اور تیار کر رکھا ہے واسطے اسکے عذاب بڑا ف اے لوگو

آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَتَبَيَّنُوا وَلَا تَقُولُوا

جو ایمان لائے ہو جس وقت چلو تم بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق کر لو اور مت کہو

لِمَنْ أَلْقَىٰ إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُونَ

واسطے اسکے کہ ڈالے طرف تمہاری سلام علیک نہیں تو مسلمان۔ چاہتے ہو تم

عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَعِندَ اللَّهِ مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ

اسباب زندگانی دنیا کا پس نزدیک اللہ کے ہیں غنیمتیں بہت۔

كَذَٰلِكَ كُنتُم مِّن قَبْلُ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوا

اسی طرح تھے تم پہلے اس سے پس احسان کیا اللہ نے اوپر تمہارے پس تحقیق کرو

إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿٩٤﴾ لَّا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ

تحقیق اللہ ہے ساتھ اسکے کہ کرتے ہو تم خبردار ف نہیں برابر ہوتے بیٹھ رہنے والے

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ

مسلمانوں سے سوائے ضرر والے یعنی اندھے لنگڑے بیمار اور جہاد کرنے والے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللَّهُ

بیچ راہ خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے بزرگی دی اللہ تعالیٰ نے

الْمُجَاهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً

جہاد کرنے والوں کو ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے اوپر بیٹھ رہنے والوں کے درجے میں

وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ

اور ہر ایک کو وعدہ دیا اللہ نے اچھا۔ اور بزرگی دی اللہ نے جہاد کرنے والوں کو

ترجمۃ القرآن

ف چونکہ کی صورتیں کئی ہیں یہاں وہ مذکور ہیں کہ مسلمان کافروں میں اشیاز نہ کیا اور مار ڈالا ہر طرح خطا کے قتل میں دو چیزیں لازم ہیں ایک تو آزاد کرنا بردہ مسلمان اور مقدور نہ ہو تو روزہ دو مہینے متصل یعنی تقصیر کا تدارک ہے اللہ کی جناب میں دوسرے خون بہا دا کرنی اسکے وارثوں کو یہ انکا حق ہے اگر خیرات کر کر چھوڑ دیں تو معاف ہیں مگر اسکے وارث مسلمان ہیں یا کافر میں لیکن صلح رکھتے ہیں تو ادا کرنی واجب ہے اور اگر کافر ہیں دشمن ہیں تو واجب نہیں خون بہا ہے جب حق میں مسلمان کی تو سو اونٹ تو چالیس دیے ہیں تحقیقاً اور دینے آتے ہیں قاتل کی برادری کو تین برس میں بہ تفرق ادا کریں۔ ۱۳ منہ رح۔

ف ابن عباس نے فرمایا کہ مسلمان کو مار ڈالے وہ دوزخی ہو چکا اسکی توبہ قبول نہیں باقی اور علماء نے کہا اسکی سزا یہی ہے جو یہاں مذکور ہوئی آگے اللہ مالک ہے لیکن اگر قصاص میں مارا گیا تو سب کے قول میں پاک ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف حضرت کے وقت میں ایک گاؤں کی فوج پہنچی ایک بستی پر وہاں ایک مسلمان تھا اپنے مواشی کنارے کر کر کھڑا ہوا تھا اور مسلمانوں کو سلام علیک کی لوگوں نے سمجھا کہ خوف کی شفا جتاتا ہے اسکو مارا اور مواشی چھین لے اسپر یہ آیت اتری جو فرمایا کہ تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی خوشی دنیا پر خون ناحق کرنے والے لیکن مسلمان جو کر چکا ہے چاہیئے یا تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی کافر دل کے شہر میں بے تحقیق متحقق ہو مت رکھتے تھے ۱۲ منہ رح

عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۹۵ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً

اوپر بیٹھ رہنے والوں کے ثواب بڑا ۔ درجے اپنی طرف سے اور بخشش

وَّرَحْمَةً ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۹۶ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور مہربانی ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۱ تحقیق جو لوگ کہ

تَوَفّٰىھُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ

قبض کرتے ہیں ان کو فرشتے کہ وہ ظلم کرنے والے ہیں جانوں اپنی کو کہتے ہیں کس دین میں

قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ

تھے تم کہتے ہیں تھے ہم ناتوان بیچ زمین کے کہتے ہیں کیا نہ تھی

اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُھَاجِرُوْا فِيْهَا ۭ فَاُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىھُمْ

زمین خدا تعالیٰ کی کشادہ پس وطن چھوڑ کر جاتے تم بیچ اسکے پس یہ لوگ جگہ رہنے انکے

جَهَنَّمُ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝۹۷ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

کی دوزخ ہے اور بری ہے جگہ پھر جانے کی ۔ مگر ناتوان مردوں

الرِّجَالِ وَالنِّسَاۗءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً

سے اور عورتوں سے اور لڑکوں سے کہ نہیں کر سکتے بہانہ

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۝۹۸ فَاُولٰۗىِٕكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اور نہیں پاتے راہ ۔ پس یہ لوگ شتاب ہے اللہ یہ کہ

يَّعْفُوَ عَنْھُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝۹۹ وَمَنْ يُّھَاجِرْ

معاف کرے ان سے اور ہے اللہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ف۲ اور جو کوئی وطن چھوڑ کر

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ

جاوے بیچ راہ اللہ کے پاوے گا بیچ زمین کے جگہ بہت اور کشادگی

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

اور جو کوئی نکلے گھر اپنے سے وطن چھوڑ کر طرف اللہ کی اور رسول اسکے کی

ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَانَ

پھر پا لیوے اس کو موت پس تحقیق پڑا ثواب اس کا اوپر ذمے اللہ کے ۔ اور ہے

اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۱۰۰ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ

اللہ بخشنے والا مہربان ف۳ اور جس وقت چلو تم بیچ زمین کے پس نہیں

موضح القرآن

ف۱ بدن کے نقصان والے یعنی اپاہج جہاد کے حکم سے معاف ہیں باقی لوگوں میں لڑنے والوں کو بڑے درجے ہیں کہ بیٹھنے والوں کو نہیں اگرچہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہیں یعنی بعضے جہاد کرتے ہیں تو نہ کرنیوالے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں ۔ منہ رح

ع ۵ ۱۳ ۱۰

ف۲ یہ حال فرمایا انکا جو کافروں کے ملک میں ال سے مسلمان ہیں اور ظاہر نہیں ہو سکتے انکے ظلم سے تو اگر اپنی کم تائی آپ کرتے ہیں اور سفر کی تدبیر سے واقف ہیں تو انکا عذر قبول نہیں اور ملک میں جا رہیں زمین اللہ کی کشادہ ہے اور اگر ناچار ہیں پڑے بس ہیں تو امید ہے کہ معاف ہوں ۔ فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ جس ملک میں مسلمان کھلا نہ رہ سکے وہاں سے ہجرت فرض ہے ۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۱

ف۳ یعنی روزی کا ڈر نہ چاہیے کہ بہت جگہ روزی مل رہتی ہے کشایش سے اور یہ خطرہ نہ چاہیے کہ شاید راہ ہی میں مارے جاویں کہ اس میں ثواب پورا ہے اور موت اپنے وقت سے پہلے نہیں ۔ منہ رح

ع ۱۴ ۳ ۱۱

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَوٰةِ إِنْ خِفْتُمْ

اور پر تمہارے گناہ یہ کہ کوتاہ کرو تم نماز سے اگر ڈرو تم

أَن يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنَّ الْكَٰفِرِينَ كَانُوا لَكُمْ

یہ کہ فتنہ میں ڈالیں تم کو وہ لوگ کہ کافر ہوئے تحقیق کافر ہیں واسطے تمہارے

عَدُوًّا مُّبِينًا ۝ وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَوٰةَ

دشمن ظاہر ف۱ اور جس وقت ہووے تو بیچ اُن کے پس قائم کرے واسطے اُن کے نماز

فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا

پس چاہیے کہ کھڑی ہووے ایک جماعت اُنمیں سے ساتھ تیرے اور چاہیے کہ لیویں ہتھیار اپنے پس جس وقت

سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَائِكُمْ وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ

سجدہ کریں پس چاہیے کہ ہو جاویں پیچھے تمہارے اور چاہیے کہ آوے ایک جماعت

أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ

اور کہ نہیں نماز پڑھی اُنھوں نے پس نماز پڑھیں ساتھ تیرے اور چاہیے کہ لیویں بچاؤ اپنا

وَأَسْلِحَتَهُمْ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ

اور ہتھیار اپنے دوست رکھتے ہیں وہ جو کافر ہیں کاش کہ غافل ہو تم

أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً

ہتھیاروں اپنے سے اور اسباب اپنے سے پس جھک آویں اوپر تمہارے جھک آنا

وَاحِدَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى

یک بارگی اور نہیں گناہ اوپر تمہارے اگر ہو تم کو ایذا

مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰ أَن تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ

مینھ سے یا ہو تم بیمار یہ کہ رکھ دو ہتھیار اپنے

وَخُذُوا حِذْرَكُمْ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا

اور لو بچاؤ اپنا تحقیق اللہ نے تیار کیا ہے واسطے کافروں کے عذاب

مُّهِينًا ۝ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَوٰةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا

رسوا کرنے والا ف۲ پس جب تمام کر چکو نماز کو پس یاد کرو اللہ کو کھڑے

وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا

اور بیٹھے اور اوپر کروٹوں اپنی کے پس جب آرام پاؤ تم پس سیدھا کرو

موضح القرآن

ف۱ سفر تین منزل کا ہو تو اسمیں چار رکعت فرض میں سے دو ہی پڑھنی چاہئیں۔ اور کافروں کے ستانے کا ڈر اسوقت تھا جب یہ حکم آیا اس تقریب سے معافی ملی ہر وقت کو اور پوری نہ پڑھے کہ اللہ صاحب کی بخشش سے بے پروائی ہوتی ہے اور سنت کا تقید سفر میں نہیں رہتا ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ نماز خوف فرمائی کہ اگر وقت مقابلہ کا ہو تو فوج دو حصہ ہو جاوے ہر جماعت آدھی نماز میں امام کے شریک ہو اور آدھی جُدی پڑھے جب تک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہے اور اس وقت نماز میں آمد و رفت معاف ہے۔ اور ہتھیار اور زرہ یا سپر ساتھ رکھیں اور اگر اسقدر بھی فرصت نہ ملے تو جماعت موقوف کریں تنہا پڑھ لیں پیادہ اور سوار۔ اور اگر یہ بھی فرصت نہ ملے تو قضا کریں ۱۲ منہ رح

الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾

نماز کو تحقیق نماز ہے اوپر مسلمانوں کے لکھی ہوئی وقت مقرر کی ہوئی

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

اور مت سستی کرو بیچ ڈھونڈنے قوم کے اگر ہو تم درد کھینچتے

فَاِنَّھُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ

پس تحقیق وہ بھی درد کھینچتے ہیں جیسے درد کھینچتے ہو تم اور امید رکھتے ہو تم خدا سے

مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ

جو کچھ کہ نہ امید رکھتے وہ اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا۔ تحقیق نازل کی ہم نے

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ

طرف تیری کتاب ساتھ حق کے تاکہ حکم کرے تو درمیان لوگوں کے ساتھ اس چیز کے کہ دکھلایا

اللّٰهُ ۭ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَاۗىِٕنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۭ

تجھ کو اللہ اور مت ہو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑنے والا۔ اور بخشش مانگ اللہ سے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ

تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔ اور مت جھگڑ تو اُن لوگوں کی طرف سے

يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَھُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا

کہ خیانت کرتے ہیں جانوں اپنی کو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ ہو خیانت کرنے والا

اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ

گنہگار۔ چھپتے ہیں لوگوں سے اور نہیں چھپ سکتے

اللّٰهِ وَھُوَ مَعَھُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۭ

اللہ سے اور وہ ساتھ اُنکے ہے جس وقت مصلحت کرتے ہیں وہ چیز کہ نہیں پسند کرتا بات سے

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ ھٰٓاَنْتُمْ ھٰٓؤُلَاۗءِ

اور ہے اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں گھیرنے والا ف۲ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ

جٰدَلْتُمْ عَنْھُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ

جھگڑے کئے تم نے اُنکی طرف سے بیچ زندگانی دُنیا کے۔ پس کون جھگڑے گا اللہ سے

عَنْھُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾

اُن کی طرف سے دن قیامت کے یا کون شخص ہوگا اوپر اُن کے کارساز۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی خوف کے وقت اگر نماز میں کوتاہی ہو تو بعد نماز اور ہر طرح اللہ کو یاد کرو۔ ایک نماز میں قید ہے کہ وقت ہی چاہئے اور یاد اللہ کی ہر حال میں درست ہے۔

ع ۱۵ ف۲ یہ دل آخر کی آیتیں ذکر ہیں ایک قصے کا حضرت کے وقت ایک انصاری کی زرہ اٹھی ہیں دوسری گھر ہوئی صبح کو تلاش کی آٹے کا خط دیکھا ایک شخص کے گھر تک اس کا نام طعمہ بن ابیرق تھا وہاں جھاڑا لیا تو نہ پائی وہ خط آگے دیکھا ایک یہودی کے گھر تک تو وہاں پائی اس یہودی نے کہا کہ مجھکو طعمہ نے سپرد کی طعمہ نے کہا میں بری ہوں چور یہی ہے طعمہ کی قوم نے آپس میں مشورت کی ہم حضرت کے پاس سب ملکر گواہی دینگے کہ طعمہ بری ہے تو حضرت ہماری حمایت کرینگے اور یہودی چور ٹھہریگا جب کو بھی کیا اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل فرمائیں حضرت کو خبردار کر دیا فی الحقیقت چور وہی تھا طعمہ

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ
اور جو کوئی کام کرے برا یا ظلم کرے جان اپنی کو پھر بخشش مانگے

اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ
اللہ سے پاوے گا اللہ کو بخشنے والا مہربان ف۱ اور جو کوئی کماوے

اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
گناہ پس سوائے اسکے نہیں کہ کماتا ہے اسکو اوپر جان اپنی کے اور ہے اللہ جاننے والا

حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْۗـــــَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ
حکمت والا ف۲ اور جو کوئی کماوے کچھ خطا یا گناہ پھر

يَرْمِ بِهٖ بَرِيْۗـــــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝
تہمت لگاوے ساتھ اسکے بے گناہ کو پس تحقیق اٹھالیا اس نے بہتان اور گناہ ظاہر۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ
اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تیرے اور رحمت اس کی البتہ قصد کیا تھا

طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ
ایک جماعت نے ان میں سے کہ بہکاویں تجھ کو۔ اور نہ بہکاویں گے مگر

اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ
جانوں اپنی کو اور نہیں ضرر پہنچاویں گے تجھ کو کچھ۔ اور اتاری اللہ نے

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ
اوپر تیرے کتاب اور حکمت اور سکھایا تجھ کو جو کچھ کہ نہ تھا

تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ لَا خَيْرَ
تو جانتا۔ اور ہے فضل اللہ کا اوپر تیرے بڑا۔ نہیں ہے بھلائی

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ
بیچ بہت مصلحتوں ان کی کے مگر وہ شخص کہ حکم کرے ساتھ خیرات کے یا

مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْ
ساتھ اچھی بات کے یا صلح کر دینے کے درمیان لوگوں کے اور جو کوئی کرے

ذٰلِكَ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝
یہ واسطے ڈھونڈنے رضامندی اللہ کے پس البتہ دیویں گے ہم اسکو ثواب بڑا ف۳

ع ۸ (۱۶ / ۱۴) — منزل ۱

موضح القرآن

ف۱ برا فرمایا کبیرہ کو اور ظلم فرمایا صغیرہ کو یعنی دونوں کو حکم ہے کہ توبہ کریں تو قبول ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی قوم اپنے دل میں آپ شرمندہ نہ ہوں کہ ہم کو عیب لگا اور اس عیب چھٹنے کے خطرے سے اپنے کی حمایت نہ کریں جب تک تحقیق نہ ہو کیونکہ اللہ تو خبردار ہے اور اسکا حکم بھی یہی ہے کہ ایک کا گناہ دوسرے پر نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۳ منافق لوگ حضرت سے کان میں باتیں کرتے تا کہ لوگوں میں اپنا اعتبار ٹھیراویں اور مجلس میں بیٹھ کر آپس میں کان میں باتیں کرتے کسی کا عیب کسی کا گلہ اسکو اللہ صاحب نے فرمایا کہ انکی مشورت اکثر بے خیر ہے صاف بات کو حاجت نہیں چھپانے کی مگر جس میں دغا فعلی ہو اور چھپائے تو خیرات کو تا لینے والا شرمندہ نہ ہو یا مشورہ دین کی فعلی بتانے کو تا ناداں خجل نہ ہو یا دو لڑوں میں صلح کروانے کو کہ بیچ والا جوش میں صلح نہیں مانتا۔ اول آپس میں ٹھیرائیے پھر اسکو سنائیے۔ ۱۲۔ منہ رح



وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ

اور جو کوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہو چکی واسطے اُسکے

الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا

ہدایت اور پیروی کرے سوا راہ مسلمانوں کے متوجہ کرینگے ہم اُسکو

تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝ اِنَّ

جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کرینگے ہم اُسکو دوزخ میں اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی ف تحقیق

اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ

اللہ نہیں بخشتا یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ اسکے اور بخشتا ہے سوائے اس کے

ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ

واسطے جس کے چاہے اور جو کوئی شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق گمراہ ہوا

ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا

گمراہی دور ف۲ نہیں پکارتے سوائے اس کے مگر عورتوں کو

وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

اور نہیں پکارتے مگر شیطان سرکش کو۔ لعنت کی ہے اُسکو اللہ نے

وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

اور کہا اس نے البتہ لوں گا میں بندوں تیرے سے ایک حصہ مقرر ف۳

وَّلَاُضِلَّنَّھُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّھُمْ وَلَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ

اور البتہ گمراہ کرونگا میں اُنکو اور آرزوئیں دلاؤنگا اُن کو اور البتہ حکم کرونگا انکو پس البتہ کاٹیں گے

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ

کان جانوروں کے اور البتہ حکم کرونگا انکو پس پھیر ڈالیں گے پیدائش خدا کی کو۔

وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ

اور جو کوئی پکڑے شیطان کو دوست سوائے اللہ کے پس تحقیق

خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝ يَعِدُھُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ۭ وَمَا

ٹوٹا پایا ٹوٹا ظاہر ف۴ وعدہ دیتا ہے انکو اور آرزوئیں دلاتا ہے انکو اور نہیں

يَعِدُھُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىھُمْ جَهَنَّمُ

وعدہ دیتا انکو شیطان مگر فریب کا۔ یہ لوگ جگہ ان کی دوزخ ہے

ف رسول نے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہے مسلمانوں کی جماعت پر جس نے جُدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ میں پس جس بات پر اُمت کا اجماع ہوا وہی اللہ کی مرضی ہے اور منکر جو سو دوزخی ہے۔

ع ١٧ ١٤

ف۲ اوپر سے ذکر تھا منافقوں کا جو پیغمبر کے حکم پر راضی نہ ہوئے اور جُدی راہ چلے۔ یہ آیت فرمائی کہ اللہ شرک نہیں بخشتا تو شرک فرمایا ان کے شریک کرنے کو یعنی سوائے دین اسلام کے اور دین پسند رکھے اور اُسپر چلے پس جو دین ہو سو ہوا کے سب شرک ہوا اگرچہ وہ نہ جانیں کہ ہم شرک کرتے ہیں۔

ف۳ یعنی تیرے بندے اپنے مال میں سے حصہ ٹھیرا رکھیں گے جیسے دستور ہے بتوں کی نیاز نکالتے ہیں۔

ف۴ جانوروں کا کان چیرنا یہ کافروں کا دستور تھا گائے کا یا بکری کا ایک بچہ بت کے نام کا کر دیا اس کے کان میں نشان ڈال دیتے۔ اور صورت بدلنا یہ کہ لڑکے کے سر میں چوٹی رکھتے بت کے نام کی مسلمان کو ان کاموں سے بچنا ضرور ہے اپنے بزرگوں سے یہ معاملت نہ کیجے کافر بھی جن سے کرتے تھے۔ بزرگ ہی جان کر کرتے تھے۔

وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
اور نہ پاویں گے اُس سے بھاگنا اور جو لوگ ایمان لائے اور کام کئے
الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا
اچھے البتہ داخل کرینگے ہم انکو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے
الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ
نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اُس کے ہمیشہ وعدہ کیا اللہ نے سچ اور کون ہے
أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيلًا ۝ لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا
بہت سچا اللہ سے بات میں۔ نہیں موافق آرزو تمہاری کے اور نہ
أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ مَنْ يَعْمَلْ سُوٓءًا يُجْزَ بِهٖ
موافق آرزو اہل کتاب کے۔ جو کوئی عمل کرے بُرا بدلہ دیا جاویگا ساتھ اُسکے
وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُونِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيرًا ۝
اور نہ پاوے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ مدد دینے والا
وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى
اور جو کوئی عمل کرے اچھے مرد کی قسم سے ہو یا عورت ہو
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا
اور وہ ایمان والا ہو پس یہ لوگ داخل ہوں گے بہشت میں اور نہ
يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ۝ وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِّمَّنْ أَسْلَمَ
ظلم کئے جاوینگے کھجور کے شگاف برابر۔ اور کون ہے بہتر دین میں اس شخص سے کہ مطیع کرے
وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا ۭ
منہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ نیکی کرنیوالا ہو اور پیروی کرے دین ابراہیم حنیف کی
وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرٰهِيمَ خَلِيلًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
اور پکڑا اللہ نے ابراہیم کو دوست۔ اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں
وَمَا فِي الْأَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا ۝
کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے۔ اور ہے اللہ ساتھ ہر چیز کے گھیرنے والا
وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَآءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ
اور فتوے پوچھتے ہیں تجھ سے بیچ عورتوں کے کہہ اللہ فتویٰ دیتا ہے تمکو بیچ اُنکے

ع ١١ ١٥

موضح القرآن

ف کتاب والوں کو خیال تھا کہ ہم خاص بندے ہیں حق تعالیٰ کے پر خلق پکڑی جاویگی ہم نہ پکڑے جاویں گے ہمارے پیغمبر حمایت کرینگے۔ ویسا ہی نادان مسلمان بھی اپنے حق میں یہی خیال رکھتے ہیں سو فرمادیا برا جو کرے گا کوئی جو سزا پاوے گا۔ حمایت کسی کی پیش نہیں جاتی۔ اللہ کا پکڑا وہی چھوڑے تو چھوٹے دنیا کی مصیبت میں آدمی قیاس کرے

وَمَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَاءِ

اور جو کچھ پڑھی جاتی ہے اوپر تمہارے بیچ کتاب کے بیچ حق یتیم عورتوں کے

اللَّاتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَن

جنکو نہیں دیتے تم اُن کو جو کچھ لکھا گیا ہے واسطے انکے اور رغبت کرتے ہو یہ کہ

تَنكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَأَن

نکاح کرو اُن کو اور بیچ ناتوانوں کے لڑکوں سے اور یہ کہ

تَقُومُوا لِلْيَتَامَىٰ بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ

قائم رہو تم واسطے یتیموں کے ساتھ انصاف کے اور جو کچھ کرو تم بھلائی سے

فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا ۝ وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ

پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اسکے جاننے والا ف۱ اور اگر ایک عورت ڈرے

مِن بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

خاوند اپنے سے لڑنا یا منہ پھیرنا پس نہیں گناہ اوپر اُن کے

أَن يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ

یہ کہ صلح کریں درمیان اپنے صلح اور صلح بہتر ہے اور حاضر کی گئیں

الْأَنفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِن تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ

جانیں بخیلی پر اور اگر احسان کرو تم اور پرہیزگاری کرو پس تحقیق اللہ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ وَلَن تَسْتَطِيعُوا أَن

ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۲ اور ہرگز نہ کر سکو گے تم یہ کہ

تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ ۖ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ

عدل کرو درمیان عورتوں کے اور اگرچہ حرص کرو تم پس مت جھک جاؤ تم

الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۚ وَإِن تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا

جھک جانا پس چھوڑ دو اسکو جیسے لٹکی ہوئی اور اگر صلح کرو تم اور ڈرو

فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَإِن يَتَفَرَّقَا يُغْنِ

پس تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان ف۳ اور اگر جدے ہو جاویں دونو بے پروا

اللَّهُ كُلًّا مِّن سَعَتِهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ۝

کریگا اللہ ہر ایک کو کشایش اپنی سے۔ اور ہے اللہ کشایش والا حکمت والا۔

موضح القرآن

ف۱ اس سورت کے اول میں تعقید تھا یتیم کے حق کا اور فرمایا تھا کہ کوئی یتیم جسکا والی نہیں نگر چکا اگر جانے کہ میں اسکا حق ادا نہ کر دونگا تو آپ اسکو نکاح میں نہ لے کسی اور کو دے کہ آپ اسکا حامی ہے تو مسلمانوں نے ایسی عورتیں نکاح میں لانا موقوف کیا پھر دیکھا کہ بعضی جگہ لڑکی کے حق میں بہتر ہو کہ یہی والی ہی نکاح میں لاوے جو وہ اسکی خاطر کریگا غیر نہ کرے گا حضرت سے رخصت مانگی اسپر یہ آیت اتری رخصت ملی اور فرمایا کہ وہ جو کتاب میں منع سنا تھا سو جبکہ کہ انکا حق پورا نہ دو لوگ یتیم کے حق کی نگہبانی تھی اور جو بھلائی کیا چاہو تو رخصت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۲ یعنی مرد کا دل پھرا دیکھے اور عورت اسکی خوشی کرے کو اپنا حق کچھ چھوڑ دے تو روا ہے اور جیوں کے سامنے دھری ہے حرص یعنی مال بچانا ہر کسی کو خوش لگتا ہے البتہ مرد راضی ہو جاوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی انسان کی طبع میں مال کی حرص ہے اور ایک عورت پر زیادہ دھننا سو چاہیئے تا مقدور آپ کو بچاتا رہے بعد اس کے اللہ بخشنے والا ہے اور ادھر میں لٹکی پر نہ اس کو آپ آرام سے رکھو۔ نہ چھوڑ دو کہ اور کسی سے نکاح کرے۔ ۱۲۔ منہ رح۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے۔ اور البتہ تحقیق وصیت

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا

کی ہم نے اُن لوگوں کو کہ دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے اور تم کو یہ کہ پرہیزگاری کرو

اللّٰهَ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ کی اور اگر کفر کرو پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ

فِي الْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي

بیچ زمین کے ہے۔ اور ہے اللہ بے پروا تعریف کیا گیا۔ اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ اِنْ

بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے۔ اور کفایت ہے اللہ کام بنانے والا ف۱ اگر

يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ وَكَانَ

چاہے لے جاوے تم کو اے لوگو اور لے آوے اوروں کو۔ اور ہے

اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اللہ اوپر اس کے قادر۔ جو کوئی چاہتا ہے ثواب دنیا کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَكَانَ اللّٰهُ

پس نزدیک اللہ کے ہے ثواب دنیا کا اور آخرت کا۔ اور ہے اللہ

سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ۝ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ

سننے والا دیکھنے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم قائم رہنے والے

بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

ساتھ انصاف کے گواہی دینے والے واسطے خدا کے اور اگرچہ اوپر جانوں اپنی کے ہو یا اوپر ماں باپ

وَالْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى

اور قرابت والوں کے۔ اگر ہو وہ شخص دولت مند یا فقیر پس اللہ بہت مہربان ہے

بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا

ساتھ اُن کے۔ پس مت پیروی کرو خواہش کی بیچ اس کے کہ عدل کرو اور اگر پیچ دو

اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

یا اعراض کرو پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۳

موضح القرآن

ف۱ تین بار فرمایا کہ اللہ کا ہے جو کچھ آسمان و زمین میں پہلی بار کشایش کا بیان ہے دوسری بار بے پروائی کا اگر تم منکر ہو تیسری بار کارسازی کا اگر تم تقوے پکڑو۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی سب مل کر شرع پر قائم رہو تو اللہ دنیا بھی دے اور آخرت بھی۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی گواہی میں محظوظ کی خاطر نہ کرو اور محتاج پر ترس نہ کھاؤ اور قرابت نہ دیکھو حق ہو سو کہو اور اگر سچ کہا بھی لیکن زبان سے کہ سننے کو شبہ پڑا یا تمام قصہ نہ کہا کچھ بات کام کی رکھ لی۔ یہ بھی گناہ میں داخل ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۸ ١٩ ١٦

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اسکے کے اور کتاب کے

الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
جو اُتاری ہے اوپر رسول اپنے کے اور کتاب کے جو اُتاری ہے

مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ
پہلے اس سے ۔ اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اسکے کے اور کتابوں اسکی کے

وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾
اور رسول اسکے کے اور دن پچھلے کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور ف۱

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا
تحقیق جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوئے

ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
پھر زیادہ ہوئے کفر میں ہرگز نہیں اللہ یہ کہ بخشے اُن کو اور نہ یہ کہ دکھاوے انکو

سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ﴿۱۳۸﴾
راہ ف۲ خوشخبری دے منافقوں کو ساتھ اسکے کہ واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وہ لوگ جو پکڑتے ہیں کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے

اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾
آیا چاہتے ہیں نزدیک اُن کے عزت پس تحقیق عزت واسطے اللہ کے ہے تمام

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ
اور تحقیق اُتارا اوپر تمہارے بیچ کتاب کے یہ کہ جب سنو تم

اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا
نشانیوں اللہ کی کو کفر کیا جاتا ہے ساتھ انکے اور ٹھٹھا کیا جاتا ہے ساتھ انکے پس مت بیٹھو

مَعَهُمْ حَتّٰي يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ڮ اِنَّكُمْ
ساتھ اُن کے یہاں تک کہ بحث کریں بیچ بات کے سوائے اس کے تحقیق تم

اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ
اسوقت مانند انکے ہو تحقیق اللہ جمع کرنے والا ہے منافقوں کو اور کافروں کو

موضح القرآن

ف۱ ایمان والے فرمایا ہے اُن کو جو ظاہر میں مسلمان ہیں سو ان کو تقید ہے کہ جب تک دل سے یقین نہ لاویں گے اِن سب چیزوں کا تو خدا کے ہاں مسلمان نہیں ۔۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی ظاہر میں مسلمان رہے اور دل میں بھٹکتے رہے تو اگر آخر کو بے یقین مرے تو کافر کے برابر ہیں انکو بخشش نہیں اور ظاہر کی مسلمانی سود راہ نہ ملیگی ۔۱۲ منہ رح

ربع

فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ۝ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِنْ
بیچ دوزخ کے سب کو ف۱ وہ لوگ کہ انتظار کرتے ہیں ساتھ تمہارے پس اگر
كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللَّهِ قَالُوا أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ
ہوئی واسطے تمہارے فتح خدا کی طرف سے کہتے ہیں کیا نہ تھے ہم ساتھ تمہارے
وَإِن كَانَ لِلْكَافِرِينَ نَصِيبٌ قَالُوا أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ
اور اگر ہووے واسطے کافروں کے کچھ حصہ کہتے ہیں کیا نہ غالب لئے تھے
عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُم مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ فَاللَّهُ يَحْكُمُ
ہم اوپر تمہارے اور نہ منع کیا تھا ہم نے تم کو مسلمانوں سے پس اللہ حکم کرے گا
بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَن يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى
درمیان تمہارے دن قیامت کے۔ اور ہرگز نہ کرے گا اللہ واسطے کافروں کے اوپر
الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ۝ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ
مسلمانوں کے راہ ف۲ تحقیق منافق فریب دیتے ہیں
اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا
اللہ کو اور وہ فریب دینے والا ہے انکو۔ اور جب کھڑے ہوتے ہیں طرف نماز کی کھڑے ہوتے ہیں
كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا
کاہلی سے دکھلاتے ہیں لوگوں کو اور نہیں یاد کرتے اللہ کو مگر
قَلِيلًا ۝ مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ لَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَلَا
تھوڑا۔ دھگدھگی میں ہیں درمیان اس کے نہ طرف ان کی اور نہ
إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ۝
طرف ان کی۔ اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے اسکے راہ۔
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو کافروں کو دوست
مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُوا لِلَّهِ
سوائے مسلمانوں کے۔ کیا چاہتے ہو تم یہ کہ کرو واسطے اللہ کے
عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا مُّبِينًا ۝ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ
اوپر تمہارے غلبہ ظاہر۔ تحقیق منافق بیچ درجے

موضح القرآن
ف۱ جو شخص ایک مجلس میں اپنے دین کے عیب سنے پھر انہی میں بیٹھے اگرچہ آپ نہ کہے منافق ہے۔ ۱۲ منہ رح
ف۲ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اور گمراہوں سے بھی بنائے رکھے یہ بھی نفاق ہے۔ ۱۲ منہ رح

الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿١٤٥﴾ اِلَّا

نیچے کے ہیں آگ سے۔ اور ہرگز نہ پاویگا تو واسطے اُنکے مددگار۔ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا

جنھوں نے کہ توبہ کی اور صلاحیت کی اور مضبوط پکڑا خدا کو اور خالص کیا

دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ

دین اپنے کو واسطے اللہ کے پس یہ لوگ ساتھ مسلمانوں کے ہیں۔ اور شتاب دے گا اللہ

الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٤٦﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ

ایمان والوں کو ثواب بڑا۔ کیا کرے گا اللہ عذاب کر کر تم کو

اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿١٤٧﴾

اگر شکر کرو گے تم اور ایمان لاؤ گے تم۔ اور ہے اللہ قدردان جاننے والا۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ

نہیں دوست رکھتا اللہ پکار کر کہنا بری بات کو

اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ

مگر جو کوئی ظلم کیا جاوے۔ اور ہے اللہ سننے والا جاننے والا ف۱ اگر

تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ

ظاہر کرو تم بھلائی کو یا چھپاؤ اُس کو یا درگذر کرو برائی سے پس تحقیق

اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

اللہ ہے بخشنے والا قدرت والا ف۲ تحقیق جو لوگ کہ کفر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے

وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ

اور رسول اسکے کے اور ارادہ کرتے ہیں یہ کہ جدائی ڈالیں درمیان اللہ کے اور رسولوں اسکے

وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ

کے اور کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ بعض کے اور کفر کرتے ہیں ساتھ بعض کے اور چاہتے ہیں

اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿١٥٠﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ

یہ کہ پکڑیں درمیان اس کے راہ۔ یہ لوگ وہ ہیں

الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾

کافر تحقیق۔ اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے عذاب رسوا کرنیوالا ف۳

موضح القرآن

ف۱ یعنی کسی میں عیب دین یا دنیا معلوم کرے تو اسکو مشہور نہ کرے کیونکہ اللہ سنتا جانتا ہے وہ ہر کسی کی جزا دیگا اسی کو غیبت کہتے ہیں اسمیں مظلوم کو روا ہے کہ ظالم کا ظلم بیان کرے اسی طرح کئی اور بھی مقام میں غیبت روا ہے یہ حکم بیان شاید اس پر فرمایا کہ منافق کا نام مشہور نہ کیجیے۔ جیسے حضرت نے مشہور نہیں کیا اسمیں اسکا دل زیادہ بگڑتا ہے جب نصیحت کرے منافق آپ سمجھ لیگا اسمیں شاید ہدایت پاوے۔

ف۲ یعنی منافق کو چاہو کہ صادق کرو تو ظاہر کے طعن سے چھپا سمجھانا بہتر ہے اور درگذر خوب ہے اللہ بھی جانتا بوجھتا بندوں سے درگذر کرتا ہے۔

ف۳ یہاں سے ذکر ہے یہود کا قرآن میں اکثر ان کا اور منافقوں کا ذکر اکٹھا ہی فرمایا کہ اللہ کا ماننا یہی ہے کہ زمانے کے پیغمبر کا حکم مانے۔ اس بغیر اللہ کا ماننا غلط ہے۔

منہ رح

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ

اور جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسولوں اسکے کے اور نہ جدائی ڈالیں درمیان

اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَ

کسی کے ان میں سے یہ لوگ البتہ دیگا اُن کو ثواب اُن کا۔ اور

كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَسْـَٔـلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔ پوچھتے ہیں تجھ سے صاحب کتاب کے

اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَاۗءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى

یہ کہ اُتار دے اوپر ان کے ایک کتاب آسمان سے پس تحقیق سوال کیا تھا موسیٰ سے

اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ

بڑا اس سے پھر کہنے لگے دکھلادے ہمکو اللہ کو ظاہر پس پکڑا اُن کو

الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ

بجلی نے بسبب ظلم اُنکے کے۔ پھر پکڑا تھا گائے کا بچہ پیچھے اس کے

مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا

کہ آئی تھیں اُن کے پاس دلیلیں پس معاف کیا ہم نے اس سے۔ اور دیا ہم نے

مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ

موسیٰ کو غلبہ ظاہر۔ اور اُٹھایا ہم نے اوپر ان کے پہاڑ

بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ

واسطے قول لینے کے اُن سے اور کہا ہم نے اُن کو داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور

قُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ

کہا ہم نے اُن کو مت تعدی کرو بیچ ہفتے کے اور لیا ہم نے اُن سے

مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ

قول گاڑھا۔ پس بسبب توڑ ڈالنے اُنکے قول اپنے کو اور بسبب کفر اُنکے کے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

ساتھ نشانیوں اللہ کے اور بسبب مارنے اُنکے کے پیغمبروں کو ناحق اور بسبب کہنے اُنکے کے

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا

دلوں ہمارے پر پردے ہیں بلکہ مُہر کی ہے اللہ نے اوپر اُن کے بسبب کفر اُنکے کے پس نہیں

يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥٥﴾ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ
ایمان لاتے مگر تھوڑے۔ اور بسبب کفران کے کے اور کہنے انکے کے اوپر مریم کے

بُهْتَانًا عَظِيمًا ﴿١٥٦﴾ وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ
بہتان بڑا۔ اور بسبب کہنے ان کے کے کہ تحقیق ہم نے مار ڈالا مسیح

عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا
عیسیٰ بیٹے مریم کے کو پیغمبر اللہ کا تھا۔ اور نہیں مارا اُس کو اور نہ

صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا
سُولی دی اُسکو اور لیکن شُبہ ڈالا گیا واسطے اُنکے۔ اور تحقیق جو لوگ کہ اختلاف کیا اُنھوں نے

فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا
بیچ اسکے البتہ بیچ شک کے ہیں اس سے۔ نہیں واسطے انکے ساتھ اسکے کچھ علم مگر

اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا ﴿١٥٧﴾ بَل رَّفَعَهُ
پیروی کرنا گمان کا۔ اور نہ مارا اس کو بیقین بلکہ اُٹھا لیا اُس کو

اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿١٥٨﴾ وَإِن مِّنْ
اللہ نے طرف اپنی۔ اور ہے اللہ غالب حکمت والا۔ ف۱ اور نہیں کوئی

أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ
اہل کتاب سے مگر البتہ ایمان لاویگا ساتھ اسکے پہلے موت اپنی کے اور دن

الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ
قیامت کے ہوگا اوپر ان کے گواہ۔ ف۲ پس بسبب ظلم کے

الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ
ان لوگوں سے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے اوپر ان کے پاکیزہ چیزیں جو حلال کی گئی تھیں

لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللَّهِ كَثِيرًا ﴿١٦٠﴾ وَ
واسطے اُنکے اور بسبب بند کرنے ان کے کے راہ خدا کے سے بہتوں کو۔ ف۳ اور

أَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ أَمْوَالَ
بسبب لینے اُنکے کے سُود کو اور تحقیق منع کیے گئے تھے اس سے اور بسبب کھانے انکے کے مال

النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ مِنْهُمْ
لوگوں کے ساتھ جھوٹ کے۔ اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے اُن میں سے

موضح القرآن

ف۱ یہود کہتے ہیں کہ ہم نے مارا عیسیٰ کو اور مسیح اور رسول خدا نہیں کہتے۔ اللہ نے انکے خطاب ذکر فرمائے اور فرمایا کہ اسکو ہرگز نہیں مارا حق تعالیٰ نے اسکی ایک صورت انکو بنا دی اس صورت کو سُولی چڑھایا پھر فرمایا کہ نصاریٰ بھی اول سے یہی کہتے ہیں کہ مسیح کو مارا نہیں وہ زندہ ہے۔ لیکن تحقیق نہیں سمجھے کئی باتیں کہتے ہیں۔ بعضے کہتے ہیں کہ بدن کو مارا انکی روح اللہ پاس چڑھ گئی۔ بعضے کہتے ہیں مارا تھا پھر تین روز کے بعد زندہ ہو کر بدن سے چڑھ گئے ہر طرح وہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ اسکو نہیں مارا سوائے خبر اللہ کو ہے اس نے بتایا کہ اسکی صورت کو مارا۔ اور انکے پکڑتے وقت نصاریٰ سرک گئے تھے اور یہود بھی نہ پہنچے تھے اس آن کی خبر نہ ان کو نہ اُن کو ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت عیسیٰ ابھی زندہ ہیں جب یہود میں دجال پیدا ہوگا تب اس جہان میں آکر اسکو ماریں گے اور یہود و نصاریٰ سب اس پر ایمان لاویں گے کہ یہ نہ مرے تھے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی اوپر سے سب سزائیں انکی جو ذکر کیں بعضی پہلے ہوئیں اور بعضی پیچھے لیکن مجمل یہ کہ گناہ پر دلیر تھے اسواسطے انکو تربیت سخت رکھی کہ سرکشی توڑے ۱۲۔ منہ رح

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ
عذاب درد دینے والا۔ لیکن مضبوط لوگ بیچ علم کے ان میں سے
وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ
اور مسلمان ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو اتاری
مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ
گئی ہے پہلے تجھ سے اور قائم کرنے والے نماز کو اور دینے والے
الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اُولٰٓئِكَ
زکوٰۃ کے اور ایمان لانے والے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے۔ یہ لوگ
سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ
البتہ دیں گے ہم ان کو ثواب بڑا۔ تحقیق ہمنے وحی بھیجی طرف تیری جیسے
اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ
وحی بھیجی ہمنے طرف نوح کی اور پیغمبروں کی پیچھے اس کے اور وحی کی ہمنے
اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ
طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے اور یعقوب کے اور
الْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ
اولاد اس کی کے اور عیسٰے اور ایوب کے اور یونس اور ہارون کے
وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ
اور سلیمان کے۔ اور دی ہمنے داؤد (علیہ السلام) کو زبور۔ اور بھیجے ہمنے پیغمبر کہ تحقیق
قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ
بیان کیا ہمنے ان کو اوپر تیرے پہلے اس سے اور پیغمبر کہ نہ
نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾
بیان کیا ہم نے انکو اوپر تیرے۔ اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے باتیں کرنا۔
رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ
بھیجے ہمنے پیغمبر خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تا کہ نہ ہو واسطے لوگوں کے
عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
اوپر اللہ کے الزام پیچھے پیغمبروں کے۔ اور ہے اللہ تعالیٰ غالب

ع ۲۳ / ۱۰ / ۲ — منزل

حَكِيمًا ﴿١٦٥﴾ لَٰكِنِ اللَّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنزَلَ إِلَيْكَ

حکمت والا۔ ف۱ لیکن اللہ تعالیٰ شاہدی دیتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری طرف تیری

أَنزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ

اتاری اس کو ساتھ علم اپنے کے اور فرشتے گواہی دیتے ہیں۔ اور کفایت ہے اللہ

شَهِيدًا ﴿١٦٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن

گواہی دینے والا۔ ف۲ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انھوں نے

سَبِيلِ اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١٦٧﴾ إِنَّ الَّذِينَ

راہ خدا تعالیٰ کی سے تحقیق گمراہ ہوئے گمراہی دور۔ تحقیق جو لوگ کہ

كَفَرُوا وَظَلَمُوا لَمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا

کافر ہوئے اور ظلم کیا نہیں ہے اللہ کہ بخشے ان کو اور نہ

لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ﴿١٦٨﴾ إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ

دکھائے گا ان کو راہ۔ مگر راہ دوزخ کی ہمیشہ رہیں گے

فِيهَا أَبَدًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾ يَا أَيُّهَا

بیچ اس کے ہمیشہ۔ اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان۔ اے

النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا

لوگو تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ

خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ

بہتر ہوگا واسطے تمہارے۔ اور اگر کفر کرو گے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾ يَا أَهْلَ

اور زمین کے ہے۔ اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا۔ اے اہل

الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ

کتاب مت زیادتی کرو بیچ دین اپنے کے اور مت کہو اوپر اللہ کے

إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ

مگر سچ۔ سوائے اس کے نہیں کہ مسیح عیسیٰ بیٹا مریم کا پیغمبر

اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ

اللہ کا ہے اور حکم ہے اسکا۔ ڈال دیا اس کو طرف مریم کی اور روح ہے اسکی طرف سے

موضح القرآن

ف۱ یعنی عذر کی جگہ رہے کہ ہمکو تیری مرضی معلوم ہوتی تو اس پر چلتے یہ اللہ کی حکمت اور تدبیر ہے اور اگر زبردستی کرے تو اسکی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ربع

ف۲ یعنی وحی جو پیغمبر کو آتی رہی ہے کچھ نیا کام نہیں پر اس کلام میں اللہ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ اس حق کو ظاہر کر دیگا چنانچہ ظاہر ہوا کہ جسقدر ہدایت اس نبی سے ہوئی اور کسی سے نہ ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۭ اِنْتَهُوْا
پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسولوں اُسکے کے۔ اور نہ کہو خدا تین ہیں۔ باز رہو
خَيْرًا لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ
بہتر ہوگا واسطے تمہارے۔ سوائے اسکے نہیں کہ اللہ معبود اکیلا ہے۔ پاکی ہے اُسکو اس سے
يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
کہ ہو واسطے اس کے اولاد واسطے اسی کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ
الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ
زمین کے ہے۔ اور کفایت ہے اللہ کارساز ول۔ ہرگز انکار نہ کرے گا
الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ
مسیح اس سے کہ ہو بندہ واسطے اللہ کے اور نہ فرشتے
الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ
مقرب۔ اور جو کوئی انکار کرے گا بندگی اس کی سے اور
يَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
تکبر کرے گا پس اکٹھا کریگا انکو طرف اپنی سب کو۔ پس لیکن جو لوگ کہ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَ
ایمان لائے اور عمل کیے اچھے پس پورا دیگا اُن کو ثواب انکا اور
يَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَ
زیادہ دیگا اُن کو فضل اپنے سے اور جن لوگوں نے انکار کیا اور
اسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ وَّلَا يَجِدُوْنَ
تکبر کیا پس عذاب کریگا انکو عذاب درد دینے والا۔ اور نہ پاویں گے
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا
واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ مددگار۔ اے
النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ
لوگو تحقیق آئی تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے اور اتاری ہم نے طرف تمہاری
نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ
روشنی ظاہر۔ پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور محکم پکڑا اُسکو

ع ٢٣

موضح القرآن

ف یہ خطاب ہے نصاریٰ کو کہ اللہ کو تین جگہ بتاتے ہیں باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں مبالغہ عیب ہے ایک شخص سے اعتقاد ہو تو اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھے جتنی بات ہو تحقیق ہو وہی کہے اور فرمایا فی الحقیقت بیٹا جننے۔ یہ اللہ کو لائق نہیں اور بیٹا کرے تو اس کو پیش کار کی حاجت نہیں۔ وہ بس ہے کام بنانے والا۔ ١٢ منہ رح

فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيهِمْ

پس البتہ داخل کریگا انکو بیچ رحمت کے اپنی طرف سے اور فضل کے اور دکھلاویگا انکو

إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿۱۷۵﴾ يَسْتَفْتُونَكَ ۖ قُلِ اللَّهُ

طرف اپنی راہ سیدھی۔ فتوے پوچھتے ہیں تجھ سے۔ کہہ اللہ

يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ ۚ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ﴿۹۸﴾

دن قیامت کے پس جا کھڑا کریگا اُنکو آگ پر۔ اور بُرا ہے گھاٹ لا کھڑا کیا گیا۔

وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ

اور پیچھے کردیئے گئے بیچ اس دنیا کے لعنت اور دن قیامت کے۔ بُری ہے

الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ﴿۹۹﴾ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ

بخشش کہ بخش دی گئی وہ لعنت۔ یہ ہیں بعضی خبریں بستیوں کی کہ بیان کرتے ہیں ہم اُس کو

عَلَيْكَ ۖ مِنْهَا قَائِمٌ وَحَصِيدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ

اُوپر تیرے۔ بعضے اُنمیں سے قائم اور بعضے جڑ سے کٹے ہوئے۔ اور نہیں ظلم کیا تھا ہمنے اُنکو ولیکن

ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ۖ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي

ظلم کیا تھا انھوں نے جانوں اپنی کو پس نہ کفایت کیا اُن سے معبودوں اُن کے نے جو

يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ لَمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ

پُکارتے تھے اُن کو سوائے اللہ کے کچھ جب آیا حکم پروردگار تیرے کا۔

وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذَٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ

اور نہ زیادہ کیا انھوں نے سوائے ہلاک کرنے کے۔ اور اسی طرح پکڑنا ہے پروردگار تیرے کا

إِذَا أَخَذَ الْقُرَىٰ وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۚ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ﴿۱۰۲﴾

جب پکڑے بستیوں کو اور وہ ظالم ہوتے ہیں۔ تحقیق پکڑنا اُسکا ہے درد دینے والا سخت۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِمَنْ خَافَ عَذَابَ الْآخِرَةِ ۚ ذَٰلِكَ

تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اُس شخص کے کہ ڈرتا ہے عذاب آخرت کے سے

يَوْمٌ مَجْمُوعٌ لَهُ النَّاسُ وَذَٰلِكَ يَوْمٌ مَشْهُودٌ ﴿۱۰۳﴾

ایک دن ہے کہ اکٹھے کئے جاویں گے واسطے اُس کے لوگ اور یہ دن ہے حاضر کیا گیا

وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا
اور نہیں ڈھیل کرتے ہم اسکو مگر واسطے ایک وقت گنے ہوئے کے ۔ جس دن آوے گا ۔
تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾
بولے گا کوئی جی مگر ساتھ حکم اسکے کے ۔ پس بعض ان میں سے بدبخت ہیں اور بعضے نیک بخت ہیں ۔
فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّ
پس جو لوگ کہ بدبخت ہوئے پس بیچ آگ کے ہیں واسطے انکے چلانا ہے بیچ اسکے آواز باریک اور
شَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ
آواز موٹی ہے ۔ ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے جب تک کہ رہیں آسمان اور زمین
اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا
مگر جو چاہے پروردگار تیرا ۔ تحقیق پروردگار تیرا کرنے والا ہے جو ارادہ کرتا ہے ف ۱ اور جو
الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ
لوگ کہ نیک بخت کئے گئے ہیں پس بیچ بہشت کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے جب تک کہ رہیں
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ عَطَآءً غَيْرَ
آسمان اور زمین مگر جو چاہے پروردگار تیرا ۔ بخشش ہے نہ
مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ
کاٹی گئی ۔ پس مت ہو بیچ شک کے اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہیں یہ ۔
مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا
نہیں عبادت کرتے مگر جیسا عبادت کرتے تھے باپ ان کے پہلے ان سے ۔ اور تحقیق ہم
لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
البتہ پورا دینے والے ہیں حصہ ان کا نہ کم کیا ہوا ۔ اور البتہ تحقیق دی ہم نے
مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ
موسیٰ کو کتاب پس اختلاف کیا گیا بیچ اسکے ۔ اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے گزری تھی
مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾
پروردگار تیرے سے البتہ فیصل کیا جاتا درمیان انکے اور تحقیق وہ البتہ بیچ شک کے ہیں اس سے قلق میں ف ۲ ۔
وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
اور تحقیق ہر ایک نہیں سو جب جاویگا ہر ایک البتہ پورا دیگا انکو رب تیرا عمل انکے تحقیق وہ ساتھ اسکے کہ کرتے

موضح القرآن

ف ۱ دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ رہیں آگ میں جتنی دیر رہ چکے ہیں آسمان و زمین دنیا میں مگر جتنا اور چاہے تیرا رب وہ اسی کو معلوم ہے دوسرے یہ کہ رہیں گے آگ میں جب تک کہ ہے آسمان و زمین اس جہان کا یعنی ہمیشہ مگر جو چاہے رب تو موقوف کر دے لیکن چاہ چکا کہ موقوف نہ ہو ۔ فائدہ اس کہنے میں فرق نکلا اللہ کے ہمیشہ رہنے میں اور بندے کے کہ بندہ کو ہمیشہ رہنا ہے پر ساتھ یہ بات لگی ہے کہ اللہ چاہے تو فنا کر دے ۔

ع ۹ / ۱۴

ف ۲ یہ کتاب دی تھی راہ بتانے کو وہ لوگ اس کے سمجھنے میں اختلاف کرنے لگے اور فتنہ آگے ہو چکا ہے کہ دنیا میں سچ اور جھوٹ صاف ۔

خَبِيرٌ ﴿١١١﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ

ہیں خبردار ہے۔ پس سیدھا رہ جس طرح تجھ کو حکم کیا گیا ہے تو اور جس نے توبہ کی ساتھ تیرے

وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوا

اور مت سرکشی کرو۔ تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے۔ اور مت جھکو

إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ

طرف اُن لوگوں کی کہ ظلم کرتے ہیں پس لگے گی تم کو آگ اور نہیں واسطے تمہارے سوائے

اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ

اللہ کے کوئی دوست پھر نہیں مدد دیئے جاؤ گے۔ اور قائم کر نماز کو

طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ

دونوں طرف دن کی اور کتنی ساعتیں رات سے۔ تحقیق نیکیاں لے جاتی ہیں

السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ﴿١١٤﴾ وَاصْبِرْ فَإِنَّ

برائیوں کو۔ یہ نصیحت ہے واسطے ذکر کرنیوالوں کے۔ اور صبر کر پس تحقیق

اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ

اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب نیکی کرنے والوں کا ف۱۔ پس کیوں نہ ہوئے

الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ

اُن قرنوں میں سے کہ پہلے تم سے تھے صاحب شعور کے کہ منع کرتے فساد سے

فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ

بیچ زمین کے مگر تھوڑے ان لوگوں میں سے کہ نجات دی ہم نے اُن میں یعنی گمراہی سے اور پیروی کی اُن لوگوں

ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ

نے کہ ظالم تھے اس چیز کی کہ دولت دیئے گئے تھے بیچ اسکے اور تھے گنہگار ف۲۔ اور نہ تھا

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ﴿١١٧﴾

پروردگار تیرا کہ ہلاک کرے بستیوں کو ساتھ ظلم کے اور اہل اُن کے نیکوکار ہوں۔

وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا

اور اگر چاہتا رب تیرا البتہ کرتا لوگوں کو امت ایک اور ہمیشہ

يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ

رہیں گے اختلاف کرنے والے مگر جس کو رحم کیا پروردگار تیرے نے۔ اور واسطے اسکے

موضح القرآن

ف۱ نیکیاں دُور کرتی ہیں برائیوں کو تین طرح جو نیکیاں کرے اس کی برائیاں معاف ہوں اور جو نیکیاں پکڑے اُس سے خو برائیوں کی چھوٹے اور جس ملک میں نیکیوں کا رواج ہو وہاں ہدایت آئے اور گمراہی مٹے لیکن تینوں جگہ وزن غالب چاہئے جنا پلہ اتنا ہی ہو ۱۲ منہ

ربع

ف۲ یعنی نیک لوگ غالب ہوتے تو قوم ہلاک نہ ہوتی۔ تھوڑے تھے سو آپ بچ گئے۔ ۱۲ منہ رح

خَلَقَهُمْ ۚ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

پیدا کیا ہے انکو۔ اور پوری ہوئی بات پروردگار تیرے کی البتہ بھروں گا میں دوزخ کو

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ

جنوں سے اور آدمیوں سے سب سے۔ اور ہر ایک چیز کو بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے

مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ

خبروں پیغمبروں کی سے وہ چیز کہ ثابت کرتے ہیں ہم ساتھ اسکے دل تیرے کو۔ اور آیا ہے

فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۲۰﴾

تیرے پاس بیچ اس کے حق اور نصیحت اور یاد دلانا واسطے ایمان والوں کے۔

وَقُلْ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ

اور کہہ واسطے اُن لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے عمل کرو اُوپر جگہ اپنی کے۔

إِنَّا عَامِلُونَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوا إِنَّا مُنْتَظِرُونَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلَّهِ

تحقیق ہم بھی عمل کرنیوالے ہیں۔ اور منتظر رہو۔ تحقیق ہم بھی منتظر رہنے والے ہیں۔ اور واسطے اللہ کے

غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ

ہیں پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی یعنی علم اُنکا اور طرف اسی کی پھیرا جاتا ہے کام سارا

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۲۳﴾

پس عبادت کر اُسکو اور توکل کر اُوپر اسکے۔ اور نہیں پروردگار تیرا بےخبر اس چیز سے کہ کرتے ہو۔

ع ۱۴ ۱۰

سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَإِحْدَىٰ عَشْرَةَ آيَةً وَاثْنَا عَشَرَ رُكُوعًا

سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

الر ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿۱﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ

یہ آیتیں کتاب بیان کرنے والی کی ہیں۔ تحقیق اُتارا ہے ہمنے اُسکو

قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ

قرآن عربی تاکہ تم سمجھو ہم بیان کرتے ہیں

عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَٰذَا

اُوپر تیرے بہت اچھی طرح بیان کرنا اس طرح سے کہ وحی کیا ہمنے طرف تیری یہ

الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ③

قرآن - اور تحقیق تھا تو پہلے اس سے البتہ غافلوں سے -

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ

جس وقت کہا یوسف نے واسطے باپ اپنے کے اے باپ میرے تحقیق دیکھے میں نے خواب میں

عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ④

گیارہ تارے اور سورج اور چاند دیکھا میں نے انکو واسطے اپنے سجدہ کرنیوالے -

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ

کہا اے چھوٹے بیٹے میرے مت بیان کیجیو خواب اپنے کو اوپر بھائیوں اپنے کے

فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ

پس مکر کریں گے واسطے تیرے کچھ مکر - تحقیق شیطان واسطے آدمی کے ہے دشمن

مُّبِيْنٌ ⑤ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ

ظاہر ف۱ اور اسی طرح برگزیدہ کرے گا تجھ کو پروردگار تیرا اور سکھلا دے گا تجھ کو

تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى

تعبیر بتانی باتوں کی اور پوری کریگا نعمت اپنی اوپر تیرے اور اوپر

اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ

اولاد یعقوب کے جیسا پورا کیا تھا اُس کو اوپر دو باپ تیرے کے پہلے اس سے

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑥ لَقَدْ

ابراہیم اور اسحاق کے یعنی دو دادوں تیرے کو تحقیق پروردگار تیرا جاننے والا حکمت والا ہے ف۲ البتہ

كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ⑦ اِذْ

تحقیق تھیں بیچ یوسف کے اور بھائیوں اسکے کے نشانیاں واسطے پوچھنے والوں کے ف۳ جس وقت

قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ

کہا انہوں نے البتہ یوسف اور بھائی اسکا بہت پیارے ہیں طرف باپ ہمارے کی ہم سے اور ہم ہیں

عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِۨ ⑧ اقْتُلُوْا

جماعت زبردست - تحقیق باپ ہمارا البتہ بیچ غلطی ظاہر کے ہے ف۴ - مار ڈالو

يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

یوسف کو یا ڈال دو اسکو کسی زمین میں کہ خالی ہو جاوے واسطے تمہارے توجہ باپ تمہارے کی

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسکی تعبیر ظاہر ہے سنتے ہی سمجھیں گے گیارہ بھائی تھے اور ایک باپ ایک ماں انکی طرف محتاج ہونگے پھر شیطان انکے دل میں حسد ڈالیگا - ۱۲ منہ رح

ف۲ نوازش اللہ کی سجدے سے سمجھے اور کل بھائیوں کی یعنی ایسے افضل ہونگے کی تعبیر انکے ذہن کی رسائی کو اور لیاقت سے کہ ایسا خواب ہونہار دیکھا چھوٹی عمر میں ابراہیم اور اسحٰق کا نام لیا عاجزی سے - ۱۲ منہ رح

ف۳ نقل ہے کہ قریش نے یہود سے کہا کچھ بات کہ ہم محمد سے پوچھیں سچ بتانے کو کہا پوچھو - کہ ابراہیم کا وطن شام ہے انکی اولاد بنی اسرائیل مصر میں ا کیونکر آئی کہ موسیٰ کو فرعون سے قضیہ ہوا - یہ سورۃ اتری فرمایا کہ پوچھنے والوں کو نشانیاں ہیں قریش نے ایک بھائی کا حسد کیا اطاعت قبول نہ کی آخر اسی کی طرف محتاج کیا اور اسی طرح یہود حسد کر کر خراب ہوئے اور قریش نے بھائی کو وطن سے نکالا وہی سکا عروج ہوا -

ف۴ یعنی ہم وقت پر کام آنے والے ہیں اور یہ لڑکے ہیں چھوٹے ایک بھائی انکا سگا تھا اور سب سوتیلے - ۱۲ منہ رح

ع ۱ | منزل ۳

وَتَكُونُوا مِنْ بَعْدِهِ قَوْمًا صٰلِحِينَ ۝ قَالَ قَائِلٌ

اور ہو جاؤ تم پیچھے اس کے قوم صلاحیت والی۔ کہا ایک کہنے والے نے

مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوا يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ

اُن میں سے مت مارو یوسف کو اور ڈال دو اُسکو بیچ گہراؤ کوئیں کے

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِينَ ۝ قَالُوا

اُٹھا لیوے اُسکو کوئی راہ گیر اگر ہو تم کرنے والے۔ کہا انھوں نے

يٰٓأَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلٰى يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ

اے باپ ہمارے کیا ہوا واسطے تیرے کہ نہیں امین جانتا تو ہمکو اوپر یوسف کے اور تحقیق ہم واسطے اُسکے

لَنٰصِحُونَ ۝ أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ

البتہ خیر خواہ ہیں۔ بھیجدے اسکو ساتھ ہمارے کل کو شکم سیر کھاوے اور کھیلے

وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ ۝ قَالَ إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَنْ تَذْهَبُوا

اور ہم واسطے اسکے البتہ محافظت کرنیوالے ہیں ول۔ کہا یعقوب نے تحقیق البتہ غمگین کرتا ہے مجھکو یہ کہ لیجاؤ

بِهِ وَأَخَافُ أَنْ يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنْتُمْ عَنْهُ

تم اس کو اور ڈرتا ہوں یہ کہ کھا جاوے اُس کو بھیڑیا اور تم اُس سے

غٰفِلُونَ ۝ قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ

غافل ہو وٹ۔ کہا انھوں نے اگر کھا جاوے اُسکو بھیڑیا اور ہم جماعت ہیں زبردست

إِنَّا إِذًا لَّخٰسِرُونَ ۝ فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهِ وَأَجْمَعُوا

تحقیق ہم اُسوقت زیانکاروں سے ہوں۔ پس جب لے گئے اُس کو اور مقرر کیا

أَنْ يَجْعَلُوهُ فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ

یہ کہ کردیں اُس کو بیچ گہراؤ کوئیں کے۔ اور وحی بھیجی ہم نے طرف اُسکی

لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِأَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

کہ البتہ خبر دیگا تو اُن کو ساتھ اس کام اُنکے کے اور وہ نہ سمجھتے ہوں گے وٹ۔

وَجَاءُوٓ أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ ۝ قَالُوا يٰٓأَبَانَآ إِنَّا

اور آئے باپ اپنے کے پاس اندھیرے پڑے روتے ہوئے۔ کہا انھوں نے اے باپ ہمارے تحقیق

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا

گئے تھے ہم دوڑتے ہوئے اور چھوڑ گئے تھے ہم یوسف کو نزدیک اسباب اپنے کے

موضح القرآن

ول بکریاں چرانے کو جنگل جاتے تھے۔ ۱۲ منہ رح

وٹ انکو بھیڑیے کا بہانہ کرنا تھا وہی اُن کے دل میں خوف آیا۔ ۱۲ منہ رح

وٹ پھر جب لے کر چلے آگے : فرمایا کہ کیا ہوا اس واسطے کہ لائق بیان نہیں جو کچھ بھائیوں نے سلوک کیا راہ میں بُرا کہتے اور مارتے لے گئے : اُن کے رونے پر رحم کھایا : فرا دہ پرپھر کنوئیں میں ڈالا وہ کنارے کو پکڑ کر رہ گئے تب رسّی میں باندھ کر لٹکایا آدھی دور سے چھوڑ دیا پانی میں گرے چوٹ سے بچے کوشہ میں ایک پتھر پر بیٹھ رہے اور بھائیوں نے کُرتہ اُتار کر ننگا ڈالا تب حق تعالیٰ کی بشارت پہنچی کہ ایک وقت تو اُن کو یاد دلاویگا ان کا کام۔ ۱۲ منہ رح

فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ
پس کھا گیا اُسکو بھیڑیا۔ اور نہیں تو ہرگز یقین کرنیوالا واسطے ہمارے اور اگرچہ
كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ
ہوں ہم سچے۔ اور لے آئے اُوپر کُرتے اُس کے لہو
كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ
جھوٹا۔ کہا بلکہ بنالی ہے واسطے تمہارے جی تمہارے نے ایک بات پس صبر
جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾
بہتر ہے۔ اور اللہ سے مدد مانگی گئی ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم ف۱۔
وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ
اور آیا قافلہ پس بھیجا انھوں نے آگے چلنے والے اپنے کو پس لٹکایا اُسنے ڈول اپنا۔
قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ
کہا اے خوشی وقتی کہ یہ لڑکا ہے۔ اور چھپا رکھا ہے اُس کو پونجی کر کر۔
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ
اور اللہ جانتا تھا جو کچھ کہ وہ کرتے تھے ف۲۔ اور بیچا اُسکو بھائیوں نے تھا قیمت ناقص
دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾
کے درہم تھے گنتی ایک گنے ہوئے۔ اور تھے بیچ اس کے بے رغبت ف۳۔
وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ
اور کہا اُس شخص نے کہ مول لیا تھا اُسکو مصر سے واسطے بی بی اپنی کے باحرمت رکھنا
مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ
اسکو شاید یہ کہ نفع دے ہمکو یا پکڑیں ہم اسکو فرزند۔ اور اسی طرح
مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ
قدرت دی ہمنے واسطے یوسف کے بیچ زمین کے اور تاکہ سکھاویں ہم اسکو تاویل باتوں کی
الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
یعنی تعبیر خوابوں کی۔ اور اللہ غالب ہے اُوپر کام اپنے کے ولیکن بہت
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا
لوگ نہیں جانتے ف۴۔ اور جب پہنچا جوانی اپنی کو دیا ہمنے اُس کو حکم

موضح القرآن

ف۱ یعنی کُرتے پر لہو دیکھ تھا انکا جھوٹ بھیڑیا کھاتا تو کرتہ ثابت کب چھوڑ جاتا ۱۲ منہ

ف۲ کنوئیں میں سے حضرت یوسف ڈول میں آ بیٹھے کھینچنے والے نے انکا حسن دیکھ کر خوشی سے پکارا کہ بڑی قیمت کو بیچیگا اور اللہ خوب جانتا ہے جو کرتے ہیں شاید یہ مراد ہو کہ یہود آنحضرت سے قصہ پوچھتے ہیں توریت میں بدلا ڈالا تاکہ اپنے باپ دادوں پر عیب آوے ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۳ اگلے دن بھائی گئے۔ کنوئیں میں نہ پایا قافلہ پر دعویٰ کیا جب ثابت ہوا۔ اٹھارہ درم کو بیچ ڈالا درم قریب چونّی کے نو بھائیوں نے دو دو درم بانٹے ایک نے صرف لیا۔ پھر آگے قافلے والوں نے مصر میں جا کر بیچا حسن نے مرتبہ ایک بیچا فرمایا پر وحی کو لیکن اشارۃً سو ہوا ہوا کہ سستے مول تو ہی بکے بیچا ہے ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۴ مصر میں عزیز نے مول لیا عزیز کہتے تھے بادشاہ کے مختار کو اُسنے ہوشیار دیکھ کر خوب طرح سے رکھا فرزند کی طرح کہ کاروبار میں نائب ہوگا۔ اسی کا حق تعالیٰ نے اس ملک میں اُنکا قدم جمایا پھر انکے سبب سارے بنی اسرائیل کو بسایا اور یہ بھی منظور تھا کہ سرداروں کی صحبت دیکھیں تاکہ سرداری سیکھیں

(باقی صفحہ ۳۱۸ پر)

وَّعِلْمًا ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَرَاوَدَتْهُ

اور علم ۔ اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنے والوں کو و۱ ۔ اور بہلایا اسکو

الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ

اس عورت نے جو وہ بیچ گھر اسکے کے تھا جان اسکی سے اور بند کئے دروازے

وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ

اور کہنے لگی آؤ کہتی ہوں میں تجھ کو ۔ کہا پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی تحقیق وہ رب میرا ہے

اَحْسَنَ مَثْوَايَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَلَقَدْ

اچھی طرح سے کیا اس نے رکھنا میرا ۔ تحقیق نہیں فلاح پاتے ظالم و۲ ۔ اور البتہ تحقیق

هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا ۚ لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ

قصد کیا اس عورت نے ساتھ یوسف کے اور قصد کیا یوسف نے ساتھ اسکے اگر نہ ہوتا یہ کہ دیکھی دلیل رب اپنے کی

كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْۗءَ وَالْفَحْشَاۗءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

اسی طرح کیا ہم نے تاکہ پھیر دیں ہم اس سے برائی اور بے حیائی ۔ تحقیق وہ بندوں ہمارے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ

خالص کئے گئے سے تھا و۳ اور دوڑے دونوں دروازے کو اور پھاڑا اس نے کرتا یوسف کا

مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا جَزَاۗءُ

پیچھے سے اور پایا ان دونوں نے خاوند اسکے کو نزدیک دروازے کے ۔ کہا اس عورت نے کیا سزا ہے اسکی

مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ

جو ارادہ کرے ساتھ جورو تیری کے برائی کا مگر یہ کہ قید کیا جاوے یا عذاب

اَلِيْمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِىَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ

درد دینے والا و۴ کہا یوسف نے اس نے بہلایا تھا مجھ کو جان میری سے اور گواہی دی

شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ

گواہ نے اہل اس کے سے ۔ اگر ہو کرتا اس کا پھٹا ہوا

قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَاِنْ

آگے سے پس سچ بولی یہ عورت اور وہ ہے جھوٹوں سے ۔ اور اگر

كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ

ہو کرتا اسکا یعنی یوسف کا پھٹا ہوا پیچھے سے پس جھوٹی ہے یہ عورت اور وہ ہے

(بقیہ صفحہ ۳۱۷) سلیقہ کمال پکڑیں اور علم خدائی پورا پاویں ۔ اور اللہ جیت رہتا ہے یعنی بھائیوں نے چاہا کر انکو گرادیں اسی میں یہ چڑھ گئے ۔ ۱۲ منہ ح ۔

موضح القرآن

و۱ حکم دیا یعنی عقل کر مشکل باتیں حل کرتے اور علم اللہ کا دین ۔ ۱۲ منہ رح ۔

و۲ یعنی اسکے ناموس میں کیونکر دخل کروں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

و۳ نقل ہے کہ حضرت یعقوب کی صورت ان کو نظر آئی انگلی دانت میں ۔ باقی خیال گناہ گناہ نہیں اور اگر گناہ ہے تو کر سا اصل گناہ سے پیغمبر کو بچالیا ہے اللہ نے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

و۴ حضرت یوسف دوڑے نکل جانے کو وہ دوڑی پکڑنے کو ۔ ۱۲ منہ رح

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ

سچوں سے ول ۔ پس جب دیکھا کرتا اُس کا پھٹا ہوا پیچھے سے کہا

اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ۭ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ

تحقیق یہ مکر تمہارے سے ہے۔ تحقیق مکر تمہارا بڑا ہے اے یوسف

اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا ۫ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ښ اِنَّكِ

منہ پھیر لے اس بات سے۔ اور بخشش مانگ اے عورت واسطے گناہ اپنے کے۔ تحقیق تو ہو

كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ

خطا کاروں سے ۔ اور کہا کتنی ایک بیبیوں نے بیچ شہر کے

امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا

عورت عزیز کی پھسلاتی ہے جوان یعنی غلام اپنے کو جان اسکی سے۔ تحقیق بیٹھ گیا ہے بیچ دل اسکے کے

حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ

یوسف از روئے محبت کے۔ تحقیق ہم البتہ دیکھتے ہیں اسکو بیچ گمراہی ظاہر کے ول پس جب سُنا اُس عورت نے

بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً

مکر اُن کا آدمی بھیجا طرف اُن کی اور تیار کیں واسطے اُن کے مسندیں

وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

اور دیئے ہر ایک کو اُن میں سے چاقو اور کہا نکل اے یوسف

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۡ

اُوپر ان کے ۔ پس جب دیکھا انھوں نے اسکو بڑا جانا انھوں نے اسکو اور کاٹ ڈالے ہاتھ اپنے

وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا ھٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ ھٰذَآ اِلَّا

اور کہا پاکی ہے واسطے اللہ کے نہیں یہ آدمی نہیں یہ مگر

مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ

فرشتہ بزرگ ول ۔ کہا اس عورت نے پس یہی شخص ہے جو ملامت کرتی ہو تم مجھ کو

فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَ

بیچ اسکے ۔ اور البتہ تحقیق پھسلایا میں نے اسکو جان اسکی سے پس تھام رکھا اُسنے اپنے تئیں ۔ اور

لَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا

البتہ اگر نہیں کریگا جو کہتی ہوں میں اسکو البتہ قید کیا جاویگا اور البتہ ہوگا

ع ۹ ۳

موضح القرآن

ول اس عورت کا ناتے ۱۰ اور ایک لڑکا دودھ پیتا یہ بول اُٹھا ۔ ۱۲ منہ رح

ول یعنی غلام اس قابل کیا ہوگا ۱۲ منہ

ول چھریاں دی تھیں میوہ کھانے کو اُنکا حسن دیکھ کر بے حواس ہو گئیں چھری سے ہاتھ کٹ گئے ۔ ۱۲ منہ رح

مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا

ذلیلوں سے ف۱ ۔ کہا اے پروردگار میرے قید بہت محبوب ہے طرف میری اس چیز سے کہ

يَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَيْدَهُنَّ

پکارتی ہیں مجھ کو طرف اس کی ۔ اور اگر پھیرے گا مجھ سے مکر ان کا

اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ

جھک جاؤں گا طرف ان کی اور ہو جاؤں گا جاہلوں سے ۔ پس قبول کیا

لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

واسطے اس کے رب اس کے نے پس پھیر دیا اس سے مکر ان کا ۔ تحقیق وہی ہے سننے والا

الْعَلِيْمُ ۝ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ

جاننے والا ف۲ ۔ پھر ظاہر ہوا واسطے ان کے پیچھے اس کے کہ دیکھا انھوں نے نشانیوں کو

لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ

کہ البتہ قید کریں اس کو ایک مدت تلک ف۳ ۔ اور داخل ہوئے ساتھ اس کے قید میں

فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَ

دو جوان ۔ کہا ایک نے ان دونوں میں سے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں نچوڑتا ہوں شراب ف۴ اور

قَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا

کہا دوسرے نے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں کہ اٹھا رہا ہوں اوپر سر اپنے کے روٹیاں

تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ

کہ کھاتے جاتے ہیں جانور اس میں سے ۔ خبر دے ہم کو ساتھ تعبیر اس کی کے ۔ تحقیق دیکھتے ہیں ہم تجھ کو

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا

احسان کرنیوالوں سے ف۵ کہا نہیں آوے گا تمہارے پاس کھانا کہ دیے جاؤ گے تم مگر

نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا

خبر دوں گا میں تم کو ساتھ تاویل اس کی کے ۔ پہلے اس سے کہ آوے تمہارے پاس یہ اس چیز سے ہے کہ

عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ ؕ اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ

سکھایا ہے مجھ کو رب میرے نے ۔ تحقیق میں نے چھوڑ دیا ہے دین اس قوم کا کہ نہیں ایمان لاتے

بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ وَاتَّبَعْتُ

ساتھ اللہ کے اور وہ ساتھ آخرت کے وہی ہیں کافر ف۶ ۔ اور پیروی کی میں نے

ع ۶ ۱۴

موضح القرآن

ف۱ ان کے رو برو یہ بات کہی تا کہ وہ بھی سمجھا دیں اور حضرت یوسف ڈر کر قبول کریں ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ آپ مانگے سے قید پڑے لیکن اللہ تعالیٰ نے اتنا ہی قبول فرمایا کہ ان کا فریب دفع کیا اور قید ہونا تھا قسمت میں ۔ آدمی کو چاہیے کہ گھبرا کر اپنے حق میں برائی نہ مانگے پوری بھلائی مانگے گو کہ وہی ہوگا جو قسمت میں ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ اگرچہ نشان سب دیکھ چکے کہ گناہ عورت کا تو بھی ان کو قید کیا تا کہ بدنامی خلق میں عورت سے اترے یا اس واسطے کہ اس کی نظر سے دور رہیں ۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ جس نے شراب دیکھا وہ بادشاہ کا

(باقی صفحہ ۳۲۱ پر)

مِلَّةَ اٰبَآءِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ

دین باپوں اپنے کی ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کی نہیں روا

لَنَاۤ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ

واسطے ہمارے یہ کہ شریک لاویں ساتھ اللہ کے کوئی چیز۔ یہ فضل اللہ

اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

کے سے ہے اوپر ہمارے اور اوپر لوگوں کے ولیکن اکثر لوگ نہیں

يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ

شکر کرتے ۔ وا اے دو یارو قیدخانے کے کیا خاوند متفرق

خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

بہتر ہیں یا اللہ اکیلا غالب بہتر ہے۔ نہیں عبادت کرتے تم

دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ

سوائے اس کے مگر ناموں کو کہ نام دھر لیا ہے تم نے اُن کو اور باپوں تمہارے نے نہیں

اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ

اتاری اللہ نے واسطے اُن کے کوئی دلیل ۔ نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے ۔ حکم کیا ہے

اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ

یہ کہ نہ عبادت کرو تم مگر اسی کو۔ یہی ہے دین سیدھا ولیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ

بہت لوگ نہیں جانتے۔ اے دو یارو قیدخانے کے اے پر

اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ

ایک تم میں کا پس پلاوے گا خاوند اپنے کو شراب ۔ اور جو ہے دوسرا پس سولی دیا جاوے گا

فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ

پس کھاویں گے جانور سر اُس کے سے۔ مقرر کیا گیا وہ کام جو

فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ

بیچ اسکے سوال کرتے تھے ۔ اور کہا واسطے اس شخص کے کہ گمان کیا تھا کہ وہ نجات پاویگا

مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ؗ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ

اُن میں سے یاد کیجیو مجھ کو نزدیک خاوند اپنے کے پس بھلا دیا اُسکو شیطان نے یاد کرنا

(بقیہ صفحہ ۳۲۰)
شراب ساز تھا دوسرا نانبائی تھا لیکن خلاف عادت دیکھا کہ سر پر سے جانور نوچتے ہیں زہر کی تہمت میں دونوں قید تھے آخر نانبائی پر ثابت ہوئی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ حق تعالیٰ نے قید میں یہ حکمت رکھی کہ اُن کا دل کافروں کی صحبت سے ٹوٹا تو دل پر اللہ کا علم روشن ہوا چاہا کہ اول اُن کو دین کی بات سُنا دیں پیچھے تعبیر خواب کہیں اس واسطے تسلی کر دی کہ نہ گھبراویں کہا کہ کھانے کے وقت تک وہ بھی بتا دوں گا ۱۲ منہ رح

(ع ۵)

موضح القرآن

ف۱ یعنی ہمارا اس دین پر رہنا سب خلق کے حق میں فضل ہے کہ ہم سے راہ سیکھیں ۱۲ منہ رح

رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ
خاوند اپنے کے پاس پس رہا بیچ قیدخانے کے کتنے برس ف۔ اور کہا
الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ
بادشاہ نے تحقیق میں دیکھتا ہوں سات بیل موٹے کھائے جاتے ہیں انکو
سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ؕ
سات دُبلے اور سات بالیں سبز اور سات سوکھی۔
يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا
اے سردارو جواب دو مجھ کو بیچ خواب میرے کے اگر ہو تم واسطے خواب کے
تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ
تعبیر کرتے۔ کہا انھوں نے یہ ہیں پریشان خواب۔ اور نہیں ہم
بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْ
ساتھ تعبیر خوابوں پریشان کے جاننے والے۔ اور کہا اُس شخص نے کہ
نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ
نجات پائی تھی اُن دونوں میں سے اور یاد کیا بعد مُدت کے میں خبر دوں گا تمکو ساتھ تعبیر اُسکی کے
فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ
پس بھیجو مجھ کو۔ اے یوسف اے بڑے سچے جواب دے ہمارے تئیں بیچ
سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ
سات بیل موٹوں کے کھاتے ہیں اُنکو سات دُبلے
وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ
اور سات بالیں سبز اور اَور سات خشک تاکہ
اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ
پھر جاؤں میں طرف لوگوں کی تاکہ وہ جانیں ف۲۔ کہا
تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ
کرو کھیتی کرو گے تم سات برس محنت سے۔ پس جو کچھ کاٹو تم
فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾
پس چھوڑ دو اُس کو بیچ بالوں اُس کے کے مگر تھوڑا اس میں سے جو کھاؤ تم۔

ع ۱۵

مُوضح القرآن

ف۱ فرمایا کہ ایک مارا جائے گا۔ اُسکو نے کہا تو ہے یہ خلق نیک ہے اللہ نے فرمایا کہ اس کو اٹکلا کر بچے گا۔ معلوم ہوا کہ تعبیر خواب یقین نہیں اٹکل ہے۔ مگر پیغمبر اٹکل کہے سو بیشک ہے حضرت یوسف نے اسباب کی سعی کی کہ میرا ذکر کریو بادشاہ پاس وہ بھول گیا تا کہ پیغمبر کا دل اسباب پر نہ ٹھیرے کہتے برس رہے قید میں اکثر لوگ کہتے ہیں سات برس رہے۔

ف۲ یعنی تیری قدر۔

منزل ۳

ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ
پھر آویں گے پیچھے اس کے سات برس سخت کھا جاویں گے

مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾
جو کچھ پہلے رکھا تم نے واسطے اُنکے مگر تھوڑا سا جو کچھ بچا رکھو تم واسطے بیج کے۔

ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ
پھر آوے گا پیچھے اس کے برس کہ بیچ اسکے مینھ برسائے جاویں گے لوگ

وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ
اور بیچ اسکے نچوڑیں گے ف۱۔ اور کہا بادشاہ نے کہ لے آؤ میرے پاس اُس کو۔

فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ
پس جب آیا اُس کے پاس ایلچی کہا کہ پھر جا طرف خاوند اپنے کی پس پوچھ اُس سے

مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ
کیا حال ہے اُن عورتوں کا جنھوں نے کاٹے تھے ہاتھ اپنے۔ تحقیق پروردگار میرا

بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ
مکر اُن کے کو جانتا ہے ف۲ کہا کہ کیا حال تھا تمھارا جس وقت بہلایا تھا تم نے

يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا
یوسف کو جان اُس کی سے۔ کہا اُنھوں نے پاکی ہو واسطے اللہ کے نہیں جانی ہمنے

عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ
اُوپر اُس کے کچھ بُرائی۔ کہا عورت عزیز کی نے اب

حَصْحَصَ الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ
کھُل گیا حق میں نے بہلایا تھا اُس کو جان اُس کی سے اور تحقیق وہ

لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ
البتہ سچوں سے ہے ف۳۔ کہا یوسف نے یہ تحقیقات سو واسطے اس کی ہے تاکہ جانے عزیز یعنی خاوند اُس کا یہ کہ

بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿۵۲﴾
میں نے نہیں خیانت کی اسکی غائبانہ اور جانے یہ کہ تحقیق اللہ نہیں مطلب کو پہنچاتا مکر خیانت کرنیوالوں کو۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ
اور نہیں پاک کرتا میں جان اپنی کو۔ تحقیق جی البتہ حکم کرنے والا ہے

موضح القرآن

ع ۶/۱۶

ف۱ رس نچوڑنا واسطے شراب سا کے فرمایا اور سات برس کا ذخیرہ بال میں رکھوایا تاکہ زمین گل نہ جائے سات برس قحط ہوگا جب تک پورا پڑے۔ ۱۲ منہ

ف۲ وہی قصہ یاد دلایا کہ وہ عورتیں شاہد ہیں بادشاہ پوچھے تو وہ کھول دیں کہ تقصیر کس کی ہے۔ ۱۲ منہ رح

بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۳﴾
ساتھ بُرائی کے مگر جو رحم کرے رب میرا۔ تحقیق رب میرا بخشنے والا مہربان ہے۔
وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ
اور کہا بادشاہ نے لے آؤ میرے پاس اس کو چھانٹ لوں میں اسکو واسطے جان اپنی کے۔
فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿۵۴﴾
پس جب باتیں کیں اُس سے کہا تحقیق تو آج نزدیک ہمارے مرتبے والا امانت والا ہے ف۱۔
قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰي خَزَاۗىِٕنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّىْ حَفِيْظٌ
کہا کہ مقرر کر میرے تئیں اُوپر خزانوں زمین کے۔ تحقیق میں نگہبانی کرنیوالا
عَلِيْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ
خوب جاننے والا ہوں ف۲۔ اور اسی طرح جگہ دی ہم نے یوسف کو بیچ زمین کے۔
يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاۗءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ
کہ جگہ پکڑتا تھا اسمیں سے جہاں چاہتا تھا۔ پہنچا دیتے ہیں ہم رحمت اپنی جس کو
نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجْرُ
چاہیں اور نہیں ضائع کرتے ہم ثواب نیکی کرنے والوں کا۔ اور البتہ ثواب
الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَجَاۗءَ
آخرت کا بہتر ہے واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے اور تھے پرہیزگاری کرتے ف۳ اور آئے
اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ
بھائی یوسف کے پس داخل ہوئے اُوپر اس کے پس پہچانا اُن کو اور وہ واسطے اُسکے
مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ
ناشناس تھے ف۴۔ اور جب تیار کیا واسطے اُن کے سامان اُن کا کہا لے آؤ میرے پاس
بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّىْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ
بھائی اپنا جو باپ تمہارے سے ہے۔ کیا نہیں دیکھتے تم کہ میں پورا دیتا ہوں پیمان
وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا
اور میں بہتر مہمانی کرنے والا ہوں ف۵ پس اگر نہ لاؤ گے تم اسکو میرے پاس پس نہیں
كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ
پیمان واسطے تمہارے نزدیک میرے اور نہ پاس آئیو میرے۔ کہا انھوں نے شتاب پھسلا دینگے

ع ۸

موضح القرآن

ف۱ حضرت یوسف نے سب کا فریب فرمایا اسواسطے کہ ایک فریب تھا اور سب اسکی مددگار تھیں اور فریب والی کا نام نہ لیا حق پرورش کا۔ اور بادشاہ نے پوچھا تم نے پھسلایا تھا اسواسطے کہ وہ جانیں بادشاہ خبر رکھتا ہے پھر جھوٹ نہ بولیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ اب عزیز کا عہدہ موقوف کیا اپنی صحبت میں رکھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ انھوں نے آپ یہ خدمت طلب کی تا صحبت اہل دنیا سے دور رہیں اور خواب کی تعبیر اور کسی سے بن نہ آئی ۱۲ منہ رح

ف۴ یہ جواب ہوا اُن کے اس سوال کا کہ اولاد ابراہیم اس طرح شام سے آئی مصر میں اور بیان ہوا کہ بھائیوں نے حضرت یوسف کو گھر سے دور پھینکا تا کہ ذلیل ہو۔ اللہ نے زیادہ عزت دی اور ملک پر اختیار دیا ویسا ہی ہوا خواب سے حضرت کو۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ جب حضرت یوسف ملک مصر پر مختار ہوئے خواب کے

(باقی صفحہ ۳۲۵ پر)

عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝٦١ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ

ہم اس سے باپ اسکے کو اور ہم البتہ کرنے والے ہیں۔ اور کہا واسطے جوانوں اپنے کے

اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ

رکھ دو پونجی اُن کی بیچ شلیتوں اُنکے کے شاید کہ وہ پہچانیں اُس کو

اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝٦٢ فَلَمَّا

جب پھر جاویں طرف لوگوں اپنے کی شاید کہ وہ پھر آویں ف۔ پس جب

رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ

پھر آئے طرف باپ اپنے کی کہا انھوں نے اے باپ ہمارے منع کیا گیا ہم سے پیمانہ

فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝٦٣

پس بھیج ساتھ ہمارے بھائی ہمارے کو پیمان کروا دیں ہم اور ہم واسطے اسکے البتہ نگہبان ہیں۔

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى

کہا کہ نہیں امانتدار جانتا ہیں تمکو اُوپر اسکے مگر جیسا امانتدار جانا تھا میں نے تمکو اُوپر

اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ

بھائی اُسکے کے پہلے اس سے۔ پس اللہ بہتر محافظت کرنے والا ہے اور وہ بہت رحم کرنیوالا ہے

الرّٰحِمِيْنَ ۝٦٤ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ

سب رحم کرنے والوں سے۔ اور جب کھولا انھوں نے اسباب اپنا پائی اپنی پونجی

رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا

پھیری گئی ہے طرف انہیں کی کہا انھوں نے اے باپ ہمارے کیا چاہیں ہم۔ یہ پونجی ہماری

رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ

پھیری گئی طرف ہماری۔ اور اناج لاوینگے ہم واسطے لوگوں اپنے کے اور ہم محافظت کرینگے بھائی اپنے کی

كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝٦٥ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ

اور زیادہ لاوینگے ہم پیمانہ ایک اونٹ کا یہ پیمانہ ہے آسان۔ کہا کہ ہرگز نہ بھیجوں گا میں اسکو

مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ

ساتھ تمہارے یہاں تک کہ دو تم مجھ کو قول اللہ کا البتہ لے آؤ گے تم اسکو میرے پاس

اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ

مگر یہ کہ گھیرے جاؤ تم سب۔ پس جب دیا انھوں نے اُس کو عہد اپنا کہا

(بقیہ صفحہ ۳۲۴) سو فی سات برس خوب آبادی کی اور ملک کا اناج بھرتے گئے پھر سات برس کے قحط میں ایک بھاؤ میا باندھ کر بیچا اپنے ملک والوں کو اور پردیسیوں کو برابر مگر پردیسی کو ایک اونٹ سے زیادہ نہ دیتے۔ اس میں خلق بچی قحط سے اور خزانہ بادشاہ کا بھر گیا۔ ہر طرف خبر تھی کہ مصر میں اناج سستا ہے کنعے بھائی آئے خرید کو۔ ۱۲ منہ رح

ربع

ف سب سے چھوٹا بھائی حضرت یوسف کا سگا بھائی تھا اُس کو بلوایا۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف جو قیمت لائے تھے وہ چھپا کر اناج کے بوجھوں میں ڈال دی احسان کر کر۔ ۱۲ منہ رح

اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا
اللہ اُوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں ہم کارساز ہے ف۱ اور کہا اے بیٹو میرے مت
تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ
داخل ہوجیو دروازے ایک سے اور داخل ہوجیو دروازوں
مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ
متفرق سے۔ اور نہیں کفایت کرتا میں تمکو خدا کی طرف سے کچھ۔
اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے۔ اُوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور اُوپر اسی کے پس چاہئے کہ توکل کریں
الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ
توکل کرنے والے ف۲۔ اور جب داخل ہوئے جیسے حکم کیا تھا اُن کو
اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ
باپ اُنکے نے۔ نہ تھا کہ کفایت کرے اُن کو خدا سے کچھ
اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ
مگر ایک خطرہ تھا بیچ دل یعقوب کے کہ کرڈالا اُس کو۔ اور تحقیق وہ البتہ صاحب
عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾
علم تھا واسطے اس چیز کے کہ سکھایا تھا ہمنے اُس کو ولیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ف۳۔
وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ
اور جب داخل ہوئے اُوپر یوسف کے جگہ دی طرف اپنی بھائی اپنے کو کہا
اِنِّيْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾
کہ میں ہی ہوں بھائی تیرا پس مت غمگین ہو ساتھ اس چیز کے کہ تھے کرتے ف۴۔
فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ
پس جب تیار کیا واسطے انکے سامان اُن کا رکھ دیا ایک پیالہ پانی پینے کا بیچ شلیتے
اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾
بھائی اپنے کے پھر پکارا ایک پکارنے والے نے اے قافلے والو تحقیق تم البتہ چور ہو۔
قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ
کہا انھوں نے اور منہ پھیر کھڑے ہوئے اوپر انکے کیا چیز کھوئی گئی ہے تمہاری۔ کہا انھوں نے کھو یا گیا

ف۱ ظاہر کا اسباب بھی پُختہ کرلیا اور بھروسہ پر رکھا یہی حکم ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ ٹوک کا بچاؤ بتایا بھروسہ اللہ پر کیا ٹوک لگنی غلط نہیں اور اسکا بچاؤ کرنا روا ہے ۱۲ منہ

ف۳ یعنی جس طرح کہا تھا داخل ہوئے تو اگرچہ ٹوک نہ لگی لیکن تقدیر اور طرف سے آئی تقدیر دفع نہیں ہوتی۔ سو جن کو علم ہے اُن کو تقدیر کا یقین اور اسباب کا بچاؤ دونوں ہو سکتے ہیں اور بے علم سے ایک تو دوسرا نہیں ۱۲ منہ

ف۴ اس بھائی کو جو حضرت یوسف کے آرزو سے بلایا اور وں کو حسد لگا اس سفر میں اسکو ہر بات پر جھڑکتے اور طعنے دیتے اب حضرت یوسف نے تسلی کر دی۔ ۱۲ منہ

ع ۸ / ۱۱ / ۲

صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا
پیالہ بادشاہ کا اور واسطے اس شخص کو کہ لے آوے اسکو بوجھ ہو اونٹ کا اور میں
بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا
ساتھ اسکے ضامن ہوں ف۱ کہا انھوں نے قسم ہے خدا کی البتہ تحقیق جانتے ہو تم کہ نہیں آئے ہم
لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا
تاکہ فساد کریں بیچ زمین کے اور نہیں ہم چور۔ کہا انھوں نے
فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ
پس کیا ہے سزا اس کی اگر ہو تم جھوٹے۔ کہا انھوں نے سزا اسکی یہ ہے
مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي
جو شخص کہ پایا جاوے بیچ شلیتے اسکے کے پس وہی ہو بدلا اسکا۔ اسی طرح بدلا دیتے ہیں ہم
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ
ظالموں کو ف۲۔ پس شروع کیا ساتھ شلیتوں انکے کے پہلے شلیتے بھائی اپنے کے
ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ۭ كَذٰلِكَ كِدْنَا
پھر نکال لیا اس کو شلیتے بھائی اپنے کے سے۔ اسی طرح مکر کیا ہم نے
لِيُوْسُفَ ۭ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ
واسطے یوسف کے۔ نہیں تھا کرنے سکے بھائی اپنے کو بیچ دین بادشاہ کے
اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ
مگر یہ کہ چاہے اللہ۔ بلند کرتے ہیں ہم درجوں میں جسکو چاہیں۔
وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ
اور اوپر ہر جاننے والے کے جاننے والا ہے ف۳۔ کہا انھوں نے اگر چرا دے یہ
فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ
پس تحقیق چرایا تھا ایک بھائی اس کے نے پہلے اس سے۔ پس چھپایا اسکو یوسف نے
فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ
بیچ جی اپنے کے اور نہ ظاہر کیا اسکو واسطے انکے۔ کہا کہ تم برے ہو جگہ میں۔
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ
اور اللہ بہتر جانتا ہے جو کچھ بیان کرتے ہو تم ف۴۔ کہا انھوں نے اے سردار

ف۱ باسن بادشاہ کے پینے کا چاندی کا اسکو پیاس پر ماپا تھا یا اناج ماپنے کا اور گھوڑے اس میں پانی پیتے حضرت یوسف نے اسکو چور کہوایا جھوٹ نہیں حضرت یوسف کو باپ کی چوری سے بیچ ڈالا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ حضرت یعقوب کے دین میں تھا کہ چور غلام ہووے ایک برس تک

ع ۹

ف۳ یعنی بھائیوں کی زبان سے آپ ہی نکلا کہ چور کو غلام کرو۔ اسی پر پکڑے گئے نہیں تو اس بادشاہ کا حکم نہ تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی تمنے ایسی چوری کی کہ بھائی کو باپ سے چرا کر بیچ ڈالا اور میری چوری کا حال اللہ کو معلوم ہے ان پر چوری کا طعن دیا۔ وہ قصہ یہ کہ حضرت یوسف کو پھوپھی نے پالا جب بڑے ہوئے باپ نے چاہا اپنے پاس رکھیں پھوپھی کو محبت تھی چھپا کر ایک پٹکا انکی کمر سے باندھ دیا

(باقی بصفحہ ۳۲۸)

إِنَّ لَهٗٓ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ إِنَّا

تحقیق ہے واسطے اسکے باپ بوڑھا بزرگ پس لے لے ایک کو ہم میں سے جگہ اسکی۔ تحقیق ہم

نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ أَنْ

دیکھتے ہیں تجھ کو احسان کرنے والوں سے ف۱ کہا پناہ ہے اللہ کی یہ کہ

نَأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ إِنَّآ إِذًا

لے لیویں ہم سوائے اس شخص کے کہ پائی ہم نے چیز اپنی نزدیک اسکے تحقیق ہم اس وقت

لَّظٰلِمُونَ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ

البتہ ظالموں سے ہوں۔ پس جب ناامید ہوئے اس سے اکیلے بیٹھے مصلحت کرتے ہوئے۔

قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوٓا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ

کہا بڑے اُن کے نے کیا نہیں جانتے تم یہ کہ باپ تمہارے نے تحقیق لیا تھا

عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ

اوپر تمہارے عہد خدا کا اور پہلے اس سے کیا تقصیر کی تھی

فِي يُوسُفَ ۚ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتّٰى يَأْذَنَ لِيٓ

بیچ یوسف کے۔ پس ہرگز نہ ٹلوں گا میں اس زمین سے یہاں تک کہ پروانگی دے مجھ کو

أَبِيٓ أَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِي ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِينَ ﴿۸۰﴾

باپ میرا یا حکم کرے اللہ واسطے میرے۔ اور وہ بہتر حکم کرنے والا ہے ف۲۔

اِرْجِعُوٓا إِلٰٓى أَبِيكُمْ فَقُولُوا يٰٓأَبَانَآ إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ

پھر جاؤ طرف باپ اپنے کی پس کہو اے باپ ہمارے تحقیق بیٹے تیرے نے چوری کی ہے۔

وَمَا شَهِدْنَآ إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ

اور نہ شاہدی دی تھی ہم نے مگر جو کچھ کہ ہم جانتے تھے اور نہ تھے ہم واسطے غیب کے

حٰفِظِينَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَ

نگہبان ف۳۔ اور پوچھ لو اس بستی سے کہ تھے ہم بیچ اس کے اور

الْعِيرَ الَّتِيٓ أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصٰدِقُونَ ﴿۸۲﴾ قَالَ

اس قافلے سے کہ آئے ہم بیچ اس کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں۔ کہا

بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ

بلکہ بنائی ہے واسطے تمہارے جی تمہارے نے ایک بات۔ پس صبر بہتر ہے۔

(بقیہ صفحہ ۳۴۷)

...جر اس کو ڈھونڈھنے
...ئی لوگوں میں چرچا ہوا۔
...آخر ان کی کمر سے نکلا
...موافق اس دین کے ایک
...رس پھوپھی پاس اور
...ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۹ / ۱۱ / ۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی بیٹا بوڑھے باپ کا ہاتھ پکڑے پھرتا ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اور بھائیوں کو رخصت کیا۔ بڑا بھائی رہ گیا اس توقع پر شاید مہربان ہو کر خلاص کر دیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی تمکو قول دیا تھا اپنی دانست میں اوپر اور چوری کی خبر نہ تھی یا ہم نے چور کو پکڑ رکھنا بتایا اپنے دین کے موافق نہ معلوم تھا کہ بھائی چور ہے۔ ۱۲ منہ رح

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

شتاب ہے کہ اللہ تعالیٰ لے آوے میرے پاس ان سبکو اکٹھا۔ تحقیق وہی ہے جاننے والا

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى

حکمت والا ف۱۔ اور منہ پھیرا اُن سے اور کہا اے افسوس اُوپر

يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ

یوسف کے اور سفید ہو گئیں آنکھیں اُس کی یعنی یعقوب کی غم سے پس وہ

كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى

غم سے بھرا ہوا تھا ف۲۔ کہا انھوں نے قسم ہے خدا تعالیٰ کی کہ ہمیشہ رہیگا تو یاد کرتا یوسف کو یہانتک

تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ

کہ ہو جاوے تو مضمحل یا ہو جاوے تو ہلاک ہونے والوں سے ف۳۔ کہا

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ

سوائے اسکے نہیں کہ شکایت کرتا ہوں میں بیقراری اپنی کی اور غم اپنے کی طرف اللہ کی اور جانتا ہوں میں خدا

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا

کی طرف سے جو کچھ کہ تم نہیں جانتے ف۴۔ اے بیٹو میرے جاؤ پس خبر لو

مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ

یوسف سے اور بھائی اُسکے سے اور مت ناامید ہو رحمت اللہ تعالیٰ کی سے۔

اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

تحقیق نہیں ناامید ہوتے رحمت خدا تعالیٰ کی سے مگر قوم کافروں کی۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَ

پس جب داخل ہوئے اوپر اس کے کہا انھوں نے اے عزیز لگی ہمکو اور

اَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ

اہل ہمارے کو سختی اور لائے ہم پونجی حقیر یعنی تھوڑی پس پورا دے ہمکو پیمان

وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

اور خیرات کر اُوپر ہمارے۔ تحقیق اللہ ثواب دیتا ہے صدقہ دینے والوں کو ف۵۔

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ

کہا کیا جانتے ہو تم کو کیا کیا تھا تم نے ساتھ یوسف کے اور بھائی اُسکے کے جب

ف۱ بھی بار کی ہے ہماری سے اُنہے بھی حضرت یعقوبؑ نے اپنے بیٹوں کا اعتبار کیا لیکن نبی کا کلام جھوٹ نہیں بیٹوں کی بنائی بات تھی حضرت یوسف بھی بیٹے تھے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا مگر اس وقت بے اختیار آنا نکلا ایسا درد اتنی مدت دبا رکھنا کسکا کام سوا پیغمبر کے۔ ۱۲ منہ

ف۳ اس بیٹے کے جانے سے پھر یوسف کا غم تازہ ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی تم کیا مجھ کو صبر سکھاؤ گے لیکن بے صبر وہ جو خلق کے آگے شکایت کرے خالق کی میں تو اسی کو کہتا ہوں جس نے درد دیا اور یہ بھی جانتا ہوں کہ مجھ پر آزمایش ہے دیکھوں کس حد کو پہنچکر بس ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ قحط میں سب اسباب گھر کا بک گیا اب کی بار اون اور پنیر اور ایسی چیزیں لائے تھے آج خوشی کو چلے سنکر حضرت یوسف کو رحم آیا

(باقی صفحہ ۳۳۰ پر)

أَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ
تم تھے جاہل۔ کہا انھوں نے کیا تحقیق تو ہی ہے یوسف۔

قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا
کہا کہ میں ہی ہوں یوسف اور یہ بھائی میرا ہے تحقیق اللہ نے احسان کیا اوپر ہمارے۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَ يَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
تحقیق جو کوئی پرہیزگاری کرے اور صبر کرے پس تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا
احسان کرنے والوں کا ف۱۔ کہا انھوں نے قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق پسند کیا اللہ نے تجھ کو اوپر ہمارے

وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ
اور تحقیق تھے ہم البتہ خطاوار ف۲۔ کہا نہیں سرزنش اوپر تمہارے آج کے دن۔

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا
بخشیگا اللہ واسطے تمہارے اور وہ بہتر رحم کرنیوالا ہے سب رحم کرنیوالوں سے۔ لے جاؤ

بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا
کرتا میرا یہ پس ڈال دو اس کو اوپر منہ باپ میرے کے آوے گا بینا ہو کر۔

وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ
اور لے آؤ میرے پاس اہل اپنے کو سب کو ف۳۔ اور جب جدا ہوا قافلہ

قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ
کہا باپ اُن کے نے تحقیق میں پاتا ہوں بو یوسف کی اگر نہ

تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾
بہکا ہوا کہو مجھ کو۔ کہنے لگے قسم اللہ کی تحقیق تو البتہ بیچ وہم اپنے قدیم کے ہے۔

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ
پس جب آیا خوشخبری لانے والا ڈال دیا اس کرتے کو اوپر منہ اُسکے کے پس ہو گیا

بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ
بینا۔ کہا کیا نہ کہا تھا میں نے واسطے تمہارے۔ تحقیق میں جانتا ہوں اللہ کی طرف

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ
جو کچھ تم نہیں جانتے ف۴۔ کہا انھوں نے اے باپ ہمارے بخشش مانگ واسطے ہمارے گناہوں ہمارے

(بقیہ صفحہ ۳۲۹)
اپنے تئیں ظاہر کیا اور سارے گھر کو بلوالیا۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ جس پر تکلیف پڑے اور وہ شرع سے باہر نہ ہو اور گھبرائے نہیں تو آخر بلا سے زیادہ عطا ملے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی تیرا خواب سچ تھا اور ہمارا حسد غلط۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ ہر مرض کی اللہ کے ہاں دوا ہے۔ آنکھیں گئی تھیں ایک شخص کے فراق میں اُسی کے بدن کی چیز ملنے سے چنگی ہوئیں یہ کرامت تھی حضرت یوسف کی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ حضرت یوسف نے کرتا اور سواری اور خرچ بھیجا اپنے غلام کے ہاتھ اُس نے آکر کرتا منہ پر ڈال دیا اور خوشخبری دی۔ اُسی وقت آنکھیں کھل گئیں۔ ۱۲ منہ رح۔

إِنَّا كُنَّا خٰطِـِٔيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ
کہ تحقیق ہم ہی تھے خطا کرنے والے۔ کہا البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تمہارے
رَبِّيْ ۗ إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى
رب اپنے سے۔ تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ پس جب داخل ہوئے اوپر
يُوْسُفَ اٰوٰى إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ إِنْ
یوسف کے جگہ دی طرف اپنی ماں باپ اپنے کو اور کہا کہ داخل ہو مصر میں اگر
شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا
چاہا ہے خدا نے امن سے ف۱۔ اور چڑھایا ماں باپ اپنے کو اوپر تخت کے اور گرے
لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓأَبَتِ هٰذَا تَأْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ
واسطے اسکے یعنی یوسف کے سجدہ کرتے ہوئے۔ اور کہا اے باپ میرے یہ ہے تعبیر خواب میرے
قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِيْٓ إِذْ
پہلے کی۔ تحقیق کر دیا اسکو پروردگار میرے نے سچ۔ اور تحقیق احسان کیا تھا میرے جس وقت
أَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ
نکالا مجھکو قید خانے سے اور لے آیا تمکو جنگل سے
مِنْ ۢ بَعْدِ أَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ إِخْوَتِيْ ۚ
پیچھے اس سے کہ جھگڑا ڈالدیا تھا شیطان نے درمیان میرے اور درمیان بھائیوں میرے کے۔
إِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۚ إِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾
تحقیق پروردگار میرا لطف کرنے والا ہے جس چیز کو چاہتا۔ تحقیق وہی ہے جاننے والا حکمت والا ف۲۔
رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ
اے پروردگار میرے تحقیق دی تو نے مجھ کو کچھ بادشاہی اور سکھائی تو نے مجھ کو
تَأْوِيْلِ الْأَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۫
تعبیر باتوں کی یعنی خوابوں کی۔ اے پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے۔
أَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا
تو ہی ہے دوست یعنی کارساز میرا بیچ دنیا کے اور آخرت کے۔ قبض کر مجھ کو مطیع اپنا
وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ أَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ
اور ملا دے مجھ کو ساتھ صالحوں کے ف۳۔ یہ ہے خبروں غیب کی سے

موضح القرآن

ف۱ باہر شہر سے استقبال کو نکلے وہیں یہ کہا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ جو اللہ کے احسان تھے سو ذکر کئے اور جو تکلیف تھی دخل شیطان سے اس کو منہ پر نہ لائے مجمل سنا دیا پہلے وقت میں سجدۂ تعظیم تھے آپس کے فرشتوں نے حضرت آدم کو کیا ہے اس وقت اللہ نے وہ رواج موقوف کیا وَاَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ اُترا آیہ اسوقت پہلے رواج پر چلنا ویسا ہے کہ کوئی بہن سے نکاح کرے کہ حضرت آدمؑ کے وقت ہوا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ علم کامل پایا دولت کامل پائی اب شوق ہوا اپنے باپ دادے کے مراتب کا حضرت یعقوب علیہ السلام کی زندگی تک رہے دنیا کے کام میں پیچھے اپنے اختیار سے چھوڑ دیا۔ ۱۲ منہ رح۔

نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوٓا۟ أَمْرَهُمْ

کہ وحی کرتے ہیں ہم طرف تیری۔ اور نہیں تھا تو نزدیک اُنکے جس وقت کہ مقرر کیا اُنھوں نے کام اپنا

وَهُمْ يَمْكُرُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَآ أَكْثَرُ ٱلنَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ

اور وہ مکر کرتے تھے ف۱۔ اور نہیں بہت لوگ اگرچہ حرص کرے تو

بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ

ایمان لانے والے۔ اور نہیں مانگتا تو اُن سے اُوپر اس کے کچھ بدلا۔ نہیں یہ

إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَٰلَمِينَ ﴿١٠٤﴾ وَكَأَيِّن مِّنْ ءَايَةٍ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ

مگر نصیحت واسطے سارے جہان کے۔ اور کتنی نشانیاں ہیں بیچ آسمانوں کے

وَٱلْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ﴿١٠٥﴾

اور زمین کے کہ گذرتے ہیں اُوپر اُن کے اور وہ اُن سے منہ پھیرنے والے ہیں۔

وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِٱللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ ﴿١٠٦﴾

آمنے سامنے ف۴۔ نہیں لگے گی اُن کو بیچ اُس کے محنت اور نہیں وہ اس سے

بِمُخْرَجِينَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿۴۹﴾

نکالے گئے ہونگے۔ خبر دے بندوں میرے کو تحقیق میں ہی ہوں بخشنے والا مہربان۔

وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ

اور یہ کہ تحقیق عذاب میرا وہ ہے عذاب درد دینے والا ف۵۔ اور خبر دے اُن کو

ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ﴿۵۱﴾ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا

مہمانوں ابراہیم کے سے۔ جس وقت داخل ہوئے اُوپر اسکے پس کہا اُنھوں نے سلام کرتے ہیں ہم

قَالَ إِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُونَ ﴿۵۲﴾ قَالُوا لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ

کہا تحقیق ہم تم سے ڈرتے ہیں ف۶۔ کہا اُنھوں نے مت ڈر تحقیق ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ

بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي عَلَىٰ أَنْ مَسَّنِيَ الْكِبَرُ

کو ساتھ لڑکے علم والے کے۔ کہا کیا بشارت دی تم نے مجھ کو اُوپر اس بات کے کہ لگا ہے مجھ کو بڑھاپا

فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ﴿۵۴﴾ قَالُوا بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِنَ

پس ساتھ کس چیز کے بشارت دیتے ہو مجھ کو ف۔ کہا اُنھوں نے بشارت دیتے ہیں ہم تجھ کو ساتھ حق کے پس مت ہو

موضح القرآن:

ف۱ یعنی بندگی اللہ کی سیدھی راہ ہے اور اُنپر شیطان قابو نہیں رکھتا۔ ۱۲ منہ ج

ف۲ یعنی بہشت کے آٹھ دروازے ہیں نیک عمل والوں پر بانٹے ہوئے جیسے دوزخ کے سات دروازے ہیں بدعمل والوں پر بانٹے ہوئے شاید بہشت کا ایک دروازہ زیادہ ہے وہ کہ بعضے لوگ نرے فضل سے جاویں گے بغیر عمل باقی عمل پر دروازے برابر ہیں۔ ۱۲ منہ ج

ف۳ سلامتی سے یعنی کسی طرح کی بے آرامی نہیں یا سلام علیک سے کہ فرشتے اُن سے کہیں گے۔ ۱۲ منہ ج

ف۴ یعنی دنیا میں جو کچھ آپس میں خفگی تھی جی صاف ہو گئے اس سے معلوم ہوا کہ کبھی دو آدمیوں میں خفگی رہی ہو اور دونوں بہشتی ہیں جیسے حضرت کے اصحاب۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ اگلا قصہ فرمایا کہ ایک فرشتے آئے ایک جا خوشخبری دیتے اور ایک جا پتھر برساتے تاکہ معلوم ہو کہ اسکی دونوں صفتیں پوری ہیں بندے نہ دلیر ہوں نہ آس توڑیں۔ ۱۲

(باقی صفحہ ۳۵۶ پر)

الْقٰنِطِيْنَ ۝۵۵ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ

ناامیدوں سے ۔ کہا اور کون ناامید ہوتا ہے رحمت پروردگار اپنے کی سے

اِلَّا الضَّاۗلُّوْنَ ۝۵۶ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝۵۷

مگر گمراہ ف۱ ۔ کہا پس کیا ہے مہم تمہاری اے بھیجے ہوؤ ۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝۵۸ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ

کہا انھوں نے تحقیق ہم بھیجے ہوئے طرف قوم گنہ گار کی ۔ مگر کنبہ لوط کا ۔

اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۵۹ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا

تحقیق ہم البتہ نجات دینے والے ہیں اُن سب کو ۔ مگر عورت اُسکی مقرر کر رکھا ہے ہمنے یہ کہ وہ

لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝۶۰ فَلَمَّا جَاۗءَ اٰلَ لُوْطِۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۶۱

البتہ پیچھے رہنے والوں سے ہے ف۲ ۔ پس جب آئے کنبے لوط کے پاس بھیجے ہوئے ۔

قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝۶۲ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا

کہا تحقیق تم قوم ہو ناپہچان ۔ کہا انھوں نے بلکہ آئے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ اُس چیز کے

كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝۶۳ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝۶۴

کہ تھے بیچ اسکے شک کرتے ف۳ ۔ اور لائے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ حق کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں ۔

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ

پس لے چل اہل اپنے کو بیچ ایک ٹکڑے کے رات سے اور پیروی کر پچھاڑی اُنکی کی

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝۶۵

اور نہ پھر کر دیکھے تم میں سے کوئی شخص اور چلے جاؤ جہاں حکم کئے جاتے ہو ۔

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۗءِ مَقْطُوْعٌ

اور مقرر کر دیا ہمنے طرف اسکی اس بات کو کہ تحقیق جڑ اُن کی کاٹی جاوے گی

مُّصْبِحِيْنَ ۝۶۶ وَجَاۗءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۶۷

صبح ہوتے ۔ اور آئے اُس شہر والے خوشیاں کرتے ۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝۶۸ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

کہا تحقیق یہ لوگ مہمان میرے ہیں پس مت فضیحت کرو مجھ کو ۔ اور ڈرو اللہ سے

وَلَا تُخْزُوْنِ ۝۶۹ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۷۰

اور مت رسوا کرو مجھ کو ۔ کہا انھوں نے کیا نہیں منع کیا ہمنے تجھ کو سارے جہان سے ۔

(بقیہ صفحہ ۳۵۵)

ف۶ ظاہر کچھ سبب تھا ڈر کا پر انکے ساتھ جو حکم تھا عذاب کا حضرت ابراہیم کے دل پر اسکا اثر پڑا دل کی صفائی سے یہ ہوتا ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۷ معلوم ہوا کہ کامل بھی ظاہر اسباب پر ہوتے ہیں ۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ عذاب سے نڈر ہونا اور فضل سے ناامیدی دونوں کفر کی باتیں ہیں یعنی آگے کی خبر اللہ کو ہے ایک بات پر دعویٰ کرنا یقین کرکے یہی کفر کی بات ہے لیکن دل کے خیال پر پکڑ نہیں جب منھ سے دعویٰ کرے تب گناہ آتا ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۴ ۴ ۴

ف۲ وہ عورت دل سے منافق تھی لیکن حق تعالیٰ بغیر تقصیر ظاہر کے عذاب نہیں کرتا ۔ ایک حکم ایسا بھیجا کہ اس سے نہ ہو سکا وہ یہ کہ منھ پھیر کر ۔ دیکھو پھر اس گناہ پر عذاب میں پکڑا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ یعنی ہم اوپرے آدمی نہیں فرشتے ہیں ۔ قوم پر عذاب لائے ہیں ۔ ۱۲ منہ رح

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيٓ اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ۝ لَعَمۡرُكَ اِنَّهُمۡ

کہا کہ یہ ہیں بیٹیاں میری اگر ہو تم کرنے والے۔ قسم ہے زندگی تیری کی تحقیق وہ

لَفِيۡ سَكۡرَتِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ۝ فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ۝

البتہ بیچ مستی اپنی کے سرگرداں تھے ف۱۔ پس پکڑا اُن کو آواز تند نے سورج نکلتے ہوئے۔

فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً

پس کیا ہم نے اُوپر اُس کا نیچے اُسکے اور برسایا ہم نے اُوپر اُن کے پتھروں کو

مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ۝ اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ۝

کنکر سے۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے چہرہ پہچاننے والوں کے۔

وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ۝ اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝

اور تحقیق وہ بستی البتہ بیچ راہ چلنے کے ہے تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے ایمان والوں کو ف۲

وَاِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَ ۝ فَانۡتَقَمۡنَا

اور تحقیق تھے رہنے والے بن کے البتہ ظالم۔ پس بدلا لیا ہم نے

مِنۡهُمۡ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ۝ وَلَقَدۡ كَذَّبَ اَصۡحٰبُ

اُن سے اور تحقیق وہ دونو البتہ بیچ راستے ظاہر کے ہیں ف۳۔ اور البتہ تحقیق جھٹلایا رہنے والوں

الۡحِجۡرِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ وَاٰتَيۡنٰهُمۡ اٰيٰتِنَا فَكَانُوۡا عَنۡهَا

حجر کے نے پیغمبروں کو ف۴۔ اور دیں ہم نے اُنکو نشانیاں پس ہوئے اُن سے

مُعۡرِضِيۡنَ ۝ وَكَانُوۡا يَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ بُيُوۡتًا اٰمِنِيۡنَ ۝

منہ پھیرنے والے۔ اور تھے تراشتے پہاڑ سے گھر امن چاہنے والے۔

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُصۡبِحِيۡنَ ۝ فَمَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُمۡ

پس پکڑا اُن کو آواز تند نے صبح ہوتے۔ پس نہ کفایت کیا اُن سے

مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ۝ وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ

اس چیز نے کہ تھے کماتے۔ اور نہیں پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصۡفَحِ

اور اُس چیز کو کہ درمیان اُنکے ہے مگر ساتھ حق کے۔ اور تحقیق قیامت البتہ آنیوالی ہے پس درگذر کر

الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الۡخَلّٰقُ الۡعَلِيۡمُ ۝

درگذر کرنا نیک ف۵۔ تحقیق رب تیرا وہ ہے پیدا کرنے والا جاننے والا۔

ف۱ یہ اللہ تعالیٰ حضرت کو فرماتا ہے قسم ہے تیری جان کی وہ قوم لوط اپنی مستی میں اُن کی بات نہیں سنتے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ مکے سے شام کو جاتے ہوئے وہ بستی راہ پر نظر آتی تھی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ بن کے رہنے والے یعنی قوم شعیب مدین میں رہتے تھے اور پاس اس شہر کے درختوں کا بن تھا وہاں بھی رہتے تھے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ حجر نام فرمایا ثمود کو انکے ملک کا نام حجر تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ پہلی اُمتوں کا احوال سُنا کر فرمایا کہ یہ جہان خالی نہیں پڑا سر پر ایک مُدبر ہے ہر چیز کا تدارک کرنے والا پورا تدارک آخر کو قیامت ہے اور کنارہ پکڑنے کو فرمایا جب حکم پہنچا چکے اور کافر ضد پر آئے تب حکم ہوا کہ جھگڑنے کا فائدہ نہیں وعدہ کی راہ دیکھو۔ ۱۲ منہ رح

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾

اور البتہ تحقیق دیں ہمنے تجھ کو سات چیزیں کہ دُہرائی جاتی ہیں اور قرآن بڑا ف۱۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ

مت لمبی کر دو تو آنکھیں اپنی طرف اس چیز کی کہ فائدہ دیا ہے ہمنے ساتھ اسکے کئی قسموں کو اُن میں سے اور

لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

مت غم کھا اُوپر ان کے اور نیچے کر بازو اپنے کو واسطے ایمان والوں کے۔

وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى

اور کہہ تحقیق میں ڈرانے والا ہوں ظاہر ف۲۔ جس طرح اُتارا ہم نے اُوپر

الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾

بانٹنے والوں کے۔ جنھوں نے کیا قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے۔

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

پس قسم ہے رب تیرے کی البتہ سوال کرینگے ہم اُنسے سب سے۔ اس چیز سے کہ تھے عمل کرتے ف۳۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا

پس آشکارا کر اس چیز کو کہ حکم کیا جاتا ہے تو اور مُنہ پھیر لے مشرکوں سے۔ تحقیق

كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

ہمنے کفایت کیا ہے تجھ کو ٹھٹھا کرنیوالوں سے۔ وہ جو مقرر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے

اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ

معبود اور پس۔ پس البتہ جانیں گے۔ اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ تو تنگ ہوجاتا

صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ

ہے سینہ تیرا ساتھ اس چیز کے کہ کہتے ہیں۔ پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف رب اپنے کے اور ہو

السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

سجدہ کرنیوالوں سے۔ اور عبادت کر پروردگار اپنے کو یہاں تک کہ آوے تجھ کو موت ف۴۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَثَمَانٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَسِتَّ عَشَرَ رُكُوْعًا

سُورۂ نحل مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی یہ نعمت بڑی دیکھ اور کافروں کی ضد سے خفا نہ ہو سات آیتیں وظیفہ کہا سورۂ فاتحہ کو اور بڑا قرآن بھی اسی کو کہا ہر سورۃ قرآن ہے یہ سب سے بڑی ہے درجے میں رسول نے فرمایا جسکو اللہ نے قرآن دیا ہو پھر کسی کی اور نعمت دیکھ کر ہوس کرے اُس نے قرآن کی قدر نہ جانی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی تیرا کام دل پھیر دینا نہیں یہ خدا سے ہو سکتا ہے۔ جو کوئی ایمان نہ لاوے تو غم نہ کھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ کافر ستے تھے سورتوں کے نام تو آپس میں ٹھٹھے کو بانٹتے کوئی کہتا میں بقرہ لونگا کوئی کہتا مائدہ مجھ کو عنکبوت دونگا ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی موت کہ یقینی ہے ۱۲ منہ رح۔

ع ۶ | ۴۰

اَتٰۤی اَمۡرُ اللّٰہِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡہُ ؕ سُبۡحٰنَہٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا
آیا حکم اللہ کا پس مت جلدی کرو اُسکو۔ پاک ہے وہ اور بلند ہے اُس چیز سے
یُشۡرِکُوۡنَ ① یُنَزِّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃَ بِالرُّوۡحِ مِنۡ اَمۡرِہٖ
کو شریک کرتے ہیں۔ اُتارا ہے فرشتوں کو ساتھ روح کے حکم اپنے سے
عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖۤ اَنۡ اَنۡذِرُوۡۤا اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ
اوپر جس کے چاہتا ہے بندوں اپنے سے یہ کہ ڈراؤ ساتھ اس بات کے کہ نہیں کوئی معبود
اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوۡنِ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ
مگر میں پس ڈرو مجھ سے۔ پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو ساتھ حق کے۔
تَعٰلٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ③ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَۃٍ
بلند ہوا اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں۔ پیدا کیا انسان کو نطفے سے
فَاِذَا ہُوَ خَصِیۡمٌ مُّبِیۡنٌ ④ وَ الۡاَنۡعَامَ خَلَقَہَا ۚ لَکُمۡ
پس ناگہاں وہ جھگڑنے والا ہے ظاہر۔ اور چارپایوں کو پیدا کیا اُن کو واسطے تمہارے
فِیۡہَا دِفۡءٌ وَّ مَنَافِعُ وَ مِنۡہَا تَاۡکُلُوۡنَ ⑤ وَ لَکُمۡ فِیۡہَا
بیچ اسکے اسباب گرمی کا اور فائدے ہیں اور اسمیں سے کھاتے ہو۔ اور واسطے تمہارے بیچ اُسکے
جَمَالٌ حِیۡنَ تُرِیۡحُوۡنَ وَ حِیۡنَ تَسۡرَحُوۡنَ ⑥ وَ تَحۡمِلُ
جمال ہے جس وقت کہ شام کو چگا لاتے ہو اور جب چگانے کو نکالتے ہو۔ اور اُٹھالے جاتے ہیں
اَثۡقَالَکُمۡ اِلٰی بَلَدٍ لَّمۡ تَکُوۡنُوۡا بٰلِغِیۡہِ اِلَّا بِشِقِّ
بوجھ تمہارے طرف کسی شہر کی کہ نہ تھے تم پہنچنے والے اُس کے مگر ساتھ آدھی
الۡاَنۡفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّکُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ⑦ وَّ الۡخَیۡلَ
جان کے۔ تحقیق پروردگار تمہارا البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔ اور پیدا کیے گھوڑے
وَ الۡبِغَالَ وَ الۡحَمِیۡرَ لِتَرۡکَبُوۡہَا وَ زِیۡنَۃً ؕ وَ یَخۡلُقُ مَا
اور خچر اور گدھے تاکہ چڑھو اُن پر اور واسطے زینت کے۔ اور پیدا کرتا ہے جو کچھ کہ
لَا تَعۡلَمُوۡنَ ⑧ وَ عَلَی اللّٰہِ قَصۡدُ السَّبِیۡلِ وَ مِنۡہَا
نہیں جانتے تم۔ اور اوپر اللہ کے پہنچتی ہو سیدھی راہ اور بعضی اُنمیں سے
جَآئِرٌ ؕ وَ لَوۡ شَآءَ لَہَدٰىکُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ⑨ ہُوَ الَّذِیۡۤ
کج ہے۔ اور اگر چاہتا اللہ البتہ ہدایت کرتا تمکو سب کو ف۔ وہی ہے جس نے

موضح القرآن

ف یعنی اس کی قدرتیں دیکھ کر صاف معلوم ہوتی ہیں اس کی خوبیاں اور جس کی عقل سیدھی نہیں وہ بہکتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۹/۱

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ
اُتارا آسمان سے پانی واسطے تمہارے اس میں سے پینا ہے اور اُس میں سے
شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿۱۰﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ
درخت ہیں کہ بیچ اُسکے چراتے ہو۔ اُگاتا ہے واسطے تمہارے ساتھ اُسکے کھیتی
وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر ایک میووں سے۔
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ
تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اُس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں۔ اور مسخر کیا واسطے تمہارے
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌ
رات اور دن اور سورج اور چاند اور تارے مسخر ہیں
بِاَمْرِهٖ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ
ساتھ حکم اُسکے کے۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اُس قوم کے کہ سمجھتے ہیں ف۱ اور
مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
جو کچھ پھیلا دیا ہے واسطے تمہارے بیچ زمین کے کہ مختلف ہیں رنگ اُسکے۔ تحقیق بیچ اس کے
لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ
البتہ نشانی ہے واسطے اُس قوم کے کہ نصیحت پکڑتے ہیں ف۲۔ اور وہ ہے جس نے مسخر کیا دریا کو
لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً
تاکہ کھاؤ اُس میں سے گوشت تازہ اور نکالو اُس میں سے گہنا
تَلْبَسُوْنَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
کہ پہنتے ہو اُسکو۔ اور دیکھتا ہے تو کشتیوں کو پانی پھاڑنے والی بیچ اُسکے اور تاکہ ڈھونڈو
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ
فضل اُسکے سے اور تاکہ تم شکر کرو ف۳۔ اور ڈالے بیچ زمین کے پہاڑ
اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾
ایسا نہ ہو کہ ہل جائے ساتھ تمہارے اور نہریں اور راہیں تاکہ تم راہ پاؤ ف۴۔
وَعَلٰمٰتٍ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ
اور نشانیاں راہ کی۔ اور ساتھ تاروں کے وہ راہ پاتے ہیں ف۵۔ آیا پس جو شخص کہ پیدا کرتا ہو

مُوضح القرآن

ف۱ چار چیزوں سے بندوں کے کام لگ رہے ہیں صریح لیکن اور ستاروں سے کچھ ظاہر میں انکو کام نہیں اُن کو جُدا فرمایا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ شاید اس سے مُراد جانور ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ تلاش کرو اسکے فضل سے یعنی روزی کماؤ سوداگری سے دریا میں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی ایک ملک سے دوسرے ملک میں جاسکو۔ ۱۲ منہ

ف۵ یعنی ستاروں میں پتے رکھے بھول نہ جاویں۔ ۱۲ منہ رح

كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٧﴾ وَإِنْ تَعُدُّوا

مانند اُس کے ہے کہ نہیں پیدا کرتا۔ کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے تم۔ اور اگر گنو تم

نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨﴾

نعمتیں اللہ کی نہ پورا گن سکو اُن کو۔ تحقیق اللہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿١٩﴾ وَالَّذِينَ

اور اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے ہو تم ف۱۔ اور اُن لوگوں کو

يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ

کہ پکارتے ہیں سوائے اللہ کے نہیں پیدا کرتے کچھ اور وہ

يُخْلَقُونَ ﴿٢٠﴾ أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ ۖ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ

پیدا کیے جاتے ہیں۔ مُردے ہیں نہیں زندے۔ اور نہیں جانتے کب

يُبْعَثُونَ ﴿٢١﴾ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۚ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

اُٹھائے جاویں گے ف۲۔ معبود تمہارا معبود اکیلا ہے۔ پس جو لوگ کہ نہیں ایمان لاتے

بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُمْ مُنْكِرَةٌ وَهُمْ مُسْتَكْبِرُونَ ﴿٢٢﴾ لَا

ساتھ آخرت کے دل اُنکے انکار کرتے ہیں اور وہ تکبر کرنے والے ہیں۔ نہیں

جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ

شک یہ کہ اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہیں اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں تحقیق وہ

لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ ﴿٢٣﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ مَاذَا أَنْزَلَ

نہیں دوست رکھتا تکبر کرنے والوں کو۔ اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُنکے کیا اُتارا ہے

رَبُّكُمْ ۙ قَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٢٤﴾ لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ

پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں کہانیاں ہیں پہلوں کی۔ تاکہ اُٹھاویں بوجھ اپنے

كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۙ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ

پورے دن قیامت کے اور بعضے گناہوں اُن لوگوں کے سے کہ گمراہ کرتے ہیں اُن کو

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ

بغیر علم کے۔ خبردار ہو بُرا ہے جو کچھ بوجھ اُٹھاتے ہیں۔ تحقیق مکر کیا تھا اُن لوگوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ بُنْيَانَهُمْ مِنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ

جو پہلے اُن سے تھے پس آیا عذاب اللہ کا عمارت اُنکی کے پاس نیووں سے پس گر پڑی اُوپر اُنکے

موضح القرآن

ف۱ شاید اس جگہ یہ بات اس پر فرمائی کہ جیسے شخص بات میں لاجواب ہوتے ہیں [illegible] بات نہیں [illegible]

ف۲ شاید یہ انکو فرمایا جو [illegible]

السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
چھت اوپر اُن کے سے اور آیا اُن کے پاس عذاب اس جگہ سے کہ
لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ
نہیں جانتے تھے ف۱۔ پھر دن قیامت کے رُسوا کریگا اُن کو اور کہے گا کہاں ہیں
شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ
شریک میرے وہ جو تھے تم جھگڑتے بیچ اُنکے۔ کہیں گے وہ لوگ کہ
اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾
دئیے گئے تھے علم تحقیق رُسوائی آج کے دن اور بُرائی اُوپر کافروں کے ہے۔
الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا
جو قبض کرتے تھے اُن کو فرشتے اس حالت میں کہ ظلم کرنیوالے تھے جانوں اپنی کو پس ڈالی انھوں نے
السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ
صلح نہ تھے ہم کرتے کچھ بُرائی۔ کیوں نہیں تحقیق اللہ جاننے والا ہے
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
ساتھ اُس چیز کے کہ تھے تم کرتے۔ پس داخل ہو دروازوں دوزخ کے میں ہمیشہ رہنے والے
فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ
بیچ اسکے۔ پس البتہ بُری ہی جگہ تکبر کرنے والوں کی۔ اور کہا گیا ہی واسطے اُن لوگوں کے
اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
جو پرہیزگاری کرتے ہیں کیا اُتارا تمھارا پروردگار تمھارے نے کہا انھوں نے بھلائی واسطے اُن لوگوں کے کہ احسان
فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ
کرتے ہیں بیچ اس دُنیا کے بھلائی ہے۔ اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے۔ اور البتہ بہتر ہے
دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ
گھر پرہیزگاروں کا۔ بہشتیں ہمیشہ رہنے کی داخل ہوں گے اُن میں چلتی ہیں
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي
نیچے اُنکے نہریں واسطے اُنکے ہے بیچ اُن کے جو چاہیں۔ اسی طرح جزا دیتا ہے
اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ
اللہ پرہیزگاروں کو۔ جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں اُنکو فرشتے اس حالت میں کہ پاکیزہ ہیں

موضح القرآن

ف۱ چنائی پر پہنچا دے اور چھت گر پڑی یعنی انکے فریب و دغا اکھاڑ مارے۔ ۱۲ منہ رح۔

يَقُولُونَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۳۲﴾

کہتے ہیں فرشتے سلامتی ہو اوپر تمہارے داخل ہو بہشت میں بسبب اس کے کہ تھے تم عمل کرتے۔

هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ

نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ آویں اُن کے پاس فرشتے یا آوے حکم

رَبِّكَ ۚ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ

پروردگار تیرے کا۔ اسی طرح کیا تھا اُن لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے۔ اور نہیں ظلم کیا اُنکو اللہ نے

وَلٰكِنْ كَانُوٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿۳۳﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ

ولیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے۔ پس پہنچیں اُن کو بُرائیاں

مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿۳۴﴾ وَقَالَ

اُس چیز کی کہ کیا تھا اُنھوں نے اور گھیر لیا اُنکو اُس چیز نے کہ تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے۔ اور کہا

الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ

اُن لوگوں نے جو شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم سوائے اس کے

شَيْءٍ نَحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ

کسی چیز کو ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کر ڈالتے ہم سوائے اسکے یعنی بن کہے اسکے کسی چیز کو

كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ

اسی طرح کیا اُن لوگوں نے جو پہلے اُنسے تھے۔ پس کیا ہے اوپر پیغمبروں کے

إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا

مگر پہنچا دینا ظاہر وا۔ اور البتہ تحقیق بھیجے ہیں ہم نے بیچ ہر ایک اُمت کے پیغمبر

أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَنْ

یہ کہ عبادت کرو اللہ کو اور ایک طرف رہو بُتوں سے پس بعضے اُنمیں کے وہ تھے

هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيرُوا

کہ ہدایت کی اُنکو اللہ نے اور بعضے اُنمیں سے وہ ہیں کہ ثابت ہوئی اوپر اُنکے گمراہی۔ پس سیر کرو

فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿۳۶﴾

بیچ زمین کے پس دیکھو کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا ف۲۔

إِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي مَنْ

اگر حرص کرے تو اوپر ہدایت اُنکی کے پس تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا اُس شخص کو

مُوضح القرآن

ف۱ یہ ناداں کے کلام ہیں کہ اللہ کو یہ کام بُرا لگتا تو کیوں کرنے دیتا آخر ہر فرقے کے نزدیک بعضے کام بُرے ہیں پھر وہ کیوں ہوتے ہیں یہاں جواب مجمل فرمایا کہ ہمیشہ رسول منع کرتے آئے ہیں اس سے جس کی قسمت تھی ہدایت پائی جو خراب ہونا تھا خراب ہوا اللہ کو یہی منظور ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ طاغوت وہ جو ناحق سرداری کا دعوےٰ کرے کچھ سند نہ رکھے ایسے کو طاغوت کہتے ہیں بُت اور شیطان اور زبردست ظالم سب یہی ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۴ / ۹ / ۱۰

ع ۱۶ / نصف

يُضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ
کو گمراہ کرتا ہو اور نہیں واسطے اُنکے کوئی مددگار - اور قسم کھائی اُنھوں نے ساتھ اللہ کے

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ بَلٰى وَعْدًا
سخت قسم اپنی کہ نہ اُٹھاوے گا اللہ اُنکو جو مرجاتے ہیں کیوں نہیں وعدہ کیا ہے

عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ لِيُبَيِّنَ
اُوپر اپنے ثابت ولیکن اکثر لوگ نہیں جانتے - تاکہ بیان کرے

لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
واسطے اُنکے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اُسکے اور تاکہ جانیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے

اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ
یہ کہ وہ تھے جھوٹے ف۱ سوائے اسکے نہیں کہنا ہمارا واسطے کسی چیز کے جب ارادہ کرتے

اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٠﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي
ہیں ہم اسکو یہ کہ کہتے ہیں ہم اسکو ہو پس ہو جاتی ہے ف۲ - اور جن لوگوں نے کہ وطن چھوڑا بیچ

اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً
راہ اللہ کے پیچھے اسکے کہ ظلم کئے گئے البتہ جگہ دیتے ہیں ہم اُنکو بیچ دنیا کے اچھی یعنی مہاجرین کو -

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا
اور البتہ ثواب آخرت کا بہت بڑا ہے کاش کہ ہوتے جانتے - جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا
اور اُوپر رب اپنے کے توکل کرتے ہیں - اور نہیں بھیجے ہمنے پہلے تجھ سے مگر

رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ
مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کی پس سوال کرو یاد والوں کو اگر ہو تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ
نہیں جانتے ف۳ - یعنی بھیجا ہمنے اُنکو ساتھ دلیلوں کے اور کتابوں کے اور اُتارا ہمنے طرف تیری ذکر کو

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٤﴾
تاکہ بیان کرے تو واسطے لوگوں کے وہ چیز کہ اُتاری گئی ہے طرف اُنکی اور تاکہ وہ فکر کریں -

اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ
کیا پس نڈر ہو گئے وہ لوگ جو مکر کرتے ہیں بُرائیاں یہ کہ دھنسا دیوے اللہ ساتھ اُن کے

موضح القرآن

ف۱ یعنی اس جہان میں بہت باتوں کا شبہ رہا اور کسی نے اللہ کو نہ مانا کوئی منکر رہا تو دُوسرا جہان ہونا لازمی ہے کہ جھگڑے تحقیق ہوں سچ اور جھوٹ جدا ہو اور مطیع اور منکر اپنا کیا پاویں - ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی مُردوں کو جِلانا ہمارے پاس مشکل نہیں - ۱۲ منہ رح

ف۳ یاد رکھنے والے یعنی اہل کتاب کہ اگلے احوال جانتے تھے - ۱۲ منہ رح۔

ع ۵ / ۶

النصف

الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٤٥﴾
زمین کو۔ یا آوے انکے پاس عذاب اُس جگہ سے کہ نہیں جانتے۔

أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿٤٦﴾ أَوْ
یا پکڑے اُن کو بیچ چلنے پھرنے انکے کے پس نہیں وہ عاجز کرنے والے۔ یا

يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٤٧﴾
پکڑے اُن کو اُوپر ڈرانے کے۔ پس تحقیق پروردگار تمہارا البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ
کیا نہیں دیکھا اُنھوں نے طرف اُس کی کہ پیدا کیا اللہ نے ہر چیز سے پھرتے ہیں

ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلَّهِ وَهُمْ
سائے اُس کے داہنی طرف اور بائیں طرف سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور وہ

دَاخِرُونَ ﴿٤٨﴾ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي
ذلیل ہیں اُسکے آگے ف۱۔ اور واسطے اللہ کے سجدہ کرتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ وَالْمَلَائِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٤٩﴾
زمین کے ہیں چلنے والوں سے اور فرشتے اور وہ نہیں تکبر کرتے ف۲۔

يَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ﴿٥٠﴾
ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے اُوپر اپنے سے اور کرتے ہیں جو کچھ حکم کئے جاتے ہیں ف۳۔

وَقَالَ اللَّهُ لَا تَتَّخِذُوا إِلَٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ إِنَّمَا هُوَ
اور کہا اللہ نے مت پکڑو دو معبود سوائے اسکے نہیں کہ وہ

إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿٥١﴾ وَلَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ
معبود اکیلا ہے۔ پس مجھ ہی سے ڈرو۔ اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَالْأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِبًا ۚ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَتَّقُونَ ﴿٥٢﴾
اور زمین کے ہے اور واسطے اُسی کے ہے عبادت لازم۔ کیا پس غیر خدا کے سے ڈرتے ہو۔

وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ
اور جو کچھ تمہارے پاس ہے نعمت سے پس اللہ کی طرف سے ہے پھر جب لگتی ہے تمکو سختی

فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ ﴿٥٣﴾ ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ إِذَا
پس طرف اُسی کی فریاد کرتے ہو۔ پھر جب کھول دیتا ہے سختی کو تم سے ناگہاں

موضح القرآن

ف۱ ہر چیز ٹھیک دوپہر میں کھڑی ہے اس کا سایہ بھی کھڑا ہے جب دن ڈھلا سایہ جھکا پھر جھکتے جھکتے شام تک زمین پر پڑ گیا جیسے نماز میں کھڑے سے رکوع رکوع سے سجدہ اسی طرح ہر چیز آپ کھڑی ہے اپنے سایہ سے نماز کرتی ہے کبھی ملک میں کبھی موسم میں داہنے طرف جھکتا ہے کہیں بائیں طرف۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ پہلے کتنی چیزوں کا سجدہ بیان ہوا۔ یہ جانوروں کا اور فرشتوں کا مذکور لوگوں کو تکبر رکھنا زمین پر شکل پڑتا ہو نہیں جانتے کہ بندے کی بڑائی اسی میں ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ ہر بندے کے دل میں ہے کہ میرے اُوپر اللہ ہے آپ کو نیچے سمجھتا ہے یہ سجدہ فرشتوں کا تھی ہے اور سب کا۔ ۱۲ منہ رح

سجدہ

ع ۱۰ / ۶ / ۱۲

فَرِيقٌ مِّنكُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿٥٤﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ

ایک فرقہ تم میں کا ساتھ پروردگار اپنے کے شریک لاتا ہے۔ تا کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ دیا ہم نے انکو

فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ

پس اٹھا لو فائدہ۔ پس البتہ جانو گے۔ اور مقرر کرتے ہیں واسطے اس چیز کے کہ نہیں جانتے

نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ ۗ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ ﴿٥٦﴾

ایک حصہ اس چیز سے کہ روزی دی ہم نے انکو۔ قسم ہے اللہ کی البتہ سوال کئے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تم باندھ لیتے تھے۔

وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهُ ۙ وَلَهُم مَّا يَشْتَهُونَ ﴿٥٧﴾

اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے بیٹیاں پاکی ہے اسکو اور واسطے انکے ہے جو کچھ کہ چاہتے ہیں ف۔

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِالْأُنثَىٰ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ

اور جب خبر دیا جاتا ہے ایک ان کا ساتھ بیٹی کے ہو جاتا ہے منہ اس کا سیاہ اور وہ

كَظِيمٌ ﴿٥٨﴾ يَتَوَارَىٰ مِنَ الْقَوْمِ مِن سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ ۚ

غم سے بھرا ہوتا ہے۔ چھپتا پھرتا ہے قوم سے یعنی لوگوں سے برائی اس چیز کی سے کہ بشارت دیا گیا ہے ساتھ اسکے۔

أَيُمْسِكُهُ عَلَىٰ هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ ۗ أَلَا

آیا نگاہ رکھے اس کو اوپر ذلت کے یا گاڑ دے اسکو بیچ مٹی کے۔ خبردار ہو

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿٥٩﴾ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ

برا ہے جو کچھ کہ حکم کرتے ہیں۔ واسطے ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے

مَثَلُ السَّوْءِ ۖ وَلِلَّهِ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٠﴾

صفت بری ہے۔ اور واسطے اللہ کے ہے صفت بلند۔ اور وہ ہے غالب حکمت والا۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِم مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِن

اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ساتھ ظلم انکے کے نہ چھوڑے اوپر اس زمین کے کوئی

دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ

چلنے والا ولیکن ڈھیل دیتا ہے ان کو ایک وقت مقرر تک۔ پس جب آوے گا

أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٦١﴾

وقت ان کا نہ پیچھے رہیں گے ایک ساعت اور نہ پہلے چلیں گے ف۔

وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ

اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے جو کچھ کہ ناخوش رکھتے ہیں اور بیان کرتی ہیں زبانیں ان کی

موضح القرآن

ف یہ ان کو فرمایا جو اپنے کھیت میں مواشی میں تجارت میں اللہ کے سوا کسی کی نیاز ٹھیراتے ہیں سب مال اللہ کا ہے اور کسی کا حق نہیں مگر اللہ کی راہ میں دے اپنے ثواب کو پھر اپنے بدلے تو بے کسی کو دلوائے۔ ۱۲ منہ رح

نصف

ف یعنی اپنے واسطے چاہتے ہیں بیٹا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۰

ف یعنی لوگوں کو سزا دے تو مینہ بند کرے جس سے جانور بھی مریں۔ ۱۲ منہ رح

الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ
جھوٹ یہ کہ واسطے اُنکے ہے اچھی چیز۔ نہیں شک یہ کہ واسطے اُنکے ہے آگ
وَ اَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ
اور یہ کہ وہ آگے چلائے گئے ہیں ف۱۔ قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق بھیجے ہم نے پیغمبر طرف امتوں کی
مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ
پہلے تجھ سے پس زینت دی واسطے اُنکے شیطان نے عملوں اُنکے کو پس وہی ہے دوست اُن کا
وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ وَ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا
آج کے دن اور واسطے اُنکے عذاب ہے درد دینے والا۔ اور نہیں اُتاری ہم نے اُوپر تیرے کتاب کو مگر
لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ
تاکہ بیان کرے تو واسطے اُنکے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اسکے اور ہدایت اور رحمت واسطے اُس
يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَ اللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ
قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں۔ اور اللہ نے اُتارا ہے آسمان سے پانی پس زندہ کیا ساتھ اس کے
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾
زمین کو پیچھے موت اسکی کے۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ سُنتے ہیں ف۲
وَ اِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ
اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چارپایوں کے البتہ عبرت ہے۔ پلاتے ہیں ہم تمکو اس چیز سے کہ بیچ پیٹوں اُنکے کے
مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّ دَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾
ہے درمیان سے گوبر اور لہو کے دودھ خالص آسانی سے حلق میں گزرنے والا واسطے پینے والوں کے
وَ مِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَ الْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ
اور میوے کھجوروں کے اور انگوروں کے سے لیتے ہو تم اُس سے
سَكَرًا وَّ رِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾
مست کرنے والی چیز بھی اور رزق اچھا۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں
وَ اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ
اور وحی بھیجی پروردگار تیرے نے طرف مکھی شہد کے یہ کہ پکڑ لے پہاڑوں سے
بُيُوْتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِىْ مِنْ
گھر اور درختوں سے اور اس چیز سے کہ بلند کرتے ہیں ف۳۔ پھر کھا سب

موضح القرآن

ف۱ یہ اُنکو فرمایا جو ناکارہ چیزیں اللہ کے نام دیں اور اس پر یقین کریں کہ ہمکو بہشت ملے اور وہ روز بروز دوزخ میں بڑھتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اسی طرح قرآن سے جاہلوں کو عالم کریگا اگر دل سے سُنیں گے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی انگور کی بیل چڑھانے کو۔ ۱۲ منہ رح

كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِىْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ
میووں سے پس چل راہوں پروردگار اپنے کی میں سخر کی ہوئی۔ نکلتی ہیں
مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ
پیٹوں اُن کے سے پینے کی چیزیں کہ مختلف ہیں رنگ اُس کے بیچ اس کے شفا ہے
لِّلنَّاسِ ۗ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾
واسطے لوگوں کے۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اُن قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۱ اور
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى
اللہ نے پیدا کیا تمکو پھر قبض کرے گا تمکو اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ پھیرا جاتا ہے
اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَىْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
طرف ناکارہ عمر کی تا کہ نہ جانے پیچھے نہ جاننے کے کچھ۔ تحقیق اللہ
عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى
جاننے والا ہے قدرت والا ف۲۔ اور اللہ نے بزرگی دی بعضے تمہارے کو اوپر بعض کے بیچ
الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا
رزق کے۔ پس نہیں وہ لوگ کہ بزرگی دیئے گئے ہیں پھیر دینے والے رزق اپنے کو اوپر اسکے جو
مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٧١﴾
مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ انکے پس وہ بیچ اسکے برابر ہوں کیا پس ساتھ نعمت اللہ کے انکار کرتے ہیں۔
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ
اور اللہ نے پیدا کیں واسطے تمہارے جنس تمہاری سے جوروئیں اور پیدا کئے واسطے تمہارے
مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ
بی بیوں تمہاری سے بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تمکو
الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ
پاکیزہ چیزوں سے۔ کیا پس ساتھ باطل کے ایمان لاتے ہیں اور ساتھ نعمت اللہ کے وہ
يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ
کفر کرتے ہیں ف۳۔ اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہیں اختیار رکھتے
لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٧٣﴾
واسطے انکے رزق کا آسمانوں سے اور زمین سے کچھ اور نہیں طاقت رکھتے ف۴۔

ف۱ یعنی پہنچ بتائے ہوئے میں سے بھلا نکلنے کے جانور۔ کے پیٹ میں سے دودھ اور نشا کے انگور کھجور سے اور ذی پاک مکھی کے پیٹ سے شہد یعنی ہر قرآن سے جاہلوں کی اور دو عالم نکلے گی۔ حضرت صلعم کے وقت یہی ہوا کافروں کی اولاد کامل ہوگئی ۱۲ منہ رح۔

ع ۹ ۵ ۱۵

ف۲ رسول نے فرمایا کہ جب کسی کا غلام اسکا کھانا پکا لاوے گرمی اور دھواں آپ اٹھائے اور تحفہ مال اسکو پہنچائے تو لازم ہے کہ اسکو ساتھ بٹھا کر کھلاوے نہیں تو ایک دو نوالے ہاتھ میں رکھ دے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی بتوں کا احسان مانتے ہیں کہ بیماری سے چنگا کیا یا بیٹا دیا یا روزی دی اور یہ سب جھوٹ۔ وہ جو سچ دینے والا ہے اسکے شکر گذار نہیں ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی نہ آسمان سے مینہ برساویں نہ زمین سے اناج نکالیں۔ ۱۲ منہ رح۔

فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

پس مت بیان کرو واسطے اللہ کے مثالیں۔ تحقیق اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ف۱۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ

بیان کی اللہ نے مثال کی طرح ایک غلام پرائے بس میں نہیں قدرت پاتا اوپر کسی چیز کے

وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا

اور وہ شخص کہ دیا ہم نے اس کو اپنی طرف سے رزق اچھا پس وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے چھپے

وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور ظاہر۔ کیا برابر ہوتے ہیں۔ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے۔ بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے ف۲۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ

اور بیان کی اللہ نے مثال دو مردوں کی ایک اُن دونوں کا گونگا ہے نہیں قدرت رکھتا

عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ

اوپر کسی چیز کے اور وہ بوجھ ہے اوپر مالک اپنے کے جدھر بھیجے اس کو نہیں لاتا

بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ

بھلائی۔ کیا برابر ہوتا ہے وہ اور جو شخص کہ حکم کرتا ہے ساتھ انصاف کے اور وہ

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اوپر راہ سیدھی کے ہے ف۳۔ اور واسطے اللہ کے ہے علم غیب آسمانوں کا اور زمین کا

وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ

اور نہیں حال قیامت کا مگر مانند جھپکنے پلک کے یا وہ زیادہ نزدیک ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ

تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔ اور اللہ نے نکالا تم کو

مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ

پیٹوں ماؤں تمہاری کے سے نہیں جانتے تھے تم کچھ اور کیا واسطے تمہارے

السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ

کان اور آنکھیں اور دل تاکہ تم شکر کرو۔ کیا نہیں

يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ

دیکھا انھوں نے طرف پرند جانوروں کی کہ مسخر کیے گئے ہیں بیچ ہوا آسمان کے نہیں تھام رکھتا ان کو

موضح القرآن

ف۱ مشرک کہتے ہیں کہ مالک اللہ ہی ہے پر یہ لوگ اس کی سرکار میں مختار ہیں اس واسطے ان کو پوجیے سو یہ غلط مثال ہے اللہ ہر چیز آپ کرتا ہے کسی پر سپرد نہیں کر رکھا اور اگر صحیح مثال چاہو تو آگے دو مثالیں فرمائیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ مالک ہر چیز کا جس کو جو چاہے سو دے اور بُت مالک نہیں کسی چیز کا بلکہ آپ پرایا مال ہے۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی خدا کے دو بندے ایک بُت نکمت نہ بل سکے نہ چل سکے جیسے گونگا غلام دوسرا رسول جو اللہ کی راہ بتاوے ہزاروں کو اور آپ بندگی پر قائم ہے اسکے تابع بہتر یا اس کے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۰ ۱۶

إِلَّا اللَّهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٧٩﴾

مگر اللہ۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۱

وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَجَعَلَ لَكُمْ

اور اللہ نے کی واسطے تمہارے گھروں تمہارے سے ایک جگہ رہنے کی اور کیا واسطے تمہارے

مِنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ

چمڑوں جانوروں کے سے گھر کہ ہلکا جانتے ہو تم اُنکو دن سفر اپنے کے

وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا

اور دن مقام اپنے کے اور بالوں بھیڑوں کے اور بالوں اونٹوں کے اور بالوں بکریوں کے

أَثَاثًا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٨٠﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ مِمَّا

اسباب اور فائدہ ہے ایک مدت تک۔ اور اللہ نے کئے واسطے تمہارے اس چیز سے

خَلَقَ ظِلَالًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْجِبَالِ أَكْنَانًا وَجَعَلَ

کہ پیدا کیا ہے سائے اور کئے واسطے تمہارے پہاڑوں سے ساتھ اور کئے

لَكُمْ سَرَابِيلَ تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُمْ بَأْسَكُمْ ۚ

واسطے تمہارے کرتے بڑے بڑے کہ بچاتے ہیں تمکو گرمی سے اور کرتے کہ بچاتے ہیں تمکو لڑائی تمہاری

كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ﴿٨١﴾ فَإِنْ

کہ اسی طرح پورا کرتا ہے نعمت اپنی کو اوپر تمہارے تاکہ تم مطیع ہو ف۲۔ پس اگر

تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٨٢﴾ يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ

پھر جاویں پس سوائے اسکے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ظاہر ہے۔ پہچانتے ہیں نعمت

اللَّهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ ﴿٨٣﴾ وَيَوْمَ

اللہ کی پھر انکار کرتے ہیں اُسکا اور اکثر اُن کے کافر ہیں۔ اور جس دن کہ

نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ

کھڑا کریں گے ہم ہر اُمت سے گواہ پھر نہ اذن دیا جاویگا واسطے اُن لوگوں کے

كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٨٤﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا

کہ کافر ہوئے اور نہ وہ عذر قبول کئے جاویں گے ف۳۔ اور جب دیکھیں گے وہ لوگ کہ ظالم ہیں

الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٨٥﴾ وَ

عذاب کو پس نہ ہلکا کیا جاویگا اُن سے اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے۔ اور

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایمان لانے میں بعضے اٹکتے ہیں معاش کی فکر سو فرمایا کہ ماں کے پیٹ سے کوئی کچھ نہیں لاتا اسباب کمائی کے آنکھ کان دل اللہ ہی دیتا ہے اور اڑتے جانور دھر ہی کس کے تھامے رہتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ جن کرتوں میں گرمی کا بچاؤ ہے سردی کا بھی بچاؤ ہے پر اس ملک میں گرمی بہت ہے اسی کا ذکر فرمایا اور لڑائی کا بچاؤ زرہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ حکم نہ ہے کا بولنے کا۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۱۱ | ۱۷

اِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

جب دیکھیں گے وہ لوگ جو شریک لاتے ہیں شریکوں اپنوں کو کہیں گے اے پروردگار ہمارے یہ ہیں

شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ

شریک ہمارے وہ جو تھے ہم پکارتے سوائے تیرے پس ڈالینگے طرف انکی

الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝٨٦ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ۨالسَّلَمَ

بات تحقیق تم جھوٹے ہو ف۔ اور ڈالیں گے طرف اللہ کی اُس دن صلح

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝٨٧ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اور کھوئی جاویگی اُن سے وہ چیز کہ تھے باندھ لیتے۔ وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور

صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ

بند کیا انھوں نے راہ خدا کی سے زیادہ دیں گے ہم انکو عذاب اُوپر عذاب کے

بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ۝٨٨ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ

سبب اسکے کہ تھے فساد کرتے۔ اور جس دن کہ کھڑا کریں گے ہم بیچ ہر اُمت کے

شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى

گواہ اُن کے جانوں اُن کی سے اور لاویں گے ہم تجھ کو گواہ اوپر

هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّ

اُن لوگوں کے۔ اور اُتاری ہمنے اُوپر تیرے کتاب بیان کرنے والی ہر چیز کی اور

هُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝٨٩ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ

ہدایت اور رحمت اور خوشخبری واسطے مسلمانوں کے۔ تحقیق اللہ حکم کرتا ہے

بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى

ساتھ عدل کے اور احسان کے اور دینے قرابت والوں کے اور منع کرتا ہے

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝٩٠

بے حیائی سے اور نامعقول سے اور سرکشی سے۔ نصیحت کرتا ہے تمکو تاکہ تم نصیحت پکڑو ف۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندھو تم اور مت توڑو قسموں کو

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ

پیچھے مضبوطی اُنکی کے اور تحقیق کیا ہے تمکو اللہ نے اُوپر اپنے ضامن۔ تحقیق

موضح القرآن

ف۱ جو لوگ پوجتے ہیں بزرگوں کو وہ بزرگ بیگناہ ہیں ایک شیطان اپنا وہی نام رکھکر آپکو پجواتا ہو اسی سے ان کو کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ غیر کے مقدمہ میں انصاف چاہئے ۱۲ یعنی برابر رکھنا اور اپنی طرف سے بھلائی ۱۸ ۱۲ منہ رح۔

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ

اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم۔ اور مت ہو مانند اس عورت کے کہ توڑ ڈالا

غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ

کاتا اپنا کو پیچھے قوت کے ریزہ ریزہ۔ پکڑتے ہو تم قسموں اپنی کو

دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ

دخل دینے والی درمیان اپنے اسواسطے کہ ہووے ایک امت بڑھتی ہوئی دوسری جماعت سے۔

إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهِ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا

سوائے اسکے نہیں کہ آزمایش کرتا ہے تمکو اللہ ساتھ اسکے۔ اور البتہ بیان کریگا واسطے تمہارے دن قیامت کے

كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ

جو کچھ تھے تم بیچ اسکے اختلاف کرتے ف۱۔ اور اگر چاہتا اللہ البتہ کر دیتا تمکو

أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِنْ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي

امت ایک ولیکن گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے

مَنْ يَشَاءُ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَا

جسکو چاہتا ہے۔ اور البتہ پوچھے جاؤگے تم اس چیز سے کہ تھے تم عمل کرتے ف۲۔ اور مت

تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ

پکڑو قسموں اپنی کو دخل دینے والیں درمیان اپنے پس ڈگ جاویگا قدم تمہارا پیچھے

ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ بِمَا صَدَدْتُمْ عَنْ سَبِيلِ

ثابت ہونے اسکے کے اور چکھوگے تم برائی بسبب اس کے کہ بند کیا تم نے راہ

اللّٰهِ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللّٰهِ

اللہ کی سے اور ہوگا واسطے تمہارے عذاب بڑا ف۳۔ اور مت مول لو بدلے عہد اللہ کے

ثَمَنًا قَلِيلًا إِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩٥﴾

مول تھوڑا سا۔ تحقیق وہ چیز نزدیک اللہ کے ہے وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۴۔

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ

جو کچھ نزدیک تمہارے ہے تمام ہو جاتا ہے اور جو کچھ نزدیک اللہ کے ہے باقی رہنے والا ہے۔ اور البتہ جزا دینگے ہم

صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ مَنْ عَمِلَ

ان لوگوں کو کہ صبر کرتے ہیں ثواب انکا ساتھ بہتر اس چیز کے کہ تھے کرتے۔ جو کوئی کرے کام

موضح القرآن

ف۱ کوئی قول دیکر دغا کرتا ہے اسی واسطے کہ زبردست کو بگاڑے اور کمزور کو چڑھاوے یا اللہ نے آزمانے کو رکھا ہو کسی کے بڑے سے بڑا نہیں جاتا۔ دبار سو اقبال دیں لوٹے توڑے اور بد قولی کا خیال بھی آتا ہے جب ادبار آتا ہوتا ہے دوسرا گرا یا نہ گرا اول آپ گرتا ہے اپنے بنے کام کو خراب کرتا جیسے ایک عورت دیوانی تھی مالدار۔ سارے برس سوت کتوائی کہ ڈاول ڈونگی اقربا کو جب جاڑا شروع ہوتا سوت کتر کر بوٹی بوٹی سب بانٹتی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ اس سے معلوم ہوا کہ کافر کو بد قولی سے نہ اٹھے گمراہی تو ہے چھٹتا نہیں اور اپنے اوپر وبال آتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی مسلمانی کو بدنام نہ کرو یقین لانے والے شک میں پڑیں پھر یہ گناہ چڑھے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ پہلے مذکور تھا آپس کے قول توڑنے کا اب ہے اللہ سے قول توڑنے کا یعنی مال کی طمع سے حکم شرع کے خلاف کرو وہ مال دیگا جو کوئی نہ رہے تو مجھے ہی بہتر ہے تمہارا حق۔ ۱۲ منہ رح۔

صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ

اچھا مردوں سے ہو یا عورتوں سے اور وہ ہو ایمان والا پس البتہ زندہ کرینگے

حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

ہم اسکو زندگی پاکیزہ۔ اور البتہ بدلا دینگے ہم انکو ثواب ان کا بہتر اس چیز کے کہ تھے

يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ

عمل کرتے ف۱۔ پس جب پڑھے تو قرآن پس پناہ مانگ ساتھ اللہ کے

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ

شیطان راندے ہوئے سے۔ تحقیق شیطان نہیں واسطے اسکے غلبہ اوپر ان لوگوں کے

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى

کہ ایمان لائے اور اوپر پروردگار اپنے کے وہ توکل کرتے ہیں۔ سوائے اسکے نہیں کہ غلبہ اسکا اوپر

الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَاِذَا بَدَّلْنَا

ان لوگوں کے ہے کہ دوستی کرتے ہیں اسکی اور وہ لوگ وہ ساتھ خدا کے شریک کرتے ہیں ف۲ اور جب بدل

اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ

ڈالتے ہیں ہم ایک آیت کو جگہ ایک آیت کی اور اللہ خوب جانتا ہے جو چیز کہ اتارتا ہے کہتے ہیں سوائے اسکے نہیں

اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ

کہ تو باندھ لینے والا ہے۔ بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے ف۳۔ کہہ کہ اتارا ہے اسکو

رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ

جان پاک نے پروردگار تیرے کی طرف سے ساتھ حق کے تاکہ ثابت رکھے ان لوگوں کو

اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٠٢﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ

کہ ایمان لائے اور ہدایت اور خوشخبری واسطے مسلمانوں کے ف۴۔ اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم

اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ

یہ کہ وہ کہتے ہیں سوائے اسکے نہیں کہ سکھاتا ہے اسکو آدمی۔ زبان اس شخص کی کہ کجراہی کرتے ہیں

اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٠٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

طرف اسکی عجمی ہے اور یہ زبان عربی ہے ظاہر ف۵۔ تحقیق وہ لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ

نہیں ایمان لاتے ساتھ نشانیوں اللہ کی کے نہ ہدایت کریگا انکو اللہ اور واسطے انکے عذاب ہے

ف۱ اچھی زندگی قیامت کو جلا دینگے یا دنیا میں اللہ کی محبت میں اور لذت میں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ دنیا میں کسی آدمی کو کوئی شیطان یعنی جن ستانے لگے تو اسکے رجوع نہ ہو وہ اور سر چڑھتا ہے۔ بلکہ اللہ کی پناہ میں دوڑے اس کا کلام ہے اور اسی کے نام ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ اس کلام میں اللہ تعالیٰ نے اکثر نسخ فرمایا ہے تو کافر شبہ کرتے ہیں کا جواب سمجھا دیا یعنی ہر وقت پر موافق ہر وقت کے حکم بھیجے تو یقین والوں کا دل قوی ہو کہ ہمارا رب ہر حال سے باخبر ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی ہر حال میں اسکے موافق راہ سوجھا دے اور ہر کام پر ویسی خوشخبری سنا دے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ ایک شخص کا غلام رومی نصرانی مکے میں تھا حضرت کے پاس آ بیٹھتا محبت سے اللہ کا کلام اور پیغمبروں کا احوال سننے کو کافر کہتے وہی سکھا جاتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۴ / ۱۱ / ۱۹

اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

درد دینے والا ف۱ ۔ سوائے اسکے نہیں کہ باندھ لیتے ہیں جھوٹ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ہیں

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ

ساتھ نشانیوں اللہ کے۔ اور یہ لوگ وہی ہیں جھوٹے ف۲ ۔ جو کوئی کفر کرے

بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ

ساتھ اللہ کے پیچھے ایمان اپنے کے مگر وہ شخص کہ زبردستی کیا گیا اور دل اس کا

مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ

آرام میں ہے ساتھ ایمان کے ولیکن جو شخص کہ کھل گیا ساتھ کفر کے

صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

سینہ اس کا پس اوپر انکے ہے غصہ اللہ کا ۔ اور واسطے انکے ہے عذاب

عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى

بڑا ف۳ ۔ یہ اس واسطے ہے کہ انھوں نے دوست رکھا زندگانی دنیا کو اوپر

الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ

آخرت کے اور تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم کافروں کو ف۴ ۔ یہ لوگ

الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ

وہ ہیں کہ مہر رکھی اللہ نے اوپر دلوں انکے کے اور کانوں انکے کے اور آنکھوں انکی کے

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

اور یہ لوگ وہی ہیں بے خبر۔ نہیں شک یہ کہ وہ بیچ آخرت کے

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا

وہی ہیں ٹوٹا پانیوالے۔ پھر تحقیق پروردگار تیرا واسطے اُن لوگوں کے کہ وطن چھوڑ جاتے

مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

ہیں پیچھے اس کے کہ ایذا دیئے گئے پھر جہاد کیا انھوں نے اور صبر کیا تحقیق پروردگار تیرا

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ

پیچھے اس کے البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۵ ۔ اُس دن کہ آوے گا ہر جی

تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ

جھگڑتا ہوا جان اپنی کی طرف سے اور پورا دیا جاویگا ہر جی کو جو کچھ کہ کیا ہے

ف۱ یعنی جتنا سمجھاتے ہو نہیں سمجھتے بے یقین آدمی محروم ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ پہلے مذکور ہوئے کافروں کے شبہے اب فرمایا کہ جو کوئی شبہے منکر ایمان سے پھر جاوے اس کا یہ حال ہے مگر ظالم زبردستی سے گر منہ سے کفر کا لفظ کہوا دے اور دل میں ایمان برقرار ہے اس کو گناہ نہیں لیکن اگر مرنا قبول کرے اور لفظ بھی منہ سے نہ کہے تو شہید اکبر ہے ۱۲ منہ رح

ف۳ اگر جو کوئی ایمان سے پھرا ہے تو دنیا کی غرض کو جان کے ڈر سے یا برادری کی خاطر سے یا زر کے لالچ سے جس نے دنیا عزیز رکھی اس کو آخرت کہاں۔ اگر جان کے ڈر سے لفظ کہے تو چاہئے جب ڈر کا وقت جا چکے پھر توبہ استغفار کر کے ثابت ہو جاوے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ مکے میں بعضے لوگ (باقی صفحہ ۳۷۵ پر)

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١١١﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

اور نہ وہ ظلم کئے جاویں گے ف۱۔ اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی

كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ

کہ تھی امن والی چین والی آتا تھا اُسکو رزق اُس کا بافراغت ہر

مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ

جگہ سے پس کفر کیا ساتھ نعمتوں اللہ کے پس چکھا دیا اُسکو اللہ نے پہناوا

الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ

بھوک کا اور ڈر کا بسبب اس کے کہ تھے کرتے ف۲۔ اور البتہ تحقیق آیا تھا اُنکے

رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١١٣﴾

پاس ایک پیغمبر اُن میں سے پس جھٹلا دیا اُس کو پس پکڑا اُنکو عذاب نے اور وہ ظالم تھے۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا

پس کھاؤ اس چیز سے کہ دیا ہے تمکو اللہ نے حلال پاکیزہ اور شکر کرو

نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ

نعمت اللہ کی کا اگر ہو تم اسی کو عبادت کرتے ف۳۔ سوائے اسکے نہیں کہ حرام کیا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ

اُوپر تمھارے مُردار اور لہو اور گوشت سور کا اور وہ چیز کہ آواز بلند کی جاوے

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ

واسطے غیر خدا کے ساتھ اُسکے۔ پس جو کوئی بے بس ہو نہ حد سے نکلجانیوالا اور نہ چھین لینے والا پس

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ

تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور مت کہو واسطے اس چیز کے کہ بیان کرتی ہیں زبانیں تمھاری

الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

جھوٹ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے تاکہ باندھو اُوپر اللہ کے

الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

جھوٹ۔ تحقیق جو لوگ کہ باندھ لیتے ہیں اُوپر اللہ کے جھوٹ

لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿١١٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١١٧﴾

نہیں فلاح پانے کے۔ فائدہ ہے تھوڑا سا اور واسطے اُنکے ہے عذاب درد دینے والا۔

(بقیہ صفحہ ۳۷۴)

کافروں کے ظلم سے کچل گئے تھے یا زبانی لفظ کہہ لیا تھا انکے پیچھے جب نیک کام کئے ایمان کے وہ بھی بخشی گئی ایک بزرگ تھے عمار ان کے باپ یاسر اور ماں سمیہ ظلم اٹھاتے مرگئے پر لفظ کفر نہ کہا بیٹے نے خوف جان کو لفظ کہدیا پھر روتے ہوئے حضرت کے پاس آئے۔ تب یہ آیتیں اُتریں۔ ۱۲ منہ رح۔

رکوع ۱۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی کسی طرف کوئی نہ بولیگا۔ اُس دن ظلم نہ چل سکے گا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ایسے بہت شہر ہوتے ہیں پر یہ احوال فرمایا مکے کا تن کے کپڑے بھوک اور ڈر یعنی ایک دم بھوک اور ڈر سے خالی نہ رہنے لگے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ایمان لاؤ اور حلال کو حرام مت کرو اپنی عقل سے۔ ۱۲ منہ رح

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ
اور اوپر اُن لوگوں کے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے وہ چیز کہ بیان کی ہم نے اوپر تیرے

قَبْلُ ۖ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿١١٨﴾
پہلے اس سے۔ اور نہ ظلم کیا ہم نے اُن کو ولیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے ف۱۔

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا
پھر تحقیق پروردگار تیرا واسطے اُن لوگوں کے کہ کرتے ہیں بُرائی ساتھ نادانی کے پھر توبہ کرتے ہیں

مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا
پیچھے اس کے اور نیکی کرتے ہیں تحقیق پروردگار تیرا پیچھے اس کے

لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٩﴾ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلَّهِ
البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۲۔ تحقیق ابراہیم تھا پیشوا فرماں بردار واسطے اللہ کے

حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٠﴾ شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ
پھر آنیوالا طرف راہ سیدھی کے۔ اور نہ تھا شریک لانیوالوں سے ف۳۔ شکر کرنیوالا تھا واسطے نعمتوں اسکی کے۔

اجْتَبَاهُ وَهَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٢١﴾ وَآتَيْنَاهُ
برگزیدہ کیا تھا اسکو اور راہ دکھائی تھی اسکو طرف راہ سیدھی کے۔ اور دی ہم نے اُس کو

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٢٢﴾
بیچ دُنیا کے نیکی۔ اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے ف۴۔

ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا
پھر وحی بھیجی ہم نے طرف تیری یہ کہ پیروی کر دین ابراہیم حنیف کی۔ اور نہیں

كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٣﴾ إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ
تھا وہ شریک لانیوالوں سے ف۵۔ سوائے اسکے نہیں کہ مقرر کی گئی تھی تعظیم ہفتے کی اوپر ان لوگوں کے

اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
کہ اختلاف کرتے تھے بیچ اسکے۔ اور تحقیق رب تیرا البتہ حکم کریگا درمیان انکے دن قیامت کے

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٢٤﴾ ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ
بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اسکے اختلاف کرتے ف۶۔ بلا طرف راہ پروردگار اپنے کے

بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي
ساتھ حکمت کے اور نصیحت نیک کے اور جھگڑا کر اُن سے ساتھ اس چیز کے

موضح القرآن

ف۱ سُورۂ انعام میں ذکر ہو چکا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی حلال حرام میں جھوٹ بنایا تھا۔ جب مُسلمان ہوئے تو بخشے گئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی حلال اور حرام میں اور دین کی باتوں میں اصل ملت ابراہیم اور عرب کے لوگ کہتے ہیں آپکو حنیف اور شرک کرتے ہیں اس کی راہ پر نہیں ۱۲ منہ رح

ع ١٥ / ٩ / ٢١

ف۴ دُنیا کی خوبی آسودگی اور قبولیت سارے جہان میں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ یعنی درمیان میں یہود و نصاریٰ کو مُوافق انکے حال کے اور حکم بھی ہوئے آخری پیغمبر پھر اسی ملت پر آئے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۶ یعنی اصل ملت ابراہیم میں ہفتے کا کچھ حکم نہ تھا۔ اس ملت پر بھی نہیں ۱۲ منہ رح۔

هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ

کہ وہ بہت بہتر ہے۔ تحقیق رب تیرا وہی بہت جاننے والا ہے ساتھ اس شخص کے کہ گمراہ ہو گیا

سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝١٢٥ وَإِنْ عَاقَبْتُمْ

راہ اُس کی سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانیوالوں کو ف۱۔ اور اگر بدلا لو تم

فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ

پس بدلا لو برابر برابر اس چیز کے کہ ایذا دیئے گئے ہو تم ساتھ اس کے۔ اور البتہ اگر صبر کرو تم البتہ وہ

خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ ۝١٢٦ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ وَلَا

بہتر ہے واسطے صبر کرنیوالوں کے۔ اور صبر کر اور نہیں صبر تیرا مگر ساتھ اللہ کے اور مت

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ ۝١٢٧

غم کھا اوپر اُن کے اور مت ہو بیچ تنگی کے اس سے کہ مکر کرتے ہیں۔

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ ۝١٢٨

تحقیق اللہ ساتھ اُن لوگوں کے ہے کہ پرہیزگاری کرتے ہیں اور ساتھ انکے کہ وہ احسان کرنے والے ہیں۔

سُورَةُ بَنِي إِسْرَائِيلَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَإِحْدَى عَشَرَ آيَةً وَاثْنَا عَشَرَ رُكُوعًا

سورۂ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ

پاکی ہے اس شخص کو کہ لے گیا بندے اپنے کو رات کو

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي

مسجد حرام سے طرف مسجد اقصیٰ کی وہ جو

بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ

برکت دی ہمنے گرد اسکے کو تاکہ دکھلاویں ہم اُسکو نشانیوں اپنی سے۔ تحقیق وہ ہے سننے والا

الْبَصِيرُ ۝١ وَآتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى

دیکھنے والا ف۱۔ اور دی ہمنے موسیٰ کو کتاب اور کیا ہمنے اُسکو ہدایت

لِبَنِي إِسْرَائِيلَ أَلَّا تَتَّخِذُوا مِنْ دُونِي وَكِيلًا ۝٢

واسطے بنی اسرائیل کے یہ کہ نہ پکڑو سوائے میرے کارساز۔

موضح القرآن

ف۱ الزام دے جس طرح بہتر ہو یعنی قضیہ نہ بڑھے ۱۲ منہ رح۔

ف۲ پہلے جو فرمایا کہ سمجھاؤ بھلی طرح اس میں رخصت دی کہ بدلی کے بدلی بدی برابر نہیں صبر اور بہتر ہے ۱۲ منہ رح

ف۱ حق تعالیٰ اپنے رسول کو معراج کی رات لے گیا مکہ سے بیت المقدس براق پر اور آگے لے گیا آسمانوں پر یہاں اتنا ذکر ہے باقی سورۂ نجم میں ۱۲ منہ رح

ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُورًا ۝٣

اے اولاد اُن لوگوں کی کہ چڑھائے تھے ہمنے ساتھ نوح کے تحقیق وہ تھا بندہ شکر کرنیوالا۔

وَقَضَيْنَا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ فِي الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ

اور حکم کیا ہمنے طرف بنی اسرائیل کی بیچ کتاب کے البتہ فساد کروگے تم

فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا ۝٤ فَإِذَا جَاءَ

بیچ زمین کے دو بار اور البتہ بلندی پکڑو گے تم بلندی بڑی۔ پس جب آیا

وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ

وعدہ پہلا اُن دونوں میں کا بھیجے ہمنے اوپر تمہارے بندے واسطے ہمارے لڑائی والے

شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ۝٥

سخت پس پیٹھ گئے بیچ گھروں کے۔ اور تھا وعدہ پورا کیا گیا۔

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ

پھر پھیر دیا ہمنے واسطے تمہارے غلبہ اوپر اُن کے اور مدد دی ہمنے تمکو ساتھ مالوں کے

وَبَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝٦ إِنْ أَحْسَنتُمْ

اور بیٹوں کے اور کیا ہمنے تم کو زیادہ لشکر میں۔ اگر بھلائی کروگے تم

أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا

بھلائی کروگے واسطے جانوں اپنی کے۔ اور اگر بُرائی کروگے پس واسطے اسی کے ہے پس جب

جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا

آیا وعدہ دُوسرا بھیجے اور بندے تاکہ بُرا کریں مُنہ تمہارے کو اور تاکہ پیٹھ جاویں

الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا

مسجد میں جیسا کہ پیٹھ گئے اُس میں پہلی بار اور تاکہ ویران کریں جسپر غالب آویں

تَتْبِيرًا ۝٧ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ عُدتُّمْ

ویران کرنا۔ نزدیک ہے پروردگار تمہارا یہ کہ رحم کرے تمکو اور اگر پھر آؤگے تم

عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ۝٨ إِنَّ

پھر آویں گے ہم اور کیا ہمنے دوزخ کو واسطے کافروں کے قیدخانہ ف۔ تحقیق

هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ

یہ قرآن راہ دکھاتا ہے طرف اُس راہ کی کہ وہ بہت سیدھی ہے اور بشارت دیتا ہے

مُوضح القرآن

ف توریت میں کہہ دیا تھا کہ دو بار بنی اسرائیل شرارت کریں گے اس کی جزا میں دشمن انکے ملک پر غالب ہوں گے اسی طرح ہوا ہر ایک بار جالوت غالب ہوا پھر حق تعالےٰ نے اس کو حضرت داؤد کے ہاتھ سے ہلاک کیا پیچھے بنی اسرائیل کو اور قوت زیادہ دی حضرت سُلیمان کی سلطنت میں۔ دوسری بار فارسی لوگوں میں بخت نصر غالب ہوا تب سے ان کی سلطنت نے قوت نہ پکڑی اب فرمایا کہ اللہ مہربانی پر آیا ہے اگر اس نبی کے تابع ہو تو وہی سلطنت اور غلبہ پھر کرے اور اگر پھر وہی شرارت کروگے تو ہم وہی کریں گے سو مسلمان کو ان پر غالب کیا اور آخرت میں دوزخ تیار ہے۔ ۱۲ منہ رح

الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا
مسلمانوں کو وہ جو عمل کرتے ہیں اچھے یہ کہ واسطے اُن کے ہے ثواب
كَبِيرًا ﴿۹﴾ وَأَنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ أَعْتَدْنَا
بڑا - اور یہ کہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے تیار کیا ہم نے
لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۰﴾ وَيَدْعُ الْإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ
واسطے اُنکے عذاب درد دینے والا۔ اور دُعا مانگتا ہے آدمی ساتھ بُرائی کے مانند دعا کرنے اپنے کے
بِالْخَيْرِ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا ﴿۱۱﴾ وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ
ساتھ نیکی کے۔ اور ہے آدمی جلدکار ف۱ ۔ اور کئے ہمنے رات کو
وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ
اور دن کو دو نشانی پس مٹائیں ڈال دی ہمنے نشانی رات کی ہیں اور کی ہمنے نشانی
النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا
دن کی دکھلانے والی تاکہ چاہو تم فضل پروردگار اپنے کے سے اور تاکہ جانو تم
عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا ﴿۱۲﴾
گنتی برسوں کی اور حساب ۔ اور ہر چیز کو مفصل بیان کیا ہمنے اسکو مفصل بیان کرنا ف۲ ۔
وَكُلَّ إِنسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ ۖ وَنُخْرِجُ لَهُ
اور ہر آدمی کو لگا دیا ہمنے اسکو عمل اسکا بیچ گردن اسکی کے ۔ اور نکالیں گے ہم واسطے اسکے
يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنشُورًا ﴿۱۳﴾ اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ
دن قیامت کے ایک کتاب کہ دیکھیگا اسکو کھلی ہوئی ف۳ ۔ پڑھ کتاب اپنی۔ کفایت ہے
بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ﴿۱۴﴾ مَّنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا
جان تیری آج اوپر تیرے حساب لینے والی ۔ جس نے راہ پائی پس سوائے اسکے نہیں
يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَ
کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے ۔ اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اسکے نہیں کہ گمراہ ہوتا ہے اوپر اپنے ۔ اور
لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۗ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ
نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانیوالا بوجھ دوسرے کا ۔ اور نہیں ہم عذاب کرنے والے
حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ﴿۱۵﴾ وَإِذَا أَرَدْنَا أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً
یہاں تک کہ بھیجیں پیغمبر ف۴ ۔ اور جب ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ ہلاک کریں کسی بستی کو

ع ۱ / ۱۰ — نصف

ف۱ یعنی گھبرا آیا ہو کہ میری دعا شتاب کیوں نہیں قبول ہوتی اور اُس کی دعا بھی اس کے حق میں بُری ہے اگر قبول ہو تو انسان خراب ہو سو ہر طرح اللہ بہتر دانا ہے اسی کی رضا پر شاکر رہیے۔

ف۲ یعنی گھبرانے سے فائدہ نہیں ہر چیز کا وقت اندازہ مقرر ہے جیسے رات اور دن کسی کے گھبرانے سے اور دعا سے رات کم نہیں ہو جاتی۔ اپنے وقت پر آپ صبح ہوتی ہے اور دونوں نمونے اس کی قدرت کے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی بُری قسمت کے ساتھ بُرے عمل ہیں کہ چھوٹ نہیں سکتے وہی نظر آویں گے قیامت میں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی بُرے عمل آفت لاتے ہیں پر حق تعالیٰ بن سوجھائے نہیں پکڑتا رسول بھیجتا ہے اسی واسطے۔ ۱۲ منہ رح

أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ
حکم کرتے ہیں ہم دولتمندوں اسکے کو پس نافرمانی کرتے ہیں بیچ اسکے پس ثابت ہوتی ہے اوپر اسکے بات
فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِنْ
عذاب کی پس ہلاک کرتے ہیں ہم اسکو ہلاک کرنا۔ اور بہت ہلاک کئے ہیں ہم نے قرنوں سے
بَعْدِ نُوحٍ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿۱۷﴾
پیچھے نوح کے۔ اور کفایت ہے پروردگار تیرا ساتھ گناہوں بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا۔
مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ فِيهَا مَا نَشَاءُ
جو کوئی ارادہ کرتا ہو دنیا کا شتاب دیتے ہیں ہم اسکو بیچ اس کے جو چاہتے ہیں ہم
لِمَنْ نُرِيدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ يَصْلَاهَا مَذْمُومًا
واسطے جسکے چاہیں ہم پھر کرتے ہیں واسطے اسکے دوزخ۔ داخل ہوگا اسمیں برے حال سے
مَدْحُورًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا
راندہ ہوا۔ اور جو کوئی ارادہ کرتا ہے آخرت کا اور سعی کرتا ہو واسطے اسکے جو سعی اسکی ہے
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَشْكُورًا ﴿۱۹﴾
اور وہ ایمان والا ہے پس یہ لوگ ہیں سعی اُن کی قدردانی کی گئی ہے۔
كُلًّا نُمِدُّ هَٰؤُلَاءِ وَهَٰؤُلَاءِ مِنْ عَطَاءِ رَبِّكَ ۚ وَ
ہر ایک کو مدد دیتے ہیں ہم اُن کو اور اُن کو بخشش پروردگار تیرے کی سے۔ اور
مَا كَانَ عَطَاءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ﴿۲۰﴾ انْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا
نہیں ہے بخشش پروردگار تیرے کی بند کی گئی۔ دیکھ کیونکر بزرگی دی ہم نے
بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ
بعضے اُنکے کو اوپر بعض کے۔ اور البتہ آخرت بڑی ہے درجوں میں اور بڑی ہے
تَفْضِيلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَقْعُدَ
بزرگی دینے میں۔ مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود اور پس بیٹھ رہیگا تو
مَذْمُومًا مَخْذُولًا ﴿۲۲﴾ وَقَضَىٰ رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا
مذمت کیا گیا ہلاک میں سونپا ہوا۔ اور حکم کیا پروردگار تیرے نے یہ کہ نہ عبادت کرو
إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ۚ إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ
مگر اسی کو یعنی اللہ کو اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا۔ اگر پہنچے نزدیک تیرے

منزل ۴

ع ۲

الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَ
بڑھاپے کو ایک اُن دونوں میں سے یا دونو پس مت کہہ اُن کو اُف اور
لَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا ﴿٢٣﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا
مت ڈانٹ اُنکو اور کہہ واسطے اُن دونو کے بات تعظیم کی۔ اور بچھا واسطے اُن دونو کے
جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا
بازو ذلت کا مہربانی سے اور کہہ اے پروردگار میرے رحم کر اُن دونو کو جیسا کہ
رَبَّيَانِي صَغِيرًا ﴿٢٤﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ
پالا ان دونو نے مجھ کو چھوٹا۔ رب تمہارا خوب جانتا ہو اُس چیز کو کہ بیچ جیوں تمہارے کے ہے۔
إِنْ تَكُونُوا صَالِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِينَ
اگر ہوگے صالح پس تحقیق وہ ہو واسطے رجوع کرنیوالوں کے
غَفُورًا ﴿٢٥﴾ وَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ
طرف اپنی بخشنے والا ف۱۔ اور دے قرابت والے کو حق اُس کا اور مسکین کو اور
السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ﴿٢٦﴾ إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ
مسافر کو اور مت بیجا خرچ کر بیجا خرچ کرنا ف۲۔ تحقیق بیجا خرچ کرنے والے
كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ
ہیں گے بھائی شیطان کے۔ اور ہے شیطان واسطے پروردگار اپنے کے
كَفُورًا ﴿٢٧﴾ وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ
کفر کرنیوالا ف۳۔ اور اگر منہ پھیرے تو اُن سے واسطے چاہنے رحمت
مِنْ رَبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُلْ لَهُمْ قَوْلًا مَيْسُورًا ﴿٢٨﴾ وَلَا
پروردگار اپنے کی کو اُمید رکھتا ہو تو اُسکی پس کہہ واسطے اُنکے بات آسانی کی ف۴۔ اور مت
تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا
کر ہاتھ اپنے کو بندھا ہوا طرف گردن اپنی کی اور مت کھول دے اُسکو
كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَحْسُورًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ
نہایت کھول دینا پس بیٹھ رہیگا تو ملامت کیا ہوا پچھتایا ہوا ف۵۔ تحقیق پروردگار تیرا
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّهُ كَانَ
کھول دیتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہے اور بند کر لیتا ہو۔ تحقیق وہ ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی دل میں آوے کہ بوڑھے ماں باپ سے معاملت نباہنی مشکل ہے تو فرمایا کہ جس کی نیت نیکی پر ہے اگر خطا کرے اور پھر رجوع لاوے تو اللہ بخشنے والا ہو۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بے جگہ خرچ کر کے خراب نہ کر۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی مال بڑی نعمت ہو اللہ کی جس سے خاطر جمع ہو عبادت میں او دیوے بڑھیں بہشت میں اسکو بے جا اُڑانا ناشکری ہے۔ ۱۲ منہ

ف۴ یعنی جو کوئی ہمیشہ سخاوت کرتا ہو اور ایک وقت اسکے پاس نہیں تو اللہ کے ہاں اُمید والے کا محروم جانا خوش نہیں آتا اس محتاج کی قسمت اللہ سخیوں کو بھیج رہتا ہو سو اسواسطے اگر ایک وقت تو نہ دے تو میٹھے بول کہہ کہ اگلی سب خیراتیں برباد نہ ہوں۔ ۱۲ منہ

ف۵ یعنی سب انعام دیا کرتا کیوں دیا کہ آپ محتاج رہ گیا۔ ۱۲ منہ

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ

ساتھ بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا ف۱۔ اور مت مار ڈالو اولاد اپنی کو

خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ

ڈر افلاس کے سے۔ ہم رزق دیتے ہیں انکو اور تمکو۔ تحقیق

قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ

مار ڈالنا اُن کا ہے خطا بڑی ف۲۔ اور مت نزدیک جاؤ زنا کے تحقیق وہ

كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

ہے بے حیائی۔ اور بُری ہے راہ ف۳۔ اور مت مار ڈالو اُس جان کو

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

جو حرام کیا ہے اللہ نے یعنی مسلمان کو مگر ساتھ حق کے۔ اور جو کوئی مارا جاوے مظلوم

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي

پس تحقیق کیا ہم نے واسطے والی اُسکے کے غلبہ پس چاہیے کہ نہ زیادتی کرے بیچ

الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ

قتل کے تحقیق وہ ہے یعنی وارث مقتول کا مدد دیا گیا ف۴۔ اور مت پاس جاؤ مال

الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ

یتیم کے مگر اس نیت سے کہ وہ بہت اچھی ہے یہاں تک کہ پہنچے جوانی اپنی کو

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْــــُٔوْلًا ۝ وَ

اور پورا کرو عہد کو۔ تحقیق عہد ہے سوال کیا گیا ف۵۔ اور

اَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

پورا کرو پیمان کو جب پیمان کرو اور تولو ساتھ ترازو

الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ وَلَا

سیدھی کے۔ یہ بہتر ہے اور اچھا ہے بازگشت میں ف۶۔ اور مت

تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ

پیچھے چل اس چیز کے کہ نہیں تجھ کو ساتھ اسکے علم۔ تحقیق کان اور آنکھ

وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْــــُٔوْلًا ۝ وَلَا

اور دل ہر ایک اُن میں کا ہوگا اُس سے سوال کیا گیا ف۷۔ اور مت

موضح القرآن

ف۱ یعنی محتاج کو دیکھ کر بیتاب نہ ہو جا کہ اُسکی حاجت تیرے ذمہ نہیں اللہ کے ذمہ ہے لیکن یہ باتیں پیغمبر کو فرمائی ہیں جو بعد کی تھے جیسے جی سے مال نہ نکلے اسکو تقید ہو دینے کا فہم بھی گری والے کو رد دوا دیا ہے۔ سردی اسے کو گرم۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ کافر بیٹیاں مارتے تھے کہ انکا خرچ کہاں سے دیں گے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی اگر یہ راہ نکلے تو ایک دوسرے کی عورت پر نظر کرے کوئی اسکی عورت پر کرے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی ہر کسی کو لازم ہے کہ خون کا بدلہ دلوانے میں مدد کرے نہ قاتل کی حمایت کرے اور وارث بھی چاہیے ایک کے بدلے دو نہ مارے یا قاتل کے سوا اسکے بیٹے یا بھائی کو نہ مارے۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ مگر جس طرح بہتر ہو بنی اسکے مال کو سنوارے

(باقی صفحہ ۳۸۳ پر)

تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۚ إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ

چل بیچ زمین کے اکڑتا ہوا۔ تحقیق تو ہرگز نہ پھاڑے گا زمین کو

وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿٣٧﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ

اور ہرگز نہ پہنچیگا پہاڑوں کو لنباؤ میں۔ یہ سب باتیں ہیں کی بُری

عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ مِمَّا أَوْحَىٰ إِلَيْكَ

نزدیک پروردگار تیرے کے ناپسند ف۔ یہ اس چیز سے ہو کہ وحی کی ہے طرف تیری

رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ

رب تیرے نے حکمت سے۔ اور مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود اور

فَتُلْقَىٰ فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَدْحُورًا ﴿٣٩﴾ أَفَأَصْفَاكُمْ

پس ڈالا جاویگا بیچ دوزخ کے ملامت کیا ہوا راندہ ہوا۔ کیا پسند کیا ہے تمکو

رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ

پروردگار تمھارے نے ساتھ بیٹوں کے اور پکڑیں آپ فرشتوں میں سے بیٹیاں۔ تحقیق تم

لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا

البتہ کہتے ہو بات بڑی۔ اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہمنے بیچ اس

الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوا ۖ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤١﴾ قُلْ

قرآن کے تاکہ نصیحت پکڑیں۔ اور نہیں زیادہ کرتا اُن کو مگر نفرت۔ کہہ

لَوْ كَانَ مَعَهُ آلِهَةٌ كَمَا يَقُولُونَ إِذًا لَابْتَغَوْا

اگر ہوتے ساتھ اس کے بہت معبود جیسا کہتے ہیں یہ کافر اسوقت البتہ ڈھونڈتے

إِلَىٰ ذِي الْعَرْشِ سَبِيلًا ﴿٤٢﴾ سُبْحٰنَهُ وَتَعٰلَىٰ عَمَّا

طرف صاحب عرش کی راہ ف۔ پاک ہے وہ اور بلند ہے اُس چیز سے

يَقُولُونَ عُلُوًّا كَبِيرًا ﴿٤٣﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ

کہ کہتے ہیں بلندی بڑی۔ تسبیح کرتے ہیں واسطے اُسکے آسمان ساتوں

وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ ۚ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ

اور زمین اور جو کوئی کہ بیچ اُنکے ہیں۔ اور نہیں کوئی چیز مگر تسبیح کرتی ہے

بِحَمْدِهِ وَلٰكِنْ لَا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ ۗ إِنَّهُ كَانَ

ساتھ تعریف اُسکی کے ولیکن نہیں سمجھتے تم تسبیح اُنکی۔ تحقیق وہ ہے

(بقیہ صفحہ ٣٨٢)

تو مضائقہ نہیں اور قرار کی پوچھ ہے یعنی کسی قول قرار صلح کا دیکر بدی کرنی اسکا وبال ضرور پڑتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف سیدھی ترازو سے یعنی جھوک نہ مارو اور اچھا انجام یعنی دغا باز اول چلتی ہو پھر لوگ خبردار ہو کر اس سے معاملت نہیں کرتے اور پورا تول دینے والا سب کو خوش لگتا ہے اسکی تجارت خوب چلتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی جو بات تحقیق معلوم نہ ہو اسکو دعوے کر کے نہ کہیے کہ یوں ہے اور ایسی ہی گواہی دینی۔ ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف جن باتوں کو منع کیا وہ رب کی بیزاری سے اور جنکو حکم کیا انکا نہ کرنا بیزاری ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی پرایا محکوم رہ کیوں قبول کرتے تختے کے مالک اُلٹ ڈالتے۔ ۱۲ منہ رح

حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤٤﴾ وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا
تحمل والا بخشنے والا ف۱ ۔ اور جس وقت پڑھتا ہے تو قرآن کو کر دیتے ہیں ہم
بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ حِجَابًا
درمیان تیرے اور درمیان اُن لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے پردہ
مَسْتُورًا ﴿٤٥﴾ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ
چھپا ہوا ف۲ ۔ اور کر دیتے ہیں ہم اُوپر دلوں اُنکے کے پردہ ایسا کہ نہ سمجھیں اُس کو
وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْآنِ
اور بیچ کانوں اُنکے کے بوجھ ہے۔ اور جس وقت کہ یاد کرتا ہے تو پروردگار اپنے کو بیچ قرآن کے
وَحْدَهُ وَلَّوْا عَلَىٰ أَدْبَارِهِمْ نُفُورًا ﴿٤٦﴾ نَحْنُ أَعْلَمُ
اکیلا پھر جاتے ہیں اُوپر پیٹھوں اپنی کے بھاگتے ہوئے۔ ہم خوب جانتے ہیں
بِمَا يَسْتَمِعُونَ بِهِ إِذْ يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ وَإِذْ هُمْ
اس نیت کو کہ سنتے ہیں ساتھ اسکے جس وقت کہ کان رکھتے ہیں طرف تیری اور جس وقت کہ وہ
نَجْوَىٰ إِذْ يَقُولُ الظَّالِمُونَ إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا
مصلحت کرتے ہیں جس وقت کہ کہتے ہیں ظالم نہیں پیروی کرتے تم مگر مرد
مَسْحُورًا ﴿٤٧﴾ انْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا لَكَ الْأَمْثَالَ
جادو کئے گئے کی۔ دیکھ کیونکر بیان کی ہیں واسطے تیرے مثالیں
فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوا أَإِذَا كُنَّا
پس گمراہ ہوئے پس نہیں پا سکتے راہ۔ اور کہتے ہیں کیا جب ہو جاوینگے
عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ﴿٤٩﴾
ہم ہڈیاں اور گلے ہوئے کیا ہم پھر اُٹھائے جاویں گے پیدائش نئی میں۔
قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا ﴿٥٠﴾ أَوْ خَلْقًا مِمَّا يَكْبُرُ
کہہ کہ ہو جاؤ تم پتھر یا لوہا۔ یا اور پیدائش اس قسم کی کہ بڑی لگے
فِي صُدُورِكُمْ ۚ فَسَيَقُولُونَ مَنْ يُعِيدُنَا ۖ قُلِ الَّذِي
بیچ سینوں تمہارے کے۔ پس البتہ کہیں گے کہ کون پھیر لاویگا ہم کو۔ کہہ وہی کہ
فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ
جس نے پیدا کیا تھا تمکو پہلی بار۔ پس مٹکاویں گے طرف تیری سر اپنے کو

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایسی بُری باتوں پر تمکو شتابی نہیں پکڑتا اور توبہ کرو تو بخشتا ہے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اس قرآن میں ایسی تاثیر ہے اور کافروں پر اثر نہیں ہوتا یہی واسطہ کہ اوٹ میں ہیں آفتاب ہے جہاں روشن ہے اور جسکی طرف پیٹھ ہو اسکے حساب میں نہیں ۱۲ منہ

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَرِيبًا ﴿٥١﴾
اور کہیں گے کب ہوگا یہ۔ کہہ شتاب ہے یہ کہ ہو نزدیک۔
يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ وَتَظُنُّونَ
جس دن بُلا دے گا تمکو پس جواب دو گے ساتھ تعریف اُس کی کے اور جانو گے
إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٥٢﴾ وَقُل لِّعِبَادِي يَقُولُوا
کہ نہیں رہے تھے تم مگر تھوڑا ف۔ اور کہہ واسطے بندوں میرے کے کہ کہیں وہ
الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ
بات کہ وہ بہت اچھی ہے۔ تحقیق شیطان وسوسہ ڈالتا ہے درمیان اُن کے۔ تحقیق
الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنسَانِ عَدُوًّا مُّبِينًا ﴿٥٣﴾ رَّبُّكُمْ
شیطان ہے واسطے آدمی کے دشمن ظاہر ف۔ پروردگار تمہارا
أَعْلَمُ بِكُمْ ۖ إِن يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِن يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ
خوب جانتا ہے تمکو۔ اگر چاہے رحم کرے تمکو یا اگر چاہے عذاب کرے تمکو۔
وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِمَن
اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو اُوپر اُن کے دارو غہ ف۔ اور پروردگار تیرا خوب جانتا ہے اُن لوگوں کو
فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ
کہ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہیں۔ اور البتہ تحقیق بزرگی دی ہم نے بعضے
النَّبِيِّينَ عَلَىٰ بَعْضٍ ۖ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ﴿٥٥﴾ قُلِ
نبیوں کو اوپر بعض کے اور دی ہم نے داؤد کو زبور ف۔ کہہ
ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُم مِّن دُونِهِ فَلَا يَمْلِكُونَ كَشْفَ
بلاؤ اُن لوگوں کو کہ دعوے کرتے ہو تم سوائے اس کے پس نہیں اختیار رکھتے کھولنا
الضُّرِّ عَنكُمْ وَلَا تَحْوِيلًا ﴿٥٦﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ
برائی کا تم سے اور نہ بدل ڈالنا ف۔ یہ لوگ جنکو پکارتے ہیں
يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَ
ڈھونڈتے ہیں طرف پروردگار اپنے کی وسیلہ کونسا اُنمیں سے بہت نزدیک ہے اور
يَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ عَذَابَ
اُمید رکھتے ہیں رحمت اُسکی کی اور ڈرتے ہیں عذاب اُس کے سے۔ تحقیق عذاب

موضح القرآن

ف یعنی اب شتاب نا کرتے ہو تب جانو گے کہ دنیا میں کچھ دیر نہ رہے تھے پچاس سو برس ان ہزاروں برس کے سامنے کیا معلوم ہوں ۱۲ منہ رح

ع ۱۲

ف یعنی مذاکرہ میں سخت بات نہ کہیں شیطان لڑائی ڈالتا ہے۔ جب لڑائی پڑے تو اُنکا سمجھانا ہو تو بھی نہ سمجھے۔ ۱۲ منہ رح

ف مذاکرہ میں حق والا جھنجھلاتا ہے کہ دوسرا صریح حق کو نہیں مانتا۔ فرمایا کہ تم پر اُنکا ذمہ نہیں اللہ بہتر جانے جس کو چاہے راہ سوجھاوے۔ ۱۲ منہ رح

ف یعنی بعضے نبی تھے کہ جھنجھلا گئے تیرا حوصلہ اُن سے زیادہ رکھا ہے اور داؤد کا ذکر کیا کہ دونوں رکھتے تھے جہاد بھی اور زبور بھی سمجھانے کو وہی دونوں باتیں یہاں بھی ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف یعنی تم سے کسی اور پر ڈال دیں۔ ۱۲ منہ رح

رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا
پروردگار تیرے کا ہے خوف کیا گیا ف۱۔ اور نہیں کوئی بستی مگر
نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا
ہم ہلاک کرنے والے ہیں اُس کے پہلے دن قیامت کے یا عذاب کرنے والے ہیں ہم
عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾
اس کے عذاب سخت۔ ہے یہ بیچ کتاب کے لکھا ہوا ف۲۔
وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا
اور نہ منع کیا ہمارے تئیں یہ کہ بھیج دیویں ہم نشانیاں مگر یہ کہ جھٹلایا تھا ساتھ اسکے
الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ
پہلوں نے۔ اور دی ہمنے ثمود کو اُونٹنی دلیل پس ظلم کیا انھوں نے اس پر۔
وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ
اور نہیں بھیجتے ہم نشانیوں کو مگر واسطے ڈرانے کے ف۳۔ اور جو وقت کہا ہمنے واسطے تیرے
اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ
تحقیق رب تیرے نے گھیر لیا ہے لوگوں کو۔ اور نہیں کیا ہمنے وہ نمود یعنی خواب جو
اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي
دکھلائی تجھ کو مگر آزمایش واسطے لوگوں کے اور اسی طرح اس درخت کو کہ لعنت کیا گیا ہے بیچ
الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا
قرآن کے۔ اور ڈراتے ہیں ہم اُن کو پس نہیں زیادہ کرتا اُن کو مگر سرکشی
كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ
بڑی ف۴۔ اور جس وقت کہا ہمنے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدمؑ کو
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ
پس سجدہ کیا انھوں نے مگر ابلیس نے۔ کہا کیا سجدہ کروں میں واسطے اس شخص کے کہ پیدا کیا ہے تو نے
طِيْنًا ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ؗ
مٹی سے ف۵۔ کہا کیا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ بڑائی دی اُوپر میرے
لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا
اگر ڈھیل دے گا تو مجھ کو دن قیامت تک البتہ ہلاک کروں گا میں اولاد اسکی کو مگر

ع ۸ / ۶

موضح القرآن

ف۱ یعنی جنکو کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اللہ کی جناب میں وسیلہ ڈھونڈھتے ہیں کہ جو بندہ بہت نزدیک ہو اسی کا وسیلہ پکڑیں اور وسیلہ سب کا پیغمبر ہے آخرت میں انہی کی شفاعت ہوگی۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی تقدیر میں لکھ چکے ہر شہر کے لوگ بزرگ کو پوجتے ہیں کہ ہم اسکی رعیت ہیں اور اس کی پناہ میں ہیں سو وقت آئے پر کوئی نہیں پناہ دے سکتا۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی ہدایت موقوف نہیں نشانی پر۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی جب کہدیا کہ رب نے گھیر لئے لوگ تو آخر سب مسلمان ہونگے پھر تو نشانی کیوں مانگے اور وہ دکھاوا معراج ہے کہ لوگ جانچے گئے سچوں نے مانا اور کچوں نے جھوٹ جانا اور درخت پھٹکارا یعنی درخت زقوم قرآن میں فرمایا کہ دوزخ والے کھاوینگے ایمان والے یقین لائے اور منکروں نے کہا کہ دوزخ کی آگ میں سبز درخت کیونکر ہوگا۔ یہ بھی جانچنا تھا۔ ۱۲ منہ رح

(باقی صفحہ ۳۸۷ میں)

قَلِيلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ

تھوڑے ف۵ - کہا جا پس جو کوئی پیروی کریگا تیری اُن میں سے پس تحقیق

جَهَنَّمَ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً مَّوْفُورًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ

دوزخ ہے جزا تمہاری جزا پوری - اور بہکا جس کو

اسْتَطَعْتَ مِنْهُم بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ

بہکا سکے اُن میں سے ساتھ آواز اپنی کے اور کھینچ بلا اُوپر اُنکے سواروں اپنے کو

وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ

اور پیادوں اپنے کو اور شریک ہو اُن کا بیچ مالوں اُن کے کے اور اولاد اُن کی کے

وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿۶۴﴾

اور وعدہ دے اُن کو - اور نہیں وعدہ دیتا اُن کو شیطان مگر فریب کا ف۲ -

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ

تحقیق بندے میرے نہیں واسطے تیرے اُوپر اُنکے غلبہ - اور کفایت ہے

بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿۶۵﴾ رَّبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ

پروردگار تیرا کارساز - رب تمہارا وہ ہے جو چلاتا ہے واسطے تمہارے کشتیاں

فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ

بیچ دریا کے تاکہ چاہو فضل اُس کے سے - تحقیق وہ ہے ساتھ تمہارے

رَحِيمًا ﴿۶۶﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن

مہربان ف۳ - اور جب پہنچتی ہے تمکو سختی بیچ دریا کے کھوئے جاتے ہیں جنکو

تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ

پکارتے ہیں مگر وہی - پس جب نجات دیتا ہے تمکو طرف جنگل کی منہ پھیر لیتے ہو

وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ﴿۶۷﴾ أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ

اور ہے آدمی ناشکرگزار - کیا پس نڈر ہو تم اس سے کہ دھنسا دیوے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا

تمکو طرف جنگل کی یا بھیجدیوے اُوپر تمہارے مینہ پتھروں کا پھر نہ

تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿۶۸﴾ أَمْ أَمِنتُمْ أَن يُعِيدَكُمْ

پاؤ تم واسطے اپنے کوئی کارساز - یا نڈر ہو تم اس سے کہ لے جاوے تمکو

(بقیہ صفحہ ۳۸۶)

ف۵ یعنی اللہ کے حکم میں شبہے نکالنے کافروں کی چال ہے وہی چال ہے ابلیس کی - ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی اپنا مسخر کرلوں جیسے گھوڑے کو لگام لگادی - ۱۲ منہ رح

ف۲ مال میں ساجھا یہ کہ بتوں کی نیاز اپنے مال میں فرض سمجھتے ہیں - اولاد میں یہ کہ ایک کو بتاتے ہیں فلانے کا بخشا ہے دوسرا فلانے کا بخشا - ۱۲ منہ رح

ربع

ف۳ اس کا فضل یعنی روزی - روزی کو قرآن میں اکثر فضل فرمایا ہے فضل کے معنی زیادتی سو مسلمان کی بندگی ہے واسطے آخرت کے اور دنیا ملتی ہے بڑھتی ہیں کشتی ہانکنا ہے یعنی دریا میں اپنا زور نہیں چلتا الٰہی بچے کرکر باؤ سو اسی کے قبضہ میں ہے - ۱۲ منہ رح

فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ
بیچ اس کے اور بار پس بھیجے اوپر تمہارے کشتی توڑنے والی
الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ
باؤ سے پس ڈبا دیوے تمکو بسبب اسکے کہ کفر کیا تم نے پھر نہ پاؤ تم واسطے اپنے
عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَ
اوپر ہمارے بدلے اسکے پیچھا کرنیوالا۔ اور البتہ تحقیق عزت دی ہم نے بنی آدم کو اور
حَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ
چڑھایا ہمنے انکو سواریوں پر بیچ جنگل کے اور دریا کے اور رزق دیا ہم نے اُن کو پاکیزہ سے
وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾
اور بزرگی دی ہمنے انکو اوپر بہتوں کے اُن لوگوں سے کہ پیدا کئے ہیں ہم نے بزرگی دینا ف۱۔
يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ ۖ فَمَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ
جسدن بلاوینگے ہم سب لوگوں کو ساتھ پیشواؤں اُنکے کے۔ پس جو کوئی دیا گیا اعمالنامہ اپنا
بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُونَ
بیچ داہنے ہاتھ اپنے کے پس وہ لوگ پڑھیں گے اعمالنامہ اپنا اور نہ ظلم کئے جاویں گے
فَتِيلًا ﴿٧١﴾ وَمَن كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي
تاگے برابر ف۲۔ اور جو کوئی ہے بیچ اس دُنیا کے اندھا پس وہ بیچ
الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ وَأَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٧٢﴾ وَإِن كَادُوا
آخرت کے اندھا ہے اور بہت کھویا ہُوا ہے راہ ف۳۔ اور تحقیق نزدیک تھے
لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ
کہ البتہ بہکادیں تجھ کو اس چیز سے کہ وحی کی ہم نے طرف تیری تاکہ باندھ لیوے تو
عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا لَّاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَا
اُوپر ہمارے سوائے اسکے اور اُس وقت البتہ پکڑتے تمکو دوست ف۴۔ اور اگر نہ
أَن ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ﴿٧٤﴾
ثابت رکھتے ہم تجھ کو البتہ تحقیق نزدیک تھا تاکہ جھک جاوے طرف ان کی کچھ تھوڑا۔
إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ
اسوقت البتہ چکھاتے ہم تجھ کو دوگنا عذاب زندگانی دنیا کا اور دوگنا عذاب موت کا

ف۱ جانوروں کو سوزی نہیں زمین پر نہ دریا پر آدمی کو دی ہے اور ستھری روزی یہ کہ بیج کا چھلکا دور کرنا اور اناج کی بھوسی پیسنا اور پکا کر کھانا اسی کو سکھایا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۰

ف۲ اس دن عمل کا کاغذ اُڑاویں گے نیکوں کے ہاتھ میں آوے گا۔ داہنے ڈھب سے اور بدوں کو بائیں سے اور پیچھے سے یہ نشانی دیکھ کر نیک خوشی سے پڑھنے لگیں گے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ہدایت سے اندھا رہا ویسا ہی آخرت میں بہشت کی راہ سے اندھا ہے اور دُور پڑا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ کافر کہتے تھے کہ اس کلام میں نصیحت کی باتیں اچھی ہیں مگر ہر جا شرک پر عیب دیا ہے یہ بدل ڈال تو ہم سب اس کو مانیں۔ ۱۲ منہ رح

ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ وَاِنْ كَادُوْا

پھر نہ پاتا تو واسطے اپنے اوپر ہمارے مدد دینے والا۔ اور تحقیق نزدیک ہو

لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ

کہ بچلادیں تجھ کو اس زمین سے تاکہ نکالدیں تجھ کو اس میں سے اور

اِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ

اس وقت نہ رہیں گے پیچھے تیرے مگر تھوڑے۔ عادت اُن شخصوں کی کہ

قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا

تحقیق بھیجا ہم نے انکو پہلے تجھ سے پیغمبروں اپنے سے اور نہ پاویگا تو واسطے عادت ہماری کے

تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى

تغیر۔ قائم کر نماز کو وقت ڈھلنے سورج کے

غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۭ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ

رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھ فجر کو۔ تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا

كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً

ہے حاضر کیا گیا۔ اور تھوڑی سی رات کو پس نماز تہجد کر ساتھ قرآن کے بڑھتی ہے

لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾

واسطے تیرے شتاب ہے کہ بھیجے تجھ کو پروردگار تیرا مقام محمود میں ف۱۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ

اور کہہ اے رب میرے داخل کر مجھ کو داخل کرنا سچا اور نکال مجھ کو نکالنا

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾

سچا اور کر واسطے میرے نزدیک اپنے سے غلبہ مدد دینے والا ف۲۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ

اور کہہ آیا حق اور گم ہوا باطل۔ تحقیق باطل

كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ

تھا گم ہوجانے والا ف۳۔ اور اُتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا

اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔ اور نہیں زیادہ کرتا ظالموں کو مگر

موضح القرآن

ف۱ یعنی نیند سے جاگ کر قرآن پڑھا کر۔ یہ حکم سب سے زیادہ تجھ پر کیا ہے کہ تجھ کو مرتبہ بڑا دینا ہے وہ تعریف کا مقام ہے شفاعت کا جب کوئی پیغمبر نہ بول سکے گا تب حضرت اللہ سے عرض کر کے خلق کو چھڑا دیں گے تکلیف سے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی اس شہر سے نکال آبرو سے اور کسی جگہ بٹھا آبرو سے وہ اللہ تعالیٰ نے مدینے میں بٹھایا اور وہاں کے لوگ حکم میں دیئے جس سے دین کو امداد ہوئی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی غلبۂ دین آیا اور کفر بھاگا مکے میں سے اور تمام عرب میں سے۔ ۱۲ منہ رح۔

خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ
ٹوٹا ہی ف۔ اور جب نعمت بھیجتے ہیں ہم اوپر انسان کے منہ پھیر لیتا ہے
وَنَا بِجَانِبِهٖ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ
اور دور کر لیتا ہے کروٹ اپنی۔ اور جب لگتی ہے اسکو برائی ہوتا ہے ناامید ف۲۔ کہہ
كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۖ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ
ہر ایک عمل کرتا ہے اوپر طریق اپنے کے۔ پس پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے اس شخص کو
هُوَ أَهْدٰى سَبِيلًا ﴿۸۴﴾ وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ
کہ وہ بہت پانیوالا ہے راہ کو۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو جان سے۔ کہہ
الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَآ أُوتِيتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ
جان حکم پروردگار میرے کے سے ہے اور نہیں دیئے گئے تم علم سے
إِلَّا قَلِيلًا ﴿۸۵﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيٓ أَوْحَيْنَآ
مگر تھوڑا ف۳۔ اور اگر چاہیں ہم البتہ لے جاویں وہ چیز کہ وحی کی ہم نے
إِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيلًا ﴿۸۶﴾ إِلَّا
طرف تیری پھر نہ پاوے تو واسطے اپنے ساتھ اسکے اوپر ہمارے کارساز۔ مگر
رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ﴿۸۷﴾
مہربانی پروردگار تیرے کی طرف سے۔ تحقیق فضل اسکا ہے اوپر تیرے بڑا۔
قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى أَنْ
کہہ البتہ اگر اکٹھے ہوویں آدمی اور جن اوپر اس بات کے
يَّأْتُوا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ
کہ لاویں مانند اس قرآن کے نہ لاسکیں گے مانند اس کے اور اگرچہ
كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿۸۸﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
ہوویں بعضے ان کے واسطے بعضوں کے مددگار۔ اور البتہ طرح طرح سے بیان کیا ہے
لِلنَّاسِ فِي هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۫ فَأَبٰىٓ
ہمنے واسطے لوگوں کے بیچ اس قرآن کے ہر مثال سے پس انکار کیا
أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ
اکثر لوگوں نے مگر کفر کرنا۔ اور کہا انھوں نے ہرگز نہ مانیں گے ہم واسطے تیرے

موضح القرآن

ف۱ روگ چنگے ہوں دل کے شبہے اور شک مٹیں اور اسکی برکت سے بدن کے روگ بھی دفع ہوں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ہاز و ہٹاوے یعنی بندگی سے سرکتا جاوے ۱۲ منہ رح۔

ف۳ حضرت کے آزمانے کو یہود نے پوچھا سو اللہ نے نہ بتایا کہ انکو سمجھنے کا حوصلہ نہ تھا آگے بھی پیغمبروں نے خلق سے باریک باتیں نہیں کہیں اتنا جاننا بس ہے کہ اللہ کے حکم سے ایک چیز بدن میں پڑی وہ جی اٹھا جب نکل گئی وہ مرگیا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۹ | ۹ | منزل ۴ | ۵

حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ

یہاں تک کہ پھاڑ دیوے تو واسطے ہمارے زمین میں سے چشمہ۔ یا ہووے

لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ

واسطے تیرے باغ کھجوروں کا اور انگوروں کا پس پھاڑ لاوے تو نہریں

خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ

درمیان اسکے پھاڑ لانے کر۔ یا ڈال دے تو آسمان کو جیسا کہا کرتا ہے تو

عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ

اوپر ہمارے ٹکڑے ٹکڑے یا لے آوے تو اللہ کو اور فرشتوں کو مقابل۔ یا

يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ

ہو واسطے تیرے ایک گھر سونے کا یا چڑھ جاوے تو بیچ آسمان کے۔

وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا

اور ہرگز نہ مانیں گے ہم چڑھ جانے تیرے کو یہاں تک کہ اُتار لاوے اُوپر ہمارے کتاب

نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا

کہ پڑھیں ہم اسکو۔ کہہ کہ پاک ہے پروردگار میرا نہیں ہوں میں مگر آدمی

رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ

پیغام پہنچانیوالا۔ اور نہیں منع کیا لوگوں کو یہ کہ ایمان لاویں جس وقت آئی اُنکے پاس

الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾

ہدایت مگر یہ کہ کہا انہوں نے کیا بھیجا اللہ نے آدمی کو پیغام پہنچانے والا۔

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ

کہہ اگر ہوتے بیچ زمین کے فرشتے چلا کرتے

مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

آرام سے البتہ اُتارتے ہم اُوپر اُنکے آسمان سے فرشتے کو پیغام پہنچانیوالا۔

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

کہہ کفایت ہے اللہ گواہ درمیان میرے اور درمیان تمہارے تحقیق وہ ہے

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ

ساتھ بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا۔ اور جسکو ہدایت کرے اللہ پس وہ ہے

ع ۱۰ / ۹ — منزل ۴

الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ

راہ پانے والا۔ اور جسکو گمراہ کرے پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے اُنکے دوست سوائے

دُوْنِهٖ ۚ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا

اُس کے۔ اور اکٹھا کرینگے ہم اُنکو دن قیامت کے اُوپر مُونہوں اپنے کے اندھے

وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۚ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

اور گونگے اور بہرے۔ جگہ رہنے اُنکے کی دوزخ ہے۔ جب بجھنے لگے گی زیادہ کرینگے ہم واسطے اُنکے

سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا

آگ دہکانا۔ یہ ہے سزا اُنکی بسبب اسکے کہ کفر کیا انھوں نے ساتھ نشانیوں ہماری کے

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا

اور کہا کیا جب ہو جاویں گے ہم ہڈیاں اور بوسیدہ کیا ہم البتہ اُٹھائے جاوینگے پیدائش

جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ

نئی میں۔ کیا نہیں دیکھا انھوں نے یہ کہ اللہ جس نے پیدا کیا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ

آسمانوں کو اور زمین کو قادر ہے اُوپر اس کے کہ پیدا کرے مانند اُن کے

وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ

اور مقرر کرے واسطے اُنکے ایک وقت مقرر کہ نہیں شک بیچ اسکے۔ پس انکار کیا ظالموں نے

اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ

مگر کفر کرنا۔ کہہ اگر ہو تم مالک خزانوں رحمت

رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ

پروردگار میرے کے اس وقت البتہ بند رکھو تم ڈر خرچ ہو جانے کے سے۔ اور ہے

الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ

آدمی تنگی کرنے والا۔ اور البتہ تحقیق دیں ہم نے موسیٰ کو نو نشانیاں

بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ

ظاہر پس سوال کر بنی اسرائیل سے جب آیا اُن کے پاس پس کہا

لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّىْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ

واسطے اسکے فرعون نے تحقیق میں البتہ گمان کرتا ہوں تجھ کو اے موسیٰ جادو کیا ہوا ف۱ کہا

النصف

ع ۱۱

موضح القرآن

ف۱ شاید نو نشانیاں نو معجزے ہوں وہ جو فرعون کے مقابلہ میں اترے اور شاید نو حکم ہوں کہ توریت میں برے پر لکھے جاتے تھے وہ یہی کبیرہ گناہوں سے منع تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ

البتہ تحقیق جانا ہے تو نے کہ نہیں اُتارا اُن نشانیوں کو مگر پروردگار آسمانوں اور

الْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾

زمین کے نے واسطے دکھانے کے۔ اور تحقیق میں البتہ گمان کرتا ہوں تجھ کو اے فرعون ہلاک کیا گیا۔

فَاَرَادَ اَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ

پس ارادہ کیا یہ کہ بھکا دیوے اُنکو یعنی نکال دے زمین سے پس غرق کیا ہم نے اسکو اور جو لوگ کہ

مَّعَهٗ جَمِیْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

ساتھ اسکے تھے سب کو۔ اور کہا ہم نے پیچھے اس کے واسطے بنی اسرائیل کے

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ

رہو تم زمین میں پس جب آوے گا وعدہ آخرت کا لے آویں گے ہم تمکو

لَفِیْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

لپیٹ کر۔ اور ساتھ حق کے اُتارا ہم نے اسکو اور ساتھ حق کے اُترا ہے۔ اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو

اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَی

مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ف۱۔ اور قرآن کو جدا جدا کیا ہم نے اسکو تاکہ پڑھے تو اسکو اوپر

النَّاسِ عَلٰی مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِیْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ

لوگوں کے اوپر آہستگی کے اور اُتارا ہم نے اسکو اُتارنا آہستہ آہستہ ف۲۔ کہہ ایمان لاؤ تم ساتھ اسکے

اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ

یا نہ ایمان لاؤ تم۔ تحقیق وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم پہلے اس سے

اِذَا یُتْلٰی عَلَیْهِمْ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّ

جب پڑھا جاتا ہے اوپر اُن کے گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں پر سجدہ کرتے ہوئے۔ اور

یَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾

کہتے ہیں پاکی ہے رب ہمارے کو تحقیق ہے وعدہ رب ہمارے کا البتہ کیا گیا ف۳۔

وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَیَزِیْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾

اور گر پڑتے ہیں اوپر ٹھوڑیوں کے روتے ہوئے اور زیادہ کرتا ہے اُن کو عاجزی کرنا ف۴۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ

کہہ پکارو اللہ کو یا پکارو رحمٰن کو۔ جسکو پکاروگے تم پس واسطے اسی کے ہیں

موضح القرآن

ف۱ سچ کے ساتھ اُترا یعنی بیچ میں بدلا نہیں گیا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ بعضی کتاب سے مطلب فقط معنی سمجھنے ہیں اور اسکے لفظ بھی پڑھنے سے غرض ہے کہ نور و برکت اُترتا ہے اسی واسطے سورتیں اور آیتیں جدا جدا رکھیں اور تھوڑا تھوڑا اُتارا ہر وقت کے موافق حکم۔

ف۳ یعنی اگلے کلام پہچاننے والے اس کو پہچانتے ہیں جو وعدہ تھا کہ آخر زمانے میں ایک کلام اُتریگا ٹھیک پاتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ نماز میں سجدہ دو بار ہوتا ہے اسواسطے دو بار فرمایا پہلی بار اس کلام کی تاثیر سے تعجب ہو دوسری بار عاجزی۔ ۱۲ منہ رح

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ

نام بہت اچھے - اور مت آواز بلند کر ساتھ نماز اپنی کے اور نہ بہت آہستہ کر

بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

ساتھ اسکے اور ڈھونڈھ درمیان اس کے راہ ۔ اور کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

جس نے نہیں پکڑی اولاد اور نہیں ہو واسطے اُسکے شریک بیچ بادشاہی کے

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

اور نہیں ہو واسطے اُسکے دوست بچانیوالا ذلت سے اور بڑائی کر اُسکو بڑائی کرنا ۔

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ کہف مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ

سب تعریف واسطے اللہ کے ہو جس نے اُتاری اُوپر بندے اپنے کے کتاب اور نہ

يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا

کی واسطے اُس کے کجی ۔ درحالانکہ وہ قائم رکھنے والی ہو تاکہ ڈراوے عذاب سخت سے

مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

پاس اُس کے سے اور بشارت دے ایمان والوں کو جو عمل کرتے ہیں

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

اچھے یہ کہ واسطے اُن کے ہے ثواب اچھا۔ رہنے والے بیچ اسکے

اَبَدًا ﴿۳﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿۴﴾

ہمیشہ۔ اور ڈراوے اُن لوگوں کو کہ کہتے ہیں پکڑی ہے اللہ نے اولاد ۔

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ

نہیں اُن کو ساتھ اس کے کچھ علم اور نہ باپوں اُنکے کو۔ بڑی بات ہے جو نکلتی ہے

مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّكَ

مونہوں اُن کے سے۔ نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ پس شاید کہ تو

موضح القرآن

ف۱ رحمان نام اللہ کا عرب لوگ جانتے تھے اپیر فرمایا کہ نام بہتیرے ہیں اللہ وہی ایک ہے اور پکارنے کی نماز میں بہت چلانا بھی نہیں اور بہت دبی آواز بھی نہیں بیچ کی چال پسند ہے ۱۲ منہ

ف۲ کوئی مددگار نہیں ذلت کے وقت یعنی اس پر کبھی ذلت ہی نہیں کہ مددگار چاہیئے بادشاہوں کے ہاں امیر زیر پڑجاتے ہیں اس سے کہ بُرے وقت ان کی رفاقت کئے ہوتے ہیں وہاں مذکور ہی نہیں ۱۲ منہ رحمہ

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا

ہلاک کرنے والا ہے جان اپنی کو اُوپر پیچھاڑی اُنکی کے جو نہ ایمان لاویں ساتھ اس

الْحَدِيْثِ اَسَفًا ﴿۶﴾ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً

بات کے مارے غم کے۔ تحقیق ہمنے کیا ہے جو کچھ اوپر زمین کے ہے زینت

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ

واسطے اسکے تاکہ آزماویں انکو کونسا انہیں سے بہتر ہے عمل میں ف۱۔ اور تحقیق ہم البتہ کرنیوالے ہیں

مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ﴿۸﴾ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ

جو کچھ اوپر اسکے ہے زمین بنجر ناقابل زراعت کے ف۲۔ کیا گمان کیا ہے تو نے یہ کہ رہنے والے

الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى

غار کے اور اس کھودی ہوئی کے تھے نشانیوں ہماری سے تعجب ف۳ جسوقت کہ جگہ پکڑی

الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

ان جوانوں نے طرف غار کی پس کہا انھوں نے اے رب ہمارے دے ہمکو پاس اپنے سے

رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا

رحمت اور تیار کر واسطے ہمارے کام ہمارے سے بھلائی۔ پس پردہ مارا ہمنے

عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ

اُوپر کانوں اُنکے کے یعنی سُلادیا اُنکو بیچ غار کے برس کتنے ایک۔ پھر اُٹھایا ہمنے اُنکو

لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾

تاکہ ظاہر کریں ہم کونسا دو جماعتوں میں کو خوب گننے والا تھا جتنی دیر کہ رہے تھے مدت سے ف۴۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

ہم بیان کریں گے اُوپر تیرے قصہ اُن کا ساتھ حق کے۔ تحقیق وہ کتنے جوان تھے کہ ایمان لائے

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

ساتھ رب کے اور زیادہ کی تھی ہمنے اُنکو ہدایت ف۵۔ اور باندھ دیا تھا ہمنے اوپر دلوں اُنکے کے

اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ

جسوقت کہ کھڑے ہوئے پس کہا انھوں نے پروردگار ہمارا پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا ہے ہرگز

نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾

نہ پکاریں گے ہم سوائے اس کے کسی معبود کو البتہ تحقیق کہی ہمنے اسوقت بات زیادہ ف۶۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسکی رونق پر دوڑ پڑتا اسکو چھوڑ کر آخر پکڑتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی گھاس اور درخت چھانٹ کر۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ دو فرقے یا تاریخ لکھنے والوں میں کوئی کہتے ہیں کوئی کہتے یاد ہی لکھتے ہیں کوئی کہتے یا دی اصحاب کہف جاگ کر ہمنے تجویز کرنے لگے کہ ہم کیدن سوتے رہے کہنے لگے اس کو کم ۱۲ منہ

ف۴ یعنی ایمان کو زیادہ درجہ دیا اولیا کا۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ ایک شہر کا بادشاہ تھا ظالم جو اسکے بتوں کو نہ پوجتا اسکو عذاب سے مارتا یا بت پوجتا یہ کئی جوان انکے نوکروں کے بیٹے تھے کوئی نانبائی کا کوئی باورچی اسی طرح کسی نے ان کی چغلی کی اسنے زبردستی بلوایا اسوقت حقتعالی نے انکے دل پکر دیے یعنی ثابت رکھا کہ اپنی بات صاف کہدی وقت بادشاہ نے موقوف رکھا اور شہر سے باہر گیا تاکہ ان سے بت پوجنا قبول کرواے یہ بامدد بروں وہ گیا اور سب چھپ چھپ نکل گئے۔ ۱۲ منہ رح

هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا
اس قوم ہماری نے پکڑے ہیں سوائے اس کے معبود - کیوں نہیں
يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
لاتے اوپر ان کے دلیل ظاہر - پس کون شخص ہے بہت ظالم اس شخص سے
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ⑮ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا
کہ باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ - اور جب ایک گوشہ ہو جاؤ تم اُن سے اور اس چیز کو
يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ
کہ عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے پس جگہ پکڑو طرف غار کی کہ پھیلائے واسطے تمہارے رب تمہارا
مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ⑯ وَ
رحمت اپنی طرف سے اور تیار کرے واسطے تمہارے کام تمہارے سے سبب آرام کا ف۱ - اور
تَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ
دیکھے تو آفتاب کو کہ جب طلوع کرتا ہے جھک جاتا ہے غار اُنکے سے داہنی
الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ
طرف اور جب غروب کرتا ہے کترا جاتا ہے اُن سے بائیں طرف اور وہ
فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ
بیچ میدان کشادہ کے ہیں اس سے - یہ نشانیاں اللہ کی سے ہے - جس کو ہدایت کرے
اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا
اللہ پس وہی ہے راہ پانیوالا - اور جسکو گمراہ کرے پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے اسکے کوئی دوست
مُّرْشِدًا ⑰ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖۗ وَّ
راہ بتانے والا ف۲ - اور گمان کرے تو اُن کو جاگتے اور وہ ہیں سوتے - اور
نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖۗ وَكَلْبُهُمْ
کروٹیں بدلواتے ہیں ہم اُن کو داہنی طرف اور بائیں طرف - اور کتا اُن کا
بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ
پھیلا رہا ہے دونو ہاتھ اپنے بیچ دہان غار کے - اگر جھانکے تو اوپر اُن کے
لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ⑱ وَ
البتہ پیٹھ پھیرے تو اُن سے بھاگ کر اور البتہ بھر جاوے تو اُن سے رعب کر ف۳ - اور

موضح القرآن

ف۱ اس شہر سے نکل کر پاس ایک پہاڑ میں کھوہ تھی آپسمیں مشورہ کرکے وہاں جا بیٹھے نیند غالب ہوئی سو گئے کسی کو معلوم نہ ہوا تب سے اب سوتے ہیں بیچ میں ایکبار اللہ نے جگا دیا تھا جس سے لوگوں پر خبر کھلی پھر سو رہے - ۱۲ منہ رح -

ف۲ حقتعالی کی قدرت سے نہ اس مکان میں ان پر دھوپ آوے نہ مینھ نہ برف اور کھلی جگہ ہے تنگ خفہ نہیں - ۱۲ منہ رح -

ف۳ کہتے ہیں سوتے میں ان کی آنکھیں کھلی ہیں اس سے کوئی جانے جاگتے ہیں اور حق تعالی نے اس مکان میں دہشت رکھی ہے تا لوگ تماشا نہ پکڑیں کہ وہ بے آرام ہوں انکے ساتھ ایک کتا بھی لگ گیا تھا وہ بھی زندہ رہ گیا اگرچہ کتا رکھنا برا ہے لیکن نیکوں میں ایک بھلا ہے - ۱۲ منہ رح -

منزل ۴

ع ۵ / ۲ / ۱۴

كَذَٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ

اسی طرح اُٹھا دیا ہمنے انکو تا کہ سوال کریں ایک دوسرے سے آپس میں کہا ایک کہنے والے نے انمیں سے

كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوا

کتنا رہے تم - کہا انھوں نے رہے ہم ایک دن یا تھوڑا دن میں سے - کہا انھوں نے

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا أَحَدَكُم بِوَرِقِكُمْ

پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے جتنا رہے تم - پس بھیجو ایک اپنے کو ساتھ روپے اپنے کے

هَٰذِهِ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا

جو یہ ہے طرف شہر کی پس چاہیے کہ دیکھے کونسا انمیں سے پاکیزہ ہے کھانا

فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا

پس لے آوے تمہارے پاس رزق انمیں سے اور چاہیے کہ نرم نرمی کرے اور نہ

يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾ إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ

جتا دے ساتھ تمہارے کسی کو ف۱ - تحقیق وہ اگر غالب ہو جاویں اوپر تمہارے سنگسار کرینگے تمکو

أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾

یا پھیر لے جاویں تمکو بیچ دین اپنے کے اور ہرگز نہ چھوٹوگے تم اُس وقت کبھی -

ف۱ لکھا ہے کہ حضرت ادریسؑ پہلے تھے حضرت نوح علیہ السلام سے حساب ستاروں کی چال کا اور سینا کہتے ہیں ان سے سیکھا خلق نے ملک الموت ان سے آشنا تھا ایک بار آزمانے کو اپنی جان بدن سے نکلوائی پھر ڈالدی اور بہشت کی سیر مانگی پھر وہاں رہ گئے اللہ کے حکم سے حضرت علے تھے معراج کی رات آسمان پر اور بعضے کہتے ہیں حضرت الیاس کا لقب ہے ادریس یہ بنی اسرائیل میں پیغمبر ہوئے تھے خضر کی طرح یہ بھی زندہ رہ گئے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ بک بک نہ سنیں گے اور سلام علیک کی آواز بلند سنیں گے ۱۲ منہ رح

ف۳ میراث آدم کی کہ اول ان کو بہشت ملی ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَ

مگر ساتھ حکم رب تیرے کے واسطے اسکے ہی جو آگے ہمارے ہی اور جو کچھ پیچھے ہمارے ہے اور

مَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمَاوَاتِ

جو کچھ درمیان اسکے ہے۔ اور نہیں ہے پروردگار تیرا بھولنے والا ف۱۔ پروردگار آسمانوں کا

وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ

اور زمین کا اور اس چیز کا کہ درمیان اُنکے ہے پس عبادت کر اسی کو اور صبر کر واسطے عبادت اسکی کے۔

هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا

کیا جانتا ہے تو واسطے اسکے ہمنام ف۲۔ اور کہتا ہے آدمی کیا جب

مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا

مر جاؤنگا میں البتہ نکالا جاؤں گا میں زندہ۔ کیا نہیں یاد کرتا انسان یہ کہ

خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ

ہمنے پیدا کیا تھا اس کو پہلے اس سے اور نہ تھا کچھ۔ پس قسم ہے رب تیرے کی

لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ

البتہ اکٹھا کریں گے ہم اُنکو ساتھ شیطانوں کے پھر البتہ حاضر کریں گے ہم اُنکو گرد دوزخ کے

جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ

زانو پر گرے ہوئے ف۳ پھر البتہ کھینچ لیویں گے ہر جماعت سے جو اُن میں سے اشد ہے

عَلَى الرَّحْمَٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ

اُوپر باری تعالیٰ کے سرکشی میں۔ پھر البتہ ہم خوب جانتے ہیں اُن لوگوں کو کہ وہ

أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

بہت لائق ہیں ساتھ اسکے داخل ہونے میں۔ اور نہیں کوئی تم میں سے مگر گذرنیوالا ہے اُوپر اسکے ہے

عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا

اُوپر پروردگار تیرے کے لازم ادا کیا گیا۔ پھر نجات دینگے ہم اُنکو جو پرہیزگاری کرتے ہیں

وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ

اور چھوڑ دیں گے ہم ظالموں کو بیچ اسکے گرے ہوئے ف۴۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں اُوپر اُنکے

آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ

نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں کونسا

موضح القرآن

ف۱ ایکبار جبرئیل کئی روز نہ آئے جب آئے حضرتؐ نے کہا تم ہر روز کیوں نہیں آتے اللہ تعالیٰ نے یہ کلام سکھایا جبرئیل کو کہ جواب یوں کہو کلام ہے اللہ کا جبرئیل کی طرف سے جیسا ایاک نعبد و ایاک نستعین ہم کو ہمارے آگے پیچھے کہا آسمان و زمین کو اُترتے ہوئے زمین آگے آسمان پیچھے چڑھتے ہوئے وہ پیچھے یہ آگے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ مشرک نام سب اُنکی صفت ہیں یعنی کوئی ہے اس صفت کا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ مارے دہشت کے کھڑے سے گر پڑیں گے اور چین سے بیٹھ نہ سکینگے یہی ہے گھٹنوں پر گرنا ۱۲ منہ رح

ف۴ بہشت کو راہ نہیں مگر دوزخ کے مُنہ میں تنور کی شکل دوزخ ہے مُنہ اسکا دنیا سے بڑا اُسکا ہے سی کیا ہے ایک راہ پڑی ہے بال برابر تیز جیسے تلوار اور کانٹے ایمان والے اس پر سے سلامت گذر جاویں گے اور گنہگار گر پڑیں گے پھر موافق عمل کئی روز کے نکلیں گے اور شفاعت سے اور ارحم الراحمین کی مہر سے آخر جس نے کلمہ کہا ہے سچے دل سے سب نکلیں گے اور کافر رہ جاویں گے پھر اس کا مُنہ بند ہوگا۔ ۱۲ منہ رح۔

الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّأَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا

دو فرقوں میں بہتر ہے جگہ میں اور بہتر ہے مجلس میں ف۱۔ اور کتنے ہلاک کئے ہیں ہم نے

قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَّرِئْيًا ﴿۷۴﴾ قُلْ

پہلے اُن سے قرن وہ بہتر تھے اسباب میں اور نمود میں۔ کہہ

مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ

جو شخص کہ ہے بیچ گمراہی کے پس چاہیئے کہ کھینچ لیجاوے اسکو رحمن خوب کھینچنا ف۲

حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا

یہاں تک کہ جب دیکھیں جو وعدہ دئیے جاتے ہیں یا عذاب کا اور یا

السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضْعَفُ

قیامت کا۔ پس البتہ جانیں گے کونسا بدتر ہے مکان میں اور بودا ہے

جُندًا ﴿۷۵﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ وَ

لشکر میں ف۳۔ اور زیادہ دیتا ہے اللہ اُن لوگوں کو کہ راہ پائی ہے راہ پانا۔ اور

الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں نزدیک پروردگار تیرے کے ثواب میں اور بہتر ہیں

مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ

پھر آنے میں ف۴۔ آیا پس دیکھا تو نے اس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھ نشانیوں ہماری کے اور کہا البتہ دیا جاؤں گا

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۷۷﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ

میں مال اور اولاد ف۵۔ کیا جھانک آیا ہے غیب کو یا لیا ہے نزدیک اللہ کے سے

عَهْدًا ﴿۷۸﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ

عہد۔ ہرگز نہیں۔ یہ البتہ لکھیں گے ہم جو کہتا ہے وہ اور لمبا کریں گے ہم اس کو

الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾ وَّنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿۸۰﴾

عذاب سے لمبا کرنا۔ اور وارث کرینگے ہم اسکو اس چیز کا کہ کہتا ہے اور آویگا ہمارے پاس اکیلا ف۶

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ

اور پکڑتے ہیں وہ سوائے اللہ کے معبود تاکہ ہوویں واسطے ان کے

عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ

عزت۔ ہرگز نہیں۔ یہ البتہ کفر کرینگے ساتھ عبادت انکی کے اور ہوویں گے دشمن اوپر ان کے

ف۱ یعنی دنیا کی رونق میں مقابلہ دیتے ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بہکاوے میں جانے دے کیونکہ دنیا جانچنے کی جگہ ہے بھلا برا پاویں گے آخرت میں یہاں نیک و بد بھلائی برائی میں شامل ہیں۔ منہ

ف۳ فوج یعنی مددگار کافر اپنا مددگار سمجھتے ہیں بتوں کو اور ایمان والے اللہ کو۔ منہ

ف۴ یعنی دنیا کی رونق رب کے ہاں کام کی نہیں نیکیاں رہیں گی اور دنیا نہ رہیگی۔ ۱۲ منہ

ف۵ ایک کافر کا ادھار ایک بار مسلمان کو دینا تھا اس سے کہنے لگا تو مسلمانی سے منکر ہو تو تیری مزدوری دوں اُسنے کہا اگر تو مرے اور پھر جیوے تو بھی میں منکر نہ ہوں اُسنے کہا اگر پھر جیوں گا تو بھی مال اور اولاد وہاں بھی ہوگا تجھ کو مزدوری وہاں دیدوں گا اسی پر یہ فرمایا یعنی وہاں دولت ملتی ہے کیا یہ کافر چاہے کہ یہاں کی دولت وہاں ملے سو نہیں ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۶ جو بتاتا ہے یعنی مال اور اولاد وہی کافر کے دونوں بیٹے مسلمان ہوئے۔ منہ

ضِدًّا ﴿۸۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
مخالف۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ بھیجا ہے شیطانوں کو اوپر کافروں کے

تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿۸۳﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ
بڑکاتے ہیں انکو بڑکانا کر۔ پس مت جلدی کر اوپر انکے سوائے اسکے نہیں کہ گنتے جاتے ہیں ہم واسطے انکے

عَدًّا ﴿۸۴﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾
گنتے جانا۔ اس دن کہ جمع کریں گے ہم پرہیزگاروں کو طرف رحمان کی مہمان۔

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿۸۶﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ
اور ہانکیں گے ہم گنہگاروں کو طرف دوزخ کی پیاسے۔ نہیں اختیار پاویں گے

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ۘ
شفاعت کا مگر جس نے کر لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ف۱۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ۭ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔـا
اور کہا انھوں نے پکڑی ہے اللہ نے اولاد۔ البتہ تحقیق لائے تم ایک چیز

اِدًّا ﴿۸۹﴾ۙ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
بھاری ف۲۔ نزدیک ہیں آسمان کہ پھٹ جاویں اس سے اور پھٹ جاوے

الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ۙ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ
زمین اور گر پڑے پہاڑ کانپ کر۔ اس پر کہ دعویٰ کیا انھوں نے واسطے اللہ کے

وَلَدًا ﴿۹۱﴾ۚ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾ۭ
اولاد کا۔ اور نہیں لائق واسطے رحمان کے یہ کہ پکڑے اولاد۔

اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ
نہیں کوئی شخص کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے مگر آتا ہے رحمان کے پاس

عَبْدًا ﴿۹۳﴾ۭ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾ۭ وَكُلُّهُمْ
بندہ ہو کر۔ البتہ تحقیق گھیر لیا ہے انکو اور گن لیا ہے انکو گن لینے کر۔ اور سب وہ

اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
آنے والے ہیں دن قیامت کے اکیلے ہو کر۔ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ فَاِنَّمَا
اچھے البتہ کرے گا واسطے ان کے رحمان محبت ف۳۔ پس سوائے اسکے نہیں

ع ۵ / ۸

وقف لازم

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس کو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کریگا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی بھاری گناہ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ان سے محبت کرے گا یا اُن کے دل میں اپنی محبت پیدا کریگا یا خلق کے دل میں انکی محبت۔ ۱۲ منہ رح

فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ

کر آسان کیا ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان تیری کی تاکہ بشارت دے تو ساتھ اسکے پرہیزگاروں کو اور ڈراوے

بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ

ساتھ اسکے قوم جھگڑنیوالوں کو۔ اور بہت ہلاک کئے ہم نے پہلے اُس سے قرن۔

هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾

کیا دیکھتا ہے تو اُن میں سے کسی کو یا سُنتا ہے واسطے اُن کے کھٹکا۔

النصف ع ٦/١٤

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو پینتیس آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

طٰهٰ ﴿١﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿٢﴾ اِلَّا

نہیں اُتارا ہم نے اُوپر تیرے قرآن تاکہ رنج کھینچے۔ مگر

تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٣﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ

نصیحت واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے۔ اُتارا ہے گیا اُسکی طرف سے کہ جس نے پیدا کیا

الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿٤﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ

زمین کو اور آسمانوں بلند کو۔ وہ رحمٰن ہے اُوپر عرش کے

اسْتَوٰى ﴿٥﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

قرار پکڑا اُس نے واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے اور جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے

وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿٦﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ

اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے۔ اور اگر پکار کر کہے تو بات پس تحقیق وہ جانتا ہے

السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ

چھپے بھید کو اور بہت چھپے کو ف۱۔ اللہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ۔ واسطے اُسی کے ہیں نام

وقف لازم

الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ

اچھے ف۲۔ اور کیا آئی ہے تیرے پاس بات موسٰے کی۔ جس وقت

رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْٓ

دیکھی اُس نے آگ پس کہا واسطے اہل اپنے کے رہ جاؤ تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ شاید کہ

مُوضح القرآن

ف۱ چھپا جو آہستہ بولے اور اس سے چھپا جو دل میں ہو۔ ۱۲ منہ

ف۲ کافر جب رحمٰن سنتے تو کہتے تم ایک کو ٹھیراؤ کبھی کسی کو پکارتے ہو کبھی کسی کو۔ ۱۲ منہ

ع ١٢/١٥

آتِيكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝١٠

لے آؤں میں تمہارے پاس اس میں سے انگارا یا پاؤں اوپر آگ کے راہ بتانے والا ف۱۔

فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ يَا مُوسَىٰ ۝١١ إِنِّي أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ

پس جب آیا اس کے پاس پکارا گیا اے موسیٰ۔ تحقیق میں ہوں پروردگار تیرا پس اتار ڈال

نَعْلَيْكَ ۖ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝١٢ وَأَنَا

دو نو جوتیاں اپنی۔ تحقیق تو بیچ میدان پاک کے ہے کہ نام اسکا طویٰ ہے ف۲۔ اور میں نے

اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحَىٰ ۝١٣ إِنَّنِي أَنَا اللَّهُ لَا إِلَٰهَ

پسند کیا تجھ کو پس سن جو کچھ کہ وحی کی جاتی ہے۔ تحقیق میں ہی ہوں اللہ نہیں کوئی معبود

إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي ۝١٤ إِنَّ

مگر میں پس عبادت کر میری اور قائم رکھ نماز کو واسطے یاد میری کے۔ تحقیق

السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ

قیامت آنے والی ہے نزدیک ہے کہ چھپا ڈالوں میں اس کو تا کہ بدلا دیا جاوے ہر جی

بِمَا تَسْعَىٰ ۝١٥ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَا يُؤْمِنُ

ساتھ اس چیز کے کہ کرتا ہو ف۳۔ پس نہ بند کرے تجھ کو تکرار سے اسکے وہ شخص کہ نہیں ایمان لاتا

بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَىٰ ۝١٦ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ

ساتھ اسکے اور پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی پس ہلاک ہو جاوے ف۴۔ اور کیا ہے بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے

يَا مُوسَىٰ ۝١٧ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَ

اے موسیٰ۔ کہا کہ یہ ہے عصا میرا۔ تکیہ کرتا ہوں میں اوپر اسکے اور

أَهُشُّ بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَىٰ ۝١٨

پتے جھاڑتا ہوں میں ساتھ اسکے اوپر بکریوں اپنی کے اور میرے واسطے بیچ اس کے فائدے ہیں اور

قَالَ أَلْقِهَا يَا مُوسَىٰ ۝١٩ فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ

کہا ڈال دے اس کو اے موسیٰ۔ پس ڈال دیا اس کو پس ناگہاں وہ سانپ تھا

تَسْعَىٰ ۝٢٠ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيدُهَا

دوڑتا۔ کہا پکڑ لے اس کو اور مت ڈر۔ ابھی پھیر دیں گے ہم اس کو

سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ ۝٢١ وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ

طرح پہلی میں ف۵۔ اور ملا لے ہاتھ اپنا طرف بازو اپنے کے

موضح القرآن

ف۱ یہ قصہ سورۂ قصص اور طٰہٰ اور اعراف میں سے پورا معلوم ہوگا۔ جب حضرت موسیٰ مدین سے مصر کو آتے تھے عورت اور بکریاں ساتھ لیکر جنگل میں رات کی سردی میں راہ بھولے اور عورت کو جننے کا درد ہوا۔ دور سے آگ نظر آئی وہ آگ تھی اللہ کا نور تھا ان سے کلام کیا اور نبی کر کر فرعون کیطرف بھیجا۔ پیچھے عورت اپنے باپ کے گھر پہنچ رہی ۱۲ منہ رح

ف۲ وہ میدان آگے سے شاید بزرگ تھا یا اب ہوگیا اُنکی پاپوشیں ناپاک تھیں یہود یہ نہیں سمجھے پاک موزہ یا پوشش بھی نماز میں اُتارتے ہیں۔ ہمارے پیغمبر نے فرمایا تم نماز پڑھو موزے سے پاپوش سے اگر پاک ہوں کسی کو نہیں بتاتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ موسیٰ کو بھی پہلے وحی میں نماز کا حکم ہوا اور ہمارے پیغمبر کو بھی تکبیر تحریمہ اور

(باقی صفحہ ۴۲۳ پر)

منزل ۴

تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ۝٢٢ لِنُرِيَكَ
نکل آویگا سفید بغیر برائی کے نشانی اور واسطے تاکہ دکھلاویں ہم تجھ کو
مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۝٢٣ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ
نشانیوں اپنی بڑی سے ۔ جا طرف فرعون کی تحقیق اس نے
طَغٰى ۝٢٤ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝٢٥ وَيَسِّرْ لِيْٓ
سرکشی کی ہے ۔ کہا اے رب میرے کھول دے واسطے میرے سینہ میرا ۔ اور آسان کر واسطے میرے
اَمْرِيْ ۝٢٦ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝٢٧ يَفْقَهُوْا
کام میرا ۔ اور کھول دے گرہ زبان میری سے ۔ تاکہ سمجھیں
قَوْلِيْ ۝٢٨ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ۝٢٩ هٰرُوْنَ
بات میری ف۵ ۔ اور کر واسطے میرے وزیر اہل میرے سے ۔ ہارون
اَخِي ۝٣٠ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ۝٣١ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ۝٣٢
بھائی میرا ۔ مضبوط کر ساتھ اسکے قوت میری ۔ اور شریک کر اسکو بیچ کام میرے کے ف۶
كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۝٣٣ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ۝٣٤ اِنَّكَ كُنْتَ
تاکہ پاکی بیان کریں ہم تیری بہت ۔ اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت ۔ تحقیق تو ہے
بِنَا بَصِيْرًا ۝٣٥ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ۝٣٦
ہم کو دیکھنے والا ۔ کہا کہ تحقیق دیا گیا تو سوال اپنا اے موسیٰ ۔
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ۝٣٧ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى
اور البتہ تحقیق احسان کیا تھا ہم نے اوپر تیرے ایک بار اور ۔ جس وقت کہ وحی ڈالی ہم نے طرف
اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ۝٣٨ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ
ماں تیری کو وہ چیز کہ وحی کی جاتی ہے اب ف۷ ۔ یہ کہ ڈال دے اسکو بیچ صندوق کے پس ڈال دے اسکو
فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ
بیچ دریا کے پس چاہئے کہ ڈال دے اس کو دریا کنارے پر لے لیوے اسکو دشمن
لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ڬ وَ
میرا اور دشمن اس کا ۔ اور ڈال دی میں نے اوپر تیرے محبت اپنی طرف سے ۔ او
لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْٓ ۝٣٩ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ
تاکہ پرورش کیا جاوے تو اوپر آنکھوں میری کے ف۸ ۔ جس وقت کہ چلتی تھی بہن تیری پس کہتی تھی

(بقیہ صفحہ ۴۳۱)

قیامت کو چھپاتا ہوں یعنی وقت کسی کو نہیں بتاتا ۔ ۱۲ منہ

ف۴ : روک دے ہمیں یعنی قیامت کے یقین لانے سے یا نماز سے جب اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو مجھ کی صحبت سے منع کیا تو اور کوئی کیا ہے ۱۲ منہ رح

ف۵ یعنی پھر وہ بیٹھی ہو جائے گی ۔ ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ بری طرح یعنی آزار سے سفید نہیں ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ سینہ کشادہ کر یعنی جلد خفا نہ ہوں اور زبان کا آپ میں جل گئی تھی صاف نہ بول سکتے تھے ۱۲ منہ رح۔

ف۳ ایسے بڑے پیغمبروں کو خلق کی طرف بہت خیال نہیں ہوتا ۔ ایک پیش کار چاہئے کہ خلق کو بیچ میں سمجھادے ہمارے پیغمبر کے آگے ابوبکر تھے اول پیغمبری کے

(باقی صفحہ ۴۳۳ پر)

هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ

کیا دلالت کروں میں تم کو اوپر اُس شخص کے کہ پالے اس کو پس پھیر لائے ہم تجھ کو طرف ماں تیری کے

كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ ؕ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ

تا کہ ٹھنڈی ہوں آنکھیں اُس کی اور نہ غم کھاوے اور مار ڈالا تھا تو نے ایک جان کو پس نجات دی ہم نے

مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ

تجھ کو غم سے اور آزمایا ہم نے تجھ کو آزمانا۔ پس رہا تو کئی برس بیچ

اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ یّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾

لوگوں مدین کے۔ پھر آیا تو اوپر اندازے کے اے موسیٰ۔

وَ اصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَ اَخُوْكَ

اور پسند کر لیا میں نے تجھ کو واسطے ذات اپنی کے۔ جا تو اور بھائی تیرا

بِاٰیٰتِیْ وَ لَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ

ساتھ نشانیوں میری کے اور مت سستی کرو بیچ یاد میری کے۔ جاؤ تم دونوں طرف فرعون کے

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ۚۖ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ

تحقیق اُس نے سرکشی کی۔ پس کہو اُس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا

یَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَاۤ

ڈرے۔ کہا دونوں نے اے رب ہمارے تحقیق ہم ڈرتے ہیں یہ کہ جلدی کرے اوپر ہمارے

اَوْ اَنْ یَّطْغٰى ﴿۴۵﴾ قَالَ لَا تَخَافَاۤ اِنَّنِیْ مَعَكُمَاۤ اَسْمَعُ

یا یہ کہ سرکشی کرے۔ کہا مت ڈرو تحقیق میں ہوں ساتھ تمہارے سنتا ہوں

وَ اَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِیٰهُ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا

اور دیکھتا ہوں۔ پس جاؤ اس کے پاس پس کہو تحقیق ہم دونوں بھیجے ہوئے ہیں رب تیرے کے پس بھیج ساتھ ہمارے

بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ وَ لَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ

بنی اسرائیل کو۔ اور مت عذاب کر اُن کو۔ تحقیق ہم لائے ہیں تیرے پاس نشانی

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَ السَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾

رب تیرے سے۔ اور سلامتی اوپر اس شخص کے ہے کہ پیروی کرے ہدایت کی۔

اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَاۤ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ

تحقیق وحی کی گئی طرف ہماری یہ کہ عذاب اوپر اس شخص کے ہے کہ جھٹلاوے

(بقیہ صفحہ ۴۲۳) وقت بہت لوگ ان کے سمجھانے سے ایمان میں آئے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ ان کی ماں کو یہ بات خواب میں کہی اس سے پیغمبر نہ ہو گئیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ فرعون اس برس بنی اسرائیل کے بیٹے مارتا تھا جب موسیٰ پیدا ہوئے ماں ڈری کہ فرعون کے پیادے خبر پاویں تو مار ہی ڈالیں اور ماں باپ کو ستاویں ظاہر کیونکر کیا۔ تب خواب میں یہ دیکھا کہ صندوق نہر میں ڈال دیا وہ فرعون کے باغ میں پہنچا اس کی بی بی نے اٹھا لیا اُن کا نام آسیہ وہ تھیں بنی اسرائیل میں کی پھر فرعون کو بھی دیکھ کر محبت آئی اپنا بیٹا کر کر پالا۔ ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ یہ سارا قصہ سورۂ قصص میں ہے ۱۲ منہ رح

وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا

اور منہ پھیرے۔ کہا فرعون نے پس کون ہے پروردگار تمہارا اے موسیٰ۔ کہا موسیٰ نے رب ہمارا

الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ

وہ شخص ہے جس نے دی ہر چیز کو پیدائش اس کی پھر راہ دکھائی ف۱۔ کہا

فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ

فرعون نے پس کیا ہے حال قرنوں پہلے کا۔ کہا کہ علم اُن کا نزدیک پروردگار میرے کے ہے

فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾ الَّذِيْ

بیچ کتاب کے۔ نہیں بھٹک جاتا ہے رب میرا اور نہ بھول جاتا ہے ف۲۔ جس نے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا

کیا واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور بنائیں واسطے تمہارے بیچ اس کے راہیں

وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ

اور اُتارا آسمان سے پانی۔ پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے اقسام

نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ

روئیدگی کے مختلف۔ کھاؤ اور چگاؤ جانوروں اپنے کو۔ تحقیق بیچ

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿٥٤﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا

اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ف۳۔ اس سے پیدا کیا ہم نے تمکو اور بیچ اسکے

نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ

دوبارہ لیجاویں گے ہم تمکو اور اس میں نکالیں گے ہم تمکو ایک بار اور۔ اور البتہ تحقیق

اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا

دکھائیں ہم نے اسکو نشانیاں اپنی سب پس جھٹلایا اور نہ مانا۔ کہا کیا آیا ہے تو ہمارے پاس

لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ

تاکہ نکال دیوے ہمکو زمین ہماری سے ساتھ جادو اپنے کے اے موسیٰ۔ پس البتہ لاوینگے ہم تیرے

بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا

پاس جادو مانند اسکے پس مقرر کر درمیان ہمارے اور درمیان اپنے ایک وعدہ گاہ نہ

نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ

خلاف کریں اس کا ہم اور نہ تو مکان ہموار۔ کہا وعدہ گاہ تمہاری

موضح القرآن

ف۱ یعنی کھانے پینے کا ہوش دیا بچے کو دودھ پینا وہ نہ سکھاوے تو کوئی نہ سکھا سکے ۱۲ منہ

ف۲ فرعون شاید دہری مزاج تھا آدمیوں کی پیدائش سمجھتا تھا جیسے برسات کا سبزہ نہ اول کسی نے پیدا کیا آپ پیدا ہو گیا نہ آخر باقی رہا گل کر مٹی ہو گیا جب سنا کہ سب کے سر پر ایک رب ہے تب پوچھا کہ اگلی خلق کہاں گئی بتایا کہ انکا حساب لکھا ہوا موجود ہے ایک ایک آدمی پھر حاضر ہوگا ۱۲ منہ

ف۳ یہ اللہ کلام فرماتا ہے دہریوں کی آنکھ کھولنے کو اسکی تدبیریں اور قدرتیں دیکھو اگر عقل ہے سمجھ لوگے ۱۲ منہ

يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَ اَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى

دن زینت کا ہے اور یہ کہ اکٹھے کئے جاویں لوگ دن چڑھے ول۔ پس پھر گیا

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى

فرعون پس جمع کیا مکر اپنا پھر آیا۔ کہا واسطے ان کے موسیٰ نے

وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ

اے وائے تمکو مت باندھو اوپر خدا کے جھوٹ پس فنا کر دے گا تمکو ساتھ عذاب کے

وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے جھوٹ باندھا۔ پس جھگڑنے لگے کام اپنے میں درمیان اپنے

وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ

اور چھپایا مصلحت کو۔ کہا انھوں نے تحقیق یہ جادوگر ہیں

يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا

چاہتے ہیں کہ نکال دیں تمکو زمین تمھاری سے ساتھ جادو اپنے کے اور لے جاویں

بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا

راہ تمھاری بہتر کو۔ پس جمع کرو مکر اپنا یعنی تدبیر پھر آؤ

صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا

صف باندھ کر۔ اور تحقیق فلاح پائی آج کے دن اس شخص نے کہ غالب آیا۔ کہا انھوں نے

يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ

اے موسیٰ یا یہ کہ تو ڈال دے اور یا ہوں ہم پہلے

اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ

ڈالنے والے۔ کہا بلکہ ڈالو تمھیں پس ناگہاں رسیاں ان کی اور لاٹھیاں ان کی

يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ

خیال بندھا تھا طرف اسکی جادو ان کے سے یہ کہ وہ دوڑتے ہیں۔ پس چھپایا

فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ

بیچ جی اپنے کے ڈر موسیٰ نے۔ کہا ہمنے مت ڈر تحقیق

اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا

تو ہے غالب۔ اور ڈال جو بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے نگل جاویگا اس چیز کو جو

موضح القرآن

ول دنگل میں مقابلہ کرنے سے دونوں کو غرض تھی وہ چاہے کہ انکو ہراوے سب کے روبرو یہ چاہیں کہ وہ ہارے۔ جشن کا دن تھا مصر کے شہر میں مقرر تھا فرعون نے ساحر جمع کئے اور سب امیروں کو یہی بات پڑھائی تب حضرت موسیٰ نے ہر شخص کو نصیحت کر دی جُدا جُدا۔ ۱۲ مت رح۔

منزل ۴

صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ

بنایا ہے انھوں نے۔ تحقیق جو کچھ بنایا ہے انھوں نے مکر جادوگر کا ہے۔ اور نہیں فلاح پاتا جادوگر

حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا

جہاں آتا ہے۔ پس ڈالے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے کہنے لگے ایمان لائے ہم

بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ

ساتھ رب ہارون اور موسیٰ کے۔ کہا ایمان لائے تم واسطے اسکے پہلے اس سے کہ حکم کروں

لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ

میں تمکو۔ تحقیق وہ البتہ بڑا تمہارا ہے جس نے سکھایا ہے تمکو جادو۔ پس البتہ کاٹوں گا میں

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ

ہاتھوں تمہارے کو اور پاؤں تمہارے کو خلاف سے اور البتہ سُولی دونگا میں تمکو

فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا

بیچ شاخوں کھجور کے اور البتہ جانو گے تم کونسا ہم میں اشد ہے عذاب میں

وَّاَبْقٰى ﴿۷۱﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰي مَا جَاۗءَنَا مِنَ

اور بہت باقی رہنے والا ہے ف ۱۔ کہا انھوں نے ہرگز نہ اختیار کرینگے ہم تجھ کو اوپر اس چیز کے کہ آئی ہے ہمارے

الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ

پاس دلیلوں سے اور اس شخص کے کہ پیدا کیا اس نے ہمکو پس حکم کر جو کچھ تو حکم کرنے والا ہے۔

اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۷۲﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا

سوائے اسکے نہیں کہ حکم کریگا تو بیچ اس زندگانی دنیا کے۔ تحقیق ہم ایمان لائے ساتھ پروردگار اپنے

لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ

کے تاکہ بخشے واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور وہ چیز کہ زبردستی کی ہے تو نے ہمکو اوپر اسکے جادو سے۔

وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۷۳﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا

اور اللہ بہت بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے ف ۲۔ تحقیق بات یہ ہے کہ جو کوئی آوے رب اپنے کے پاس گنہگار ہو کر

فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰي ﴿۷۴﴾ وَ

پس تحقیق واسطے اسکے دوزخ ہے۔ نہ مرے گا بیچ اس کے اور نہ جئے گا۔ اور

مَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ

جو کوئی آوے اس کے پاس ایمان والا ہو کر تحقیق عمل کئے ہوں اچھے پس یہ لوگ

موضح القرآن

ف ۱ تمہارا بڑا جس نے جادو سکھایا یہ شاید کہنے لگا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف ۲ زور آوری کروایا کہتے ہیں جادوگر حضرت موسیٰ کے نشان دیکھ کر سمجھ گئے تھے کہ یہ جادو نہیں مقابلہ نہ کرینگے۔ پھر فرعون کی خاطر سے کیا شاید فرعون جو ڈراتا تھا سوال پر کر نہ سکا۔ دل میں ڈر گیا موسیٰ کی نشانی سے۔ ۱۲ منہ رح

نصف الربع

النصف

لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝۷۵ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

واسطے اُن کے درجے ہیں بلند۔ بہشتیں ہمیش رہنے کی چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

نیچے اُن کے سے نہریں ہمیش رہنے والے بیچ اسکے۔ اور یہی ہے بدلا اُس شخص کا

مَنْ تَزَكّٰى ۝۷۶ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۥ اَنْ اَسْرِ

جو پاک ہوا۔ اور البتہ تحقیق وحی کی ہمنے طرف موسیٰ کی یہ کہ راتوں لے چل

بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا

بندوں میرے کو پس مار واسطے اُن کے راہ بیچ دریا کے خشک نہ

تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝۷۷ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ

ڈرے گا تو پالینے سے اور نہ خطرہ کرے گا۔ پس پیچھے لگا اُن کے فرعون

بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝۷۸ وَ

ساتھ لشکروں اپنے کے پس ڈھانک لیا انکو دریا میں سے جس چیز نے کہ ڈھانک لیا انکو۔ اور

اَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝۷۹ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

گمراہ کیا فرعون نے قوم اپنی کو اور نہ راہ دکھائی۔ اے بنی اسرائیل

قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ

تحقیق نجات دی ہمنے تمکو دشمن تمہارے سے اور وعدہ کیا ہمنے تمکو کنارے طور

الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝۸۰ كُلُوْا

برکت والے کے اور اتارا ہمنے اُوپر تمہارے من اور سلویٰ۔ کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ

پاکیزہ اس چیز سے کہ دی ہے ہمنے تمکو اور مت سرکشی کرو بیچ اسکے پس اُتریگا

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ

اُوپر تمہارے غصہ میرا۔ اور جو کوئی اُترے اُوپر اس کے غصہ میرا پس تحقیق

هَوٰى ۝۸۱ وَاِنِّىْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

بگڑا وہ ف۔ اور تحقیق میں بخشنے والا ہوں واسطے اس شخص کے کہ پھر آیا اور ایمان لایا اور کام کئے

صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۝۸۲ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ۝۸۳

اچھے پھر راہ پائی۔ اور کیا چیز جلدی لائی تجھ کو قوم تیری سے اے موسیٰ

ع ۳ ۲۲ ۱۴

موضح القرآن

ف زیادتی ذکر یعنی رکھ نہ چھوڑو۔ ۱۲ منہ رح

قَالَ هُمْ أُولَآءِ عَلٰٓى أَثَرِىْ وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ

کہا کہ وہ یہ ہیں اوپر نقش قدم میرے کے اور جلد آیا میں طرف تیری اے

رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾ قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ

رب میرے تاکہ راضی ہو تو۔ کہا پس تحقیق ہمنے آزمایش کی ہے قوم تیری کو

بَعْدِكَ وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِىُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوسٰىٓ إِلٰى قَوْمِهٖ

پیچھے تیرے اور گمراہ کیا ان کو سامری نے۔ پس پھر آیا موسیٰ طرف قوم اپنی کے

غَضْبَانَ أَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ أَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا

غصے میں غمگین۔ کہا اے قوم میری کیا نہ وعدہ دیا تھا تمکو پروردگار تمہارے نے وعدہ

حَسَنًا ۚ أَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدْتُّمْ أَنْ

اچھا ف۱۔ کیا پس لمبا ہوا اوپر تمہارے وقت یا ارادہ کیا تم نے یہ کہ

يَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِىْ ﴿٨٦﴾

اتر آوے اوپر تمہارے غصہ پروردگار تمہارے کا پس خلاف کیا تمنے وعدے میرے کو۔

قَالُوْا مَآ أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ

کہا انھوں نے نہیں خلاف کیا ہمنے وعدے تیرے کو ساتھ اختیار اپنے کے ولیکن اٹھوائے گئے تھے ہم

أَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ أَلْقَى

بوجھ گہنوں قوم فرعون کے سے پس پھینک دیا ہمنے اس کو پس اسی طرح ڈالا

السَّامِرِىُّ ﴿٨٧﴾ فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ

سامری نے ف۲۔ پس نکالا واسطے اُنکے بچہ گائے کا ایک بدن ہو واسطے اسکے آواز ہو گائے کی

فَقَالُوْا هٰذَآ إِلٰهُكُمْ وَإِلٰهُ مُوسٰى ۚ فَنَسِىَ ﴿٨٨﴾ أَفَلَا

پس کہا انھوں نے یہ ہے معبود تمہارا اور معبود موسیٰ کا پس بھول گیا ہے موسیٰ ف۳۔ کیا پس نہیں

يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ

دیکھا انھوں نے یہ کہ نہیں پھیرتا طرف اُن کی جواب اور نہیں اختیار میں رکھتا واسطے اُنکے

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ

ضرر اور نہ فائدہ۔ اور البتہ تحقیق کہا تھا واسطے اُن کے ہارون نے

قَبْلُ يٰقَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ

پہلے اس سے اے قوم میری سوائے اسکے نہیں کہ آزمائے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور تحقیق پروردگار تمہارا رحمن ہے

موضح القرآن

ف۱ وعدہ توریت دینے کا۔ حضرت موسیٰ قوم کو تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے پہاڑ پر۔ وہاں چالیس دن لگے پیچھے بچھڑا بنا کر پوجنے لگے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ فرعون والوں کا زیور مانگ کر لیا تھا بہانہ کر کے جشن جانیں کہ ان کو شادی منظور ہے جس واسطے نکلنے میں شہر سے اس بغیر فرعون نکلنے نہ دیتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی موسیٰ بھول گیا کہ اور جگہ گیا۔ ۱۲ منہ رح

فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي ﴿٩٠﴾ قَالُوا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ
پس پیروی کرو میری اور مانو حکم میرا۔ کہا انھوں نے ہمیشہ رہیں گے ہم اوپر اسکے
عَاكِفِينَ حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ﴿٩١﴾ قَالَ يَا هَارُونُ
معتکف یہاں تک کہ پھر آوے طرف ہماری موسیٰ۔ کہا اے ہارون
مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا ﴿٩٢﴾ أَلَّا تَتَّبِعَنِ
کس چیز نے منع کیا تجھ کو جس وقت کہ دیکھا تو نے انکو گمراہ ہوئے۔ اس سے کہ نہ پیروی کرے میری
أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ﴿٩٣﴾ قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي
کیا پس نافرمانی کی حکم میرے کی۔ کہا اے بیٹے ماں میری کے مت پکڑ داڑھی میری
وَلَا بِرَأْسِي ۖ إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ
اور نہ سر میرا۔ تحقیق میں ڈرا یہ کہ کہے تو جدائی ڈال دی درمیان
بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ
بنی اسرائیل کے اور نہ انتظار کیا بات میری کا ف۱۔ کہا پس کیا ہے حال تیرا
يَا سَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ
اے سامری۔ کہا کہ دیکھا میں نے اس چیز کو کہ نہ دیکھا تھا لوگوں نے اس کو
فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَ
پس بھر لی میں نے ایک مٹھی خاک قدم بھیجے ہوئے کے سے پس ڈال دیا میں نے اسکو یعنی گائے کے
كَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ
بچے کے پیٹ میں اور اسی طرح اچھا دکھایا مجھ کو جی میرے نے ف۲۔ کہا پس جا پس تحقیق
لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَن تَقُولَ لَا مِسَاسَ ۖ وَإِنَّ لَكَ
واسطے تیرے ہے بیچ زندگانی کے یہ کہ کہا کرے تو نہیں ہاتھ لگانا اور تحقیق واسطے تیرے
مَوْعِدًا لَّن تُخْلَفَهُ ۖ وَانظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي
ایک جگہ وعدے کی ہرگز نہ پیچھے چھوڑا جاویگا اس سے۔ اور دیکھ طرف معبود اپنے کے وہ جو
ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي
ہو گیا تھا تو اوپر اس کے معتکف۔ ابھی جلا دیں گے ہم اسکو پھر اڑا دیں گے ہم اس کو بیچ
الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ
دریا کے اڑا دینا کر ف۳۔ سوائے اسکے نہیں کہ معبود تمہارا اللہ ہے وہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ۔

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ چلتے وقت موسیٰ ہارون کو نصیحت کر گئے تھے کہ سب کو متفق رکھیو، سو انھوں نے بچھڑا پوجنے والوں کا مقابلہ نہ کیا زبان سے سمجھایا وہ نہ سمجھے ۱۲ منہ رح

ف۲ جس وقت بنی اسرائیل پیٹھے دریا میں پیچھے پیچھے فرعون ساتھ فوج کے پیٹھا جبرئیل بیچ میں ہو گئے کہ انکو ان تک نہ پہنچنے دیں سامری نے پہچانا کہ یہ جبرئیل ہیں انکے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اٹھا لی وہی اب سونے کے بچھڑے میں ڈالدی۔ سونا تھا کافروں کا مال لیا ہوا فریب سے اسمیں مٹی پڑی برکت کی حق اور باطل مل کر ایک کرشمہ پیدا ہوا کہ رونق جاندار کی اور آواز اس میں ہو گئی ایسی چیزوں سے بہت بچنا چاہئے اسی سے بت پرستی بڑھتی ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ دنیا میں اسکو یہی سزا ہی کہ وہ لشکر بنی اسرائیل

(باقی صفحہ ۴۳۱ پر)

وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
سمالیا ہے ہر چیز کو علم میں۔ اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے
أَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾
خبروں اُس چیز کی سے کہ تحقیق پہلے گزری۔ اور تحقیق دیا ہمنے تجھ کو اپنے پاس سے ذکر۔
مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
جو کوئی منہ پھیرے اُس سے پس تحقیق وہ اُٹھاوے گا دن قیامت کے
وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
بوجھ۔ ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے۔ اور بُرا ہے واسطے اُن کے دن قیامت کے
حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ
بوجھ۔ اس دن کہ پھونکا جاوے گا بیچ صُور کے اور اکٹھا کرینگے ہم گنہگاروں کو
يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا
اُس دن کیری آنکھوں سے ف۔ آہستہ کہتے ہوں گے درمیان اپنے نہیں رہے تھے تم مگر
عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ
دس دن ف۔ ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ کہتے ہیں جس وقت کہے گا بہتر اُن کا
طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ
راہ میں نہ رہے تھے مگر ایک روز ف۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو
الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا
پہاڑوں سے پس کہہ اُڑا دیگا اُنکو رب میرا اُڑا دینا کر۔ پس چھوڑ دیگا اُس زمین کو
صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَىِٕذٍ
میدان صاف۔ نہیں دیکھیگا تو بیچ اس کے کجی اور نہ اُونچان یعنی ٹیلہ۔ اُس دن
يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ
پیچھے چلیں گے پکارنے والے کے نہیں کجی واسطے اسکے۔ اور نیچی ہو جاویں گی آوازیں
لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَىِٕذٍ لَّا تَنْفَعُ
واسطے رحمان کے پس نہ سُنے گا تو مگر آواز آہستہ۔ اُس دن نہ فائدہ دے گی
الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ
شفاعت مگر اُسکو کہ اذن دیا ہے واسطے اُس کے رحمان نے اور پسند کیا ہے واسطے اُسکے

(بقیہ صفحہ ۴۳۰)
باہر الگ رہتا اگر وہ کسی سے ملتا یا کوئی اس سے دونوں کو تپ چڑھتی اُس کے مارے لوگوں کو دور دور کرتا ایک وہ ہو کر خوف نہ ہوگا۔ شاید عذاب آخرت ہے اور شاید دجال کا نکلنا وہ بھی یہود میں سے فساد پورا کرے گا جیسے ہمارے پیغمبر مال بانٹتے تھے ایک شخص نے کہا انصاف سے بانٹو۔ فرمایا اس کی جنس کے لوگ نکلیں گے وہ خارجی نکلے کہ اپنے پیشواؤں پر طعن کریں ایسا ہی ہوا۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی اندھے اور شاید تونبی نیلی ہوں نشانی کے واسطے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی دُنیا میں رہنا اتنا نظر آوے گا یا قبر میں رہنا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ ہمکو خوب معلوم ہے یعنی چھپکے سے کہنا ہم سے نہیں چھپتا۔ ۱۲ منہ رح۔

قَوْلًا ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا
کہنا ف۱ ۔ جانتا ہے جو کچھ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ پیچھے اُن کے ہے اور نہیں
يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ
گھیرتے اس کو علم کر۔ اور ذلیل ہو گئے منہ واسطے زندہ قائم رہنے والے کے۔
وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ
اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اُٹھایا ظلم۔ اور جو کوئی عمل کرے
الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا
نیکیوں میں سے اور وہ مومن ہو پس نہیں ڈرے گا ظلم سے اور نہ
هَضْمًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا وَصَرَّفْنَا
توڑنے سے ف۲ ۔ اور اسی طرح اُتارا ہم نے اسکو قرآن عربی اور طرح طرح سے بیان کیا ہم نے
فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ
بیچ اس کے ڈرانے سے تاکہ وہ ڈریں یا پیدا کرے واسطے اُنکے
ذِكْرًا ۝ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ
یاد۔ پس بہت مرتبہ ہے اللہ بادشاہ برحق۔ اور مت جلدی کر ساتھ قرآن کے
مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَىٰ إِلَيْكَ وَحْيُهُ ۖ وَقُلْ رَبِّ
پہلے اس سے کہ سرانجام کی جاوے طرف تیری وحی اسکی اور کہہ اے رب میرے
زِدْنِي عِلْمًا ۝ وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَىٰ آدَمَ مِنْ قَبْلُ
زیادہ دے مجھ کو علم ف۳ ۔ اور البتہ تحقیق عہد کیا تھا ہم نے طرف آدم کی پہلے اس سے
فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ
پس بھول گیا اور نہ پایا ہم نے واسطے اسکے قصد خلاف کا ف۴ ۔ اور جب کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے
اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ ۝ فَقُلْنَا
سجدہ کرو واسطے آدم کے پس سجدہ کیا انھوں نے مگر ابلیس نے۔ نہ مانا۔ پس کہا ہم نے
يَا آدَمُ إِنَّ هَٰذَا عَدُوٌّ لَكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا
اے آدم تحقیق یہ دشمن ہے واسطے تیرے اور واسطے جورو تیری کے پس نہ نکالدیوے تم دونوں کو
مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقَىٰ ۝ إِنَّ لَكَ أَلَّا تَجُوعَ فِيهَا وَ
بہشت سے پس محنت میں جا پڑے تو۔ تحقیق واسطے تیرے ہے یہ کہ نہ بھوکا رہے تو بیچ اسکے اور

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسکی سفارش چلے گی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی اس پر زور نہ ہوگا۔ اللہ کے ہاں انصاف ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ جبرئیل جب قرآن لاتے حضرت اُن کے پڑھنے کے ساتھ آپ بھی پڑھنے لگتے کہ بھول نہ جاویں اس کو پہلے منع فرمایا تھا۔ سورۂ قیامت میں اور تسلی کر دی تھی کہ اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں تک پہنچوانا تو ہمارا ذمہ ہے لیکن بندہ بشر ہے شاید بھول گئے ہوں ۱۵ پھر قصد کیا اور بھولے پر عمل فرمائی آدم کی۔ ۱۲ منہ

ف۴ وہی جو دانہ کھایا بھول گئے یعنی قائم نہ رہے ۱۲ منہ رح

لَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَ اَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَ لَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾

ننگا رہے تو۔ اور یہ کہ نہ پیاسا رہے تو بیچ اس کے اور نہ دھوپ کھاوے۔

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ

پس وسوسہ کیا طرف اس کی شیطان نے کہا اے آدم کیا دلالت کروں میں تجھ کو

عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا

اوپر درخت ہمیشہ رہنے کے اور اس بادشاہی کی کہ نہ پرانی ہو۔ پس کھایا دونوں نے اس میں سے

فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

پس ظاہر ہوگئی ان کو شرمگاہ ان دونوں کی اور شروع کیا دونوں نے گانٹھنے تھے اوپر اپنے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَ عَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ

پتوں بہشت کے سے اور نافرمانی کی آدم نے رب اپنے کی پس گمراہ ہوگیا۔ پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ هَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا

برگزیدہ کیا اُسکو رب اُسکے نے پس پھر آیا اُوپر اسکے اور راہ دکھائی۔ کہا اترو تم

مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ

اس سے اکٹھے بعضے تمہارے بعض کے دشمن ہیں۔ پس اگر آوے تمہارے پاس

مِّنِّيْ هُدًى ۬ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَ لَا

میری طرف سے ہدایت پس جس نے پیروی کی ہدایت میری کی پس نہ گمراہ ہوگا اور نہ

يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَ مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ

ایذا کھینچیگا ف۱۔ اور جس نے منہ پھیرا یاد میری سے پس تحقیق واسطے اُس کے

مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾

معیشت ہے تنگ اور اٹھاویں گے ہم اس کو دن قیامت کے اندھا۔

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَ قَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾

کہے گا اے رب میرے کیوں اٹھایا مجھ کو اندھا اور تحقیق تھا میں دیکھنے والا۔

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَ كَذٰلِكَ الْيَوْمَ

کہیگا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس نشانیاں ہماری پس بھول گیا تو انکو اور اسی طرح آج

تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَ لَمْ يُؤْمِنْ

بھلا دیا جاویگا تو ف۲۔ اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم اس شخص کو کہ حد سے نکل گیا اور نہ ایمان لایا

موضح القرآن

ف۱ ایک دوسرے کے دشمن رہے انکی اولاد جیسا آپس میں رفاقت کر کے گناہ کیا اس رفاقت کا بدلہ یہ ملا کہ اولاد آپس میں دشمن ہوئی۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ آیتوں کو بھولا یعنی عمل کیا اور یقین نہ لایا اور پیغمبر نے فرمایا میری امت کے سامنے گناہ مجھکو دکھائے ہیں بڑا گناہ نہ دیکھا کہ قرآن کی کوئی آیت کسی شخص کو یاد تھی پھر اُسنے بھلا دی ۱۲ منہ رح

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ
ساتھ نشانیوں رب اپنی کے ۔ اور البتہ عذاب آخرت کا بہت سخت ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے ول کیا پس
يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ
نہیں راہ دکھاتا ان کو کہ کتنے ہلاک کئے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرنوں سے کہ چلتے ہیں
فِىْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾
بیچ گھروں اُنکے کے ۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ۔
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّ
اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے ہو چکی پروردگار تیرے کی طرف سے البتہ ہوتا عذاب چمٹنے والا اور
اَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ
اگر نہ ہوتا وعدہ مقرر ول ۔ پس صبر کر اُوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور تسبیح کر
بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ
ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے پہلے نکلنے سورج کے اور پہلے ڈوبنے اس کے سے ۔
وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ
اور گھڑیوں رات کی سے پس تسبیح کر اور کناروں دن کے سے شاید کہ تو
تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ
راضی ہو ول ۔ اور ہرگز مت لمبی کر دو آنکھیں اپنی کو طرف اس چیز کی کہ فائدہ دیا ہے ہم نے ساتھ اسکے
اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ
لوگوں کو اُن میں سے آرایش زندگانی دُنیا کی تاکہ آزمادیں ہم اُن کو بیچ اس کے ۔
وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ
اور رزق پروردگار تیرے کا بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے ول ۔ اور حکم کر لوگوں اپنے کو ساتھ نماز کے
وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ
اور صبر کر اُوپر اس کے ۔ نہیں سوال کرتے ہم تجھ سے رزق ۔ ہمیں رزق دیتے ہیں تجھ کو ۔
وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ
اور عاقبت واسطے پرہیزگاروں کے ہے ول ۔ اور کہا انھوں نے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی
مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ
رب اپنے سے ۔ کیا نہیں آئی اُن کے پاس دلیل اس چیز کی کہ بیچ کتابوں

موضح القرآن ۱۶ ع ۱۲

ول یعنی یہ عذاب اندھا ہونیکا حشر میں ہے اور دوزخ میں اور زیادہ۔ ۱۲ منہ رح

ول آخر وعدہ پر ہمیشہ ہوئی مسلمانوں میں اور کافروں میں۔ ۱۲ منہ رح

ول دن کی حدوں پر یعنی پہر پہر وقت ہیں نمازوں کے سوائے پہلے پہر کے اور تو راضی ہوگا یعنی امت کو ذہرگی دُنیا میں اور بخشش گناہوں کی آخرت میں تیری سفارش سے۔ ۱۲ منہ رح

ول اللہ غنی ہے غلام روزی کماتے ہیں وہ خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے۔ ۱۲ منہ

الْأُولَىٰ ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن
پہلی کی ہے ف۔ اور اگر ہم ہلاک کرتے اُن کو ساتھ عذاب کے پہلے
قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا
اس سے البتہ کہتے اے پروردگار ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہماری پیغمبر
فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ ﴿١٣٤﴾
پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی پہلے اس سے کہ ذلیل ہوتے اور رسوا ہوتے۔
قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ
کہہ کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے پس انتظار کرو تم۔ پس البتہ جانو گے تم
مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿١٣٥﴾
کون ہیں راہ سیدھی کے اور کس نے راہ پائی۔

سُورَةُ الْأَنْبِيَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَاثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً وَسَبْعُ رُكُوعَاتٍ
سورۃ الانبیاء مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بارہ آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي
نزدیک آیا ہے واسطے لوگوں کے حساب اُن کا اور وہ بیچ
غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ﴿١﴾ مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم
غفلت کے منہ پھیر رہے ہیں۔ نہیں آتا اُن کے پاس کچھ ذکر پروردگار اُن کے سے
مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ﴿٢﴾ لَاهِيَةً
نیا مگر سنتے ہیں اسکو اور وہ کھیلتے ہیں۔ غفلت میں ہیں
قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا
دل اُن کے۔ اور چھپا کر کے مصلحت کی اُن لوگوں نے کہ ظلم کیا تھا نہیں یہ
إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ﴿٣﴾
مگر آدمی مانند تمہارے۔ کیا پس آتے ہو سحر کے پاس اور تم دیکھتے ہو۔
قَالَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۖ وَ
کہا پیغمبر نے پروردگار میرا جانتا ہے بات بیچ آسمان کے اور زمین کے اور

موضح القرآن
ف یعنی اگلی کتابوں میں خبر ہے رسول آخر الزماں کی یا یہ معنی کہ پہلے پیغمبروں کی نشانی کفایت ہے پیغمبر بھی انہیں باتوں کا تقید کرتا ہو کوئی بات نئی نہیں بتایا یہ نشانی کہ اگلی جو لوگ تھے بیان کرتا ہو۔ ۱۲ منہ رح۔

هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ④ بَلْ قَالُوٓا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ

وہ ہے سننے والا جاننے والا ۔ بلکہ کہا انھوں نے پریشان خیال ہیں

بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا

بلکہ باندھ لیا ہے اُسکو بلکہ وہ شاعر ہے ۔ پس لے آئے ہمارے پاس کوئی نشانی جیسے

أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ⑤ مَآ آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ

بھیجے گئے تھے پہلے پیغمبر ۔ نہیں ایمان لائی تھی پہلے اُن سے کوئی بستی

أَهْلَكْنَاهَا ۖ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ⑥ وَمَآ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

کہ ہلاک کیا ہمنے اُسکو ۔ کیا پس وہ ایمان لاویں گے ۔ اور نہیں بھیجے ہمنے پہلے تجھ سے

إِلَّا رِجَالًا نُّوحِىٓ إِلَيْهِمْ ۖ فَسْـَٔلُوٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن

مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کی پس سوال کرو ذکر والوں سے اگر

كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ⑦ وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ

ہو تم نہیں جانتے ۔ اور نہیں کیا تھا ہم نے ان کو ایسا بدن کہ نہ کھاتے

الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِينَ ⑧ ثُمَّ صَدَقْنَاهُمُ

کھانا اور نہ تھے ہمیشہ رہنے والے ف ۔ پھر سچا کیا ہمنے اُن سے

الْوَعْدَ فَأَنجَيْنَاهُمْ وَمَن نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ⑨

وعدہ پس نجات دی ہمنے اُن کو اور جسکو چاہا اور ہلاک کیا ہمنے حد سے نکل جانیوالوں کو ۔

لَقَدْ أَنزَلْنَآ إِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ⑩

البتہ تحقیق اتاری ہمنے طرف تمہاری کتاب بیچ اسکے ذکر ہے تمہارا ۔ کیا پس نہیں سمجھتے تم ۔

وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا

اور کتنی ہلاک کیں ہمنے بستیاں کہ تھیں ظلم کرنے والیاں اور پیدا کی ہم نے

بَعْدَهَا قَوْمًا آخَرِينَ ⑪ فَلَمَّآ أَحَسُّوا بَأْسَنَآ إِذَا

پیچھے اُن سے قوم اور ۔ پس جب دیکھا انھوں نے عذاب ہمارا ناگہاں

هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ ⑫ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوٓا إِلَىٰ

وہ اس میں سے دوڑتے تھے ۔ مت دوڑو اور پھر جاؤ طرف

مَآ أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُونَ ⑬

جگہ کی کہ آرام دیئے گئے تھے بیچ اسکے اور گھروں اپنے کے تاکہ تم سوال کئے جاؤ ف ۔

موضح القرآن

ف یعنی موت بھی آئی انکو ۱۲ منہ

ف یعنی بات ہونی نہ بچی ۔ ۱۲ منہ رح

[illegible]

ع ۱

قَالُوْا یٰوَیْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ

کہا انھوں نے اے وائے ہمکو تحقیق ہمیں تھے ظالم۔ پس ہمیشہ رہا یہی

دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِیْدًا خٰمِدِیْنَ ﴿۱۵﴾

پکارنا اُن کا۔ یہاں تک کہ کردیا ہمنے اُن کو جڑسے کٹے ہوئے بجھے ہوئے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۱۶﴾

اور نہیں پیدا کیا ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ کہ درمیان اُن دونوں کے ہے کھیلتے ہوئے۔

لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ

اگر ارادہ کرتے ہم یہ کہ کریں مشغولی یعنی بچہ البتہ لیتے اُس کو اپنے پاس سے

اِنْ كُنَّا فٰعِلِیْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى

اگر ہوتے ہم کرنے والے ف۱۔ بلکہ پھینکتے ہیں ہم حق کو اُوپر

الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَیْلُ

باطل کے پس توڑتا ہے سر اُس کا پس ناگہاں وہ فنا ہو جاتا ہے۔ اور واسطے تمہارے وائے ہے

مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

اس چیز سے کہ بیان کرتے ہو تم ف۲۔ اور واسطے اسی کے ہے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے

وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا

اور وہ جو نزدیک اس کے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے اور نہیں

یَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

تھکتے۔ پاکی بیان کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھمتے۔

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ یُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

کیا مقرر کیے ہیں انھوں نے معبود زمین میں سے کہ وہ پیدا کرتے ہیں۔

لَوْ كَانَ فِیْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ

اگر ہوتے بیچ ان دونوں کے معبود سوائے اللہ کے البتہ بگڑ جاتے۔ پس پاکی ہے

اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا یُسْـَٔلُ عَمَّا

اللہ پروردگار عرش کے کو اُس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں۔ نہیں سوال کیا جاتا اس چیز سے

یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

کہ کرتا ہے اور وہ سوال کیے جاتے ہیں۔ یا پکڑے ہیں ورے اُس سے

موضح القرآن

ف۱ کھلونا یعنی بیٹا لاعنہ رح۔

ف۲ یعنی اللہ تعالیٰ غیب سے ایک قدرت کا نمونہ بھیجتا ہے جھوٹ کے مٹانے کو ان کاموں کو تم کہتے ہو خدا کا بیٹا ہے۔ منہ

(حاشیہ: ربع)

آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ هَٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَعِيَ
معبود۔ کہہ کر لاؤ دلیل اپنی۔ یہ ذکر اُن لوگوں کا کہ ساتھ میرے ہیں
وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ ۖ
اور ذکر اُن لوگوں کا کہ پہلے مجھ سے تھے۔ بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے ہیں حق کو
فَهُمْ مُعْرِضُونَ ﴿٢٤﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ
پس وہ منہ پھیرتے ہیں ف۱۔ اور نہ بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے
رَسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾
پیغمبر مگر وحی کرتے تھے ہم طرف اُس کی یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کرو مجھ کو۔
وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ
اور کہا انھوں نے کر پکڑی ہے رحمٰن نے اولاد پاک ہے وہ۔ بلکہ بندے ہیں
مُكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُونَهُ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِأَمْرِهِ
عزت دیئے گئے۔ نہیں آگے چلتے اس سے بات میں اور وہ ساتھ حکم اس کے کے
يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
عمل کرتے ہیں۔ جانتا ہے جو کچھ کہ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ کہ پیچھے اُن کے ہے
وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُمْ مِنْ
اور نہیں شفاعت کرتے مگر واسطے اس کے جو پسند کرے اور وہ
خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾ ۞ وَمَنْ يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي
ڈر اس کے سے ڈرنے والے ہیں۔ اور جو کوئی کہے اُن میں سے تحقیق میں
إِلَٰهٌ مِنْ دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ
معبود ہوں ورے اس سے پس وہ شخص جزا دیتے ہیں ہم اُسکو دوزخ۔ اسی طرح
نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿٢٩﴾ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ
جزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو۔ کیا نہیں دیکھا انھوں نے کہ کافر ہوئے یہ کہ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا
آسمان تھے اور زمین تھے ملے ہوئے پس جدا کیا ہمنے اُن دونو کو اور کیا ہم نے
مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا
پانی سے ہر چیز کو زندہ۔ کیا پس نہیں ایمان لاتے ف۲۔ اور کئے ہمنے

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ پہلے ان معبودوں کا فرمایا جو برابر خدا کے کوئی سمجھے اگر دو حاکم ہوتے تو جہان خراب ہوتا اب انکا فرمایا جو خدا کے نائب ٹھہراتے ہیں اس کو مالک کی سند چاہئے اسکے بغیر نائب کیونکر ہوجاوے

ف۲ منہ بند تھے یعنی ایک چیز تھی زمین میں سے نہریں اور کانیں اور سبزی بھانت بھانت نکالی آسمان سے کتنے ستارے ہر ایک کا گھر جدا اور چال جدا اور جاندار بنائے یعنی جانور پانی سے یعنی نطفہ سے۔

ع ۲ ۱۹

فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ وَ جَعَلْنَا فِیْهَا

بیچ زمین کے پہاڑ ایسا نہ ہو کر ہل جائے تھا انکے اور کئے بیچ اسکے

فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَ جَعَلْنَا السَّمَآءَ

کشادہ رستے تاکہ وہ راہ پاویں ف۱۔ اور کیا ہم نے آسمان کو

سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّ هُمْ عَنْ اٰیٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾

چھت محفوظ۔ اور وہ نشانیوں سے اُسکی منہ پھیرنے والے ہیں ف۲

وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ

اور وہ ہے جس نے پیدا کیا رات کو اور دن کو اور سورج اور

الْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ

چاند۔ ہر ایک بیچ آسمان کے تیرتے ہیں ف۳۔ اور نہیں کیا ہم نے واسطے کسی آدمی کے

مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَائِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾

پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا۔ کیا پس اگر تو مر جاویگا پس وہ ہمیشہ رہیں گے ف۴۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَ الْخَیْرِ

ہر جی چکھنے والا ہے موت کا۔ اور آزماتے ہیں ہم تمکو ساتھ برائی اور بھلائی کے

فِتْنَةً ؕ وَ اِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَ اِذَا رَاٰكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا

آزمایش کو۔ اور طرف ہماری پھیرے جاؤ گے۔ اور جس وقت دیکھتے ہیں تجھ کو وہ لوگ کہ کافر ہوئے

اِنْ یَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِیْ یَذْكُرُ

نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا۔ کیا یہی ہے جو ذکر کرتا ہے

اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَ هُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ

معبودوں تمہارے کا اور وہ ساتھ ذکر اللہ کے وہی کافر ہیں ف۵۔ پیدا کیا گیا

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِیْكُمْ اٰیٰتِیْ فَلَا

آدمی جلدی سے۔ شتاب دکھاؤنگا میں تمکو نشانیاں پس مت

تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ

جلدی کرو مجھ سے۔ اور کہتے ہیں کب ہو وعدہ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۸﴾ لَوْ یَعْلَمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا حِیْنَ لَا

ہو تم سچے۔ کاش کہ جانیں وہ لوگ جو کافر ہوئے اُس وقت کہ نہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو یہ باتیں کہاں بنتی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ بچاؤ کی چھت یعنی کوئی اسکو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے تارے اور چال رات اور دن۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی اپنی راہ چلتے ہیں کسی کو نہیں چھیڑتے ۱۲ منہ

ف۴ کافر کہتے تھے اس شخص تک ہے یہ دھوم جہاں یہ مرا پھر کچھ نہیں ۱۲ منہ رح

ف۵ نام لیتا ہے ٹھاکروں کا یعنی برا کہتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۳

يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ
روک سکیں گے منہوں اپنے سے آگ اور نہ پیٹھوں اپنی سے

وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٣٩﴾ بَلْ تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ
اور نہ وہ مدد کیے جاویں گے۔ بلکہ آجاوے گی اُن کے پاس ناگہاں پس بھچکا کر دیگی اُنکو

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ
پس نہ پھیر سکیں گے پھیر دینا اس کا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے۔ اور البتہ تحقیق

اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا
ٹھٹھا کیا گیا تھا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا اُن لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے

مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم
اُن میں سے اُس چیز نے کہ تھے ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے۔ کہہ کہ کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری

بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم
رات اور دن اللہ سے۔ بلکہ وہ یاد پروردگار اپنے کی سے

مُّعْرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا ۚ لَا
منہ پھیرنے والے ہیں۔ کیا واسطے اُن کے معبود ہیں کہ منع کرتے ہیں اُن کو ورے ہم سے نہیں

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾
کر سکتے مدد جانوں اپنی کی اور نہ وہ ہماری طرف سے رفاقت کیے جاتے ہیں۔

بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ طَالَ عَلَيْهِمُ
بلکہ فائدہ دیا ہم نے اُن کو اور باپوں اُنکے کو یہاں تک کہ دراز ہو گئی اوپر اُنکے

الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا
عمر۔ کیا پس نہیں دیکھتے یہ کہ ہم آتے ہیں زمین پر گھٹاتے اُس کو

مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم
کناروں اُس کے سے۔ کیا پس وہ غالب ہیں ف۱۔ کہہ سوائے اسکے نہیں کہ ڈراتا ہوں میں

بِالْوَحْيِ ۚ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ ﴿٤٥﴾
تمکو ساتھ وحی کے اور نہیں سنتے بہرے پکارنا جب ڈرائے جاتے ہیں۔

وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ
اور اگر لگ جاوے اُنکو ایک جھونک عذاب پروردگار تیرے کے سے البتہ کہیں گے

ع ۴ ۱۲ ۴

موضح القرآن

ف۱ ہم چلے آتے ہیں گھٹاتے یعنی عرب کے ملک میں مسلمانی پھیلنے لگی ہے کفر گھٹنے لگا ۱۲ منہ رح

يٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظٰلِمِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ

اے وائے ہمکو تحقیق ہم تھے ظالم۔ اور رکھیں گے ہم ترازوئیں عدل کی

لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۖ وَإِنْ كَانَ

دن قیامت کے پس نہ ظلم کیا جاوے گا کوئی جی کچھ۔ اور اگر ہوویگا عمل

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ۗ وَكَفٰى بِنَا

آدمی کا برابر ایک دانے رائی کے لے آوینگے ہم اسکو۔ اور کفایت ہیں ہم

حٰسِبِينَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسٰى وَهٰرُونَ الْفُرْقَانَ

حساب لینے والے۔ اور تحقیق دیا ہمنے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو معجزہ

وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ

اور روشنی اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے۔ وہ جو ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ﴿٤٩﴾

رب اپنے سے بن دیکھے اور وہ قیامت سے ڈرتے ہیں۔

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ أَنْزَلْنٰهُ ۚ أَفَأَنْتُمْ لَهُ

اور یہ ذکر ہے برکت والا اتارا ہے ہمنے اسکو۔ کیا پس تم اس کے

مُنْكِرُونَ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَآ إِبْرٰهِيمَ رُشْدَهُ مِنْ

منکر ہو۔ اور البتہ تحقیق دی ہمنے ابراہیم کو ہدایت اس کی

قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عٰلِمِينَ ﴿٥١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ

پہلے اس سے اور تھے ہم اسکو جاننے والے۔ جب کہا اُسنے واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے

مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِيٓ أَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُونَ ﴿٥٢﴾

کیا ہیں یہ صورتیں کہ تم واسطے اُنکے اعتکاف کرنے والے ہو۔

قَالُوا وَجَدْنَآ آبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِينَ ﴿٥٣﴾ قَالَ لَقَدْ

کہا انھوں نے پایا ہمنے باپوں اپنے کو واسطے اُنکے عبادت کرنے والے۔ کہا البتہ تحقیق

كُنْتُمْ أَنْتُمْ وَآبَآؤُكُمْ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٥٤﴾ قَالُوٓا

تھے تم اور باپ تمہارے بیچ گمراہی ظاہر کے۔ کہا انھوں نے

أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ بَلْ

کیا لایا ہے تو ہمارے پاس حق یا تو ہے کھیلنے والوں سے۔ کہا بلکہ

رَبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ

پروردگار تمہارا پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا ہے جس نے پیدا کیا اُن کو

وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ

اور میں اوپر اس بات کے شاہدوں سے ہوں۔ اور قسم ہے اللہ کی البتہ میں بدی کروں گا

اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ

بتوں تمہارے سے پیچھے اس کے کہ پھر جاؤ تم پیٹھ پھیر کر۔ پس کیا اُن کو

جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾

ٹکڑے ٹکڑے مگر ایک بڑے اُنکے کو تاکہ وہ طرف اُس کی پھر آویں ف۔

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾

کہا انہوں نے کس نے کیا یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے تحقیق وہ البتہ ظالموں سے ہے۔

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗۤ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾

کہا انہوں نے کہ سنا ہم نے ایک جوان کو کہ ذکر کرتا تھا اُن کا کہتے ہیں اُس کو ابراہیم۔

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰۤی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾

کہا انہوں نے پس لے آؤ اُس کو رُوبرو آنکھوں لوگوں کے تاکہ وہ دیکھیں۔

قَالُوْۤا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ

کہا انہوں نے کیا تو نے کیا ہے یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے اے ابراہیم۔ کہا

بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِیْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا

بلکہ کیا ہے اُس کو بڑے اُن کے نے یہ ہے پس پوچھو اُن سے اگر ہیں

یَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَرَجَعُوْۤا اِلٰۤی اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْۤا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ

بولتے۔ پس پھر آئے طرف جی اپنے کے پس کہا انہوں نے تحقیق تم ہی ہو

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰی رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ

ظالم ف۔ پھر اُلٹے کیے گئے اوپر سروں اپنے کے۔ البتہ تحقیق جانتا ہے تو

مَا هٰۤؤُلَآءِ یَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ

کہ نہیں یہ بولتے۔ کہا کیا پس عبادت کرتے ہو تم

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُكُمْ شَیْـًٔا وَّلَا یَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾

سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہ نفع دے تمکو کچھ اور نہ ضرر دے تمکو۔

موضح القرآن

ف۱ یہ علاج کرنا اُنہوں نے پیچھے کہا پھر جب ... شہر سے باہر ... نے ایک میلے ... تب بتخانہ میں جا کر ... سب کو توڑا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ سمجھے کہ پھر گوجنا ... یا حاصل۔ ۱۲ منہ رح

أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا
تف ہے تمکو اور اس چیز کو کہ عبادت کرتے ہو تم سوائے اللہ کے کیا پس نہیں

تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن
عقل پکڑتے۔ کہا انھوں نے جلاؤ تم اسکو اور مدد دو معبودوں اپنے کو اگر

كُنتُمْ فَاعِلِينَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ
ہو تم کرنے والے۔ کہا ہمنے اے آگ ہو جا تو ٹھنڈی اور سلامتی اوپر

إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ﴿٧٠﴾
ابراہیم کے۔ اور ارادہ کیا ساتھ اُسکے مکر کا پس کیا ہمنے انہیں کو زیان پانے والے۔

وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا
اور نجات دی ہمنے اُسکو اور لوط کو طرف اس زمین کی کہ برکت دی تھی ہمنے بیچ اس کے

لِلْعَالَمِينَ ﴿٧١﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً ۖ
واسطے عالموں کے ف۱۔ اور دیا ہمنے اُس کو اسحاق۔ اور یعقوب زیادتی۔

وَكُلًّا جَعَلْنَا صَالِحِينَ ﴿٧٢﴾ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ
اور ہر ایک کو کیا ہمنے صالح ف۲۔ اور کیا ہمنے اُن کو پیشوا ہدایت کرتے تھے

بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ
ساتھ حکم ہمارے کے اور وحی کی ہمنے طرف اُن کی کرنا بھلائیوں کا اور برپا رکھنا

الصَّلَاةِ وَإِيتَاءَ الزَّكَاةِ ۖ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِينَ ﴿٧٣﴾
نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا۔ اور تھے وہ واسطے ہمارے عبادت کرنیوالے۔

وَلُوطًا آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ
اور لوط کو دیا ہمنے اُس کو حکم اور علم اور نجات دی ہمنے اسکو اس بستی سے

الَّتِي كَانَت تَّعْمَلُ الْخَبَائِثَ ۗ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ
کہ کرتے تھے کام گندے۔ تحقیق وہ تھے قوم بری

فَاسِقِينَ ﴿٧٤﴾ وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُ مِنَ
بدکار۔ اور داخل کیا ہمنے اُس کو بیچ رحمت اپنی کے۔ تحقیق وہ

الصَّالِحِينَ ﴿٧٥﴾ وَنُوحًا إِذْ نَادَىٰ مِن قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا
صالحوں سے تھا۔ اور نوح کو ہدایت کی جسوقت کہ پکارا پہلے اس سے پس قبول کیا ہمنے

موضح القرآن

ف۱ یعنی زمین شام جسمیں آسودگی خوب ہے ۱۲ منہ

ف۲ انواع میں دی پوتا دعا بھی بیٹے پر کی ۱۲ منہ رح۔

لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝۷۶

واسطے اُس کے پس نجات دی ہمنے اس کو اور اہل اس کے کو سختی بڑی سے ۔

وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ

اور مدد دی ہمنے اُس کو اُس قوم سے کہ وہ جھٹلاتے تھے نشانیوں ہماری کو ۔ تحقیق وہ

كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۷۷ وَدَاوٗدَ

تھے قوم بُری پس ڈبو دیا ہمنے اُن سب کو ۔ اور داؤد

وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ

اور سلیمان کو ہدایت دی جس وقت حکم کرتے تھے دونوں بیچ کھیتی کے جس وقت کہ چگ گیا بیچ اسکے

غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝۷۸ فَفَهَّمْنٰهَا

ریوڑ ایک قوم کا ۔ اور تھے ہم واسطے حکم اُن کے کے شاہد ۔ پس سمجھا دیا ہمنے وہ

سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ

سلیمان کو ۔ اور ہر ایک کو دیا ہمنے حکم اور علم ف۱ اور مسخر کیا ہم نے ساتھ

دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝۷۹

داؤد کے پہاڑوں کو تسبیح کہتے تھے اور جانوروں کو اور تھے ہم کرنے والے ۔

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ

اور سکھلائی ہمنے اسکو کاریگری ایک پہناوے تمھارے کی تاکہ بچاوے تمکو لڑائی تمھاری سے ۔

فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ۝۸۰ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ

پس کیا ہو تم شکر کرنے والے ف۲ ۔ اور واسطے سلیمان کے باؤ تند کو مسخر کیا چلتی تھی

بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ

ساتھ حکم اسکے کے طرف اس زمین کی کہ برکت دی تھی ہمنے بیچ اس کے ۔ اور ہیں ہم ہر چیز کو

عٰلِمِيْنَ ۝۸۱ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَ

جاننے والے ف۳ ۔ اور شیطانوں میں سے مسخر کئے وہ جو غوطہ مارتے تھے واسطے اسکے اور

يَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝۸۲

کرتے تھے کام بہت سوائے اس کے ۔ اور تھے ہم واسطے ان کے نگہبان ف۴ ۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ

اور ایوب کو ہدایت دی جس وقت پکارا اُس نے رب اپنے کو تحقیق مجھ کو پہنچی ہے ایذا اور تو

موضح القرآن

ف۱ حضرت داؤد نے بکریاں دلوادیں کھیتی والوں کو بدلے ان کے دین میں چور کو غلام کر لیتے تھے اسی کے موافق یہ حکم کیا اور حضرت سلیمان لڑکے تھے انھوں نے بھی یہ جھگڑا اپنے پاس منگوایا اور کہا کہ بکریاں رکھوا دو ان کا دودھ پیویں اور کھیتی کو پالیں یا کریں بکری والے جب کھیتی جیسی تھی ویسی ہو جائے تب بکریاں پھیر دیں کھیتی لے لیں اسمیں دونوں کا نقصان نہ ہو ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ حضرت داؤد کے ساتھ زبور پڑھنے کے وقت پہاڑ اور جانور بھی انھیں کی سی آواز سے پڑھتے اور لوہے کی زرہ بناتے فقط ہاتھ سے موم کی طرح بناتے ہیں آگ سے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ ایک تخت بنایا تھا بہت بڑا اپنے سارے کارخانوں اور لوگوں سمیت اس پر بیٹھتے پھر باد آتی زور سے اسکو زمین سے اٹھاتی اوپر نرم باد چلتی یمن کو مہینے کی راہ دو پہر میں پہنچاتی ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۴ شیطانوں سے غوطے لگواتے جواہر دریا سے نکلواتے جو آدمی کا مقدور نہیں اور عمارتیں بھاری کام ان سے کرواتے اور سفر میں حوض برابر لگن تانبے کی اور کڑاھے برابر دیگیں اٹھائے چلتے اور ان میں کھانا پکاتے اور سخت کام ان سے لیتے ۔ ۱۲ منہ رح



اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ

بہت مہربان ہے سب مہربانی کرنیوالوں سے - پس قبول کیا ہمنے واسطے اسکے پس کھولدی ہمنے جو کچھ تھی

مِنْ ضُرٍّ وَّ اٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

اُس کو ایذا اور دی ہمنے اُسکو اولاد اُس کی اور مانند اُن کے ساتھ اُن کے مہربانی

مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ

اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عبادت کرنے والوں کے ف۱ - اور اسمٰعیل کو

وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

اور ادریس کو اور ذاالکفل کو ہدایت دی - وہ ہر ایک تھا صبر کرنیوالوں سے ف۲ -

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور داخل کیا ہمنے اُن کو بیچ رحمت اپنی کے - تحقیق وہ تھے صالحوں سے -

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ

اور مچھلی والے یعنی یونس کو ہدایت کی جس وقت گیا غصہ کھا کر پس جانا یہ کہ ہرگز نہ تنگ کریں گے

عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

ہم اوپر اُس کے پس پکارا بیچ اندھیروں کے یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو

سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا

پاک ہے تجھ کو تحقیق میں تھا ظالموں سے - پس قبول کیا ہمنے

لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

واسطے اُسکے اور نجات دی ہمنے اُسکو غم سے - اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم ایمان والوں کو ف۳ -

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا

اور ہدایت دی ہمنے زکریا کو جس وقت پکارا اُسنے پروردگار اپنے کو اے پروردگار میرے مت چھوڑ مجھ کو

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ؗ وَوَهَبْنَا لَهٗ

اکیلا اور تو بہتر وارثوں کا ہے ف۴ - پس قبول کیا ہمنے واسطے اُسکے اور دیا ہمنے اُسکو

يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ

یحیٰی اور درست کر دیا ہمنے واسطے اُسکے بی بی اُسکی - تحقیق وہ تھے جلدی کرتے

فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا

بیچ بھلائیوں کے اور پکارتے تھے ہمکو رغبت سے اور ڈر سے - اور تھے واسطے ہمارے

موضح القرآن

ف۱ حضرت ایوب کو حق تعالیٰ نے دنیا میں سب طرح سے آسودہ کیا تھا کھیت اور مواشی اور بہت غلام کنیزیں اور اولاد صالح اور عورت موافق مرضی اور جیسے شکر گزار تھے پھر آزمانے کو اُن پر شیطان کو حاکم کر دیا کھیت جل گئے مواشی مر گئے اور اولاد دب مرے دوست دشمن ہو گئے بدن میں بڑا کیڑے پڑ گئے ایک عورت رفیق رہی جیسے صحت میں شاکر تھے ویسے بلا میں صابر رہے ایک قرن کے بعد یہ دعا کی اللہ تعالیٰ نے اولاد مری ہوئی جلائی اور نئی اولاد دی زمین سے چشمہ نکالا اُس سے غسل کر کے اور نہا کر چنگے ہوئے اور سونے کی ٹڈیاں برسائیں اور سب طرح درست کر دیا ۱۲ منہ رح

ف۲ کہتے ہیں ذوالکفل تھے ایوب کے بیٹے ایک شخص کو ضامن ہو کر کئی برس قید میں رہے اور [illegible] ۱۲ منہ رح

ف۳ حضرت یونس کو [illegible] شوق میں عبادت کی اور دنیا سے الگ جیسے حکم ہوا اُنکو [illegible] شہر نینوا میں مشرکوں کو منع کریں بت پوجنے سے خفا ہو کر گئے راہ میں ندی تھی ایک بیٹا کنارے چھوڑا ایک کندھے پر لیا عورت کا ہاتھ پکڑا ندی میں جب پانی نے زور کیا [illegible] جب اس شہر میں پہنچے [illegible]

(باقی صفحہ ۴۴۶ پر)

خٰشِعِيْنَ ۝ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

عاجزی کرنے والے۔ اور وہ عورت کہ محافظت کی اُس نے شرمگاہ اپنی کی پس

فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

پھونک دیا ہم نے بیچ اس کے روح اپنی کو اور کیا ہم نے اُس کو اور بیٹے اس کے کو نشانی واسطے عالموں کے۔

اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ

تحقیق یہ ہے اُمت تمہاری اُمت ایک اور میں ہوں پروردگار تمہارا

فَاعْبُدُوْنِ ۝ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا

پس عبادت کرو میری۔ اور کاٹ لیا انہوں نے کام اپنا درمیان اپنے۔ ہر ایک طرف ہماری

رٰجِعُوْنَ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ

پھر آنے والے ہیں۔ پس جو کوئی کام کرے اچھے اور وہ

مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝

ایمان والا ہو پس نہیں ناقدردانی واسطے سعی اس کی کے۔ اور تحقیق ہم واسطے اس کے لکھنے والے ہیں۔

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

اور لازم ہے اوپر اس بستی کے کہ ہلاک کیا ہم نے اُس کو یہ کہ وہ نہیں پھرتے ملے۔

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ

یہاں تک کہ جب کھولے جاویں گے یاجوج اور ماجوج اور وہ

كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ

ہر اونچان سے دوڑتے ہوں گے۔ اور نزدیک آوے وعدہ سچا

فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا

پس ناگہاں وہ چڑھ رہی ہیں آنکھیں اُن لوگوں کی کہ کافر ہوئے کہتے ہوں گے اے وائے

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

ہم کو تحقیق تھے ہم بیچ غفلت کے اس سے بلکہ تھے ہم ظالم۔

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ

تحقیق تم اور جس چیز کو عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے ایندھن ہیں دوزخ کے۔

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا

تم اُس کے پاس آنے والے ہو۔ اگر ہوتے یہ معبود نہ

بقیہ صفحہ

موضح القرآن

وَرَدُوهَا ۖ وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيهَا

آتے اُس پاس۔ اور ہر ایک بیچ اُسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ واسطے اُنکے بیچ اُس کے

زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ

چلّانا ہے اور وہ بیچ اس کے نہ سُنیں گے ف۱۔ تحقیق وہ لوگ

سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾

کہ پہلے ہو چکا ہو واسطے اُنکے ہماری طرف سے وعدہ نیک یہ لوگ اس سے دُور کئے گئے ہیں ف۲

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ

نہیں سُنیں گے کھڑکا اس کا۔ اور وہ بیچ اس کے کہ چاہیں گے

أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَ

جی اُنکے ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ نہ غمگین کرے گا اُن کو ڈر بڑا اور

تَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ

لینے آویں گے اُن کو فرشتے۔ یہ ہے دن تمہارا جو تھے تم

تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ

وعدہ دیئے جاتے۔ جس دن لپیٹ لیویں گے ہم آسمان کو جیسا لپیٹنا ہے طومار

لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا

رقعوں کا۔ جیسے شروع کی تھی ہم نے پہلی پیدائش دوبارہ کرینگے اُسکو۔ وعدہ ہے

عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ

ہمارے ذمے پر۔ تحقیق ہم ہیں کرنے والے۔ اور البتہ تحقیق لکھ دیا ہم نے بیچ زبور کے

مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ

پیچھے ذکر کے یہ کہ زمین کے وارث ہوں گے اسکے میرے بندے

الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾

صالح۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ مطلب کو پہنچا دینا ہے واسطے قوم عبادت کرنوالی کے

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ إِنَّمَا

اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر رحمت واسطے عالموں کے۔ کہہ سوائے اسکے نہیں

يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَهَلْ أَنتُم

کہ وحی کی جاتی ہو طرف میری یہ کہ معبود تمہارا معبود ایک ہے اکیلا۔ پس آیا ہو تم

(بقیہ صفحہ ۴۴۶)
مگر تحقیق نہیں۔ یہاں سے اسکی غلطی نکلی ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی کفر نہیں چھوڑتے تبھی کھچتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی خبر پہنچی تھی جا کر ٹلا دی ۱۲ منہ رح

ربع

موضح القرآن

ف۱ یعنی اپنے چلانے کے شور سے ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی ایکبار گذر کر پھر بہشت دُور رہیں گے ۱۲ منہ رح

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ

اطاعت کرنے والے۔ پس اگر پھر جاویں پس کہہ خبردار کر دیا میں نے تمکو اوپر برابری کے۔

وَاِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

اور نہیں جانتا میں کہ نزدیک ہے یا دور جو کچھ وعدہ دیئے جاتے ہو۔

اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

تحقیق وہ جانتا ہے پکارنے کو بات سے اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم۔

وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى

اور نہیں جانتا میں شاید کہ وہ آزمایش ہے واسطے تمہارے اور فائدہ ہے ایک

حِیْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

مدت تک۔ کہا پیغمبر نے اے رب میرے حکم کر ساتھ حق کے۔ اور پروردگار ہمارا مہربان

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

مدد مانگا گیا ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم۔

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ حج مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھتر آیتیں اور دس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ

اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے۔ تحقیق زلزلہ قیامت کا

شَیْءٌ عَظِیْمٌ ﴿۱﴾ یَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ

چیز ہے بڑی۔ جس دن دیکھیں گے اسکو بھول جاوے گی ہر دودھ پلانے والی

عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

جس کو دودھ پلایا تھا اور ڈال دے گی ہر حمل والی حمل اپنا

وَتَرَی النَّاسَ سُكٰرٰی وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰی وَلٰكِنَّ

اور دیکھے گا تو لوگوں کو مست اور نہیں وہ مست یعنی بے حواس و لیکن

عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ ﴿۲﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ

عذاب اللہ کا سخت ہے۔ اور بعضے لوگ وہ شخص ہیں کہ جھگڑتے ہیں

موضح القرآن

ف دونوں طرف برابر یعنی ابھی تم دونوں آ کر سکتے ہو ایک طرف کا ور نہیں آیا۔ ۱۲ منہ رح

النصف

منزل ۴

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝۳
بیچ توحید خدا کے بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہیں ہر شیطان سرکش کی ۔
كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَ
لکھا گیا ہے اوپر اسکے یہ کہ جس کی دوستی کرے وہ یعنی شیطان پس تحقیق وہ گمراہ کرتا ہے اسکو اور
يَهْدِيْهِ إِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝۴ يٰۤأَيُّهَا النَّاسُ
راہ دکھاتا ہے طرف عذاب دوزخ کی ۔ اے لوگو
إِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنٰكُمْ
اگر ہو تم بیچ شک کے پھر جی اٹھنے کے پس تحقیق ہمنے پیدا کیا ہے تمکو
مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ
مٹی سے پھر نطفے سے پھر لہو جمے ہوئے سے پھر
مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ وَ
بوٹی صورت بنی ہوئی سے اور بن بنی بوٹی سے تاکہ بیان کریں واسطے تمہارے ۔ اور
نُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ إِلٰى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ
ٹھیراتے ہیں ہم اسکو بیچ رحم کے جتنا چاہیں ایک وقت مقرر تک پھر نکالتے ہیں تمکو
طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا أَشُدَّكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى
بچہ پھر تاکہ پہنچو جوانی اپنی کو ۔ اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ قبض کیا جاتا ہے
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ
اور بعض تم میں سے وہ ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکارہ عمر کی تاکہ نہ جانے
مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً
پیچھے جاننے کے کچھ ۔ اور دیکھتا ہے تو زمین کو خشک
فَإِذَاۤ أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۤءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنْۢبَتَتْ
پس جس وقت اتارتے ہیں ہم اوپر اسکے پانی ہلتی ہے اور پھولتی ہے اور اگاتی ہے
مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝۵ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ
ہر قسم نفیس سے ۔ یہ سبب اس کے ہے کہ اللہ وہی ہے حق
وَأَنَّهُ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَأَنَّهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶
اور یہ کہ وہی جلاتا ہے مُردوں کو اور یہ کہ وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ۔

منزل ۴

وَّ اَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ

اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے نہیں شک بیچ اس کے اور یہ کہ اللہ

يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ

اُٹھاوے گا اُن لوگوں کو کہ بیچ قبروں کے ہیں۔ اور بعض لوگوں سے وہ ہے جو

يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

جھگڑتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور نہ کتاب

مُّنِيْرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ

روشن کے۔ موڑنے والا شانے اپنے کو تاکہ گمراہ کرے راہ خدا کی سے۔ واسطے اس کے ہے

فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ نُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ

بیچ دنیا کے رسوائی ہے اور چکھاویں گے ہم اُس کو دن قیامت کے عذاب

الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَ اَنَّ اللّٰهَ

جلنے کا۔ یہ بسبب اس کے ہے کہ آگے بھیجا تھا دونوں ہاتھوں تیرے نے اور یہ کہ اللہ

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ

نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں اپنے کے۔ اور بعض لوگوں میں سے وہ ہے کہ بندگی کرتا ہے

اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ

اللہ کی اوپر کنارے کے۔ پس اگر پہنچے اُس کو بھلائی آرام پکڑے ساتھ اس عبادت کے۔

وَ اِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ۫ خَسِرَ

اور اگر پہنچے اُس کو فتنہ پلٹ جاوے اُوپر منہ اپنے کے۔ ٹوٹے میں

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝

دیا دُنیا اور آخرت کو۔ یہ ہے وہ ٹوٹا ظاہر۔

يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ

پکارتا ہے سوائے اللہ کے اُس چیز کو کہ نہ ضرر دے اُس کو اور نہ نفع دے اُس کو۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ

یہ وہ ہے گمراہی دُور۔ پکارتا ہے اُس شخص کو کہ ضرر جس کا

اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝

نزدیک ہے نفع اُس کے سے۔ البتہ بُرا ہے دوست اور بُرا ہے ہم صحبت۔

مُوضح القرآن

ف۱ یعنی دنیا کی نیکی پاوے تو بندگی پر قائم رہے اور تکلیف پاوے تو چھوڑ دے اُدھر دُنیا گئی اِدھر دین گیا

ع ۱۰ / ۸

کنارے کھڑا ہو یعنی دل ابھی اِس طرف نہ اُس طرف جیسے کوئی مکان کے کنارے کھڑا ہے جب چاہے نکل جاوے۔ ۱۱ منہ رح۔

إِنَّ ٱللَّهَ يُدْخِلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ

تحقیق اللہ داخل کرے گا اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

جَنَّٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَفْعَلُ

بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں۔ تحقیق اللہ کرتا ہے

مَا يُرِيدُ ﴿١٤﴾ مَن كَانَ يَظُنُّ أَن لَّن يَنصُرَهُ ٱللَّهُ

جو چاہتا ہے۔ جو شخص کہ گمان کرتا ہے یہ کہ ہرگز نہ مدد دیگا اُس کو اللہ

فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى ٱلسَّمَآءِ

بیچ دنیا کے اور آخرت کے پس چاہیے کہ کھینچ لیجاوے ایک رسی طرف آسمان کی

ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُۥ مَا

پھر چاہیے کہ کاٹ ڈالے اُس کو پھر دیکھے کیا لے جاویگا مکر اُس کا اُس چیز کو

يَغِيظُ ﴿١٥﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَٰهُ ءَايَٰتٍۭ بَيِّنَٰتٍ وَأَنَّ ٱللَّهَ

کہ غصے میں دلاتی ہے ف۱۔ اور اسی طرح اُتارا ہے ہم نے اُس کو نشانیاں ظاہر اور یہ کہ اللہ

يَهْدِى مَن يُرِيدُ ﴿١٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَٱلَّذِينَ

ہدایت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ

هَادُوا۟ وَٱلصَّٰبِـِٔينَ وَٱلنَّصَٰرَىٰ وَٱلْمَجُوسَ وَٱلَّذِينَ

کہ یہودی ہوئے اور بے دین اور نصاریٰ اور مجوس اور وہ لوگ

أَشْرَكُوٓا۟ إِنَّ ٱللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۚ إِنَّ

کہ شریک کرتے ہیں تحقیق اللہ فیصل کردیگا درمیان اُن کے دن قیامت کے۔ تحقیق

ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ ﴿١٧﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ يَسْجُدُ

اللہ اُوپر ہر چیز کے حاضر ہے ف۲۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہیں

لَهُۥ مَن فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَن فِى ٱلْأَرْضِ وَٱلشَّمْسُ

واسطے اُس کے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہیں اور سورج

وَٱلْقَمَرُ وَٱلنُّجُومُ وَٱلْجِبَالُ وَٱلشَّجَرُ وَٱلدَّوَآبُّ

اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور

وَكَثِيرٌ مِّنَ ٱلنَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ ٱلْعَذَابُ

اور بہت آدمیوں میں سے۔ اور بہت ہیں کہ ثابت ہوا اُوپر اُن کے عذاب۔

موضح القرآن

ف۱ دنیا کی تکلیف میں جو خدا سے نا اُمید ہو کر اسکی بندگی چھوڑے اور جھوٹی چیزیں پوجے جنکے ہاتھ نہیں برا بھلا وہ اپنے دل کے ٹھیرنے کو یہ صورت قیاس کرلے جیسے ایک شخص اونچی لٹکتی رسی سے لٹکتا ہے اگر چڑھ نہیں سکتا توقع تو ہے کہ رسی اوپر کھینچے تو چڑھ جاوے جب رسی توڑ دی پھر کیا توقع رسی کہا اللہ تعالیٰ کی اُمید کو اور آسمان کو تانے یعنی اُونچان کو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ مجوس آگ پوجتے ہیں اور ایک نبی کا بھی نام لیتے ہیں معلوم نہیں پیچھے بگڑے ہیں یا پہلے سے غلط ہیں ۱۲ منہ رح

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
اور جس کو ذلیل کرے اللہ پس نہیں واسطے اُسکے کوئی عزت دینے والا - تحقیق اللہ
يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا
کرتا ہے جو چاہتا ہے ف۱ - یہ دو جھگڑنے والے جھگڑے
فِيْ رَبِّهِمْ ؗ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ
بیچ پروردگار اپنے کے پس وہ لوگ کہ کافر ہوئے بیونتے جاویں گے واسطے اُنکے کپڑے
مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿۱۹﴾
آگ کے - ڈالا جاوے گا اُوپر سروں اُن کے کے گرم پانی -
يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ
گلایا جاوے گا ساتھ اُس کے جو کچھ پیٹوں اُنکے کے ہے اور چمڑا - اور واسطے اُن کے
مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا
ہتھوڑے ہیں لوہے کے - جس وقت ارادہ کریں گے یہ کہ نکلیں
مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ
اُس سے غم سے پھیرے جاویں گے بیچ اس کے اور چکھو عذاب
الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
جلنے کا - تحقیق اللہ داخل کرتا ہے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کئے
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ
اچھے بہشتوں میں کہ چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں پہنائے جاویں گے
فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمْ
بیچ اس کے کنگن سونے سے اور موتی - اور لباس اُن کا
فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ
بیچ اس کے ریشمی ہے ف۲ - اور راہ دکھلائے گئے طرف پاکیزگی کی بات سے
وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ
اور راہ دکھلائے گئے طرف راہ تعریف کئے گئے کے ف۳ - تحقیق وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور
يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ
بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے اور مسجد حرام سے وہ جو

موضح القرآن

ف۱ ایک سجدہ ہر کو سب ہمیں شامل ہیں. آسمان زمین میں جو کوئی ہے وہ سب اللہ کی قدرت میں بے بس ہیں اور ایک سجدہ ہے ہر ایک کا جدا وہ کہ اس کو جس کام کا بنایا اس کام میں لگے ہیں بہت آدمی کرتے ہیں بہت نہیں کرتے اور خلق سامنے کرتے ہیں. ۱۲ منہ رح.

ف۲ یہ جو پایا کہ وہاں گہنا اور وہاں پوشاک معلوم ہوا کہ یہ دونوں یہاں نہیں اور گہنوں میں سے کنگن اسواسطے کہ غلام کی خدمت پسند آتی ہو تو کڑے ڈالتے ہیں ہاتھ میں. ۱۲ منہ رح

ف۳ ستھری بات یعنی بہشت میں جھگڑا اور بکنا نہیں سوائے خوشی کی باتکے اور شکر اللہ کا یا دنیا میں توحید کی راہ پائی اور مسلمانی راہ. ۱۲ منہ رح

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَ الْبَادِ ؕ وَ

مقرر کیا ہم نے اسکو واسطے لوگوں کے برابر ہیں رہنے والے بیچ اسکے اور باہر سے آنے والے ۔ اور

مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾

جو کوئی ارادہ کرے بیچ اسکے گمراہی کا ساتھ ظلم کے چکھاویں گے اسکو عذاب درد دینے والے سے ف۱ ۔

وَ اِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ

اور جس وقت جگہ مقرر کر دی ہم نے واسطے ابراہیم کے مکان کعبے کا اس شرط پر کہ نہ شریک لا ساتھ میرے

شَيْـًٔا وَّ طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْقَآئِمِيْنَ وَ الرُّكَّعِ

کسی چیز کو اور پاک رکھ گھر میرے کو واسطے گرد پھرنے والوں کے اور کھڑے رہنے والوں کے اور رکوع

السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَ اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا

سجدہ کرنے والوں کے ف۲ ۔ اور پکار دے بیچ لوگوں کے ساتھ حج کے آوینگے تیرے پاس پیادے

وَّ عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿۲۷﴾

اور اوپر ہر اونٹ دبلے کے آویں گے ہر راہ دور سے ف۳ ۔

لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ يَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْۤ

تاکہ حاضر ہوں واسطے فائدوں اپنے کے اور یاد کریں نام اللہ کا بیچ

اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ

دنوں معلوم کے اوپر اس چیز کے کہ دیا ہے انکو چوپایوں پالے ہوئے سے ۔

فَكُلُوْا مِنْهَا وَ اَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا

پس کھاؤ اس میں سے اور کھلاؤ بھوکے محتاج کو ف۴ ۔ پھر چاہیے کہ دور کریں

تَفَثَهُمْ وَ لْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَ لْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾

میل اپنا اور پوری کریں نذریں اپنی اور گرد پھریں گھر قدیم کے ف۵ ۔

ذٰلِكَ ۗ وَ مَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ

بات یہ ہے اور جو کوئی تعظیم کرے حرمتوں اللہ کی کو پس وہ بہتر ہے واسطے اسکے نزدیک

رَبِّهٖ ؕ وَ اُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

پروردگار اپنے کے ۔ اور حلال کئے گئے واسطے تمہارے چارپائے پالے ہوئے مگر جو پڑھا جاتا ہے اوپر تمہارے

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ

پس بچتے رہو ناپاکی بتوں کی سے اور بچتے رہو بولنے

ع ۳ — حج — نصف

موضح القرآن

ف۱ یعنی جنہوں نے لوگوں کو وہاں جانا بند کیا وہ سزا پاویں گے ۔

ف۲ پہلے بھی یہ گھر تھا لیکن طوفان کے پیچھے نشان نہ رہا تھا حضرت ابراہیم کو حکم ہوا پھر عمارت بنائی اور تازہ کیا ایک بادل غیب سے آکر کھڑا ہوا اسکی چھاؤں پر لکیر ڈالی اور بنیاد رکھی اور بتوں میں کوئی نہ تھا ۔ حاضر ہی اُمت میں ہو تو حیرت ہوئی لوگوں کے اسکو آباد کرنے لے ۔

ف۳ ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم نے پکارا کہ لوگو تمہارے رب نے حج فرض کیا ہے حج کو آؤ باپ کی پشت میں لبیک کہا جس کی قسمت میں حج ہو گیا یا دو بار یا زیادہ اپنے شوق سے ہزاروں خلق پیادہ آتے ہیں فرض تب ہو کہ سواری پیدا ہو اور اگر کسی کو نزدیک ہے یا شخص پیدل چلنے کی عادت ہے تو امام مالک کے ہاں فرض ہو ۔

ف۴ جو قربانی کا جانور ہو وہ آپ کھاوے اور جو بدلہ قصور کا ہو وہ نہیں آپ کھاوے اور کئی دن فرمایا یعنی دسویں گیارہویں تاریخ اور بعضوں کے نزدیک ان دنوں میں ہر قربانی کا بھی اللہ کا نام یاد رہے ۔

ف۵ جہاں تک لبیک کہتے ہیں حجامت و ناخن نہیں لیتے بالوں میں کنگھی نہیں کرتے جب ذبح سے فارغ ہوئے سب تمام کرتے ہیں حجامت کرے

(باقی صفحہ ۴۵۵ پر)

الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾ حُنَفَاۗءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ

جھوٹ کے سے ۔ توحید کرنیوالے اللہ کو نہ شریک لانیوالے ساتھ اسکے اور جو کوئی

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاۗءِ فَتَخْطَفُهُ

شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس گویا گر پڑا آسمان سے پس اُچک لے جاتے ہیں اسکو

الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾

جانور یا پھینک دیتی ہے اس کو باؤ بیچ مکان دُور کے ف۱ ۔

ذٰلِكَ ۤ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى

بات یہ ہے اور جو کوئی تعظیم کرے نشانیوں خدا کی کو پس تحقیق وہ پرہیزگاری

الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

دلوں کی سے ہے ۔ واسطے تمھارے بیچ اسکے فائدے ہیں ایک وقت مقرر تک

ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ

پھر جگہ حلال ہونے اُن کے کی طرف کعبے کے ہے ف۲ ۔ اور واسطے ہر اُمت کے

جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰي مَا رَزَقَهُمْ

مقرر کی ہم نے طرح عبادت کی تاکہ یاد کریں نام اللہ کا اُوپر اس چیز کے کر دی ہے ہم نے

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۭ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ

انکو چارپایوں پالے ہوئے سے ۔ پس معبود تمھارا معبود ایک ہے پس واسطے اسی کے

اَسْلِمُوْا ۭ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

مطیع ہو ۔ اور خوشخبری دے عاجزی کرنیوالوں کو ۔ وہ جو جس وقت یاد کیا جاتا ہے اللہ

وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰي مَآ اَصَابَهُمْ

ڈر جاتے ہیں دل اُن کے اور صبر کرنے والے اوپر اُس چیز کے کہ پہنچتی ہے اُن کو

وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور قائم رکھنے والے نماز کو اور اُس چیز سے کہ دی ہے ہم نے اُن کو خرچ کرتے ہیں ف۳

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا

اور اونٹ قربانی کے کیا ہم نے اُنکو واسطے تمھارے نشانیوں اللہ کی سے واسطے تمھارے بیچ اُن کے

خَيْرٌ ڰ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَاۗفَّ ۚ فَاِذَا

خوبی ہے پس یاد کرو نام اللہ کا اُوپر اُن کے قطار باندھے ہوئے ۔ پس جس وقت

بقیہ صفحہ

غسل کرتے کپڑے پہنکر طواف کو جاتے ہیں جسکو ذبح کرنا ہو پہلے ذبح کر لیتا ہو اور منتیں یعنی مراد ہی واسطے جو مانا ہو وہ ادا کریں اصل منت اللہ کی ہے اور کسی کی نہیں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

موضح القرآن

ف۱ بڑائی رکھے اللہ کے ادب کی یعنی قربانی کے جانور آگے بھیجے نذر کے اور قیمتی جانور لاوے اور اسپر جھول اچھی ڈالکر پھر وہ بھی خیرات کرے اور جو پائے تمکو صول میں یعنی جو کھانے میں رواج ہو اور بہتیرے چوپائے حرام بھی ہیں اور تمکو بتوں کا پرستش کی سو جو کسی تھان پر ذبح کیا وہ مردار ہوا اور جھوٹی بات یعنی جو کسی کا نام لیکے ذبح کیا وہ بھی حرام ہو اور جو کوئی شریک کرے اسکی مثال فرمائی اسواسطے کہ جسکی نیت ایک اللہ پر ہو وہ قائم ہو اور جہاں نیت بہت طرف گئی وہ سب اسکو راہ میں کو اُچک لے گئے یا شیطان ہو کر دہری ہو گیا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ جتنے مواشی ہیں انسے کام بھی ہے کہ کام لے لیجئے پھر کعبہ پاس لیجا کر چڑھا دیجئے مگر یہ بات دشوار ہو تو جا بسم اللہ اللہ اکبر کہا اور ذبح کیا یہ نشان ہے کہ اللہ کی نیاز کعبہ کو چڑھایا اور ہو یا نزدیک ۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی مواشی ذبح کرنا نیاز اللہ کی ہر دین میں عبادت تھی اسکے سوا اور کی نیاز ذبح کرنے کی عبادت ہوگئی تو شرک ہوا ۔ ۱۲ منہ

منزل ۴

وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ

گر پڑیں کروٹیں اُن کی پس کھاؤ اُن میں سے اور کھلاؤ بے سوال فقیر کو

وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝٣٦

اور سوال کرنیوالے کو۔ اسی طرح مسخر کیا اُن کو واسطے تمہارے تاکہ تم شکر کرو ف۱۔

لَن يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِن يَنَالُهُ

ہرگز نہ پہنچیگا اللہ کو گوشت اُن کا اور نہ لہو اُن کا ولیکن پہنچتی ہے اُسکو

التَّقْوَىٰ مِنكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ

پرہیزگاری تمہاری۔ اسی طرح مسخر کیا اُنکو واسطے تمہارے تاکہ تم بڑائی کرو اللہ کی

عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۝٣٧ إِنَّ اللَّهَ

اُوپر اس کے کہ ہدایت کیا تمکو۔ اور بشارت دے نیکی کرنے والوں کو۔ تحقیق اللہ

يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ

دفع کرتا ہے اُن لوگوں سے کہ ایمان لائے۔ تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا ہر

خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝٣٨ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ

خیانت کرنیوالے کفر کرنیوالے کو ف۲۔ اذن دیا گیا واسطے اُن لوگوں کے کہ لڑائی کئے جاتے ہیں بسبب اسکے

ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ۝٣٩ الَّذِينَ

کہ وہ ظلم کئے گئے ہیں۔ اور تحقیق اللہ اُوپر مدد اُن کی کے البتہ قادر ہے۔ وہ لوگ کہ

أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا

نکالے گئے گھروں اپنے سے ناحق مگر یہ کہ کہا انھوں نے

رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم

پروردگار ہمارا اللہ ہے۔ اور اگر نہ ہوتا دور کرنا اللہ کا لوگوں کو بعضے اُن کے کو

بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ

بعض سے البتہ ڈھائے جاتے خلوت خانے درویشوں کے اور عبادت خانے نصاریٰ کے اور عبادت

وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنصُرَنَّ

خانے یہود کے اور مسجدیں کہ یاد کیا جاتا ہے بیچ اُن کے نام اللہ کا بہت اور البتہ مدد دے گا

اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝٤٠ الَّذِينَ

اللہ اُسکو کہ مدد دیتا ہے اُسکو۔ تحقیق اللہ البتہ زور آور ہے غالب ف۳۔ وہ لوگ

موضح القرآن

ف۱ اُونٹ کو ذبح کے بدلے نحر ہو کھڑا کر کے قبلے کے سامنے پھر چھاتی میں زخم دیجیے جب سارا لہو نکل چکا وہ گر پڑا کاٹنے لگے۔ قانع دو بیتی پہ راضی ہے جو مانگتا نہیں اور دوسرا وہ جو مانگتا ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ جب تک حضرت مکے میں رہے حکم تھا کہ مسلمان صبر کریں کافروں کی بدی پر صبر کیا

ع ۵ / ۵ / ۱۲

جب مدینے میں آئے حکم ہوا کہ جو تم سے بدی کرتے ہیں تم بھی بدلا لو تب جہاد شروع ہوا اگلی آیت میں حکم ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ جو اُسکی مدد کرے یعنی اسکے دین کی اور اس کے رسول کی اللہ قادر ہے جو چاہے ایکدم میں لڑے انسان سے یہی معاملہ بھلے گئے آپس میں لڑا پاویں۔ ۱۲ منہ رح

إِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا

کہ اگر قدرت دیں ہم اُن کو بیچ زمین کے قائم رکھیں نماز کو اور دیں

الزَّكٰوةَ وَأَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ

زکوٰۃ اور حکم کریں ساتھ بھلائی کے اور منع کریں نامعقول سے۔

وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْأُمُوْرِ ﴿٤١﴾ وَإِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

اور واسطے اللہ کے ہے آخر سب کاموں کا۔ اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ

جھٹلایا تھا پہلے اُن سے قوم نوح کی نے اور قوم عاد اور ثمود نے۔ اور قوم

إِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّأَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

ابراہیم کی نے اور قوم لوط کی نے۔ اور رہنے والے مدین کے نے۔ اور جھٹلایا گیا

مُوْسٰى فَأَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ

موسیٰ پس ڈھیل دی میں نے کافروں کو پھر پکڑا میں نے اُنکو۔ پس کیونکر تھا

كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ

عذاب میرا۔ پس بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے اُن کو اور وہ

ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

ظالم تھیں پس وہ گری ہوئی ہیں اوپر چھتوں اپنی کے اور بہت کنوئیں ناکارہ پڑے ہوئے

وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ أَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْأَرْضِ فَتَكُوْنَ

اور بہت محل ہیں بلند کئے ہوئے۔ کیا پس نہیں سیر کی انھوں نے بیچ زمین کے پس ہوتے

لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَا أَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ

واسطے اُن کے دل کہ سمجھتے ساتھ اُن کے اور کان کہ سنتے ساتھ اُن کے۔

فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ

پس تحقیق وہ نہیں کہ اندھی ہو جاتی ہیں آنکھیں ولیکن اندھے ہو جاتے ہیں دل

الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ

وہ جو بیچ سینوں کے ہیں۔ اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے عذاب کو

وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ

اور ہرگز نہ خلاف کریگا اللہ وعدے اپنے کو۔ اور تحقیق ایک دن نزدیک پروردگار تیرے کے

موضح القرآن

ف۱ یعنی اُمت دین قائم کریں گے ایک مدت آخر اللہ ہی جانے۔ ۱۲ منہ رح۔

كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿٤٧﴾ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ
مانند ہزار برس کے ہوتا ہے ان دنوں سے کہ گنتے ہو تم ف۱ ۔ اور بہت بستیاں ہیں
أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ
کہ ڈھیل دی میں نے انکو اور وہ ظلم کرنیوالیاں تھیں پھر پکڑا میں نے انکو اور طرف میری
الْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ
ہے پھر آنا ۔ کہہ اے لوگو سوائے اسکے نہیں کہ میں واسطے تمہارے ڈرانے والا
مُّبِينٌ ﴿٤٩﴾ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم
ہوں ظاہر ۔ پس وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے اچھے واسطے اُن کے
مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾ وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا
بخشش ہے اور رزق ہے عزت کا ۔ اور جن لوگوں نے سعی کی بیچ نشانیوں ہماری کے
مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا
عاجز کرنے کو ۔ یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے ۔ اور نہیں بھیجا ہمنے
مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ
پہلے تجھ سے کوئی رسول اور نہ نبی مگر جب وقت کہ آرزو کرتا تھا
أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي
ڈال دیتا تھا شیطان بیچ آرزو اُس کی کے ۔ پس موقوف کر دیتا ہے اللہ جو ڈالتا ہے
الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٥٢﴾ ف۲
شیطان پھر محکم کرتا ہے اللہ نشانیوں اپنی کو ۔ اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ف۲ ۔
لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ فِي
تاکہ کر دیوے اُس چیز کو کہ ڈالتا ہے شیطان آزمائش واسطے اُن لوگوں کے کہ بیچ
قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ
دلوں اُن کے کے مرض ہے اور جو کہ سخت ہیں دل اُن کے ۔ اور تحقیق ظالم
لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ﴿٥٣﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ
البتہ بیچ خلاف دور کے ہیں ۔ اور تاکہ جانیں وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم
أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ
یہ کہ وہ سچ ہے پروردگار تیرے کی طرف سے پس ایمان لاویں ساتھ اسکے پس عاجزی کریں واسطے اُسکے

موضح القرآن

ف۱ یعنی ہزار برس کا کام ایک دن میں کر سکتا ہے ۱۲ منہ رح۔

ع ۱۰ / ۱۳

ف۲ نبی کو ایک حکم اللہ سے آتا ہے اس میں ہرگز تفاوت نہیں اور ایک اپنے دل کا خیال اس میں جیسے اور آدمی کبھی خیال ٹھیک پڑا کبھی نہ پڑا جیسے حضرت نے خواب میں دیکھا کہ مدینے سے مکے میں گئے عمرہ کیا خیال میں آیا کہ شاید اسکے برس ٹھیک پڑا اگلے برس وعدہ ہوا کافروں پر غلبہ ہوگا خیال آیا کہ اب کے لڑائی میں یہی ہوا پھر اللہ جتا دیتا ہے لڑائی کا حکم تھا اسمیں تفاوت نہیں ۱۲ منہ رح

قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَهَادِ الَّذِينَ آمَنُوا إِلَىٰ صِرَاطٍ

دل اُن کے۔ اور تحقیق اللہ البتہ راہ دکھانے والا ہے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے طرف راہ

مُسْتَقِيمٍ ۝ وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي مِرْيَةٍ

سیدھی کے ف۱۔ اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیچ شک کے

مِنْهُ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ

اس سے یہاں تک کہ آوے اُن کے پاس قیامت ناگہاں یا آوے اُنکے پاس عذاب

يَوْمٍ عَقِيمٍ ۝ الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۚ

دن نحس کا۔ بادشاہی اُس دن واسطے اللہ کے ہے۔ حکم کریگا درمیان اُن کے۔

فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي جَنَّاتِ

پس وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے بیچ بہشتوں

النَّعِيمِ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُولَٰئِكَ

نعمت کے ہیں۔ اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو پس یہ لوگ

لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ

واسطے اُنکے عذاب ہے ذلیل کرنے والا۔ اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا بیچ راہ

اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ

اللہ کے پھر مارے گئے یا مر گئے البتہ رزق دیوے گا اُن کو اللہ رزق اچھا۔

وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ لَيُدْخِلَنَّهُمْ

اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بہتر روزی دینے والا۔ البتہ داخل کرے گا اُنکو

مُدْخَلًا يَرْضَوْنَهُ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيمٌ حَلِيمٌ ۝

اس جگہ کہ پسند کریں گے اُس کو۔ اور تحقیق اللہ جاننے والا تحمل والا ہے۔

ذَٰلِكَ ۖ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوقِبَ بِهِ ثُمَّ

بات یہی ہے۔ اور جو کوئی بدلا لیوے برابر اُسکے کہ زیادتی کی گئی ہے اُوپر اُسکے پھر

بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ ۝

تعدی کیا جاوے اُوپر اُسکے البتہ مدد دیگا اُسکو اللہ۔ تحقیق اللہ البتہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے ف۲۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ

یہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے

موضح القرآن

ف۱ یعنی اس میں گمراہ اور بہکتے ہیں سو ان کا کام ہے بہکنا اور ایمان والے اور مضبوط ہوتے ہیں کہ اس کلام میں بندے کا دخل نہیں اگر ہوتا تو یہی بندے کے خیال کی طرح کبھی صحیح کبھی غلط ہوتا اور جس کی نیت اعتقاد پر ہو اسکو اللہ سوجھاتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی بدلا واجبی لینے والے کو عذاب نہیں کرتا اگرچہ بدلا نہ لینا بہتر تھا۔ بدر کی لڑائی میں مسلمانوں نے بدلا لیا کافروں کی ایذا کا پھر کافر آئے زیادتی کرنے کو احد میں اور احزاب میں پھر اللہ نے پوری مدد کی۔ ۱۲ منہ رح

النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكَ

دن کو بیچ رات کے اور یہ کہ اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے ۔

بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ

بسبب اسکے ہے کہ اللہ وہ ہی حق اور یہ کہ جو پکارتے ہیں سوائے اسکے

هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٦٢﴾ أَلَمْ تَرَ

وہ باطل ہے اور یہ کہ اللہ وہ ہے بلند مرتبہ بڑا ۔ کیا نہ دیکھا تو نے

أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ

یہ کہ اللہ نے اُتارا آسمان سے پانی پس ہو جاتی ہے زمین

مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَهُ مَا فِي

سبز ۔ تحقیق اللہ باریک دیکھنے والا ہے خبردار ۔ واسطے اُسی کے ہے جو کچھ بیچ

السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ

آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے ۔ اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بے پروا

الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي

تعریف کیا گیا ۔ کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ

زمین کے ہے اور مسخر کیا کشتیوں کو چلتی ہیں بیچ دریا کے ساتھ حکم اسکے کے ۔ اور تھام رکھتا ہے

السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ

آسمان کو اس سے کہ گر پڑے اُوپر زمین کے مگر ساتھ حکم اس کے کے ۔ تحقیق اللہ

بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ

ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے ۔ اور وہی ہے جس نے جلایا تم کو

ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾

پھر مارے گا تمکو پھر زندہ کریگا تمکو ۔ تحقیق آدمی البتہ ناشکر ہے ف۲ ۔

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ

واسطے ہر ایک اُمت کے کی ہم نے ایک طرح عبادت کی کہ وہ عبادت کرتے ہیں اسکو پس نہ جھگڑیں تجھ سے

فِي الْأَمْرِ ۚ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

بیچ حکم کے اور پکار طرف پروردگار اپنے کے ۔ تحقیق تو البتہ اوپر راہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسی طرح کفر میں اسلام غالب کریگا ۱۲

ع ٨ / ١٥ ربع

ف۲ یعنی اس کا حق نہیں مانتا ۔ ۱۲ منہ رح

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا
سیدھی کے ہے ف۱۔ اور اگر جھگڑیں تجھ سے پس کہہ کہ اللہ خوب جانتا ہو ساتھ اُس چیز کے
تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا
کہ کرتے ہو تم۔ اللہ حکم کرے گا درمیان تمہارے دن قیامت کے بیچ اُس چیز کے
كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ
کہ تم بیچ اس کے اختلاف کرتے۔ کیا نہیں جانتا تو یہ کہ اللہ جانتا ہے
مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ
جو کچھ بیچ آسمان کے اور زمین کے ہے۔ تحقیق یہ بیچ کتاب کے ہے۔ تحقیق
ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ
یہ اُوپر اللہ کے آسان ہے ف۲۔ اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے
مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ ۗ
اس چیز کے کہ نہیں اُتاری ساتھ اُسکے کوئی دلیل اور اُس چیز کو کہ نہیں واسطے اُنکے ساتھ اُسکے علم۔
وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا
اور نہیں واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا۔ اور جس وقت پڑھی جاتی ہیں اوپر اُنکے نشانیاں
بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ
ہماری روشن پہچانتا ہے تو بیچ مونہوں اُن لوگوں کے کہ کافر ہیں ناخوشی کو۔
يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ
نزدیک ہیں کہ حملہ کریں ساتھ اُن لوگوں کے کہ پڑھتے ہیں اوپر اُن کے نشانیاں ہماری۔
قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ
کہہ پس کیا خبر دوں میں تم کو ساتھ بدتر کے اس سے۔ آگ ہے۔ وعدہ کیا ہے اُسکا اللہ نے
الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ
اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے۔ اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی۔ اے لوگو
ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ
بیان کی گئی ہے مثال پس سنو اُس کو۔ تحقیق کہ جن کو پکارتے ہو
مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا
سوائے اللہ کے ہرگز نہ پیدا کریں گے ایک مکھی اور اگرچہ اکٹھے ہوں

موضح القرآن

ف۱ یعنی اصل دین ہمیشہ سے ایک ہے اور احکام ہر دین میں جُدا آتے ہیں ہر حکم کا واسطہ کیوں پوچھتے ہیں۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یعنی بندوں کے عمل بھی کتاب میں لکھے ہیں ۱۲ منہ رحمہ

منزل ۴

ع ۹ ۸ ۱۶

لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔـا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ

واسطے اس کے۔ اور اگر چھین لے اُن سے مکھی کچھ نہ چھڑا سکیں اُس کو

مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ

اُس سے۔ بودا ہے مانگنے والا اور جو مانگتا ہے۔ نہ قدر جانی اللہ کی

حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ

حق قدر اُس کی کا۔ تحقیق اللہ زبردست ہے غالب ف۱۔ اللہ پسند کر لیتا ہے

مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

فرشتوں میں سے پیغام پہنچانے والے اور آدمیوں میں سے۔ تحقیق اللہ سننے والا

بَصِيْرٌ ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ

دیکھنے والا ہو ف۲۔ جانتا ہے جو کچھ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ پیچھے اُن کے ہے۔

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام ف۳۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو پروردگار اپنے کی اور کرو

الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ

بھلائی تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور محنت کرو بیچ راہ اللہ کے حق محنت اس کی کا۔

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ

اُس نے برگزیدہ کیا تم کو اور نہیں کی اوپر تمہارے بیچ دین کے کچھ تنگی۔

مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ

دین باپ تمہارے ابراہیم کا۔ اُسی نے نام رکھا ہے تمہارا مسلمان

مِنْ قَبْلُ وَفِيْ ھٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا

پہلے سے اور بیچ اس کتاب کے بھی تاکہ ہو پیغمبر گواہ

عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ ښ فَاَقِيْمُوا

اوپر تمہارے اور ہو تم گواہ اوپر لوگوں کے پس قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ

نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور مستحکم پکڑو ساتھ اللہ کے۔ وہی ہے

مُوضح القرآن

ف۱ چاہنے والا کافر اور جس کو چاہتا ہے ان کے بُت مکھی چاٹتی ہے بُت کو نہ وہ مُورت اڑا تی ہے نہ اس مُورت کا شیطان۔ ١٢ منہ رح

ف۲ یعنی ساری خلق میں بہتر وہ لوگ ہیں پیغام پہنچانیوالے فرشتوں میں بھی وہ فرشتے اصلی ہیں ان کو چھوڑ کر بُتوں کو مانتے ہو نکمے۔ ١٢ منہ رح

ف۳ یعنی وہ بھی اختیار نہیں رکھتے اختیار ہر چیز میں اللہ کا ہی۔ ١٢ منہ رح

(منزل ۴) (السجدة ۔ عند الشافعي)

مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝٧٨

دوست تمہارا۔ پس بہت اچھا دوست ہے اور اچھا مددگار ف۔

ع ٦ ١٧

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشَرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ المؤمنون مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایکسو اٹھارہ آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

تحقیق فلاح پائی ایمان والوں نے۔ وہ جو بیچ

صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝٢ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

نماز اپنی کے زاری کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو بے فائدہ بات سے

مُعْرِضُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝٤

اور کام سے منہ پھیرنیوالے ہیں۔ اور وہ جو واسطے زکوٰۃ کے ادا کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝٥ اِلَّا عَلٰٓى

اور وہ جو واسطے شرمگاہ اپنی کے محافظت کرنے والے ہیں۔ مگر اوپر

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ

أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا ۚ لَا تَنْفُذُونَ

بیچ کنارے آسمانوں کے اور زمین کے پس پیٹھ جاؤ تم۔ نہ پیٹھ جاؤ گے تم

إِلَّا بِسُلْطَانٍ ﴿٣٣﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ

مگر ساتھ غلبہ کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ بھیجے جاتے ہیں

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ﴿٣٥﴾

اوپر تمہارے شعلے آگ کے اور تانبا گلا ہوا پس نہیں بدلہ لے سکتے تم

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٦﴾ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ

پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ پس جس وقت کہ پھٹ جاوے آسمان

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

پس ہو جاوے سرخ مانند نری کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے

تُكَذِّبٰنِ ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ
جھٹلاتے ہو۔ پس اس دن نہ پوچھا جاوے گا گناہ اپنے سے انسان
وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُعْرَفُ
اور نہ جن۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو پہچانے جاوینگے
الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَ
گنہگار ساتھ چہرے اپنے کے پس پکڑا جاوے گا ساتھ بالوں پیشانی کے اور
الْاَقْدَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ
قدموں کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ یہ ہے
جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ يَطُوْفُوْنَ
دوزخ وہ جو جھٹلاتے تھے اس کو گنہگار۔ پھریں گے
بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا
درمیان اسکے اور درمیان پانی کھولتے کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے
تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝
جھٹلاتے ہو۔ اور واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہو کھڑے ہونے آگے پروردگار اپنے کے دو بہشتیں ہیں
فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝
پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ دونو بہشت شاخوں والی ہیں۔
فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝
پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ بیچ ان دونو کے دو چشمے چلتے ہیں
فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ
پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ بیچ ان دونو کے ہر
فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
میوے سے دو قسمیں ہیں۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔
مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۢ بَطَاۤىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ وَجَنَا
تکیہ کئے ہوئے اوپر بچھونوں کے کہ استر ان کے تافتے کے ہیں۔ اور میوہ
الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
دونو بہشتوں کا نزدیک ہے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔

وقف لازم

منزل ۷

ع ۲

فِيهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ
بیچ اُن کے ہیں بند رکھنے والیاں نظر کی نہیں نزدیک ہوا اُن کے انسان پہلے اُن سے
وَلَا جَآنٌّ ۝۵۶ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۵۷
اور نہ جن۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔
كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۝۵۸ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
گویا کہ وہ یاقوت ہیں اور مرجان ہیں۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کو
تُكَذِّبٰنِ ۝۵۹ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝۶۰
جھٹلاتے ہو۔ نہیں بدلا احسان کا مگر احسان ف۱۔
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۱ وَمِنْ دُوْنِهِمَا
پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ اور سوائے ان دونو کے
جَنَّتٰنِ ۝۶۲ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۳
دو بہشتیں ہیں۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔
مُدْهَآمَّتٰنِ ۝۶۴ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۵
نہایت سبز ہیں۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔
فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝۶۶ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
بیچ ان دونو کے دو چشمے ہیں بشدت جوش مارنے والے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے
تُكَذِّبٰنِ ۝۶۷ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝۶۸
جھٹلاتے ہو۔ بیچ ان دونو کے میوے ہیں اور کھجور اور انار ہیں۔
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۶۹ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ
پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ بیچ اُن کے ہیں اچھی عورتیں
حِسَانٌ ۝۷۰ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝۷۱ حُوْرٌ
خوبصورت۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔ گوریاں ہیں
مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ۝۷۲ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
رکھی ہوئی بیچ خیموں کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے
تُكَذِّبٰنِ ۝۷۳ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ
جھٹلاتے ہو۔ نہیں ہاتھ لگایا اُن کو کسی انسان نے پہلے اُن سے

موضح القرآن
ف۱ نیک بندگی کا بدلا نیک ثواب ہے۔

وَّلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

اور نہ جنوں نے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔

مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِیٍّ

تکیہ کئے ہوئے اوپر قالینوں سبز کے اور نادر

حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

نفیس کے۔ پس ساتھ کونسی نعمت پروردگار اپنے کے جھٹلاتے ہو۔

تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِکْرَامِ ﴿۷۸﴾

برکت والا ہے نام پروردگار تیرے صاحب بزرگی اور صاحب بخشش کا ف۔

سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰیَۃً وَّثَلٰثُ رُکُوْعَاتٍ

سورہ واقعہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ ﴿۱﴾ لَیْسَ لِوَقْعَتِہَا کَاذِبَۃٌ ﴿۲﴾

جس وقت ہو پڑے گی ہو پڑنے والی۔ نہیں وقت ہو پڑنے اسکے کے کوئی جھوٹ بولنے والا

خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ ﴿۳﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾

نیچا کر دینے والی اونچا کر دینے والی ہے۔ جس وقت کہ ہلائی جاوے گی زمین ہلائی جانے کر۔

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَکَانَتْ ھَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿۶﴾ وَّ

اور اڑائے جاویں گے پہاڑ اڑائے جانے کر۔ پس ہو جاویں گے بھنگے پراگندہ۔ اور

کُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَۃً ﴿۷﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَیْمَنَۃِ ۵ مَآ

ہو جاؤ گے تم قسمیں تین۔ پس صاحب داہنی طرف کے کیا ہیں

اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَۃِ ﴿۸﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَۃِ ۵ مَآ اَصْحٰبُ

وہ داہنی طرف کے۔ اور بائیں طرف والے کیا ہیں وہ بائیں

الْمَشْـَٔمَۃِ ﴿۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿۱۰﴾ اُولٰٓئِکَ

طرف والے۔ اور آگے نکل جانیوالے آگے ہیں سب سے۔ یہ لوگ

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۱۱﴾ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّۃٌ مِّنَ

مقترب ہیں۔ بیچ بہشتوں نعمت کے۔ بڑی جماعت ہے

موضح القرآن

ف ہر آیت میں نعمت جتائی۔ کوئی آپ نعمت ہے اور کسی کی خبر دینی نعمت ہے کہ اس سے بچیں۔

* * *

ع ۳ ۱۳

منزل ۷

وقف لازم

الْأَوَّلِينَ ۝١٣ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ۝١٤ عَلَىٰ سُرُرٍ

پہلوں میں سے۔ اور تھوڑے پچھلوں میں سے ف۱۔ اوپر چارپائیوں

مَّوْضُونَةٍ ۝١٥ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ ۝١٦ يَطُوفُ

سونے کی تاروں سے بنی ہوئی کے ہیں۔ تکیے کئے ہوئے اوپر اُن کے آمنے سامنے۔ پھریں گے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ۝١٧ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ

اوپر اُن کے لڑکے ہمیشہ رہنے والے۔ ساتھ آبخوروں کے اور آفتابوں کے

وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ۝١٨ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَ

اور پیالوں کے شراب صاف سے۔ نہیں سر دُکھائے جاویں گے اس سے اور

لَا يُنزِفُونَ ۝١٩ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ۝٢٠ وَلَحْمِ

نہ بہکا بولیں گے۔ اور میوے اس قسم سے کہ پسند کریں۔ اور گوشت

طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝٢١ وَحُورٌ عِينٌ ۝٢٢ كَأَمْثَالِ

جانوروں کے اس قسم سے کہ چاہیں گے۔ اور واسطے اُن کے عورتیں ہیں بڑی آنکھوں والی۔ مانند

اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ۝٢٣ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٢٤

موتیوں چھپائے ہوئے کے۔ بدلا اُس چیز کا کہ تھے وہ کرتے۔

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ۝٢٥ إِلَّا قِيلًا

نہیں سنیں گے بیچ اس کے بیہودہ اور نہ گناہ کی باتیں۔ مگر کہنا

سَلَامًا سَلَامًا ۝٢٦ وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ

سلام ہے سلام ہے۔ اور داہنی طرف والے کیا ہیں داہنی طرف

الْيَمِينِ ۝٢٧ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝٢٨ وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ ۝٢٩

والے۔ بیچ بیریوں کانٹے دور کئے ہوئے۔ اور کیلے تہ بہ تہ

وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝٣٠ وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ۝٣١ وَفَاكِهَةٍ

اور سایہ لمبا۔ اور پانی گرتا ہوا۔ اور میوے

كَثِيرَةٍ ۝٣٢ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ۝٣٣ وَفُرُشٍ

بہت۔ نہیں کاٹا گیا اور نہ منع کیا گیا ف۲۔ اور بچھونے

مَّرْفُوعَةٍ ۝٣٤ إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ۝٣٥ فَجَعَلْنَاهُنَّ

بلند۔ تحقیق ہم نے پیدا کیا عورتوں اُن کو پیدا کرنا پس کیا ہم نے اُن کو

موضح القرآن

ف۱ پہلے کیا پہلی امتوں کو اور پچھلے یعنی اپنے پیچھے کی امت کے یعنی اعلیٰ درجے کے لوگ پہلے بہت ہو چکے ہیں پیچھے کم ہوتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی اس میں سے کچھ ٹوٹ نہیں چلا ۱۲ منہ رح

أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِأَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٣٨﴾
کنواریاں ۔ سہاگ والیاں ہمعمر ۔ واسطے داہنی طرف والوں کے۔

ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ ﴿٤٠﴾
جماعت کثیر پہلوں میں سے ۔ اور جماعت کثیر ہے پچھلوں میں سے ف۱

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِي سَمُومٍ
اور صاحب بائیں طرف کے کیا ہیں صاحب بائیں طرف کے ۔ بیچ باد گرم کے

وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾
اور پانی گرم کے ۔ اور سایہ دھوئیں کے ۔ کہ نہیں ٹھنڈا اور نہ عزت والا

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا
تحقیق وہ تھے پہلے اس سے نعمت میں پلے ہوئے ۔ اور تھے

يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ
استادگی کرتے اوپر خلاف قسم بڑی کے ۔ اور تھے کہتے

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾
کیا جب مر جاویں گے ہم اور ہو جاویں گے ہم مٹی اور ہڈیاں کیا ہم پھر اٹھائے جاویں گے۔

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَ
یا باپ ہمارے پہلے ۔ کہہ تحقیق پہلے اور

الْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَاتِ يَوْمٍ
پچھلے ۔ البتہ اکٹھے کیے جاویں گے طرف وقت ایک دن

مَعْلُومٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ ﴿٥١﴾
معلوم کی ۔ پھر تحقیق تم اے گمراہو جھٹلانے والو۔

لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِنْ زَقُّومٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِئُونَ مِنْهَا
البتہ کھانے والے ہو درخت سینڈھ کے سے ۔ پس بھرنے والے ہو اس سے

الْبُطُونَ ﴿٥٣﴾ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ ﴿٥٤﴾
پیٹوں کو ۔ پھر پینے والے ہو اوپر اس کے گرم پانی سے ۔

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ ﴿٥٥﴾ هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ
پھر پینے والے جو پینا تشنگی والے اونٹوں کا یعنی تونس کا ۔ یہ مہمانی ان کی دن

ع ۱

موضح القرآن

ف۱ داہنا اور بایاں یہ کہ کاغذ اعمال کا جس کے داہنے میں آیا وہ بہشتی ۔ اور بائیں میں آیا تو دوزخی ۔ منہ رح

الدِّيْنِ ۝٥٦ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝٥٧

جزا کے۔ ہم نے پیدا کیا ہے تمکو پس کیوں نہیں مانتے تم یعنی جی اٹھنا ف

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝٥٨ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ

کیا پس دیکھا تمنے جو منی ڈالتے ہو تم۔ کیا تم پیدا کرتے ہو اس کو یا ہم

الْخٰلِقُوْنَ ۝٥٩ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے ہی مقدر کی ہے درمیان تمہارے موت اور نہیں ہم

بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝٦٠ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ

عاجز اس بات سے۔ کہ بدل دیویں تمکو مانند تمہارے اور

نُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٦١ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

پیدا کریں تمکو بیچ اس جہان کے کہ نہیں جانتے تم ف۔ اور البتہ تحقیق جان لی تم نے

النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٦٢ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

پیدائش پہلی پس کیوں نہیں نصیحت پکڑتے۔ کیا پس دیکھا تمنے جو

تَحْرُثُوْنَ ۝٦٣ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝٦٤

بوتے ہو۔ کیا تم کھیتی کرتے ہو اس کو یا ہم کھیتی کر دیتے ہیں۔

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ حُطٰمًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝٦٥

اگر چاہیں ہم البتہ کر دیویں ہم اس کو ریزہ ریزہ پس ہو جاؤ تم باتیں بناتے۔

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝٦٦ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝٦٧ اَفَرَءَيْتُمُ

تحقیق ہم تاوان دیے گئے۔ بلکہ ہم محروم ہو گئے۔ کیا پس دیکھا تمنے

الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝٦٨ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ

پانی کو جو پیتے ہو۔ کیا تم نے اُتارا ہے اس کو

الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝٦٩ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

بادل سے یا ہم اُتارنے والے ہیں۔ اگر چاہیں ہم کر دیویں ہم اُسکو

اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝٧٠ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ

کڑوا پس کیوں نہیں شکر کرتے تم۔ کیا پس دیکھا تم نے آگ کو

الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝٧١ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ

جو روشن کرتے ہو تم۔ کیا تم نے پیدا کیا ہے درخت اس کا یا ہم

موضح القرآن

ف یعنی دوسرا بنانا ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی تمکو اور جہان میں لے جا دیں تمہاری جگہ یہاں اور خلقت بسا دیں ۱۲ منہ رح

الْمُنْشِئُونَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا
پیدا کرنے والے ہیں ف۱ ۔ ہم نے کیا ہے اس کو نصیحت اور فائدہ
لِلْمُقْوِينَ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝ فَلَا
واسطے مسافروں کے ف۲ ۔ پس پاکی بیان کر ساتھ نام پروردگار اپنے بڑے کے ۔ پس قسم
أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ۝ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ
کھاتا ہوں میں ساتھ گرنے تاروں کے ف۳ ۔ اور تحقیق یہ قسم ہے اگر جانو تم
عَظِيمٌ ۝ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ۝ فِي كِتَابٍ
بڑی ۔ تحقیق یہ پڑھنے کی چیز ہے باکرامت ۔ بیچ کتاب
مَكْنُونٍ ۝ لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ۝ تَنْزِيلٌ
پوشیدہ کے ۔ نہیں ہاتھ لگاتے اس کو مگر پاک لوگ ۔ اتاری ہوئی ہے
مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَفَبِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَنْتُمْ
پروردگار عالموں کی طرف سے ۔ کیا پس ساتھ اس بات کے تم
مُدْهِنُونَ ۝ وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ
سستی کرتے ہو تم ۔ اور کرتے ہو تم حصہ اپنا یہ کہ تم
تُكَذِّبُونَ ۝ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ۝ وَأَنْتُمْ
جھٹلاتے ہو ۔ پس کیوں نہیں جس وقت کہ پہنچتی ہے جان حلق کو ۔ اور تم
حِينَئِذٍ تَنْظُرُونَ ۝ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ
اس وقت دیکھتے ہو ۔ اور ہم بہت نزدیک ہیں طرف اس کی تم سے
وَلَٰكِنْ لَا تُبْصِرُونَ ۝ فَلَوْلَا إِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ
ولیکن نہیں دیکھتے ہو تم ۔ پس کیوں نہیں اگر ہو تم غیر
مَدِينِينَ ۝ تَرْجِعُونَهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝
مغلوب ۔ پھیر لاتے اس کو اگر ہو تم سچے
فَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ فَرَوْحٌ وَ
پس جو اگر ہووے مقربوں سے ۔ پس راحت ہے اور
رَيْحَانٌ ۙ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ۝ وَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ
رزق ہے اور بہشت ہے نعمت کی ۔ اور اگر جو ہے

ع ۲ آیات ۱۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی درخت ہیں سبز ان کو رگڑنے سے آگ نکلتی ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ یاد کر اس آگ سے دوزخ کی آگ یاد آوے اور جنگل والوں کو آگ سے بہت کام ہیں جاڑے میں ۔ اور کام سسم کا چلنا ۔ ہے ادا ہے ۱۲ منہ رح

ف۳ ایک معنی یہ ہیں کہ آیتیں اترنے کی پیغمبروں کے دل میں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۴ یعنی فرشتے اس کتاب کو ہاتھ لگاتے ہیں وہ کتاب میں قرآن لکھا ہوا ہے فرشتوں کے ہاتھ میں یا لوح محفوظ میں ۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۷

أَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ أَصْحٰبِ
داہنی طرف والوں سے ۔ پس سلامتی ہے تجھ کو داہنی طرف

الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَأَمَّآ إِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ
والوں سے ف ۔ اور اگر ہے جھٹلانے والے

الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ
گمراہوں سے ۔ پس مہمانی ہے گرم پانی کی ۔ اور داخل کرنا ہے

جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾
دوزخ کا ۔ تحقیق یہ وہ ہے البتہ یقین ۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾
پس پاکی بیان کر ساتھ نام پروردگار اپنے بڑے کے ۔

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ
سورہ حدید مدینہ میں نازل ہوئی اس میں انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ
پاکی بیان کرتا ہے واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور زمین کے ہے ۔ اور وہ ہے غالب

الْحَكِيْمُ ﴿١﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يُحْيِ
حکمت والا ۔ واسطے اسکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی ۔ زندہ کرتا ہے

وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢﴾ هُوَ الْأَوَّلُ
اور مارتا ہے ۔ اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ۔ وہ ہے سب سے پہلے

وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
اور سب سے پیچھے اور سب سے ظاہر اور سب سے چھپا ہوا ۔ اور وہ سب کچھ

عَلِيْمٌ ﴿٣﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
جانتا ہے ۔ وہ ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا
بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے ۔ جانتا ہے جو کچھ

موضح القرآن
ف یعنی خاطر جمع رکھ انکی طرف سے ۔

ع ٣ / ٢٢ / ١٦

يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ

داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ نکلتا ہے اس سے اور جو کچھ اُترتا ہے

السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۖ وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ

آسمان سے اور جو کچھ چڑھتا ہے اس میں۔ اور وہ ساتھ تمہارے ہے جہاں ہو تم۔

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٤﴾ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے۔ واسطے اسی کے ہے بادشاہی آسمانوں کی

وَالْأَرْضِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٥﴾ يُولِجُ اللَّيْلَ

اور زمین کی۔ اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام۔ داخل کرتا ہے رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيمٌ

بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے۔ اور وہ جانتا ہے

بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٦﴾ آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَ

سینے والی بات کو۔ ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور

أَنْفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ فِيهِ ۖ فَالَّذِينَ

خرچ کرو اس چیز سے کہ کیا ہے تمکو جانشین پہلوں کا بیچ اس کے۔ پس جو لوگ کہ

آمَنُوا مِنْكُمْ وَأَنْفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾ وَمَا لَكُمْ

ایمان لائے تم میں سے اور خرچ کیا واسطے اُنکے ثواب ہے بڑا۔ اور کیا ہے واسطے تمہارے

لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۙ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا

کہ نہ ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے۔ اور رسول پکارتا ہے تمکو تاکہ ایمان لاؤ

بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾

ساتھ پروردگار اپنے کے اور تحقیق لیا ہے قول تمہارا اگر ہو تم ایمان والے ف۱۔

هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُمْ

وہ ہے جو اُتارتا ہے اوپر بندے اپنے کے نشانیاں ظاہر تاکہ نکالے تمکو

مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَءُوفٌ

اندھیروں سے طرف روشنی کی۔ اور تحقیق اللہ ساتھ تمہارے البتہ شفقت کرنے والا

رَحِيمٌ ﴿٩﴾ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

مہربان ہے۔ اور کیا ہے واسطے تمہارے یہ کہ نہ خرچ کرو بیچ راہ خدا کے

موضح القرآن

ف۱ قرار اللہ نے لیا تھا دنیا میں آنے سے پہلے اور اس کا اثر بچھ رہا ہر دل میں ۱۲ منہ رح

منزل ۷

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ
اور واسطے اللہ کے ہے میراث آسمانوں کی اور زمین کی ۔ نہیں برابر تم میں سے
مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
وہ شخص کہ جس نے خرچ کیا تھا پہلے فتح مکہ سے اور لڑائی کی تھی ۔ یہ لوگ
اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ
بڑے ہیں درجوں میں اُن لوگوں سے کہ خرچ کیا انہوں نے پیچھے اس سے اور
قٰتَلُوْا ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
لڑائی کی ۔ اور ہر ایک کو وعدہ دیا ہے اللہ نے اچھا ۔ اور اللہ ساتھ اُس چیز کے کہ کرتے ہو تم
خَبِيْرٌ ۝۱۰ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
خبردار ہے ف ۔ کون شخص ہے کہ قرض دیوے اللہ کو قرض اچھا
فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝۱۱ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ
پس دگنا کرے اُسکو واسطے اسکے اور واسطے اسکے ہے ثواب باکرامت ف ۔ اُس دن کہ دیکھیگا تو ایمان والوں کو
وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ
اور ایمان والیوں کو دوڑتا ہوگا نور اُن کا آگے اُن کے اور داہنی طرف اُن کے
بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خوشخبری ہے تمکو آج بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲ يَوْمَ
ہمیش رہنے والے ہو بیچ اُن کے ۔ یہی ہے وہ مُراد پانا بڑا ف ۔ اُس دن
يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا
کہ کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے
انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا
ہیں انتظار کرو ہمارا ہم بھی روشنی لیں نور تمہارے سے ۔ کہا جاویگا پھر جاؤ
وَرَاۗءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ
پیچھے اپنے پس ڈھونڈھ لاؤ نور ۔ پس مارا جاویگا درمیان اُنکے کوٹ کہ واسطے اُسکے
بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ
دروازہ ہوا اندر کی طرف جو ہے بیچ اسکے رحمت ہے اور باہر کی طرف جو ہو اُسکی اُس طرف سے

موضح القرآن

ف ہر کچھ بچ رہتا ہے یعنی مالک فنا ہوتا ہے اور ملک اللہ کو بچ رہتی ہے اور ہمیشہ اسی کا مال تھا۔ فتح سے پہلے یعنی فتح مکہ سے پہلے جنھوں نے خرچ کیا اور جہاد کیا وہ بڑے درجے لیگئے ۔ ۔ ۔

ع ۱ | ۱۰ | ۱۷

ف قرض کے معنی یہ ہیں وقت خرچ کرو جہاد میں پھر تم ہی پاؤ گے ۔ اور یہی معنی دونے کے یعنی ملک میں اور غلام میں بیاج نہیں جو دیا سو اسی کا اور جو نہ دیا سو سب کا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف جس وقت پل صراط پر چلنا ہے سخت اندھیرا ہوگا ۔ اپنے ایمان کی روشنی ساتھ ہوا آگے اور داہنے کہ نیک عمل داہنی طرف جمع ہوتے ہیں ۱۲ منہ رح

الْعَذَابُ ﴿١٣﴾ يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ

ہے عذاب ۔ پکاریں گے اُن کو کیا نہ تھے ہم ساتھ تمہارے۔ کہیں گے ہاں تھے تم

وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ

و لیکن فتنے میں ڈالا تھا تم نے جانوں اپنی کو اور منتظر تھے تم یعنی واسطے بُرائی کے ہمارے اور شک میں تھے

وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم

تم اور فریب میں دیا تھا تمکو آرزؤں نے یہاں تک کہ آیا حکم خدا کا اور فریب میں دیا تھا تم کو

بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ

ساتھ اللہ کے فریب دینے والے نے۔ پس آج نہ لیا جاوے گا تم سے بدلا

وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ

اور نہ اُن لوگوں سے کہ کافر ہوئے ۔ جگہ رہنے کی تمہارے آگ ہے۔ وہ ہے رفیق تمہارا۔

وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٥﴾ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن

اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی ۔ کیا نہیں نزدیک آیا واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ

تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ

عاجزی کریں دل اُن کے وقت یاد خدا کے اور جو کچھ اُتارا گیا ہے حق سے

وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ

اور نہ ہوویں مانند اُن لوگوں کے کہ دیئے گئے تھے کتاب پہلے اس سے

فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ

پس دراز ہوئی اوپر اُن کے مُدت پس سخت ہو گئے دل اُن کے ۔ اور بہت

مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿١٦﴾ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ

اُن میں سے فاسق ہیں ف۔ جانو یہ کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٧﴾

پیچھے موت اُس کی کے۔ تحقیق بیان کیں ہم نے واسطے تمہارے نشانیاں تاکہ تم عقل پکڑو ف

إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ

تحقیق خیرات دینے والے مرد اور خیرات دینے والیاں اور وہ جو قرض دیتے ہیں اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿١٨﴾ وَ

قرض اچھا دو چند کیا جاوے گا واسطے اُنکے اور واسطے اُنکے ہے ثواب باکرامت ۔ اور

موضح القرآن

...پُل صراط پر کافر
...ہیں گے وہ پیچھے ہی
...ح میں پڑیں گے مگر
...ت ہے کسی نبی کی
...تی یا پہلی جب اندھیر اگھیرے گا
ایمان والوں کیساتھ روشنی
ہوگی۔ منافق ان کی روشنی
میں چلیں گے وہ شتاب نکل
گئے پیچھے رہے پکارتے کہ
ہمکو بھی روشنی دو کسی نے
کہا پیچھے سے روشنی لاؤ
وہ پیچھے ہٹے ان کے آگے
بیچ دیوار کھڑی ہوگئی
یعنی روشنی دُنیا میں
کمائی جاتی ہے وہ جگہ پیچھے
چھوڑ آئے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی ایمان وہی
ہے کہ دل نرم ہو پیغمبر
کی صحبت میں یہ پاتے
تھے مدت کے بعد
سخت ہوگئے اور اب یہ
صفت مسلمانوں کو چاہئے
۱۲ منہ رح

ف یعنی عرب لوگ
جاہل تھے جیسے مُردہ
زمین اب ان کو جلایا
ان میں سب کمال پیدا
کر دیئے۔ ۱۲ منہ رح۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ
جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسول اُس کے کے یہ لوگ وہ ہیں
الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ
سچے اور شہید نزدیک پروردگار اپنے کے۔ واسطے اُنکے ہے
اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
ثواب اُن کا اور نور اُن کا۔ اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ
یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے۔ جانو یہ کہ زندگانی
الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ
دُنیا کی کھیل ہے اور دل بہلانا ہے اور بناؤ کرنا ہے اور بڑائی کرنی ہے آپس میں اور
تَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ
زیادتی کرنی ہے بیچ مالوں کے اور اولاد کے۔ مانند مینھ کے
اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا
کہ خوش لگتا ہے کسانوں کو اُگنا اُسکا پھر زور پر آتی ہے پس دیکھتا ہے تو اُسکو زرد ہوئی
ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ
پھر ہو جاتی ہے ریزہ ریزہ۔ اور بیچ آخرت کے عذاب ہے سخت
وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ
اور بخشش ہے اللہ کی طرف سے اور رضامندی۔ اور نہیں زندگانی دُنیا کی
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ
مگر فائدہ فریب کا ف۱۔ جلد چلو طرف بخشش پروردگار اپنے کے
وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ
اور بہشت کے چوڑاؤ اُس کا مانند چوڑاؤ آسمان کے اور زمین کے
اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ
تیار کی گئی واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسول اُنکے کے۔ یہ ہے فضل
اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾
خدا کا دیتا ہے اُس کو جس کو چاہے۔ اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے۔

ع ۲/۹/۱۸

موضح القرآن

ف۱ آدمی کو اول عمر میں کھیل چاہیے پھر تماشا پھر بناؤ درست کرنا پھر ساکھ کرنے اور نام حاصل کرنا اور مرنا قریب آوے تب فکر مال اور اولاد کا کہ پیچھے میرا گھر بنا رہے آسودہ یہ سب دغا کی جنس ہے آگے کام آوے گا کچھ اور یہ کچھ کام نہ آوے گا۔ ۱۲ منہ رح

نصف

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي
نہیں پہنچتی کوئی مصیبت بیچ زمین کے اور نہ بیچ
أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا
جانوں تمہاری کے مگر بیچ کتاب کے ہے پہلے اس سے کہ پیدا کریں ہم اُسکو۔
إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ
تحقیق یہ اوپر اللہ کے آسان ہے۔ تاکہ نہ غم کھاؤ تم اوپر
مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ
اُس چیز کے کہ چوک گئی تمسے اور مت خوش ہو ساتھ اُس چیز کے کہ دی تمکو۔ اور اللہ نہیں دوست رکھتا
كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿٢٣﴾ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ
ہر ایک تکبر کرنیوالے فخر کرنیوالے کو۔ وہ جو بخل کرتے ہیں اور حکم کرتے ہیں
النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ
لوگوں کو ساتھ بخل کے۔ اور جو کوئی پھر جاوے پس تحقیق اللہ وہ ہے بے پروا
الْحَمِيدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا
تعریف کیا گیا۔ تحقیق بھیجا ہمنے پیغمبروں اپنے کو ساتھ دلیلوں ظاہر کے اور اُتاری ہمنے
مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ
ساتھ اُن کے کتاب اور ترازو یعنی قواعد عدل تاکہ قائم رہیں لوگ عدل کو۔
وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ
اور اُتارا ہمنے لوہا بیچ اس کے لڑائی سخت ہے اور فائدہ ہے
لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ
واسطے لوگوں کے اور تاکہ ظاہر کرے اللہ اس شخص کو کہ مدد دیتا ہے اُسکو اور رسول اُسکے کو بن دیکھے۔
إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَ
تحقیق اللہ زور آور غالب ہے ف۱۔ اور البتہ تحقیق بھیجا ہمنے نوح کو اور
إِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ۖ
ابراہیم کو اور کی ہمنے بیچ اولاد اُن دونو کے پیغمبری اور کتاب
فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ
پس بعض اُن میں سے راہ پانیوالے ہیں اور بہت اُن میں سے فاسق ہیں۔ پھر

موضح القرآن

ف۱ کتاب اور ترازو شاید یہی ترازو کو کہا تولنے کی یا سا ہے انصاف کا یا شریعت کو فرمایا جس سے جھوٹا سچا کھل جاوے ۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۷

ع ۳ / ۶ / ۱۹

قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى
پیچھے لائے ہم اوپر قدموں اُن کے پیغمبر اپنے اور پیچھے لائے ہم عیسےٰ

ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِىْ قُلُوْبِ
بیٹے مریم کے کو اور دی ہمنے اس کو انجیل اور کی ہمنے بیچ دلوں

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۗ وَرَهْبَانِيَّةَ ابْتَدَعُوْهَا
اُن لوگوں کے کہ پیروی کرتے تھے اسکی شفقت اور مہربانی۔ اور انھوں نے گوشہ گیری اپنی طرف نکالی

مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا
تھی نہیں لکھا تھا ہمنے اسکو اوپر اُنکے مگر واسطے ڈھونڈنے رضامندی خدا کے تھی پس نہ

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ
رعایت کی اُسکی حق نگاہ رکھنے اُسکے کا۔ پس دیا ہمنے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اُنمیں سے

اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
ثواب اُن کا۔ اور بہت اُن میں سے فاسق ہیں ف ۱۔ اے لوگو جو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ
ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور ایمان لاؤ ساتھ پیغمبر اُسکے کے دیویگا تمکو دو حصے ثواب کے

مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ
رحمت اپنی سے اور کرے گا واسطے تمہارے نور کہ چلوگے ساتھ اسکے اور بخشیگا

لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ
واسطے تمہارے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف ۲۔ تا کہ جانیں اہل

الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ
کتاب یہ کہ نہیں قدرت رکھتے اوپر کسی چیز کے فضل خدا کے سے

وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ
اور تحقیق فضل بیچ ہاتھ خدا کے ہے دیتا ہے اُس کو جس کو چاہتا۔ اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾
صاحب فضل بڑے کا ہے ف ۳۔

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ
سورہ مجادلہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں بائیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

موضح القرآن

ف ۱ یہ فقیری اور تارک دنیا بننا نصاریٰ نے رسم نکالی جنگل میں تکیہ بنا کر بیٹھتے نہ جورو رکھتے نہ بیٹا نہ کماتے نہ جوڑتے محض عبادت میں لگے خلق سے نہ ملتے اللہ نے بندوں پر یہ حکم نہیں رکھا مگر جب اپنے اوپر نام رکھا ترک دنیا کا پھر اس پڑے میں دنیا چاہنی بڑا وبال ہے۔
۱۲ منہ رح

ف ۲ یعنی اس رسول کے تابع ہو کر جیتیں پاؤ اوروں سے دونا ثواب ہر عمل کا۔ اور روشنی کہ پھرو یعنی تمھارا وجود نورانی ہو جائے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف ۳ یعنی اہل کتاب پیغمبروں کا احوال سنکر سمجھتے کہ ہم ان سے دور پڑے ہم کو وہ درجے ملنے محال ہیں تو یہ رسول اللہ نے کو آیا ہمیں حجت میں وہ مل سکتا ہو گئے سے دونا کمال ہے کا فضل بند نہیں ہو گیا۔ ۱۲ منہ رح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا
تحقیق سنی اللہ نے بات اس عورت کی جو جھگڑتی تھی تجھ سے بیچ خاوند اپنے کے
وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
اور شکایت کرتی تھی طرف اللہ کی اور اللہ سنتا تھا جواب سوال تمہارا۔ تحقیق اللہ
سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ
سننے والا دیکھنے والا ہے ف۔ جو لوگ کہ ظہار کرتے ہیں تم میں سے
نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۤيْ
بی بیوں اپنی سے نہیں ہو جاتیں وہ مائیں ان کی۔ نہیں مائیں ان کی مگر جنھوں نے
وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَ
جنا ہے ان کو۔ اور تحقیق وہ البتہ کہتے ہیں نامعقول بات اور
زُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ
جھوٹ۔ اور تحقیق اللہ البتہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ کہ ظہار کرتے ہیں
مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
بی بیوں اپنی سے پھر پھر جاتے ہیں طرف اس چیز کی کہ کہا تھا پس آزاد کرنا ہے ایک گردن کا
مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَ
پہلے اس سے کہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ یہ نصیحت دیے جاتے ہو تم ساتھ اس کے۔ اور
اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
اللہ تعالیٰ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۔ پس جو کوئی نہ پاوے پس روزے ہیں
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۚ فَمَنْ
دو مہینے کے پے در پے پہلے اس سے کہ ہاتھ لگا دیں۔ پس جو کوئی
لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ
نہ سکے پس کھانا کھلانا ہے ساٹھ فقیروں کو۔ یہ اس
لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ
واسطے ہے کہ ایمان لاؤ تم ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے۔ اور یہ ہیں حدیں اللہ کی۔

موضح القرآن

ف اسلام سے پہلے مرد اگر عورت کو کہتا کہ تو میری ماں ہے تو ساری عمر وہ اس پر حرام گنی جاتی۔ حضرت کے وقت میں ایک مسلمان کہہ بیٹھا اپنی عورت کو پھر دونوں پچھتائے عورت آئی حضرت کے پاس حضرت نے فرمایا اب کیونکر تم مل سکتے ہو وہ شکوہ کرنے لگی کہ گھر ویران ہوتا ہے اولاد پریشان ہوتی ہے۔ اس میں یہ حکم اترا۔ فرمایا کہ جس نے جنا نہیں وہ ماں کیونکر ہو مگر اپنی گستاخی کا بدلہ کفارہ دے تو اس عورت پاس جائے نہیں تو نہ جائے پر عورت اسی کی رہی۔ سں ماں بہن کہنے کو ظہار کہتے ہیں ۱۲ منہ رح۔

ف پھر وہی کام جس کو کہا ہے۔ یعنی یہ لفظ کہا ہے صحبت موقوف کرنے کو پھر چاہیں صحبت کریں تو پہلے بردہ آزاد کریں۔ ۱۲ منہ رح

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ

اور واسطے کافروں کے عذاب ہے درد دینے والا ف۱ ۔ تحقیق جو لوگ کہ خلاف کرتے ہیں

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اللہ کا اور رسول اُسکے کا ہلاک کئے گئے جیسے ہلاک کئے گئے وہ لوگ کہ پہلے اُن سے تھے

وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ

اور تحقیق اُتاریں ہم نے نشانیاں ظاہر ۔ اور واسطے کافروں کے عذاب ہے

مُّهِيْنٌ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا

رسوا کرنے والا ۔ جس دن کہ اُٹھا دے گا اُنکو اللہ سب کو پھر خبر دیگا اُنکو ساتھ اُس چیز کے کہ

عَمِلُوْا ۗ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

کیا تھا ۔ گن رکھا تھا اُسکو اللہ نے اور بھول گئے تھے وہ اُسکو ۔ اور اللہ اوپر ہر چیز کے

شَهِيْدٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

شاہد ہے ۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا

اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے ۔ نہیں ہوتی مصلحت تین شخص کی مگر

هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ

وہ چوتھا اُن کا ہے اور نہ پانچ کی مگر وہ چھٹا اُن کا ہے اور نہ

اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا

کم اس سے اور نہ زیادہ مگر وہ ساتھ اُن کے ہے جہاں کہیں

كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اِنَّ

ہوویں ۔ پھر خبر دے گا اُن کو اُس چیز کی کہ کرتے ہیں دن قیامت کے ۔ تحقیق

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا

اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ۔ کیا نہ دیکھا تو نے طرف اُن لوگوں کی کہ منع کئے گئے

عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ

ہیں مصلحت کرنے سے پھر کرتے ہیں وہ چیز کہ منع کئے گئے ہیں اُس سے اور

يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ

مصلحت کرتے ہیں ساتھ گناہ کے اور تعدی کے اور نافرمانی پیغمبر کے

ع ۲

نصف

موضح القرآن

ف۱ بردے کا مقدور ہو تو روزہ نہیں۔ روزہ ہو سکے تو کھانا نہیں آخر کو کھانا ہے۔ اگر بانٹ کر کھلاوے تو ساٹھ روٹی دو وقت کھلاوے پیٹ بھر کر۔ اور اگر اناج دے تو ہر ایک کو دو دو سیر

وَ اِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ
اور جس وقت آتے ہیں تیرے پاس دعا دیتے ہیں تجھ کو ساتھ اس چیز کے کہ نہیں دعا دی تجھ کو ساتھ اسکے اللہ نے

وَ يَقُوْلُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ لَوْ لَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا
اور کہتے ہیں بیچ دلوں اپنے کے کیوں نہیں عذاب کرتا ہمکو اللہ بسبب اس چیز کے کہ

نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸
کہتے ہیں ہم ۔ کفایت ہے اُن کو دوزخ ۔ داخل ہونگے اسمیں پس بُری ہے جگہ پھر جانے کی ف۱

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا
اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ مصلحت کرو تم پس مت مصلحت کرو

بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَ
ساتھ گناہ کے اور تعدی کے اور نافرمانی رسول کے اور

تَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَ التَّقْوٰى ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ
مصلحت کرو ساتھ نیکی کاری کے اور پرہیزگاری کے ۔ اور ڈرو اللہ سے وہ جو طرف اس کی

تُحْشَرُوْنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ
اکٹھے کئے جاؤ گے ف۲ ۔ سوائے اسکے نہیں کہ مصلحت کرنا شیطان سے ہے تاکہ غمگین کرے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ
اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں اور نہیں ضرر کرنے والا اُن کو کچھ مگر ساتھ حکم

اللّٰهِ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ يٰۤاَيُّهَا
اللہ کے ۔ اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کریں ایمان والے ف۳ ۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ
لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہا جاوے واسطے تمہارے کشادگی کرو بیچ مجلس کے

فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ اِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا
پس کشادہ کرو کشادہ کریگا اللہ واسطے تمہارے ۔ اور جس وقت کہا جاوے اُٹھ کھڑے ہو

فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَ الَّذِيْنَ
پس اُٹھ کھڑے ہو بلند کریگا اللہ اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں تم میں سے اور اُن لوگوں کو

اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۱
کہ دیئے گئے ہیں علم کے درجے ۔ اور اللہ ساتھ اسکے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۴

مُوضح القرآن

ف۱ حضرت کی مجلس میں بیٹھ کر منافق کان میں باتیں کرتے مجلس کے لوگوں پر ٹھٹھے کرتے اور عیب پکڑتے اور حضرت کی بات سُن کر کہتے یہ مشکل کام ہم سے کب ہو سکے پہلے سورۂ نساء میں اسکا منع آچکا تھا پھر بھی کرتے تھے اور دعا یہ کہ یہود آتے تو السلام علیک کے بدلے السام علیک کہتے یہ بددعا ہے کہ تجھ پر پڑے مرگ ۔ پھر آپس میں کہتے کہ اگر رسول ہے تو اس کے کہنے سے ہم پر عذاب کیوں نہیں آتا اور کوئی منافق بھی کہتا ہوگا ۱۲ منہ رح۔

ف۲ سورۂ نساء میں ہو چکا کہ کان میں بات کبھی کونسی چاہیئے ۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ مجلس میں دو شخص کان میں بات کریں تو دیکھنے والے کو غم ہو کہ مجھ سے کیا حرکت ہوئی جو یہ چھپ کر کہتے ہیں ۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یہ آداب ہیں مجلس کے کوئی آوے اور جگہ چاہے تو

(باقی صفحہ ۷۴۹ پر)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ مصلحت کرنے کو آؤ تم پیغمبر سے پس کرو

بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ

آگے مصلحت کرنے سے کچھ خیرات ۔ یہ بہت بہتر ہے واسطے تمہارے

وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور بہت پاکیزہ ہے ۔ پس اگر نہ پاؤ تم پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ

کیا ڈر گئے تم یہ کہ آگے بھیجو تم مصلحت کرنے اپنے سے

صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

خیرات ۔ پس جس وقت نہ کیا تم نے اور پھر آیا اللہ اوپر تمہارے

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

پس قائم رکھو نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور فرمانبرداری کرو اللہ کی

وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ

اور رسول اُسکے کی ۔ اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ف ۔ کیا نہ دیکھا تو نے

اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ

طرف اُن لوگوں کی کہ دوستی کرتے ہیں اُس قوم سے کہ غصے ہوا اللہ اوپر اُنکے نہیں ہیں وہ

مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ

تم میں سے اور نہ اُن میں سے اور قسم کھا جاتے ہیں اوپر جھوٹ کے اور وہ

يَعْلَمُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ

جانتے ہیں ف ۔ تیار کیا ہے اللہ نے واسطے اُن کے عذاب سخت ۔

اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

تحقیق وہ بُرا ہے جو کچھ کر رہے کرتے ۔ پکڑا ہے اُنھوں نے قسموں اپنی کو

جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ

ڈھال پس بند کرتے ہیں راہ خدا کے سے پس واسطے اُن کے عذاب ہے

مُّهِيْنٌ ۝ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ

رسوا کرنے والا ۔ ہرگز نہ کفایت کرے گا اُن سے مال اُن کا اور نہ اولاد اُن کی

(بقیہ صفحہ ۷۴۸) چاہیے سب تھوڑا تھوڑا سرک بیٹھیں تاکہ مکان حلقے کا کشادہ ہو جائے یا اُٹھ کر پرے حلقہ کر لیں ۔ اتنی حرکت کرنے میں سرداری کریں خوشی سے نیک پڑے اللہ مہربان ہے اور بدخو سے اللہ بیزار ۔ ۱۲ موضح رح

موضح القرآن

ف منافق بے فائدہ باتیں حضرت کے کان میں کرتے کہ لوگوں پر اپنی بڑائی جتاویں حضرت حق کے سبب تنگ کرتے یہ حکم اُترا جب نکل گیا اُسے منافقوں نے وہ عادت چھوڑ دی پیچھے یہ حکم موقوف ہوا ۔ ۱۲ موضح رح

ع ۲

ف یعنی وہ حکم جو ہرگز موقوف نہیں ہوتے زکوٰۃ معلوم ہوتا ہے کسی نے حکم نہیں کیا کو موقوف ہوا ہے

ف اللہ غصے ہوا کافروں پر یعنی یہود پر اور اُن کے رفیق منافق پر ۱۲ موضح رح

مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ۚ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا

عذاب اللہ کے سے کچھ ۔ یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے ۔ وہ بیچ اس کے

خٰلِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ

ہمیشہ رہنے والے ہیں ۔ جس دن اٹھاوے گا ان کو اللہ سب کو پس قسمیں کھاویں گے

لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلٰى

واسطے اس کے جیسا قسمیں کھاویں واسطے تمہارے اور گمان کرتے ہیں یہ کہ وہ اوپر

شَيْءٍ ۚ أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُونَ ﴿١٨﴾ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ

کسی چیز کے ہیں ۔ خبردار ہو تحقیق وہی ہیں جھوٹے ۔ غالب آیا ہے اوپر ان کے

الشَّيْطٰنُ فَأَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۚ أُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۚ

شیطان پس بھلادی ان کو یاد خدا کی ۔ یہ لوگ گروہ شیطان کے ہیں

أَلَآ إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُونَ ﴿١٩﴾ إِنَّ

خبردار ہو تحقیق گروہ شیطان کے وہی ہیں زیان پانے والے ۔ تحقیق

الَّذِينَ يُحَآدُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ أُولٰٓئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾

جو لوگ کہ مقابلہ کرتے ہیں اللہ کا اور رسول اسکے کا یہ لوگ بیچ بہت ذلیل ہونیوالوں کے ۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ

لکھ رکھا ہے خدا نے البتہ غالب آؤں گا میں اور پیغمبر میرے ۔ تحقیق اللہ غالب ہے

عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

عزت والا ۔ نہ پاوے گا کسی قوم کو کہ ایمان لاتے ہوں ساتھ اللہ کے اور دن

الْآخِرِ يُوَآدُّونَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوٓا

پچھلے کے دوستی کریں اس شخص سے کہ مقابلہ کرتا ہو اللہ کا اور رسول اسکے کا اگرچہ ہوں

اٰبَآءَهُمْ أَوْ أَبْنَآءَهُمْ أَوْ إِخْوٰنَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ

باپ ان کے یا بیٹے ان کے یا بھائی ان کے یا کنبہ ان کا ۔

أُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمٰنَ وَأَيَّدَهُمْ

یہ لوگ لکھ دیا ہے اللہ نے بیچ دلوں ان کے کے ایمان اور قوت دی ہے ان کو

بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

ساتھ روح کے اپنی طرف سے ۔ اور داخل کرے گا ان کو بہشتوں میں کہ چلتی ہیں نیچے ان کے سے

الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ
نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اُن کے۔ راضی ہوا اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے اور
رَضُوْا عَنْهُ ۚ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۚ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ
راضی ہوئے وہ اس سے۔ لوگ ہیں گروہ خدا کے۔ خبردار ہو تحقیق گروہ
اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾
اللہ کے وُہی ہیں فلاح پانے والے ف۔

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سُورہ حشر مدینہ میں نازل ہوئی اس میں چوبیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ
پاکی بیان کرتا ہو واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں اور جو کچھ بیچ زمین کے ہو۔ اور وہی
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ہے غالب حکمت والا ف۔ وہی ہے جس نے نکال دیا اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے
مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ
ہیں اہل کتاب سے گھروں اُن کے سے اول بار اکٹھے کرنے میں۔
مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ
نہ گمان کرتے تھے تم کہ نکل جاویں گے اور گمان کرتے تھے وہ کہ بچالیویں گے اُن کو
حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ
قلعے اُن کے عذاب خدا کے سے پس آیا اُن پر عذاب خدا کا اس جگہ سے کہ
يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ
جانا تھا انھوں نے اور ڈال دیا بیچ دلوں اُن کے کے رُعب خراب کرتے ہیں
بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا
گھر اپنے ساتھ ہاتھوں اپنے کے اور ہاتھوں مسلمانوں کے پس عبرت پکڑو
يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ
اے آنکھوں والو ف۔ اور اگر نہ ہوتا یہ کہ لکھ رکھا تھا اللہ نے اوپر اُن کے

ف یعنی جو دوستی نہیں رکھتے اللہ کے مخالف سے اگرچہ باپ بیٹا ہو وہی سچے ایمان والے ہیں ان کو یہ درجے ہیں ۱۲ منہ ۔ ف مدینے کے پاس کوس ایک قوم یہود کی رہتی تھی بنی نضیر ان کا نام اول حضرت سے صلح رکھتے تھے پھر مکے کے کافروں سے پیام کرنے لگے اور حضرت جہاں بیٹھے تھے اوپر سے بھاری چکی ڈالدی کہ مر جاویں تو آدمی مر جاتا۔ اللہ نے بچایا حضرت نے مسلمانوں کو جمع کیا ان پر کہ انسے لڑئیے جب ان کو گھیر لیے وہ ڈر گئے التجا کی حضرت نے انکی جان بخشی اور جو مال اٹھا سکے اور گھر اور باغ اور کھیت قبضے میں آئے حضرت وہ زمین غنیمت کیطرح نہ تقسیم کروائی حضرت کے اختیار پر رکھی حضرت نے مہاجرین کو جنکا خرچ انصار کے ذمے تھا اکثر تقسیم کی مہاجر انصار دونوں کو فائدہ ہوا اور اپنے گھر کا خرچ اور اور کا خرچ بھی پر منحصر رکھا دیکھ کر پر اس سورت میں ۔ منہ ۔ ف یہ گھر جاوے گے (باقی صفحہ ۷۵۲ پر)

الْجَلَاۤءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۚ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ
جلاوطن کرنا البتہ عذاب کرتا اُن کو بیچ دنیا کے ۔ اور واسطے اُنکے ہے بیچ آخرت
عَذَابُ النَّارِ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۤقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
کے عذاب آگ کا ف ۔ یہ سبب اسکے ہے کہ انھوں نے مخالفت کی خدا کی اور رسول اسکے کی
وَمَنْ يُّشَاۤقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞
اور جو کوئی مخالفت کرے اللہ کی پس تحقیق اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔
مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۤئِمَةً عَلٰٓى
جو کچھ کہ کاٹا تم نے کوئی تنہ درخت کا یا چھوڑ دیا ہے تم نے اُس کو کھڑا اُوپر
اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۞
جڑوں اُس کی کے پس ساتھ حکم خدا کے اور تا کہ رسوا ہوں فاسق ف ۔
وَمَاۤ اَفَاۤءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَاۤ اَوْجَفْتُمْ
اور جو کچھ کہ پھیر لایا اللہ اُوپر رسول اپنے کے اُن میں سے پس نہیں دوڑائے تم نے
عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ
اُوپر اس کے گھوڑے اور نہ اُونٹ اور لیکن اللہ مسلط کرتا ہے
رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَاۤءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞
رسولوں اپنے کو اُوپر جس کے چاہتا ہے۔ اور اللہ اُوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۔
مَاۤ اَفَاۤءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ
جو کچھ پھیر لایا اللہ اُوپر رسول اپنے کے اُن بستیوں والے سے پس واسطے خدا کے
وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ
اور واسطے رسول کے اور واسطے قرابت والے کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے
وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَاۤءِ
اور مسافروں کے تا کہ نہ ہووے ہاتھوں ہاتھ لینا درمیان دولتمندوں کے
مِنْكُمْ ۚ وَمَاۤ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ
تم میں سے۔ اور جو کچھ کہ دیوے تمکو رسول پس لے لو اُس کو اور جو کچھ کہ منع کرے تمکو
عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
اُس سے پس باز رہو اور ڈرو اللہ سے۔ تحقیق اللہ سخت

(بقیہ صفحہ)
گڑھی تختہ کواڑ کہ اُٹھا نے
لے جانے کو اور مسلمانوں نے
بھی مدد کی ۔ نہ پہنچا جہاں
سے خیال نہ تھا یعنی ان کے
اندر سے رعب ڈالدیا۔ منہ

موضح القرآن

ف جب قوم شام کے ملک
جا رہی تھی نصاریٰ کے غلام ہو
اُنکے بڑوں نے کہا تھا کہ تمکو
یہاں سے ویران ہو کر پھر جانا ہوگا
شام میں اسوقت اُجڑ کر خیبر میں
بستے پھر وہاں سے اُجڑ کر شام کو
گئے ۔ منہ رح۔

ف جب قلعہ میں بند
ہوئے حضرت نے حکم کیا انکے
باغ کاٹو اور کھیت اُجاڑ دو تا کہ
اسکے درد سے باہر نکلکر لڑیں پھر
کاٹنے لگے وہ جو صلح کرتے
چلو تو کافر کہتے ہو اس سے نے
ہو گیا درخت بھی کافر کے ہوتے کاٹتے
ہو بیٹھے مسلمانوں کو شبہ آنے لگا
یہ آیت اُتری ۔ منہ رح۔

ف یہی فرق رکھا غنیمت میں
اور فے میں جو مال لڑائی سے ہاتھ لگا وہ
غنیمت پانچواں حصہ اللہ کی نیاز
اور چار حصے لشکر کو بانٹے اور
جو بغیر جنگ ہاتھ لگا وہ سارا خزانے
میں مسلمانوں کے جو کام ضروری ہو اسپر
خرچ کرو ۔ منہ رح۔

موضح القرآن

الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَاءِ الْمُهٰجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا
عذاب کرنیوالا ہے ف۱۔ یہ مال واسطے فقیروں وطن چھوڑنے والوں کے ہے جو نکالے گئے
مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ
گھروں اپنے سے اور مالوں اپنے سے چاہتے ہیں فضل خدا کے سے
وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ أُولٰٓئِكَ هُمُ
اور رضامندی اور مدد دیتے ہیں خدا کو اور رسول اُس کے کو۔ یہ لوگ وہی ہیں
الصّٰدِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْإِيمَانَ
سچے ۔ اور واسطے اُن لوگوں کے کہ جگہ پکڑی ہو گھر ہجرت کے میں یعنی مدینہ میں اور ایمان میں
مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا
پہلے اُن سے دوست رکھتے ہیں اُن کو جو وطن چھوڑتے ہیں طرف اُن کی اور نہیں
يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ أُوتُوا وَ
پاتے بیچ دلوں اپنے کے خلش اس چیز کو دیئے جاویں مہاجر اور
يُؤْثِرُونَ عَلٰٓى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ
اختیار کرتے ہیں اوپر جانوں اپنی کے اور اگرچہ ہو اُن کو تنگی۔
وَمَنْ يُّوقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝
اور جو کوئی بچایا جاوے بخیلی جان اپنی کے سے پس یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانیوالے ف۲۔
وَالَّذِينَ جَآءُو مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا
اور واسطے اُن لوگوں کے کہ آئے پیچھے اُن کے کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے
اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ
بخش ہمکو اور بھائیوں ہمارے کو وہ جو آگے ہوئے ہم سے ایمان
وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا
اور مت کر بیچ دلوں ہمارے کے بُرائی واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے اے رب ہمارے
إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا
تحقیق تو ہی ہے شفقت کرنیوالا مہربان ف۳۔ کیا نہ دیکھا تو نے طرف اُن لوگوں کی کہ منافق ہوئے
يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ
کہتے ہیں واسطے بھائیوں اپنے کے وہ جو کافر ہیں اہل

ف۱ یعنی فے پر قبضہ رسول کا اور رسول کے پیچھے سردار کو سردار پر یہ خرچ کرتے ہیں اللہ سب ہی کا مالک ہے مگر کہہ کا خرچ اور مصرف کا بھی جس میں آنحضا اور ناتے والے حضرت کے روبرو اسکے ناتے والے اور پیچھے بھی وہی لوگ ان پر چاہیے خرچ کرنا دولتمند کو اگر سردار نے تو دے بے منع نہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ پہلی آیت سے مہاجرین مراد ہیں اور اس آیت سے انصار جو اس گھر میں رہتے ہیں پہلے سے یعنی مدینے میں اور مہاجرین کی خدمت کرتے ہیں اپنی حاجت بند رکھ کر اور انکو ملے تو حسد نہیں کرتے بلکہ خوش ہوتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہ آیت سب مسلمانوں کو ہے جو انکو حق ہیں اور انہیں کے پیچھے چلیں اور ان پیرو رکھیں۔ ۱۲ منہ رح

الْكِتٰبِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ

کتاب سے البتہ اگر نکالے جاؤ گے تم البتہ نکلیں گے ہم ساتھ تمہارے اور نہ کہا مانیں گے

فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا ۙ وَإِنْ قُوتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۚ وَاللَّهُ

تمہارے مقدمے میں کسی کا کبھی اور اگر لڑائی کئے جاؤ گے تم البتہ مدد دیں گے تم کو۔ اور اللہ

يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكٰذِبُونَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ

گواہی دیتا ہے کہ وہ البتہ جھوٹے ہیں ف۱۔ اگر نکالے گئے نہ نکلیں گے یہ

مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ ۚ وَلَئِنْ

ساتھ اُن کے۔ اور اگر لڑائی کئے گئے نہ مدد دیں گے یہ اُن کو۔ اور اگر

نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿۱۲﴾

مدد دیں اُن کو البتہ پھیریں گے پیٹھ۔ پھر نہیں مدد دیئے جاویں گے۔

لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِنَ اللَّهِ ۚ

البتہ تم زیادہ تر ہو ڈر میں بیچ سینوں اُن کے کے اللہ سے۔

ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُونَكُمْ

یہ بسبب اس کے ہیں کہ وہ ایک قوم ہیں کہ نہیں سمجھتے۔ نہیں لڑیں گے تم سے

جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُحَصَّنَةٍ أَوْ مِنْ وَرَاءِ جُدُرٍ ۚ

اکٹھے ہو کر مگر بیچ بستیوں قلعہ والیوں کے یا پیچھے دیواروں کے سے۔

بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ

لڑائی اُن کی درمیان اپنے سخت ہے۔ گمان کرتا ہے تو اُن کو اکٹھے اور دل اُن کے

شَتّٰى ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُونَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ

متفرق ہیں۔ یہ بسبب اس کے کہ وہ ایک قوم ہیں کہ نہیں جانتے۔ مانند

الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ۖ ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ ۚ وَ

اُن لوگوں کے کہ پہلے اُن سے تھے نزدیک چکھا انہوں نے وبال کام اپنے کا۔ اور

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ إِذْ قَالَ

واسطے اُن کے عذاب ہے درد دینے والا ف۲۔ مانند مثال شیطان کے ہے جس وقت کہا اُس نے

لِلْإِنْسٰنِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِنْكَ

آدمی کو کہ کفر کر۔ پس جب کفر کیا کہا تحقیق میں بیزار ہوں تجھ سے

موضح القرآن

ف۱ یہ منافق ان کافروں کو چھپے چھپے پیغام دیتے تھے آخر وہ نکالے گئے اسے کچھ نہ ہوا

ف۲ یعنی نزدیک ہی کے والے بدر کے دن سزا پہنچے ہیں وہی نزول ان کا بھی ہوگا۔ ۱۲ منہ رحمہ

إِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ

تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ پروردگار عالموں کے سے ف۱۔ پس ہوا آخر ان دونو کا

اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

یہ کہ وہ دونو بیچ آگ کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے۔ اور یہی ہے بدلا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

ظالموں کا۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ

اور چاہیے کہ دیکھے ہر جی جو کچھ کہ آگے بھیجا واسطے کل آنیوالی کے۔ اور ڈرو اللہ سے۔

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

تحقیق اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم۔ اور مت ہو مانند ان لوگوں کے

نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰـىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿١٩﴾

کہ بھول گئے خدا کو پس بھلوا دی خدا نے مصلحت جانوں انکے کی۔ یہ لوگ وہی ہیں فاسق ف۲۔

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ

نہیں برابر رہنے والے آگ کے اور رہنے والے بہشت کے۔ رہنے والے

الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿٢٠﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ

بہشت کے وہی ہیں مراد پانے والے۔ اگر اتارتے ہم اس قرآن کو

عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ

اوپر پہاڑ کے البتہ دیکھتا تو اس کو دب جانے والا پھٹ جانے والا ڈر

اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

خدا کے سے۔ اور یہ مثالیں بیان کرتے ہیں ہم ان کو واسطے لوگوں کے تاکہ وہ

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ

فکر کریں ف۳۔ وہی ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ۔ جاننے والا

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿٢٢﴾ هُوَ اللّٰهُ

پوشیدہ کا اور حاضر کا۔ وہی ہے اللہ بخشش کرنیوالا مہربان۔ وہی ہے اللہ

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

جو نہیں کوئی معبود مگر وہ۔ بادشاہ ہے بہت پاک سلامت سب عیب سے

ع ۷ موضح القرآن ۵

ف۱ شیطان آخرت میں یہ کہیگا اور بدر کے دن بھی ایک کافر کی صورت میں لوگوں کو لڑواتا تھا جب فرشتے نظر آئے تو بھاگا سورۂ انفال میں ہو چکا یہ کہاوت ہے منافقوں کی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ ان کے جی بھلا دیئے یعنی اپنے جی کی بچاؤ کی فکر نہ کی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی کافروں کے دل بڑے سخت ہیں کہ یہ کلام سنکر ایمان نہیں لاتے اگر پہاڑ سنتے تو وہ بھی دب جائے۔ ۱۲ منہ رح۔

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ

امن دینے والا نگہبان غالب زبردست تکبر والا پاکی ہے

اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

اللہ کو اُس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں وُہی ہے اللہ پیدا کرنے والا درست کرنے والا

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا

صورتیں بنانے والا واسطے اُسی کے ہیں نام اچھے۔ پاکی بیان کرتے ہیں واسطے اُس کے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾

بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہیں اور وُہی ہے غالب حکمت والا۔

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ ممتحنہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیرہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ

ف اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو دشمن میرے کو اور دشمن اپنے کو

اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا

دوست کر پیغام بھیجتے ہو تم طرف اُن کی ساتھ محبت کے اور تحقیق وہ کافر ہوئے ہیں ساتھ اُس چیز کے کہ

جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ

آئی ہے تمہارے پاس حق سے۔ نکال دیتے ہیں پیغمبر کو اور تم کو اس واسطے کہ

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ

ایمان لائے تم ساتھ اللہ کے پروردگار اپنے کے۔ اگر ہو تم نکلے واسطے جہاد کے بیچ

سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

راہ میری کے اور واسطے رضامندی میری کے کیا چھپا رکھتے ہو تم طرف اُن کی ساتھ دوستی کے

وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ

اور میں خوب جانتا ہوں اُس چیز کو کہ چھپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے ہو تم۔ اور جو کوئی کرے

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١﴾ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ

تم میں سے یہ کام پس تحقیق گمراہ ہوا راہ سیدھی سے اگر پا دیں تم کو

مُوضح القرآن

ف۱ حضرت کو مکے والوں سے صلح ہوئی ابا فتحا میں ہوچکا دو برس رہی پھر کافروں کی طرف سے ٹوٹی تب حضرت نے زیج جمع کرکے ارادہ کیا مکے کا اور خبر بند کی کہ کبھی کہیں کافر پیشتر لڑنے لگیں کہ حرم میں لڑنا ضرور ہو ایک مسلمان تھے حاطب مکے والوں کو خط لکھ بھیجا۔ حضرت کو وحی سے معلوم ہوا اس کو راہ سے پکڑ منگایا حاطب نے عذر میں کہا کہ میرے اہل و عیال ہیں مکے میں ان کافروں سے سلوک رکھتا ہوں تا کہ عیال کی خبر لیتے رہیں۔ یہ خطا بڑی ہوئی لیکن حاطب بہشتی ہیں بدر کے لوگوں میں اس پر یہ سورت اتری۔

ع ٧ | منزل ٧

يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَآءً وَّ يَبْسُطُوٓا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَ

ہوویں گے واسطے تمہارے دشمن اور کھولیں گے طرف تمہاری ہاتھ اپنے

أَلْسِنَتَهُم بِالسُّوٓءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ۞ لَن

اور زبانیں اپنی ساتھ برائی کے اور دوست رکھتے ہیں کاش کہ کافر ہو جاؤ تم ۔ ہرگز نہ

تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَآ أَوْلَٰدُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ ۚ

فائدہ دے گا تمکو ناتا تمہارا اور نہ اولاد تمہاری دن قیامت کے

يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۞ قَدْ

جدائی ڈالیگا درمیان تمہارے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ۔ تحقیق

كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِىٓ إِبْرَٰهِيمَ وَالَّذِينَ

ہے واسطے تمہارے پیروی نیک بیچ ابراہیم کے اور ان لوگوں کے کہ

مَعَهُۥٓ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَءَٰٓؤُا مِنكُمْ وَمِمَّا

ساتھ اسکے تھے جس وقت کہا انھوں نے واسطے قوم اپنی کے کہ تحقیق ہم بیزار ہیں تم سے اور اس چیز سے کہ

تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا

عبادت کرتے ہو تم سوائے خدا کے کافر ہوئے ہم ساتھ تمہارے اور ظاہر ہوئی درمیان ہمارے

وَبَيْنَكُمُ الْعَدَٰوَةُ وَالْبَغْضَآءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا

اور درمیان تمہارے عداوت اور بغض ہمیشہ کو یہاں تک کہ ایمان لاؤ تم

بِاللَّهِ وَحْدَهُۥٓ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَٰهِيمَ لِأَبِيهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ

ساتھ اللہ اکیلے کے مگر کہنا ابراہیم کا واسطے باپ اپنے کے البتہ بخشش مانگوں گا

لَكَ وَمَآ أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن شَىْءٍ ۖ رَّبَّنَا

واسطے تیرے اور نہیں اختیار رکھتا میں واسطے تیرے اللہ سے کچھ ۔ اے رب ہمارے

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۞

اوپر تیرے توکل کیا ہے اور طرف تیری رجوع کیا ہے اور طرف تیری ہے پھر جانا ۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا

اے رب ہمارے مت کر ہمکو فتنہ واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے اور بخش ہم کو

رَبَّنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۞ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ

اے رب ہمارے ۔ تحقیق تو ہے غالب حکمت والا ۔ البتہ تحقیق ہے واسطے تمہارے

١٦ منزل ۷ ع

موضح القرآن

ف یعنی ابراہیم نے ہجرت کی پھر اپنی قوم کی طرف منہ نہ کیا تم بھی وہی کرو ایک ابراہیم نے دعا چاہی تھی باپ کے واسطے جب تک معلوم نہ تھا تم کو معلوم ہو چکا تم کافر کی بخشش نہ مانگو ۔

فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ
بیچ اُن کے پیروی نیک واسطے اُس شخص کے کہ ہے اُمید رکھتا خدا کی اور دن
الْاٰخِرَ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝
پچھلے کی۔ اور جو کوئی پھر جاوے پس تحقیق اللہ وہی ہے بے پروا تعریف کیا گیا۔
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ
شتاب ہے اللہ یہ کہ کر دیوے اللہ درمیان تمہارے اور درمیان اُن لوگوں کے
عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۚ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
کہ عداوت رکھتے ہو تم اُن سے دوستی۔ اور اللہ قادر ہے۔ اور اللہ بخشنے والا
رَّحِيْمٌ ۝ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ
مہربان ہے ف۱۔ نہیں منع کرتا اللہ اُن لوگوں سے کہ نہیں لڑے تم سے
فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ
بیچ دین کے اور نہیں نکال دیا تمکو گھروں تمہارے سے یہ کہ احسان کرو تم اُن سے
وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝
اور انصاف کرو طرف اُن کی۔ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے انصاف کرنیوالوں کو ف۲۔
اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي
سوائے اس کے نہیں کہ منع کرتا ہے تمکو اللہ اُن لوگوں سے کہ لڑے تم سے بیچ
الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي
دین کے اور نکال دیا تم کو گھروں تمہارے سے اور مددگاری کی اوپر
اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ
نکال دینے تمہارے کے یہ کہ دوستی کرو تم اُن سے۔ اور جو کوئی دوستی کرے اُن سے پس یہ لوگ
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ
وہ ہیں ظالم ف۳۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت آویں تمہارے پاس
الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ
مسلمان عورتیں ہجرت کر کے پس آزمایش کرو اُن کی۔ اللہ خوب جانتا ہے
بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا
ایمان اُن کے کو۔ پس اگر جانو تم اُن کو ایمان والی پس مت

ع ١/٦

موضح القرآن

ف۱ یعنی ان کو مسلمان کرکے پھر تمہاری دوستی بجا ہے۔ ایسا ہی ہوا اس سفر میں کہ کے لوگ سارے مسلمان ہوئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ کے کے لوگوں میں بعض ایسے بھی تھے کہ آپ مسلمان نہ ہوئے اور ہونے والوں سے ضد بھی نہ کی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ اس صلح کے وقت اقرار ہوا تھا کہ جو کوئی ہمارا تمہارے پاس جاوے اسکو پھیر بھیجو حضرت نے قبول کیا تھا کئی مرد آئے انکو پھیر دیا پھر کئی عورتیں آئیں انکو پھیرنا اور کافر مرد کے گھر میں مسلمان عورت کو حرام کروانا پڑے تب یہ آیت اتری۔ ۱۲ منہ رح

تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا
پھیر دو اُن کو طرف کفار کی ۔ نہیں وہ عورتیں حلال واسطے اُن کافروں کے اور نہ

هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا وَلَا
وہ کافر حلال واسطے اُن عورتوں کے ۔ اور دو اُن کافروں کو جو خرچ کیا ہے اُنھوں نے ۔ اور نہیں

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
گناہ اُوپر تمہارے یہ کہ نکاح کرو اُن کو جس وقت کہ دو تم اُن کو

اُجُوْرَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْئَلُوْا
مہر اُن کے ۔ اور مت پکڑ رکھو نکاح عورتوں کافروں کا اور مانگ لو اُن سے

مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ
جو کچھ خرچ کیا ہے تم نے اور چاہیے کہ سوال کریں جو خرچ کیا ہے اُنھوں نے ۔ یہ حکم خدا کا ہے ۔

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ وَاِنْ فَاتَكُمْ
حکم کرتا ہے درمیان تمہارے ۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۔ اور اگر ہاتھ سے نکل جاوے

شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا
کوئی عورتوں تمہاری میں سے طرف کفار کی پس عذاب کرو تم اُن کافروں کو پس دو

الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا وَاتَّقُوا
اُن کو کہ جاتی رہی ہیں بی بیاں اُن کی مانند اُس چیز کے کہ خرچ کیا ہے اُنھوں نے ۔ اور ڈرو

اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ
اللہ سے وہ جو تم ساتھ اس کے ایمان والے ہو ف ۔ اے نبی

اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا
جس وقت کہ آویں تیرے پاس مسلمان عورتیں بیعت کرتی ہوئیں اوپر اس بات کے کہ نہ

يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ
شریک لاویں ساتھ اللہ کے کسی چیز کو اور نہ چوری کریں اور نہ زنا کریں

وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ
اور نہ مار ڈالیں اولاد اپنی کو اور نہ لاویں طوفان کہ

يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ
باندھ لیویں اُسکو درمیان ہاتھ اپنے کے اور پاؤں اپنے کے اور نہ نافرمانی کریں تیری

موضح القرآن

ف حکم ہوا کہ کسی کافر کی عورت مسلمان ہو کر آوے تو اس کا مرد جو مہر خرچ کیا تھا وہ پھیر دینا چاہیے جو مسلمان اسکو نکاح کرے وہ پھیر دے اور اس رقت کو بعد مہر دے تب نکاح کرے اور اسکے مقابل یہ حکم ہوا کہ جس مسلمان کی عورت کافر رہ گئی ہو وہ اسکو چھوڑ دے پھر جو کافر اسکو نکاح کرے وہ اس مسلمان کا خرچ کیا ہوا پھیر دے یہ حکم اُترا تو مسلمان مرد جُڑے دینے کو بھی اور دینے کو بھی لیکن کافروں نے دینا قبول نہ کیا۔ اگلی آیت اُتری ۱۲ ہر

ف یعنی جس مسلمان کی عورت گئی اور کافر اسکا خرچ نہ پھیرے تو جس کافر کی عورت آئی ہو اسکا خرچ دینا تھا اسکو نہ دیں اسی مسلمان کو دیں تو مال گھر میں رکھا ہی مال کے ۔ یہ حکم جب تھا کہ کافروں سے صلح ٹھہری تھی پھیر دینے پر اب حکم نہیں مگر کہیں ایسی صلح کا اتفاق ہو جاوے اور عورتوں کا جانچنا فرمادیا کہ دل کی خبر اللہ کو ہے مگر ظاہر میں جانچنا یہ کہ جو اس آیت میں حکم ہے قبول کریں تو انکا ایمان ثابت رکھو یہ آیت بیعت کی حضرت کے پاس بیعت کرتی تھیں عورتیں یہی اقرار لیتے تھے ۔ موضح ۔

فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ
بیچ کسی حکم شرع کے پس بیعت قبول کر ان سے اور بخشش مانگ واسطے انکے اللہ سے۔ تحقیق
اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا
اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۱۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت دوستی کرو
قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ
اس قوم سے کہ غصہ ہوا اللہ اوپر ان کے تحقیق ناامید ہوئے آخرت سے
كَمَا يَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾
جیسے ناامید ہوئے کافر قبر والوں سے ف۲۔

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ صف مدینے میں نازل ہوئی اس میں چودہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ
پاکی بیان کرتے ہیں واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے۔ اور وہی ہے غالب
الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾
حکمت والا۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کیوں کہتے ہو جو کچھ کہ نہیں کرتے۔
كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ
بڑا ہے ناخوشی میں نزدیک خدا کے یہ کہ کہو جو کچھ کہ نہیں کرتے ف۳۔ تحقیق
اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ
اللہ دوست رکھتا ہے ان لوگوں کو کہ لڑتے ہیں بیچ راہ اس کی کے صف باندھ کر گویا کہ وہ
بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ
عمارت ہیں سیسہ پلائی ہوئی۔ اور جس وقت کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری
لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا
کیوں ایذا دیتے ہو تم مجھ کو اور تحقیق جانتے ہو تم یہ کہ میں رسول خدا کا ہوں طرف تمھاری پس جب
زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
ٹیڑھے ہوگئے ٹیڑھا کر دیا خدا نے دلوں انکے کو۔ اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم

موضح القرآن

ف۱ طوفان باندھنا ہاتھ پاؤں میں یہ کہ کسی پر جھوٹا دعویٰ کریں یا جھوٹی گواہی دیں یا کسی کے سامنے جھوٹی قسم کھا جاویں اپنی بغل سے بنا کر اور ایک سخن کہ بیٹا جنا کسی اور کو اور لگا دیں کسی اور کو یا بیٹا جنا ڈال دیں اور باپ پر لگا دیں۔ حدیث میں فرمایا جو عورت بیٹا لگا دے کسی کا کسی کو اس پر بہشت کی بو حرام ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۲ / ۸

ف۲ یعنی منکروں کو توقع نہیں کہ قبر سے کوئی اٹھیگا یہ کافر بھی ویسے ہی ناامید ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ بندے کو دعوے کی بات سے ڈرنا چاہیئے کہ اس کا پچھا مشکل پڑتا ہے کہ ایک جگہ مسلمان جمع تھے کہنے لگے ہم اگر جانیں کہ اللہ کو بہت کیا کام بھاتا ہے تو وہی اختیار کریں۔ تب یہ آیت اتری۔ ۱۲ منہ رح۔

الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ

فاسقوں کو ۔ اور جس وقت کہا عیسٰے بیٹے مریم کے نے اے بنی

اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا

اسرائیل تحقیق میں رسول خدا کا ہوں طرف تمہاری ماننے والا واسطے اس چیز کے کہ

بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ

آگے میرے ہے توریت سے اور خوشخبری دینے والا ساتھ اس پیغمبر کے کہ

يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ

آوے گا پیچھے مجھ سے نام اس کا احمد ہے۔ پس جب آیا اُن کے پاس وہ

بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ

پیغمبر ساتھ دلیلوں ظاہر کے کہا انہوں نے یہ جادو ہے ظاہر ۔ اور کون ہے بہت ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى

اس شخص سے کہ باندھ لیتا ہے اوپر اللہ کے جھوٹ اور وہ پکارا جاتا ہے

اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

طرف اسلام کی ۔ اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم ظالموں کو ۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــــُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ

چاہتے ہیں کہ بجھا دیویں نور خدا کا ساتھ مونہوں اپنے کے ۔ اور اللہ پورا کرنیوالا ہے

نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

نور اپنے کو اور اگرچہ ناخوش رکھیں کافر ۔ وہی ہے جس نے بھیجا

رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى

رسول اپنے کو ساتھ ہدایت کے اور دین حق کے تا کہ ظاہر کردے اس کو اوپر

الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

دین سارے کے اور اگرچہ ناخوش رکھیں مشرک ۔ اے لوگو جو

اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ

ایمان لائے ہو کیا میں خبردار کروں تم کو اوپر سوداگری کے کہ نجات دے تم کو

عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ

عذاب دردینے والے سے ۔ ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور جہاد کرو

ع ۹

موضح القرآن

ف۱ یعنی بنی اسرائیل پر بات میں ضد کرتے اپنے رسول سے آخر مردود ہوگئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ حضرت کا نام دنیا میں محمد رکھا گیا اور فرشتوں میں احمد ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہ فرمایا احوال تھا والوں کا جو حضرت کی خبر چھپاتے تھے ۱۲ منہ رح

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

بیچ راہ خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے۔ یہ بہت بہتر ہے

لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے۔ بخشے گا واسطے تمہارے گناہ تمہارے

وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ

اور داخل کرے گا تم کو بہشتوں میں کہ چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

اور جگہ رہنے کی پاکیزہ ہیں بیچ بہشتوں عدن کے۔ یہ ہے مُراد پانا

الْعَظِيْمُ ۝ وَأُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ

بڑا۔ اور ایک بات اور کہ چاہتے ہو اُس کو۔ مدد خدا کی طرف سے اور

فَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ

فتح نزدیک۔ اور خوشخبری دے ایمان والوں کو۔ اے لوگو جو

اٰمَنُوْا كُوْنُوْا أَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ

ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم مدد دینے والے اللہ کے جیسے کہ کہا عیسیٰ بیٹے

مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ أَنْصَارِيْ إِلَى اللّٰهِ قَالَ

مریم کے نے واسطے حواریوں کے کون شخص مدد دینے والا ہے میرا خدا کی طرف۔ کہا

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ أَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّائِفَةٌ

حواریوں نے ہم ہیں مدد دینے والے خدا کے پس ایمان لایا ایک فرقہ

مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا

بنی اسرائیل سے اور کفر کیا ایک فرقے نے۔ پس مدد دی ہم نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝

اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے تھے اوپر دشمنوں اُن کے کے پس ہو گئے غالب ف۱

ع ۲ ۵ ۱۰

موضح القرآن

ف۱ حضرت عیسیٰ کے بعد انکے یاروں نے بڑی محنتیں کیں تب انکا دین نشر ہوا۔ ہمارے حضرت کے پیچھے بھی خلیفوں نے اس سے زیادہ کیا ۱۲ منہ

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ إِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سُورہ جمعہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ
پاکی بیان کرتے ہیں اُسکے واسطے خدا کے جو کچھ کہ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ کہ بیچ زمین کے ہے بادشاہ

الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي
ہے بہت پاک غالب باحکمت ۔ وہ ہے جس نے بھیجا بیچ

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ
ان پڑھوں کے پیغمبر اُن ہی میں سے پڑھتا ہے اُوپر اُن کے نشانیاں اُس کی اور

يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا
پاک کرتا ہے اُن کو اور سکھاتا ہے اُن کو کتاب اور حکمت اور تحقیق تھے

مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ
پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے ف۱ ۔ اور اور لوگوں کو اُن میں سے

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ ذٰلِكَ
کہ ابھی نہیں ملے ساتھ اُن کے ۔ اور وہ ہے غالب حکمت والا ف۲ ۔

فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
فضل اللہ کا ہے دیتا ہے اُس کو جس کو چاہتا ہے ۔ اور اللہ صاحب فضل

الْعَظِيْمِ ۝۴ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ
بڑے کا ہے ۔ مثال اُن لوگوں کی کہ اُٹھوائے گئے توریت پھر نہ

يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ
اٹھایا اُنھوں نے اُس کو مانند گدھے کے ہے کہ اُٹھاتا ہے کتابوں کو ۔ بُری ہے

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا
مثال اُس قوم کی کہ جنھوں نے جھٹلایا نشانیوں اللہ کی کو ۔ اور اللہ نہیں

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
ہدایت کرتا قوم ظالموں کو ف۳ ۔ کہہ اے لوگو جو

هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ
یہودی ہوئے اگر دعوے کرتے ہو تم یہ کہ تم دوست ہو اللہ کے سوائے اور

النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَ
لوگوں کے پس آرزو کرو تم موت کی اگر ہو تم سچے ف۴ ۔ اور

موضح القرآن

ف۱ ان پڑھے عرب لوگ تھے ان کے پاس نبی کی کتاب نہ تھی ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی یہی رسول دوسرے ان پڑھوں کے واسطے بھی ہے وہ فارس کے لوگ وہ بھی نبی کی کتاب رکھتے تھے حق تعالیٰ نے اول عرب پیدا کئے اس دین کو تھامنے والے پیچھے عجم میں ایسے کامل لوگ اُٹھے ۱۲ منہ رح

ف۳ یہود کے عالم ایسے تھے کتاب پڑھی اور دل میں کچھ اثر نہ ہوا اللہ ہم کو پناہ دے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ جس کو معلوم ہو کہ مجھ کو اللہ کے ہاں درجہ ہے اور خطرہ نہیں تو بیشک وہ مرنے کو خوش ہو نہ ڈرے ۱۲ منہ رح ۔

لَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ
نہ آرزو کریں گے اُسکی کبھی بسبب اس چیز کے کہ آگے بھیجی ہے ہاتھوں اُن کے نے ۔ اور اللہ
عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ
جانتا ہے ظالموں کو ۔ کہہ تحقیق موت وہ جو بھاگتے ہو تم
مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ
اُس سے پس تحقیق وہ ملنے والی ہے تم سے پھر پھیرے جاؤ گے تم طرف جاننے والے غیب کی
وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ يٰۤاَيُّهَا
اور حاضر کی پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے ف۱ ۔ اے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ
لوگو جو ایمان والے ہو جس وقت کہ پکارا جاوے واسطے نماز کے دن جمعہ کے
فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ
پس شتابی کرو طرف یاد خدا کی اور چھوڑ دو سودا کرنا ۔ یہ بہتر ہے
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ
واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۲ ۔ پس جب تمام کی جاوے نماز
فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ
پس پھیل جاؤ بیچ زمین کے اور چاہو فضل خدا کے سے
وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا
اور یاد کرو اللہ کو بہت تاکہ تم فلاح پاؤ ف۳ ۔ اور جس وقت
رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا ِۨانْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ
کہ دیکھتے ہیں سوداگری یا تماشا دوڑے جاتے ہیں طرف اس کی اور چھوڑ جاتے ہیں تجھ کو
قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ
کھڑا ۔ کہہ جو نزدیک اللہ کے ہے بہت بہتر ہے تماشے اور
التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱
سوداگری سے ۔ اور اللہ بہتر رزق دینے والا ہے ف۴ ۔

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ
سورہ منافقون مدینہ میں نازل ہوئی اسمیں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

موضح القرآن

ف۱ یہود کی خرابی یہی تھی کہ دین سمجھتے بوجھتے دنیا کے واسطے چھوڑ دیتے یہی بات ہمکو منع کیا جمعہ کا قید بھی ایسا ہی ہے کہ اسوقت دُنیا کے کام میں نہ لگو ۱۲ منہ رح

ع ۱ ۸ ۱۱

ف۲ ہر اذان کا یہ حکم نہیں کیونکہ جماعت پھر بھی ملتی اور جمعہ ایک جگہ ہوتا تھا پھر کہاں ملیگا اللہ کی یاد کہا خطبہ کو ایسے وقت جاوے کہ خطبہ سنے ۱۲ منہ

ف۳ یہود کے ہاں عبادت کا دن ہفتہ تھا سارے دن سودا منع تھا اسواسطے فرمایا کہ تم نماز کے بعد روزی تلاش کرو اور روزی کی تلاش میں بھی اللہ کی یاد نہ بھولو ۱۲ منہ رح

ف۴ ایکبار جمعہ میں حضرت خطبہ فرماتے تھے اسی وقت بنجارہ آیا اسکے ساتھ نقارہ بجتا پہلے سے شہر میں اناج کی کمی تھی لوگ دوڑے کہ اسکو ٹھیرا دیں۔ نماز پھر پڑھ لیں گے حضرت کے ساتھ بارہ آدمی لگے رہے ابھی نماز پڑھی یہ اس پر اترا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۲ ۳ ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ

جس وقت آتے ہیں تیرے پاس منافق کہتے ہیں کہ گواہی دیتے ہیں ہم تحقیق تو البتہ پیغمبر

اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ

خدا کا ہے اور اللہ جانتا ہے تحقیق تو البتہ بھیجا ہوا اس کا ہے۔ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ تحقیق

الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ① اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً

منافق البتہ جھوٹے ہیں ف۔ پکڑا ہے انھوں نے قسموں اپنی کو ڈھال

فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا

پس بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے۔ تحقیق یہ لوگ برا ہے جو کچھ

يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

کرتے ہیں ف۔ یہ سبب اس کے ہے کہ وہ ایمان لائے پھر کافر ہوئے پس مُہر رکھی گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ

اوپر دلوں اُن کے کے پس وہ نہیں سمجھتے۔ اور جس وقت دیکھتا ہے تو اُن کو

تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ

خوش لگتے ہیں تجھ کو بدن اُن کے۔ اور اگر بات کہتے ہیں کان رکھتا ہے تو طرف باتوں اُنکی کی۔

كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ

گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں تکیہ لگائی ہوئیں۔ جانتے ہیں ہر ایک آواز بلند کو کہ

عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ

اوپر اُن کے ہے۔ وہی ہیں دشمن پس بچ اُن سے۔ مارے اُن کو خدا

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ

کہاں سے پھیرے جاتے ہیں ف۔ اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُنکے آؤ بخشش مانگے

لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ

واسطے تمہارے رسول خدا کا موڑتے ہیں سر اپنے کو اور دیکھتا ہے تو اُنکو باز رہتے ہیں

وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ⑤ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ

اور وہ تکبر کرتے ہیں۔ برابر ہے اوپر اُن کے کیا بخشش مانگے تو

مُوضح القرآن

ف۱ یعنی وہ قائل نہیں۔ غرض کو کہتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ اپنی مجلس میں منافق طعن اور عیب مسلمانوں کا کہتے جب ان پر پکڑ ہوتی منکر ہو کر قسم کھا جاتے کہ ہم نے یہ بات نہیں کہی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی دیکھنے کے مرد آدمی اور دل میں دغا باز نامرد۔ ۱۲ منہ رح

لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ إِنَّ

واسطے انکے یا نہ بخشش مانگے تو واسطے انکے ہرگز نہ بخشے گا اللہ واسطے اُن کے۔ تحقیق

اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِينَ ۝ هُمُ الَّذِينَ

اللہ نہیں راہ دکھاتا قوم فاسقوں کو۔ وہی ہیں جو

يَقُولُونَ لَا تُنْفِقُوا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ

کہتے ہیں مت خرچ کرو اوپر ان شخصوں کے کہ نزدیک رسول خدا کے ہیں

حَتّٰى يَنْفَضُّوا ۗ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

یہاں تک کہ بھاگ جاویں۔ اور واسطے اللہ کے ہیں خزانے آسمانوں کے اور زمین کے

وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ ۝ يَقُولُونَ لَئِنْ

ولیکن منافق نہیں سمجھتے۔ کہتے ہیں کہ اگر

رَّجَعْنَآ إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ ۚ

پھر جاویں طرف مدینے کی البتہ نکال دیں گے عزت والے اسمیں سے ذلت والوں کو۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِينَ

اور واسطے اللہ کے ہے عزت اور واسطے رسول اُسکے کے اور واسطے ایمان والوں کے ولیکن منافق

لَا يَعْلَمُونَ ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ

نہیں جانتے ف۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ غافل کریں تم کو

أَمْوَالُكُمْ وَلَآ أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ

مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری یاد خدا کی سے۔ اور جو کوئی کرے

ذٰلِكَ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ ۝ وَأَنْفِقُوا مِنْ

یہ کام پس یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانیوالے۔ اور خرچ کرو

مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

اس چیز سے کہ دی ہے ہمنے تمکو پہلے اس سے کہ آوے کسی کو تم میں سے موت

فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَآ أَخَّرْتَنِيٓ إِلٰٓى أَجَلٍ قَرِيبٍ

پس کہے اے رب میرے کیوں نہ ڈھیل دی تو نے مجھ کو ایک وقت نزدیک تک

فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِينَ ۝ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ

پس خیرات دیتا میں اور ہوتا میں صالحوں سے۔ اور ہرگز نہ ڈھیل دے گا

موضح القرآن

ف ایک سفر میں دو شخص لڑ پڑے ایک مہاجرین میں کا ایک انصار کا پھر ان کو حضرت نے ملا دیا منافق بیٹھ کے پیچھے کہنے لگے ہم ان کو اپنے شہر میں جگہ دیتے تو ہم سے مقابلہ کیوں کرتے ایک نے کہا تمہیں خبرگیری کرتے ہو تو یہ لوگ رسول کے ساتھ جمع رہتے ہیں۔ خبرگیری چھوڑ دو تب ہی متفرق ہو جاویں ایک نے کہا کہ حضرے ہم مدینہ پہنچیں تو جس کا اس شہر میں زور ہے چاہیئے بے قدروں کو نکال دے ایک صحابی نے یہ باتیں سنیں حضرت کے پاس نقل کیں حضرت نے بلایا پوچھا تو قسمیں کھا گئے کہ اس نے چاہی دشمنی سے جھوٹ کہا اللہ تعالیٰ نے یہ نازل کیا۔

ع ۱ ۸ ۱۳

اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱

اللہ کسی جی کو جس وقت آوے اجل اس کی۔ اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم۔

ع ۲ / ۱۴

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ تغابن مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ لَهُ

پاکی بیان کرتے ہیں واسطے اللہ کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہیں۔ واسطے اسی کے

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱

ہے بادشاہی اور واسطے اسی کے ہے سب تعریف اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ

وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو پس بعضے تم میں سے کافر ہیں اور بعضے تم میں کے مسلمان ہیں۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے۔ پیدا کیا آسمانوں کو اور

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَ

زمین کو ساتھ حق کے اور صورتیں بنائیں تمہاری پس اچھی کیں صورتیں تمہاری۔ اور

اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

طرف اسی کی ہے پھر جانا تمہارا ف۱۔ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے

وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اور جانتا ہے جو کچھ پوشیدہ کرتے ہو تم اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو تم۔ اور اللہ جاننا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سینے والی بات کو۔ کیا نہیں آئی تم کو خبر ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے

مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پہلے اس سے پس چکھا انہوں نے وبال کام اپنے کا اور واسطے ان کے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

درد دینے والا۔ یہ بسبب اس کے ہے کہ آتے تھے ان کے پاس پیغمبر ان کے

موضح القرآن

ف۱ سب جانوروں سے انسان کی خلقت اچھی ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

منزل ۷

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ؗ فَكَفَرُوْا وَ تَوَلَّوْا
ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس کہا انھوں نے کیا آدمی راہ دکھاویں گے ہمکو پس کافر ہوئے اور منہ پھیر لیا

وَّ اسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ
اور بے پروائی کی خدا نے۔ اور اللہ بے پروا ہے تعریف کیا گیا۔ دعوے کیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَ رَبِّيْ
اُن لوگوں نے جو کافر ہوئے یہ کہ ہرگز نہ اُٹھائے جاویں گے۔ کہہ کیوں نہیں قسم ہے رب میرے کی

لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَ ذٰلِكَ عَلَى
البتہ اُٹھائے جاؤ گے تم پھر البتہ خبر دیئے جاؤ گے تم ساتھ اُس چیز کے کہ کی ہے تم نے اور یہ اُوپر

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ النُّوْرِ الَّذِيْٓ
اللہ کے آسان ہے۔ پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اُسکے کے اور اُس نور کے کہ

اَنْزَلْنَا ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ
نازل کیا ہم نے۔ اور اللہ ساتھ اُس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے۔ جس دن اکٹھا کریگا تمکو واسطے دن

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَ مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ
اکٹھا کرنے کے۔ یہ دن ہے غبن دینے کا۔ اور جو کوئی ایمان لاوے ساتھ اللہ کے اور

يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ
کام کرے اچھے دُور کریگا اللہ اُس سے بُرائیاں اُس کی اور داخل کریگا اُسکو بہشتوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں ہمیش رہنے والے بیچ اُن کے ہمیشہ۔

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا
یہ ہے مُراد پانا بڑا۔ اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ
نشانیوں ہماری کو یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے ہمیش رہنے والے بیچ اُس کے۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۰ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا
بُری ہے جگہ پھر جانے کی ف۱۔ نہیں پہنچتی کوئی مُصیبت مگر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ
ساتھ حکم اللہ کے۔ اور جو کوئی ایمان لاوے ساتھ اللہ کے ہدایت کرتا ہے دل اُسکے کو۔ اور اللہ

موضح القرآن

ف۱ دن ہار جیت کا یہ کہ ہر آدمی کا ایک گھر ہے بہشت میں ایک دوزخ میں بہشت والوں نے اپنے بھی گھر لیے اور دوزخیوں کے بھی دوزخی اُن سے بہشتی چھینے ١٢ منہ رح

منزل ٧

ع ١ / ١٠ / ١٥

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا
ہر چیز کو جاننے والا ہے ف۔ اور فرماں برداری کرو اللہ کی اور فرماں برداری کرو
الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ
رسول کی۔ پس اگر پھر جاؤ تم پس سوائے اس کے نہیں کہ اوپر رسول ہمارے کے ہے پہنچا دینا
الْمُبِيْنُ ۝ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
ظاہر۔ اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ۔ اور اوپر اللہ ہی کے پس چاہیے کہ توکل
الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ
کریں ایمان والے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تحقیق بعضی
اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ
بی بیاں تمہاری اور اولاد تمہاری دشمن ہیں واسطے تمہارے پس بچو ان سے۔
وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشدو اُن کو پس تحقیق اللہ بخشنے والا
رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَ اللّٰهُ
مہربان ہے ف۔ سوائے اس کے نہیں کہ مال تمہارے اور اولاد تمہاری آزمایش ہے۔ اور اللہ
عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ
نزدیک اُس کے ہے ثواب بڑا۔ پس ڈرو اللہ سے جتنا ڈر سکو تم
وَ اسْمَعُوْا وَ اَطِيْعُوْا وَ اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۗ
اور سنو اور فرماں برداری کرو اور خرچ کرو۔ بہتر ہوگا واسطے جانوں تمہاری کے۔
وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝
اور جو کوئی بچایا جاوے بخیلی جان اپنی کی سے پس یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانے والے
اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَ
اگر قرض دو اللہ کو قرض اچھا دو گنا کریگا اُسکو واسطے تمہارے اور
يَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَ اللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ
بخشے گا واسطے تمہارے۔ اور اللہ قدر دان ہے تحمل والا۔ جاننے والا پوشیدہ کا
وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
اور ظاہر کا غالب صاحب حکمت۔

موضح القرآن

ف۱ راہ بتاوے صبر کی ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی جورو بیٹے کے واسطے بہت نیکی کھوتا ہے بہت برائی میں پڑتا ہے مگر تو بھی سوک ان سے نباہ سی رکھو اور آپ بچتے رہو۔ ۱۲ منہ رح

ع ۲ ۸ ۱۶

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورہ طلاق مدینہ میں نازل ہوئی اس میں بارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ

اے نبی جس وقت طلاق دو تم عورتوں کو پس طلاق دو تم ان کو

لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ

وقت عدت ان کی کے اور گنو تم عدت کو۔ اور ڈرو اللہ پروردگار اپنے سے۔

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ

مت نکال دو ان کو گھروں ان کے سے اور نہ نکل جاویں مگر

اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

یہ کہ کریں بے حیائی ظاہر۔ اور یہ ہیں حدیں

اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ

اللہ کی۔ اور جو کوئی کہ نکل جاوے حدوں اللہ کی سے پس تحقیق ظلم کیا اس نے جان اپنی کے۔

لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ①

نہیں جانتا تو شاید کہ اللہ پیدا کر دے پیچھے اس کے کچھ بات ف۱۔

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ

پس جس وقت کہ پہنچیں وعدے اپنے کو پس بند کر رکھو ان کو اچھی طرح یا

فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ

جدا کر دو ان کو ساتھ اچھی طرح کے اور گواہ کر لو دو صاحب عدل کو

مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ

آپس میں سے اور درست کرو گواہی واسطے خدا کے۔ یہ بات نصیحت دیا جاتا ہے ساتھ اس کے

كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ڛ وَمَنْ يَّتَّقِ

جو کوئی کہ ایمان لاوے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے۔ اور جو کوئی ڈرے

اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ② وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا

اللہ سے کرے گا واسطے اس کے راہ نکلنے کی مشکل سے۔ اور رزق دیگا اس کو اس جگہ سے کہ نہیں

موضح القرآن

ف۱ طلاق دو عدت پر عدت تین حیض ہیں حیض سے پہلے دو کہ سارا حیض گنتی میں آوے اور اس پاک میں نزدیکی نہ کی ہو اور جس جگہ وہ عورت رہتی تھی طلاق کے وقت اسی گھر میں عدت پوری کرے نہ آپ نکلے نہ کوئی نکالے۔ یہ نکلنا بے حیائی ہے اس واسطے یہ فرمایا کہ شاید پھر دونوں میں صلح ہو جائے اللہ نے حکام نکالے۔ حفاظت رہو۔

منزل ۷

يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۚ

گمان کرتا۔ اور جو کوئی توکل کرے اوپر اللہ کے پس وہ کفایت ہے اس کو۔

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۚ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ

تحقیق اللہ پہنچنے والا ہے ارادے اپنے کو۔ تحقیق مقرر کیا ہے اللہ نے واسطے ہر چیز کے

قَدْرًا ۝ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ

اندازہ ف۱۔ اور وہ عورتیں جو ناامید ہو گئی ہیں حیض سے بی بیوں تمہاری میں سے

اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ

اگر شک میں ہو تم پس عدت ان کی تین مہینے ہے اور اسی طرح وہ جو نہیں

يَحِضْنَ ۚ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ

حائض ہوئیں۔ اور حمل والیاں وقت ان کا یہ کر رکھ دیں

حَمْلَهُنَّ ۚ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ

حمل اپنا یعنی جن لیویں۔ اور جو کوئی ڈرے اللہ سے کرے گا واسطے اسکے کام اس کے سے

يُسْرًا ۝ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَّقِ

آسانی ف۲۔ یہ ہے حکم خدا کا اتارا ہے اس کو طرف تمہاری۔ اور جو کوئی ڈریگا

اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝

اللہ سے دور کر دیگا اس سے برائیاں اسکی اور بڑا دے گا اس کو ثواب۔

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ

رکھو ان کو جس طرح سے رہتے ہو تم مقدور اپنے سے

وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۚ وَاِنْ كُنَّ

اور مت ایذا دو ان کو تاکہ تنگی کرو تم اوپر ان کے۔ اور اگر ہو ویں

اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ

حمل والیاں پس خرچ کرو اوپر ان کے یہاں تک کہ رکھیں

حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ

حمل اپنا۔ پس اگر دودھ پلاویں تمہارے کہنے سے پس دو تم ان کو مزدوری ان کی۔

وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ

اور موافقت رکھو آپس میں ساتھ اچھی طرح کے۔ اور اگر ایک دوسرے سے تنگی کرو تم پس اور دودھ پلاوے گی

موضح القرآن

ف۱ طلاق دے کر عدت پوری ہو چکنے کے پہلے اگر چاہے رکھ لینا اور رجعت پر دو گواہ کرے تاکہ لوگوں میں تہمت نہ ہو۔

ف۲ یعنی تین حیض عدت فرمائی اگر شبہ ہو کہ کبھو حیض نہیں آیا یا بڑی عمر پر موقوف ہوا اس کی عدت کیا ہوگی تو بتا دی تین مہینے۔

منزل ۷

لَهُ أُخْرَىٰ ۝ لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ ۖ وَمَن

اُس کو اور ف۔ چاہیے کہ خرچ کرے کشایش والا کشایش اپنی سے۔ اور جو شخص کہ

قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا

تنگی کی گئی اوپر اس کے رزق اسکے کی پس چاہیے کہ خرچ کرے کچھ چیز سے کہ دی ہے اسکو اللہ نے نہیں

يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ

تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر جتنا کہ دیا ہے اسکو شتاب ہی کرے گا اللہ پیچھے

عُسْرٍ يُسْرًا ۝ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ

سختی کے آسانی۔ اور بہت بستیاں ہیں کہ سرکشی کی انھوں نے

أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا

حکم پروردگار اپنے کے سے اور پیغمبروں اسکے سے پس حساب لیا ہم نے اُن سے حساب سخت

وَعَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا

اور عذاب کیا ہم نے اُن کو عذاب ناپہچان۔ پس چکھا انھوں نے وبال کام اپنے کا

وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْرًا ۝ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ

اور تھا آخر کام اُن کا ٹوٹا۔ تیار کیا اللہ نے واسطے اُنکے

عَذَابًا شَدِيدًا ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ

عذاب سخت پس ڈرو اللہ سے اے عقلمندو

الَّذِينَ آمَنُوا ۚ قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝

وہ جو ایمان لائے ہو تحقیق اُتارا ہے اللہ نے طرف تمھاری ذکر۔

رَّسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ

کہ پیغمبر ہے جو پڑھتا ہو اوپر تمھارے نشانیاں اللہ کی بیان کرنے والی تا کہ نکالے

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى

اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے اندھیروں سے طرف

النُّورِ ۚ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ

روشنی کی۔ اور جو کوئی ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور کام کرے اچھے داخل کرے گا اُس کو

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اُن کے

موضح القرآن

ف بچے کا خرچ باپ پر ہے۔ پیٹ میں ہو تو اسی کی ماں کو کھلاوے پہناوے دودھ پیے تو اور کو دیتا ہے ذکری اسکو دے جب تک ماں قبول کرے اور کو دے اگر وہ قبول نہ کرے تب اور کو دے۔ اور عدت تک مکان دینا ضرور ہے گو بچہ نہ ہو پیٹ میں۔ ۱۲ منہ رح۔

أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ۝ اللَّهُ الَّذِي

ہمیشہ۔ تحقیق۔ اچھا دیا اللہ نے اُس کو رزق۔ اللہ وہ ہے جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۖ

پیدا کیا سات آسمانوں کو اور زمین مانند اُن کے۔

يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلٰى كُلِّ

اُترتا ہے حکم اُس کا درمیان اُن کے تاکہ جانو تم یہ کہ اللہ اُوپر ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ۙ وَّأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ ع ۲ ۱۸

چیز کے قادر ہے اور یہ کہ تحقیق اللہ نے گھیر لیا ہے ہر چیز کو علم میں۔

سُورَةُ التَّحْرِيمِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورہ تحریم مدینہ میں نازل ہوئی اُس میں بارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِي

اے نبی کیوں حرام کرتا ہو اُس چیز کو کہ حلال کی ہے اللہ نے واسطے تیرے۔ چاہتا ہو تو

مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ قَدْ

رضامندی بی بیوں اپنی کی۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تحقیق

فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللَّهُ مَوْلٰكُمْ ۚ

مقرر کردیا ہے اللہ نے واسطے تمہارے کھولنا قسموں تمہاری کا۔ اور اللہ دوست ہے تمہارا۔

وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلٰى

اور وہ ہے جاننے والا حکمت والا ف۱۔ اور جس وقت چھپا کر کہا نبی نے طرف

بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ

بعضی بی بی اپنی کے ایک بات۔ پس جب خبر دی اُس بی بی نے اُس بات کی اور ظاہر کردیا اُس کو

اللَّهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ ۚ

خدا نے اوپر اُس کے یعنی نبی کے جتادی بعضی بات اُس کی اور منہ پھیر لیا بعضی سے۔

فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هٰذَا ۖ قَالَ

پس جب خبر کی اُس بی بی کو اس جتادینے کی کہنے لگی کس نے خبر دی تم کو۔ کہا

موضح القرآن

ف۱ حضرت نے ایک حرم اپنی موقوف کردی یا ایک بی بی کے ہاں سے شہد پینا موقوف کردیا خاطر سے اور بیبیوں کی۔ اللہ نے فرمایا اور قسم کا کھولنا کفارہ دینا۔ اب کوئی اپنے مال کو کہے مجھ پر حرام ہے تو قسم ہوگئی کفارہ دے تو اسکو کام میں لاوے کھانا ہو یا کپڑا یا لونڈی۔ ۱۲ منہ رح۔

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ
خبر کی مجھ کو صاحب علم خبردار نے ف۱۔ اگر توبہ کرتی ہو تم دونو طرف خدا کی پس تحقیق

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ
کج ہو گئے ہیں دل تمھارے۔ اور اگر ایک دوسری کی مدد کرو گی اوپر اسکے پس تحقیق اللہ

هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَ
وہ ہے دوست اُس کا اور جبرئیل اور صالح لوگ مسلمانوں میں سے۔ اور

الْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ
فرشتے پیچھے اس کے مددگار ہیں ف۲۔ شتاب ہے پروردگار اُسکا اگر

طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ
طلاق دے تم کو یہ کہ بدل دیوے اُس کو بی بیاں بہتر تم سے مسلمان عورتیں

مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ
ایمان والیاں فرمانبرداری کرنیوالیاں توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنے والیاں اور خاوند دیکھی

وَّاَبْكَارًا ⑤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَ
ہوئیں اور بن دیکھی ہوئیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ جانوں اپنی کو اور

اَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا
لوگوں اپنے کو آگ سے کہ ایندھن اس کا لوگ ہیں اور پتھر ہیں اوپر اس کے

مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ
مقرر ہیں فرشتے سخت دل زور آور نہیں نافرمانی کرتے اللہ کی جو حکم کرے اُن کو

وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ⑥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا
اور کرتے ہیں جو حکم کئے جاویں ف۳۔ اے لوگو جو کافر ہوئے ہو مت

تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑦
عذر کرو آج یعنی قیامت کو۔ سوائے اس کے نہیں کہ بدلا دیئے جاؤ گے تم جو کچھ کرتے تھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو توبہ کرو طرف اللہ کی توبہ خالص۔

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ
شتاب ہے پروردگار تمھارا یہ کہ دور کرے تم سے برائیاں تمھاری اور داخل کرے تم کو

موضح القرآن

ف۱ بعضے کہتے ہیں اس حرم کا موقوف کرنا حضرت حفصہ کو کہا اور خبر کر دینے منع کیا اور اسکے ساتھ کچھ اور بھی تھا پھر انھوں نے حضرت عائشہ کو خبر کر دی دونوں باتوں میں مطلب تھا دونوں کا پھر وحی سے معلوم کر کے حضرت نے بی بی حفصہ کو الزام دیا حرم کی بات کا اور دوسری بات ذکر میں نہ لائے۔ وہ دوسری بات کیا تھی شاید یہ تھی کہ تیرا باپ خلیفہ ہوگا بعد اسکے باپ کے الغیب عند اللہ جو بات اللہ اور رسول نے ٹھہرادی ہم کیا جانیں اسی واسطے ٹھہرادی کہ چرچے میں آوے تاکہ اور لوگ برا نہ مانیں۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۷

ف جھک پڑے ہیں دل تمھارے یعنی توبہ ضرور ہے ۱۲ منہ رح

ف۳ ہر مسلمان کو لازم ہے اپنے گھر والوں کو دین کی راہ پر لاوے اور سچ دے کر ڈر دکھا کر پیار سے مار سے اس پر بھی اگر نہ آویں راہ پر تو اس کا کرم نہیں بے گناہ ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱ ۷ ۱۹

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي

بہشتوں میں کہ چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں اُس دن کہ نہ رُسوا کرے گا

اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى

اللہ نبی کو اور اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ساتھ اُس کے۔ نور اُن کا دوڑتا ہو

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ

آگے اُن کے اور داہنے اُن کے کہیں گے اے پروردگار ہمارے پورا کر

لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۸﴾

واسطے ہمارے نور ہمارا اور بخشش کر واسطے ہمارے۔ تحقیق تو اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

اے نبی جھگڑا کر کافروں اور منافقوں سے اور سختی کر

عَلَيْهِمْ ۚ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۹﴾

اوپر اُن کے۔ اور جگہ رہنے اُن کے کی دوزخ ہے۔ اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی ف۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ

بیان کی اللہ نے مثال واسطے اُن لوگوں کے جو کافر ہوئے عورت نوح کی

وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا

اور عورت لوط کی۔ تھیں دونو نیچے بندوں ہمارے

صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ

صالحوں میں سو پس خیانت کی اُن دونو نے اُن کی پس نہ کفایت کی اُنھوں نے اُن دونو عورتوں میں کو اللہ کی

شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَ

طرف سے کچھ اور کہا گیا داخل ہو آگ میں ساتھ داخل ہونے والوں کے ف۔ اور

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ

بیان کی خدا نے مثال واسطے اُن لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں عورت فرعون کی۔

اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَ

جس وقت کہا اُس عورت نے اے رب میرے بنا واسطے میرے نزدیک اپنے گھر بیچ بہشت کے اور

نَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

نجات دے مجھ کو فرعون سے اور عمل اُسکے سے اور نجات دے مجھ کو قوم

موضح القرآن

ف صاف دل کی توبہ کہ دل میں پھر خیال نہ رہے اس گناہ کا۔ روشنی ایمان کی دل میں ہو دل سے بڑھے تو سارے بدن میں پھر گوشت پوست میں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف حضرت کا خلق بہت تھا حکم کیا اللہ صاحب نے اور دل کو فرمایا ہو تحمل انکو فرمایا ہے سختی کر ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی اپنا ایمان درست کرو نہ خاوند بچا سکے نہ جورو یہ سب کو سنا دیا ہے نہ جانیو کہ حضرت کی بیبیوں پر کہا ان پر وہ کہا ہے الطیبات للطیبین چوری کی یعنی منافق رہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

الظّٰلِمِیْنَ ۝ وَمَرْیَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ
ظالموں سے ف۱۔ اور مریم بیٹی عمران کی جس نے حفاظت کی
فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ
شرمگاہ اپنی کی پس پھونک دیا ہم نے بیچ اس کے روح اپنی کو اور مانتی تھی باتوں
رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِیْنَ ۝
پروردگار اپنے کی کو اور کتابوں اس کی کو اور تھی فرماں برداروں سے۔

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّیَّةٌ وَّهِیَ ثَلٰثُوْنَ اٰیَةً وَّفِیْهَا رُكُوْعَانِ
سورہ ملک مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ
بہت برکت والا ہے وہ خدا کہ بیچ ہاتھ اس کے ہے بادشاہی اور وہ اوپر ہر
شَیْءٍ قَدِیْرُ ۝ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ
چیز کے قادر ہے۔ جس نے پیدا کیا موت کو اور زندگی کو
لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَهُوَ الْعَزِیْزُ
تاکہ آزماوے تمکو کون تم میں سے بہتر ہے عمل میں۔ اور وہی ہے غالب
الْغَفُوْرُ ۝ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا
بخشنے والا ف۲۔ جس نے پیدا کیا سات آسمانوں کو اوپر تلے۔ نہ
تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ
دیکھے گا تو بیچ پیدائش رحمن کے کچھ چوک۔ پھر پھیرے جا
الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ
نظر کو کیا دیکھتا ہے تو کچھ شگاف ف۳۔ پھر پھیرے جا نظر کو
كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ
دوبارہ پھر آوے گی طرف تیری نظر ذلیل اور وہ
